ابو القاسم کی بغاوت جب رضوان حلب پہنچا تو ابو القاسم نے قلعہ پر قبضہ کر لیا (اور بغاوت کر دی) اس کی فوج میں مغاربہ (اہل افریقہ) کے سپاہیوں کی کثرت تھی جنہیں جناح الدولہ نے اپنے ساتھ ملا لیا تھا۔ لہذا انہوں نے [illegible] رات میں ملاقات کی اور سلطان رضوان کے حق میں نعرے لگا کر ابو القاسم کا محاصرہ کر لیا جب سلطان رضوان نے اسے پناہ دی [illegible] کے تمام [illegible] اس کے نام کا خطبہ پڑھا جانے لگا اور جناح الدولہ اس کی حکومت کا انتظام کرنے لگا اور وہ بہت منتظم ثابت ہوا۔

فوج کشی شہر انطاکیہ کے حاکم یغسیان بن محمد ترکمانی نے ابتدا میں مخالفت کی۔ تاہم بعد میں اطاعت قبول کر لی۔ اس نے سلطان رضوان کو [illegible] کا مشورہ دیا اور دیار بکر کا قصد کر کے وہ ان کے ساتھ فوج کشی کیا وہاں ان کے پاس ان تمام علاقوں کے [illegible] آئے جو سلطان تتش کے تحت تھے اس کے بعد انہوں نے سروج کا قصد کیا مگر ان سے پہلے سقمان بن ارتق نے پہنچ کر وہاں قبضہ کر لیا اس لیے وہ رہا کے مقام پر پہنچے وہاں رومیوں کا حاکم فارقلیط تھا جو یزدان کی طرف سے اس علاقے میں حکومت کرتا تھا وہ قلعہ میں محصور ہو گیا اور مقابلہ کیا [illegible] آخر کار اس نے شکست کھائی اور سلطان رضوان کو فتح حاصل ہوئی۔

ان واقعات کے بعد یاغی سیان اور جناح الدولہ کے تعلقات میں خرابی پیدا ہو گئی۔ لہذا جناح الدولہ کو اپنی جان کا خطرہ لاحق ہوا اور وہ حلب چلا گیا۔ رضوان اور اس کے ہمراہی بھی واپس آ گئے۔

پھر وہ حران کی طرف روانہ ہوا جہاں کا حاکم قراجہ تھا وہاں کے باشندوں نے پوشیدہ طور پر اس کی اطاعت کا اقرار کیا۔ جس کی اطلاع قراجہ کو ہو گئی اور اس کے خلاف [illegible] کا ملازم ابن المفتی کو سمجھا گیا کیونکہ سلطان تتش کی حفاظت کے سلسلے میں [illegible] تھا لہذا اس نے اس کو اور اس کے بھتیجوں کو قتل کر دیا۔

یاغی سیان ابو القاسم الخوارزمی کو لے کر اپنے شہر انطاکیہ واپس آ گیا اور رضوان [illegible] حلب واپس آ گیا

یوسف کا قتل اس کے ابتدائی حالات میں یوسف بن ارتق خوارزمی کی [illegible] سلطان تتش نے بغداد بھیجا تھا اس کے برخلاف ایک شخص تھا جو [illegible] سے عداوت رکھتا تھا [illegible] جناح الدولہ کے پاس جو رضوان کا وزیر تھا [illegible] نے یوسف بن ارتق کے خلاف [illegible] الزام لگایا کہ اس کا [illegible] کے ساتھ [illegible] سازش کر رہا ہے اس نے اس کو قتل کرنے کی اجازت طلب کی [illegible] اس کو اجازت دی [illegible] فوجی امداد بھی

دی۔ یوسف اپنے گھر میں پناہ گزین ہو گیا اس نے اس کو قتل کر دیا اور اس کے گھر سے بہت سا سامان لوٹ لیا۔

سیاسی فریب: اس کے بعد ابن قطلمش نے خود مختار بننے کی کوشش کی اور جناح الدولہ کو بھی [illegible] بغاوت کر دے۔ رضوان نے اسے اس کو قتل کرنے کا حکم دے دیا۔ یہ سن کر وہ شخص بھاگ گیا جہاں اس کی جاگیر تھی۔ یہاں وہ ایک عرصہ تک رہا [illegible] رضوان اس کے خلاف ہو گیا [illegible] اس کی گرفتاری کا حکم [illegible] پھر اس نے جنگ کی [illegible] دونوں کو قتل کر دیا گیا۔

دمشق پر دقاق کا قبضہ: ملک تتش نے اپنے دوسرے فرزند دقاق کو اپنے بھائی ملک شاہ کے پاس بغداد بھیجا تھا جہاں وہ ملک شاہ کی وفات تک مقیم رہا۔ پھر وہ اس کے فرزند محمود اور اس کی والدہ خاتون ترکان کے ہمراہ اصفہان گیا۔ وہاں سے وہ چھپ کر [illegible] کے پاس چلا گیا اور وہاں سے اپنے والد سے جا ملا اور اس کے ساتھ اس جنگ میں شریک ہوا جس میں اس کا باپ ملک تتش مارا گیا تھا۔

جب اس کا باپ مارا گیا تو اس کو ایک غلام ایتکین حلب لے گیا جہاں اس کا بھائی رضوان حاکم بن گیا تھا۔

دمشق کے قلعہ میں ملک تتش کا ایک غلام ساوتکین نامی تھا۔ ملک تتش نے اپنی موت سے پہلے اسے حاکم بنایا تھا۔ اس نے دقاق کو پیغام بھیجا کہ وہ یہاں آ کر حکومت کا دعویٰ کر دے۔ لہٰذا وہ اس کے پاس چلا گیا۔ رضوان نے اس کا تعاقب کیا مگر وہ کامیاب نہ ہو سکا اور وہ دمشق پہنچ گیا۔

انطاکیہ کے حاکم یاغی سیان نے بھی اسے خط لکھا کہ وہ رضوان کے خلاف دمشق کا خود مختار حکمران بن جائے۔ اس سلسلے میں ملک تتش کی ایک جماعت اس کی حمایت میں تھی اور اتابک طغتکین بھی دمشق آ گیا وہ اس جنگ میں شریک تھا اور قید ہو گیا تھا۔ چنانچہ رہائی پانے کے بعد اپنے ساتھیوں کے ساتھ دمشق آ گیا۔

دقاق نے اس سے ملاقات کی اور اسے اپنی سلطنت کا مختار بنا دیا۔ اس نے ساوتکین خادم کے خلاف سازش کر کے اسے قتل کرا دیا۔

اس اثناء میں انطاکیہ سے یاغی سیان اور ابو القاسم خوارزمی بھی دمشق آ گئے۔ دقاق نے ان دونوں کی بہت خاطر مدارات کی اور خوارزمی کو اپنا وزیر بنا لیا اور اس کی رائے پر چلنے لگا۔

دقاق اور رضوان کی خانہ جنگی: جب رضوان کو یہ معلوم ہوا کہ دقاق نے دمشق پر قبضہ کر لیا ہے تو اس نے اس کے قبضہ سے دمشق چھیننے کے لیے لشکر کشی کی اور دمشق پہنچا۔ وہاں سے ناکام ہوا تو وہ [illegible] کے مقام کی طرف لوٹ گیا اور [illegible] کی طرف گیا۔ یہاں بھی اسے ناکامی ہوئی تو وہ حلب واپس آ گیا۔

انطاکیہ کا حاکم یاغی سیان رضوان کا مخالف اور اس کے بھائی دقاق کا طرف دار تھا چنانچہ اس نے [illegible] آمادہ کیا کہ وہ اپنے بھائی کے خلاف لشکر کشی کرنے حلب چلے۔ چنانچہ وہ روانہ ہو گیا۔

دقاق کی شکست رضوان نے شروع ہی سے حلب پر قبضہ کر لیا اور دمشق سے دقاق کو نکالنے کی کوشش کی۔ اس کے بعد جب قنسرین میں جنگ شروع ہوئی تو تمام [illegible] دقاق کی فوجوں کو شکست ہوئی اور اس کا سامان لوٹ لیا گیا۔

رضوان اس کے بعد حلب واپس آ گیا اور دونوں بھائیوں کے درمیان مصالحت کی اس شرط پر کوشش ہوئی کہ دمشق و انطاکیہ کی مساجد میں دقاق کے نام سے پہلے رضوان کے بادشاہ ہونے کا نام لیا جائے۔ چنانچہ اس شرط پر مصالحت ہو گئی۔

جب جناح الدولہ یاغی سیان کے ساتھ ناچاقی ہو گئی تو وہ حلب چھوڑ کر حمص چلا گیا تو یاغی سیان نے رضوان کے پاس پہنچ کر اس سے مصالحت کر لی۔

فاطمی خلیفہ کے نام کا خطبہ اس سے کچھ عرصے بعد رضوان کے پاس مصر کے فاطمی خلیفہ مستعلی کا یہ پیغام آیا کہ وہ اس کے بھائی کے خلاف مدد کرنے کے لیے تیار ہے بشرطیکہ اپنی سلطنت کی مساجد کے خطبوں میں اس کی خلافت کا تذکرہ کیا جائے۔ اس کے کچھ مشیروں نے اس تجویز کی [illegible] کا مشورہ دیا۔ چنانچہ اس نے حکم دیا کہ اس کی سلطنت میں فاطمی خلیفہ کا نام خطبوں میں لیا جائے۔ چنانچہ انطاکیہ، معرہ اور حلب میں [illegible] تک مستعمل تھے۔

انطاکیہ پر فرنگیوں کا قبضہ اس قسم کے [illegible] کے بعد [illegible] سلیمان [illegible] انطاکیہ پر یاغی سیان اس کی مدد کے لیے ابھی [illegible] ہی تھے کہ [illegible] انطاکیہ پہنچ گئے [illegible] ان لوگوں نے اس شہر پر قبضہ کر لیا اور [illegible] کر دیا۔

بیت المقدس کی تسخیر بیت المقدس کا علاقہ جو ارتق کے قبضے میں تھا، جب وہ مر گیا تو سقمان اور ایلغازی [illegible] کا حاکم بن بیٹھا۔ پھر دقاق بن تتش اور [illegible] افضل امیر الجیوش نے ۴۸۹ھ میں اس کی طرف سے فوج کشی کی اور اس شہر کا محاصرہ کر لیا تو انہیں ناکامی ہوئی اس لیے وہ وہاں سے واپس لوٹ گئے۔

[illegible] کا ۴۹۲ھ میں انتقال ہو گیا اس کے بعد ایک ترک غلام [illegible] کا جانشین بنا اس سے [illegible] شروع کر دی۔ [illegible] کے کچھ [illegible] قتل کر دیا اور کچھ کو قید کر دیا۔ [illegible] ایک [illegible] اور باقی لوگوں کو [illegible] اپنے نام کا خطبہ پڑھوانا شروع کر دیا۔

دقاق نے یہ صورت حال دیکھ کر اس کی طرف فوج کشی کی اور اس کے قلعے کا محاصرہ کر لیا تو ترکمان [illegible] کی [illegible] دقاق نے اسے تمام [illegible] بہت سی جاگیریں دے کر رخصت کیا اور خود شہر پر قبضہ کر لیا۔ اس نے وہاں کے باشندوں کے ساتھ اچھا سلوک کیا اور وہاں ایک حاکم مقرر کر کے دمشق واپس چلا گیا۔

ملک ارتاش کی حکومت اور فرار دقاق حاکم دمشق نے ۴۹۷ھ میں وفات پائی اور اس کا اتابک ظہیر الدین طغتکین مستقل حاکم بن گیا۔ اس نے ایک سال تک مساجد میں اس کے بیٹے تتش کا خطبہ پڑھوایا، پھر اپنے نام کا خطبہ [illegible] کر کے دقاق کے بھائی ارتاش کے نام کا خطبہ پڑھوانے لگا جو بارہ سال کا تھا مگر [illegible] امین الدولہ نے [illegible] بعلبک [illegible] سے قید کر دیا تھا کیونکہ ان کا خیال یہ تھا

کہ چونکہ طغرکین نے دقاق کی والدہ سے شادی کر لی ہے۔ اس لیے وہ دقاق کے لڑکے کی طرف اس کی ولادت کی وجہ سے زیادہ مائل ہے چنانچہ وہ (طغرکین سے ناراض ہو کر) دمشق سے حلب کی طرف ماہ صفر ۴۹۸ھ میں منتقل ہو گیا۔ وہاں اس کے ساتھ بصریٰ کا حاکم ایلتکین بھی مل گیا۔ ان دونوں نے فوجی امداد کے لیے فرنگیوں کے بادشاہ سے بھی مدد چاہی تھی۔ اس نے ان سے وعدہ تو کر لیا مگر اسے پورا نہیں کیا۔ اس لیے بکتاش رحبہ پہنچا اور اس پر قبضہ کر لیا۔

طغرکین کی خود مختاری: ایک دوسری روایت یہ ہے کہ جب بکتاش طغرکین سے ناراض ہو کر اپنے ماموں کی طرف چلا گیا اور وہیں مر گیا۔ اس کے بعد ہی طغرکین دقاق کے صغیر سن بچے کو حاکم بنا کر اس کے نام کا خطبہ پڑھوانے لگا اور اس کے بجائے خود حکومت کرنے لگا چونکہ اس کا رعایا کے ساتھ اچھا سلوک تھا اس لیے اس کی حکومت قائم رہی۔

فرنگیوں کی شکست: فرنگیوں کا ایک فوجی دستہ دمشق کے قریب پہنچ گیا تھا اس نے دمشق پر بھی غارت گری شروع کر دی تھی اس لیے طغرکین نے اپنی فوج کو اکٹھا کیا اور ان کے مقابلے کے لیے پہنچ گیا۔ بیت المقدس اور عکا کا فرنگی حاکم بھی ان کی مدد کے لیے فوج لے کر پہنچا۔ طغرکین نے ان فرنگیوں سے جنگ کی اور انہیں ان کے قلعے میں محصور کر دیا پھر اس قلعے کا محاصرہ کر کے اس پر بزور شمشیر قبضہ کر لیا اور اہل قلعہ کا صفایا کر کے اس کی ایک جماعت کو قیدی بنا لیا۔ پھر دمشق آ گیا اور بامراد واپس آ گیا۔

فرنگیوں نے شام کے ایک قلعہ رفنیہ پر قبضہ کر لیا تھا لہٰذا طغرکین اس کو انہی کے قبضے سے چھڑانے کے لیے فوج لے کر پہنچا اور اس کا محاصرہ کر کے اس پر قبضہ کر لیا اور وہاں سے فرنگی باشندوں کو نکال کر کے اس کو ویران کر دیا۔

جکرمش کے خلاف جنگ: حلب کے حاکم رضوان نے بھی فرنگیوں کی سرکوبی کا ارادہ کیا مگر وہ ان کے مقابلہ کو اس مقصد کے لیے طلب کرتا تھا چنانچہ ابوالغازی بن ارتق وزیر ملک بن ارسلان مشورہ دینے کے لیے اس کے پاس آئے۔ ادھر موصل کے حاکم جکرمش کا تعلق ان سے بگڑا ہوا تھا۔ ابوالغازی نے اسے مشورہ دیا کہ وہ جکرمش کے علاقے کی طرف جائے جہاں سے فوجی اور مالی امداد ملے گی۔ رضوان نے بھی اس کی تائید کی۔ چنانچہ وہ سب ماہ رمضان ۴۹۸ھ میں نصیبین کے علاقے کی طرف بڑھے اور وہاں کا محاصرہ کر لیا۔ وہاں جکرمش کی طرف سے دو امیر مقرر تھے۔ یہ محاصرہ بہت شدید ہو گیا اور ابوالغازی کا ایک امیر دشمن کی طرف سے ایک تیر لگنے سے زخمی ہو گیا۔ اس لیے وہ اپنے ساتھ شہری طرف سے اور دیہاتی موصل کی طرف بھاگ گئے۔

صلح کی تجویز: جکرمش نے شہر کے باہر پڑاؤ ڈال رکھا تھا اور وہ جنگ کرنے کا ارادہ کر رہا تھا تاہم اس نے فوج کے سرداروں سے خط و کتابت کی اور انہیں رضوان کے خلاف بھڑکایا اور ان کے ساتھیوں کو بھی یہ سمجھا دیا کہ وہ ان کے ساتھ اتفاق کا اظہار کریں اور وہاں سے کوچ کر لیں۔

اس نے رضوان کو بھی اسی قسم کا پیغام بھیجا اور یہ وعدہ کیا کہ جس قدر ضرورت امداد کی ہے اتنی وہ مہیا کرے گا بشرطیکہ ابوالغازی کو گرفتار کر لیا جائے۔

رمضان [illegible] ابوالفوارس [illegible] اس [illegible] کے ساتھ [illegible]

[illegible]

ابوالفوارس کی مخالفت [illegible] مخالفت [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] [illegible]

[illegible]

افامیہ پر قبضہ [illegible]

[illegible]

[illegible] کی سرکشی [illegible]

[illegible]

قاضی [illegible] ایک [illegible]

[illegible]

اس کے بعد [illegible] قاضی کے پاس [illegible]

ایک جگہ طغتکین کے پاس گیا تھا جس کو اس نے ایک قلعہ کا محافظ بنا رکھا تھا اس لیے [illegible] حال تھا۔

فرنگیوں کا قبضہ جب طغتکین نے اسے طلب کیا تو وہ فرنگیوں کے پاس بھاگ گیا اور انھیں اس پر حملہ کرنے پر آمادہ کیا۔ اس نے فرنگیوں کو یہاں کے پوشیدہ مقامات بتا دیے [illegible] فرنگیوں نے اس شہر کا محاصرہ [illegible] کیا اور انھوں نے اس شہر کو اپنے قبضے میں لے لیا اور قاضی اور اس کے دونوں لڑکوں کو قتل کر دیا۔ یہ واقعہ ۵۰۲ھ میں پیش آیا۔

دوسری روایت ایک روایت یہ ہے کہ [illegible] نے قتل کیا۔ یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ کون سی روایت صحیح ہے۔

[illegible]

[illegible]

اسلامی ریاستوں پر تنگی اب فرنگیوں کا شام کے اہم علاقوں پر قبضہ ہو گیا تھا اس لیے انھوں نے مسلمانوں کے شہروں اور قلعوں پر [illegible] مسلمان [illegible] چنانچہ حلب کے [illegible] [illegible] یہ واقعہ ۵۰۴ھ میں ہوا۔

بصریٰ کا محاصرہ ۵۰۵ھ کے واقعات میں [illegible] کے بعد اس کے بھائی [illegible] نے [illegible] طغتکین [illegible] ۵۰۶ھ میں [illegible] بصریٰ پہنچ [illegible] جب [illegible] ہوئی تو بصریٰ کے باشندوں نے اطاعت قبول کی اور اس نے بھی ان کے ساتھ اچھا سلوک کیا۔

طغتکین کی شکست ۵۰۷ھ میں طغتکین نے [illegible] کی طرف [illegible] [illegible] مسلمانوں کو شکست ہوئی [illegible] مسلمانوں کو [illegible] جس کے بعد فرنگیوں کو شکست ہوئی [illegible] طغتکین نے اسے [illegible] کرنے کی کوشش کی [illegible] طغتکین نے اسے اپنے ہاتھ سے قتل کر دیا [illegible] طغتکین اور [illegible] کے درمیان چار سال کے لیے صلح ہو گئی۔

غزوۂ طبریہ اسی سال طغتکین ماہ شعبان میں [illegible] کے علاقے کی طرف روانہ ہوا۔ [illegible]

ابن علی بن حمزہ کے ایک غلام کے قبضے میں تھا جس نے بغاوت کر دی تھی۔ فرنگیوں نے اس قلعہ کا محاصرہ کر لیا تھا اور وہاں غلہ پہنچانا دشوار ہو گیا تھا۔ اس نے دمشق کے حاکم مظفرالدین کو پیغام بھجوایا کہ وہ اس قلعہ کو لے لیں اس کی مدد کرے بجائے اس کے اس نے اپنے ایک ساتھی اسماعیل کو وہاں بھیجا۔ اس نے جاتے ہی قلعہ پر قبضہ کر لیا اور مولائی ابن حماد کو بھی قتل کر دیا تاکہ وہ خود حاکم بن جائے۔

صلیبیوں سے مقابلہ مظفرالدین نے موسم سرما کے ختم ہونے کا انتظار کیا پھر وہ حماۃ کی طرف روانہ ہوا تاکہ وہاں کی صحیح صورت حال معلوم کرے۔ اس دوران میں فرنگی حاکم امیر اذی طرابلس کا محاصرہ کر رہا تھا۔ جب اس نے سنا کہ مظفرالدین قلعہ کے پاس پہنچ گیا ہے تو وہ تیز رفتاری کے ساتھ فوج لے کر اس کے مقابلے کے لیے پہنچ گیا اور اسے شکست دیدی اور اس کے لشکر کا تمام ساز و سامان لوٹ لیا۔ یہاں سے مظفرالدین حمص چلا گیا۔

صلیبیوں کی فتوحات فرنگی حاکم نے قرنہ کے مقام پر بھی جنگ کی۔ اس کے بعد وہاں کے لوگوں نے ہتھیار ڈال دیئے اور اس نے قرنہ کو بھی فتح کر لیا اور امیر اسماعیل کو قیدی بنا لیا اور اسے اپنے ایک قیدی کے بدلے میں رہا کیا جو دمشق میں سات سال سے اسیر تھا۔

صلیبیوں کو شکست پھر مظفرالدین دمشق پہنچا۔ وہاں معلوم ہوا کہ فرنگی حاکم نے دمشق کے علاقے کے ایک مقام پر قبضہ کر لیا ہے اور وہاں غلہ اور رسد کا بندوبست کر رکھا ہے۔ جب مظفرالدین کو یہ معلوم ہوا کہ وہاں کی فوج کمزور ہے تو اس نے لشکر تیار کر کے انہیں شکست دے دی اور وہاں کے فرنگیوں کو قید کر لیا۔

اسلامی لشکر کی فتح سلطان محمد بن ملک شاہ نے موصل کے حاکم مودود اور دوسرے امیروں کو حکم دیا کہ وہ فرنگی فوجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے جائیں۔ کیونکہ بیت المقدس کے فرنگی حاکم نے دمشق پر ۵۰۵ھ میں لگاتار حملے شروع کر دیئے تھے اور مظفرالدین نے مودود سے بھی فوجی امداد طلب کی تھی۔ اس پر اس نے تمام فوجوں کو اکٹھا کیا اور ۵۰۶ھ میں فوج لے کر روانہ ہوا۔ مظفرالدین کی فوجیں اس سے سلمیہ کے مقام پر ملیں۔ دونوں لشکر بیت المقدس کی طرف روانہ ہوئے۔ جب وہ اردن کے علاقے میں الاقحوانہ کے مقام پر پہنچے تو فرنگی حاکم بغدوین لشکر لے کر دریائے اردن کے پار ان کے مقابلے کے لیے آیا۔ ان کے ساتھ رہا کا حاکم جوسلین بھی تھا اور فرنگی لشکر ۱۳ محرم ۵۰۷ھ کو طبریہ کے مقام پر فریقین میں جنگ کا آغاز ہوا۔ اس جنگ میں فرنگی لشکر کو شکست ہوئی اور ان کے بہت سے افراد مارے گئے اور بہت سے بحیرہ طبریہ اور دریائے اردن میں ڈوب گئے۔

طویل محاصرہ اس کے بعد طرابلس اور انطاکیہ سے فرنگی لشکر ان کے مقابلے کے لیے آئے اور انہوں نے سخت مقابلہ کیا انہوں نے طبریہ کے قریب ایک پہاڑ پر پڑاؤ ڈال دیا تھا۔ مسلمانوں نے ان کا محاصرہ کر لیا تھا مگر جب طویل محاصرہ کے بعد وہ کامیابی سے مایوس ہو گئے تو اسلامی لشکر فرنگیوں کے مقبوضہ علاقوں میں پھیل گیا اور انہیں تباہ و برباد کر دیا۔ وہ مرج الصفر میں مقیم تھے۔ پھر مودود نے حکم دیا کہ تمام فوجیں واپس جا کر آرام کریں اور موسم سرما کے ختم ہونے پر دوبارہ

حملہ کرنے کی تیاریاں کریں۔

مودود کا قتل: اس اثناء میں مودود طغتگین کے پاس دمشق آ گیا تاکہ اس درمیانی مدت میں صرف وہاں رہے۔ جب نماز کے لیے گیا۔ جمعہ وہاں جماعت نماز کے بعد فرقہ باطنیہ کے ایک شخص نے اس پر خنجر سے حملہ کر دیا جس کے نتیجے میں وہ دن کے آخری حصہ میں فوت ہو گیا۔ اس کے قتل کا الزام طغتگین کو دیا گیا۔ تاہم سلطان محمد نے اس کے بعد موصل کا حاکم آقسنقر برسقی کو مقرر کیا۔ اس نے قلعہ حلیا کے حاکم ایاز بن ابی الغازی اور اس کے والد کو قید کر لیا۔

بنو ارتق کا مقابلہ: بنو ارتق لشکر نے برسقی کے مقابلے کے لیے آئے اور اسے شکست دے کر ایاز کو اس کی قید سے چھڑا لیا۔ ان کا باپ ابو الغازی وہاں سے نکل کر دمشق کے حاکم طغتگین کے پاس پہنچ گیا اور وہیں رہنے لگا۔

طغتگین سلطان محمد سے ناراض تھا کیونکہ اس نے اس پر مودود کے قتل کا الزام لگایا تھا اس لیے اس نے انطاکیہ کے حاکم کے پاس صلح کا پیغام بھیجا اور انہوں نے باہمی امداد کا معاہدہ کر لیا۔

ابو الغازی کی گرفتاری: ابو الغازی نے دیار بکر کے علاقہ کا قصد کیا۔ راستے میں حمص کے حاکم قیرجان بن قراجا نے گرفتار کر لیا اور قید کر لیا۔ جب طغتگین اس کو چھڑانے کے لیے آیا تو قیرجان نے حلفاً اعلان کیا کہ اگر طغتگین اپنے ملک واپس نہیں جائے گا تو وہ اسے ضرور قتل کر دے گا۔ یہ جواب دے کر لشکر آنے کا انتظار کرتا رہا تاکہ وہ اسے آ کر لے جائے مگر اس کے پہنچنے میں دیر ہو گئی تو طغتگین وہاں سے چلا گیا۔

جہاد کا حکم: پھر سلطان محمد نے تمام فوجوں کو فرنگی عیسائیوں کے ساتھ جہاد کرنے کے لیے بھیجا۔ اس نے یہ حکم دیا کہ اس جنگ کی ابتداء طغتگین اور ابو الغازی کے مقابلے سے کی جائے۔ چنانچہ ۵۰۸ھ میں ماہ رمضان میں روانہ ہوئے۔ ان فوجوں کے ہراول دستے پر حاکم ہمدان برسق بن برسق کی قیادت تھی۔ جب وہ حلب پہنچے تو انہوں نے اس کے امیر لؤلؤ الخادم اور ہراول دستے کے سردار شمس الخواص کو پیغام بھجوایا کہ وہ حلب سے چلے جائیں۔ انہوں نے اس کے ثبوت میں سلطان کے خطوط بھی پیش کیے۔ ان دونوں سرداروں نے طغتگین اور ابو الغازی کو طلب کیا چنانچہ جب وہ وہاں پہنچے تو اہل حلب نے تسلیم کرنے سے انکار کر دیا اور مقابلہ کے لیے تیار ہو گئے۔

فتح حماة: یہ صورت حال دیکھ کر سلطانی لشکر کے سردار برسق نے شہر حماۃ کی طرف فوج کشی کی جو طغتگین کا علاقہ تھا۔ اس پر اس نے بزور شمشیر قبضہ کر لیا اور تین دن تک وہاں لوٹ مار کی۔

وہ اس کے تمام شہر سلطان کے حکم کے مطابق فتح کرتا رہا۔ وہاں پر امراء بگڑ گئے تھے وہ جنگ کرنے میں سستی کرنے لگے۔

مسلم حکام کی نااتفاقی: ابو الغازی، طغتگین اور شمس الخواص اس عرصے میں انطاکیہ پہنچے اور اس کے فرنگی عیسائی حاکم روجیل سے فوجی امداد کی درخواست کی۔ پھر انہوں نے سوچا کہ موسم سرما کے ختم ہونے تک جمع رہیں۔ اور ابو الغازی ماردین

وطغتگین دمشق واپس چلے گئے۔ ([illegible] کا) نتیجہ یہ ہوا کہ مسلمانوں کو شکست ہوئی اور بہت سے ان کے بہادر ترک شہید ہو گئے۔

پھر سلطان محمد بغداد آیا تو اس کے پاس طغتگین حاکم دمشق کا نائب بھی پہنچا اور اس نے سلطان سے فوجی امداد کی درخواست کی۔ [illegible] بہم پہنچائی اور اسے اس کے شہر واپس کر دیا۔ یہ واقعہ ۵۰۶ھ میں ہوا۔

رضوان کی وفات: ۵۰۷ھ میں حاکم حلب رضوان فوت ہو گیا۔ اس نے اپنے دو بیٹوں یعنی ابو طالب اور بہرام کو قتل کروا دیا تھا۔ وہ بے شک کئی کاموں میں فرقہ باطنیہ کی اعانت کرتا تھا اور ان سے مدد لیا کرتا تھا۔ جب وہ فوت ہوا تو اس کے خادم لؤلؤ نے اس کے نوعمر بیٹے الپ ارسلان کے نام پر لوگوں سے بیعت حاصل کی۔ وہ ابھی عمر میں بچہ تھا اور اس کی زبان میں لکنت تھی۔ اسی سبب سے اس کا لقب اخرس (گونگا) تھا۔ لؤلؤ الخادم اس وقت خود مختار حاکم تھا۔

فرقہ باطنیہ کی گرفتاری: رضوان کے زمانے میں حلب میں فرقہ باطنیہ کے افراد کثرت سے آباد ہو گئے تھے اور وہی مرجع امور بنے ہوئے تھے۔ ارکان سلطنت ان سے خائف تھے۔ جب اس کی وفات ہوئی تو اس کے فرزند الپ ارسلان نے ارکان سلطنت کو اجازت دے دی کہ وہ انہیں گرفتار کر سکتے ہیں۔ چنانچہ ان کے پیشوا ابو طاہر الصائغ اور اس کے ساتھیوں کو گرفتار کر لیا گیا اور انہیں قتل کر دیا گیا۔ جو باقی رہ گئے تھے وہ دوسرے مقامات پر منتشر ہو گئے۔

لؤلؤ الخادم کا قتل: وہ تمام حکومت حلب پر قابض ہو گیا تھا اور وہ اپنے آقا زادے الپ ارسلان بن رضوان کا نائب بن گیا تھا۔ مگر وہ اس سے ناراض ہو گیا اور اسے قتل کر کے اس کے بھائی سلطان شاہ کو تخت سلطنت پر بٹھا دیا اور اسے اپنے تحت رکھا۔ جب ۵۱۱ھ کا سال شروع ہوا تو قلعہ جعبر کے حاکم سالم بن مالک سے ملاقات کرنے کے لیے روانہ ہوا۔ اس موقع پر اس کے ترک غلاموں نے [illegible] کے مقام پر اسے قتل کر دیا اور اس کے خزانوں کو لوٹ لیا۔ اہل حلب نے ان کا تعاقب کیا اور خزانہ ان سے واپس لے لیا۔

حاکم حلب کی تبدیلی: پھر سلطان شاہ کا اتابک شمس الخواص یاروقتاش مقرر ہوا۔ ایک مہینے کے بعد وہ بھی معزول ہو گیا۔ اس کے بعد ابوالمعالی المحسن دمشقی نائب مقرر ہوا مگر وہ بھی جلد معزول کر دیا گیا اور اس کا مال و متاع ضبط کر لیا گیا۔ یوں حلب کا انتظام حکومت خراب ہو گیا۔ ایسی حالت میں اہل حلب کو عیسائی فرنگیوں کے حملوں کا خطرہ لاحق ہوا تو انہوں نے ایل غازی بن ارتق کو بلوا کر اپنا حاکم مقرر کیا۔ اس وقت خزانہ خالی ہو چکا تھا۔ اسے نہ مال و دولت کچھ ملی تو اس نے سابق بادشاہ کے خادموں سے مال و دولت کا پتہ کر کے اس کے ذریعے فرنگیوں سے صلح کر لی۔ پھر وہ ماردین چلا گیا۔ اس کا ارادہ تھا کہ وہاں فوج جمع کرے اور پھر [illegible] کے لیے واپس آئے گا۔ اس نے اپنے فرزند [illegible] کو حلب میں نائب مقرر کیا۔ اس کے بعد رضوان بن تتش کے خاندان کی بادشاہت کا حلب سے خاتمہ ہو گیا۔

طغتگین کا جہاد: ۵۰۸ھ میں [illegible] قتل [illegible] کے بعد [illegible] حاکم مقرر ہوا [illegible] اس نے طغتگین اور صاحب حلب کو [illegible] بھیجا کہ وہ فرنگیوں سے

جنگ کرنے کے لیے روانہ ہوا تھا اس لیے اس نے صلح سے انکار کر دیا اور طغتگین [illegible] سے لوٹ آیا۔ پھر اس نے عسقلان کے مقام پر مصر کے سپہ سالاروں سے ملاقات کی کیونکہ حاکم مصر نے طغتگین کی مدد کرنے پر انہیں عمل کرنے کا حکم دیا تھا اس کے بعد وہ دمشق واپس آ گیا۔

جنگ میں شکست۔ ۵۰۲ھ فرنگیوں نے طغتگین کے ایک مقبوضہ قلعے پر حملہ کیا۔ وہاں کے باشندوں نے انہیں مال دے دیے اور فرنگیوں نے اس قلعے پر قبضہ کر لیا پھر وہ اذرعات کی طرف روانہ ہوئے۔ وہاں طغتگین نے اپنے بیٹے بوری کو ان کا مقابلہ کرنے کے لیے بھیجا۔ یہ دیکھ کر فرنگی اذرعات سے ہٹ کر وہاں کے ایک پہاڑ پر چڑھ گئے۔ بوری نے ان کا محاصرہ کر لیا۔ جب [illegible] طغتگین آیا تو فرنگیوں نے اس سے درخواست کی کہ ان کو وہاں سے نکل جانے دیں مگر اس نے انکار کیا کیونکہ اسے توقع تھی کہ وہ فتح حاصل کر لے گا۔

بہر صورت حال یہ کہ فرنگیوں نے [illegible] پر [illegible] مسلمانوں پر زوردار حملہ کیا اور مسلمانوں کو شکست دے دی اور انہیں بہت نقصان پہنچایا۔ بوری کی شکست خوردہ فوج دمشق واپس آ گئی۔

اس واقعہ کے بعد طغتگین فوجی امداد حاصل کرنے کے لیے [illegible] کے پاس گیا۔ اس نے فوجی امداد دی اور فوج اکٹھی کرنے کے لیے روانہ ہوا۔ طغتگین دمشق واپس آ گیا مگر اس سے پہلے فرنگی فوج حلب کی طرف روانہ ہوئی۔

دمشق پر حملہ فرنگ۔ ۵۲۰ھ میں فرنگیوں کے تمام حکمران اپنی اپنی فوجیں لے کر جمع ہو گئے اور دمشق کی طرف روانہ ہوئے۔ وہ مرج الصفر کے مقام پر خیمہ زن ہوئے۔ طغتگین نے دیار بکر کے ترکمانوں کو [illegible] بلوایا اور فرنگیوں کے لشکر کے سامنے خیمہ زن ہوا۔ اس نے اپنے فرزند بوری کو دمشق میں اپنا جانشین مقرر کیا اور خود فرنگیوں کے ساتھ میدان میں جنگ لڑتا رہا۔ بڑے نقصان کی جنگ ہوئی۔ جس میں طغتگین گھوڑے سے گر پڑا اور مسلمانوں کو شکست ہوئی۔ جب طغتگین اور اس کی فوجیں پیچھے ہٹ کر دمشق کی طرف جانے لگیں تو فرنگیوں کی سوار فوج نے ان کا تعاقب کیا۔

پیدل فوج کا صفایا۔ اس وقت میدان جنگ میں ترکمانوں کی پیدل فوج باقی رہ گئی تھی۔ جب فرنگیوں کی پیدل فوج ان کے مقابلے پر آئی تو ترکمانی پیدل فوج نے [illegible] اور فرنگی پیدل فوج پر پوری تیاری کے ساتھ زبردست حملہ کیا اور انہیں مار ڈالا اور ان کے فوجی خیموں کو لوٹ لیا۔ اس کے بعد وہ بہت سا مال غنیمت حاصل کر کے فتح یاب ہو کر دمشق واپس آ گئے۔

فرنگی سواروں کی فوج جب ناکام ہو کر لوٹی تو انہوں نے اپنے خیمے خالی دیکھے۔ ان کا ساز و سامان لوٹ لیا گیا تھا اور ان کی پیدل فوج ماری جا چکی تھی۔ یہ قدرت کا ایک عجیب و غریب کرشمہ تھا۔

بوری کا عہد حکومت۔ اس واقعہ کے بعد دمشق کے حاکم طغتگین نے ماہ صفر ۵۲۲ھ میں وفات پائی۔ وہ ترک سلطان تتش کا آزاد کردہ غلام تھا۔ وہ بہت بہادر، انصاف پسند اور مجاہد انسان تھا۔ اس کا لقب ظہیر الدین تھا۔ جب اس کی وفات

ہوئی تو ان کے بعد ان کا فرزند تاج الملوک بوری [illegible] ولی عہد تھا، حاکم دمشق ہوا۔ اس نے اپنے والد کے وزیر ابو علی طاہر [illegible] المزدقانی کو برقرار رکھا۔

اسماعیلی فرقہ کا تسلط مزدقانی باطنی [illegible] تھا۔ جب [illegible] بہرام اسد آبادی [illegible] آیا جس نے [illegible] قبضہ کر لیا تھا۔ پھر [illegible] دمشق چلا گیا۔ وہاں اسماعیلی فرقے کے [illegible] حیثیت سے [illegible] اپنے مسلک کی طرف [illegible] بلانے لگا تھا۔ پھر یہاں سے نکل گیا اور حلب کے قریب پہاڑی قلعوں پر قبضہ [illegible] کر دیا۔

مزدقانی نے [illegible] دمشق [illegible] مقرر کر دیا تھا [illegible] ہو گئی۔

مزدقانی کا قتل [illegible] دمشق [illegible] مزدقانی [illegible] اسماعیلی فرقے [illegible] فرنگیوں [illegible] دمشق پر قبضہ [illegible] اس نے اپنے وزیر مزدقانی کو قتل کر دیا [illegible] کر دیا۔

فرنگیوں کا متحدہ حملہ: [illegible] فرنگی [illegible] دمشق [illegible] تاج الملوک بوری حاکم دمشق نے [illegible] دی۔

[illegible] فرنگی [illegible] انہوں نے اپنے [illegible] مختلف مقامات پر [illegible] کے لیے بھیجے۔ [illegible]

صلیبیوں کی پسپائی تاج الملوک بوری حاکم دمشق نے اپنے ایک [illegible] کی قیادت میں [illegible] فرنگیوں [illegible] مسلمانوں [illegible] باقی فرنگی [illegible] ان کا تعاقب کیا اور [illegible] کیا۔

دبیس کی گرفتاری: [illegible] حاکم [illegible] دبیس [illegible] کر لیا۔ [illegible] لے جا کر [illegible] کیا۔

[illegible] اس وقت [illegible] تھا۔

[illegible] دمشق [illegible]

الملک کے پاس لے گئے اس نے اسے قید کر لیا اور اسے عماد الدین زنگی کے پاس بھیج دیا۔ اس کے ساتھ چند افرنگی قیدی تھے ان سب کو عماد الدین زنگی کے پاس بھیج دیا گیا۔ تاج الملک بوری والی بانیاس کا فرزند تھا۔

زنگی کا حسن سلوک: جب یہ عماد الدین زنگی کے پاس پہنچا تو اس کے اندیشے کے برخلاف عماد الدین زنگی نے اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا اور اس کی تمام ضروریات کو پورا کیا۔ خلیفہ مسترشد بھی اس کی تلاش میں تھا۔ زنگی نے بھی اس کے بارے میں سنا۔ زنگی نے خط لکھا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اسے چھوڑ دیا گیا۔

بوری کی وفات: ۵۲۵ھ میں فرقہ باطنیہ کی ایک جماعت نے تاج الملک بوری حاکم دمشق پر حملہ کر کے اسے زخمی کر دیا تھا۔ اس کا زخم بتدریج مندمل ہو گیا تھا۔ مگر وہ کھل گیا اور وہاں سے خون جاری ہو گیا اور وہ اپنی حکومت کے ساڑھے چار سال پورے کرنے کے بعد رجب ۵۲۶ھ میں فوت ہو گیا۔

دمشق کے نئے انتظامات: اس کے بعد اس کا فرزند اور ولی عہد شمس الملوک اسماعیل حاکم دمشق ہوا۔ اس نے شہر بعلبک اور اس کے گرد و نواح کا علاقہ اپنے دوسرے فرزند شمس الدولہ کو حاکم بنایا تھا۔

اس کی سلطنت کے امور کا انتظام حاجب یوسف بن فیروز کو کوتوال دمشق مقرر کیا گیا۔ چنانچہ اس نے رعایا کے ساتھ اچھا سلوک کیا اور عدل و انصاف کے ساتھ حکومت کی۔

شمس الملوک کا عہد حکومت: جب تاج الملوک بوری کا فرزند شمس الملوک اسماعیل دمشق کا حاکم ہوا اور اس کا بھائی محمد بعلبک گیا تو شمس الملوک لشکر لے کر بعلبک پہنچا اور اس نے اپنے بھائی محمد کا محاصرہ کر لیا اور اس کے شہر پر قبضہ کر لیا۔ محمد نے قلعہ میں پناہ لی اور اپنے بھائی سے اس نے درخواست کی کہ اسے یہیں رہنے دیا جائے۔ اس نے اس کی درخواست منظور کر لی اور دمشق چلا گیا۔

صلیب پرستوں کی سرکوبی: پھر وہ بانیاس کی طرف روانہ ہوا جو فرنگیوں کے ماتحت تھا۔ انہوں نے صلح کی شرائط کو توڑ دیا تھا اور وہ دمشق کے تاجروں کی ایک جماعت کو پکڑ کر دمشق سے لے گئے تھے۔ وہاں وہ ماہ صفر ۵۲۷ھ میں پہنچا اور جنگ کا آغاز کیا۔ اس نے اس مقام کی فصیلوں میں نقب زنی کر کے اس پر قبضہ کر لیا اور فرنگیوں کو تہ تیغ کیا جو وہاں تھے۔ شکست خوردہ فرنگیوں نے قلعہ میں پناہ لی پھر انہوں نے بھی ہتھیار ڈال دیئے اور قلعہ فتح ہو گیا اور وہ دمشق واپس آ گیا۔

فتح حماۃ: پھر اسے یہ اطلاع ملی کہ خلیفہ مسترشد موصل کی طرف روانہ ہو گیا ہے۔ ایسی حالت میں اس نے حماۃ کو فتح کرنے کا ارادہ کیا۔ چنانچہ وہ ماہ رمضان المبارک کے آخر میں روانہ ہوا اور عید الفطر کے دن وہاں پہنچ گیا۔ وہاں کے لوگوں نے بھی ہتھیار ڈال دیئے اور اس نے اس شہر کو فتح کر لیا۔

پھر وہ قلعہ شیزر کی طرف روانہ ہوا۔ وہاں کا حاکم بنو منقذ کے خاندان سے تھا۔ شمس الملوک نے اس قلعہ کا محاصرہ کر لیا۔ اس کے حاکم نے مال دے کر اس سے پیچھا چھڑایا اور وہ دمشق چلا آیا۔ یہ واقعہ اسی سال کے ماہ ذوالقعدہ میں ہوا۔

ایک قلعہ کی تسخیر ۵۲۷ھ میں شمس الملوک شقیف کی طرف روانہ ہوا۔ یہ قلعہ بیروت اور صیدا کے قریب ایک پہاڑ پر واقع تھا۔ یہ ناقابل تسخیر تھا۔ ضحاک بن جندل رئیس وادی التیم نے اس پر قبضہ کر رکھا تھا اور اس قلعہ کو مسلمانوں اور فرنگیوں دونوں کے حملوں سے محفوظ کر رکھا تھا۔ جب شمس الملوک نے اس پر حملہ کیا تو دوسرے روز کی مدت میں اسے فتح کر لیا تھا۔

صلیب پرستوں کی تباہی ادھر شمس الملوک نے جاتے ہی اس پر قبضہ کیا، ادھر فرنگیوں نے بہت شوق و ترقی کے لیے انہوں نے حوران کی طرف قدم بڑھائے اور انہوں نے گرد و نواح میں بڑی تباہی مچائی۔ شمس الملوک نے یہ صورت حال دیکھ کر فوجوں کو اکٹھا کیا اور ترکمانی فوجوں سے بھی کمک حاصل کی۔ اس کے بعد وہ ان کے مقابلے کے لیے نکلا۔ وہاں سے وہ عکہ کی طرف نکل گیا اور طبریہ اور عکہ کے گرد و نواح کا علاقہ فرنگی فوجیں چھوڑ کر بھاگ گئیں۔

ان فوجی مہموں میں اس کی فوجوں کو بہت سا مال غنیمت اور قیدی ہاتھ آئے۔ جب ان نقصانات کی خبر فرنگی فوجوں کو ہوئی تو وہ اپنے علاقوں کی طرف بڑھنے لگیں اور دونوں میں صلح ہو گئی۔ اس کے بعد فرنگی فوجوں نے تجدید صلح کی درخواست کی جو اس نے منظور کر لی۔

شمس الملوک کے مظالم شمس الملوک بہت ہی ظالم و جابر حکمران تھا۔ وہ اپنے اہل و عیال اور ساتھیوں سے بھی بد سلوکی کرتا تھا۔ اس لیے لوگ اس سے نفرت کرتے تھے۔ ایک غلام نے ۵۲۷ھ میں اس پر حملہ کر دیا اور اسے قتل کرنے کے لیے تلوار چلائی لیکن وہ بچ گیا اور غلام گرفتار کر لیا گیا۔ جب اس سے دریافت کیا گیا تو اس نے اقرار کیا کہ ایک جماعت نے اس کے ساتھ مل کر قتل کرنے کی سازش کی تھی۔

مخالفانہ سازشیں شمس الملوک نے ان سب سازشیوں کو قتل کر دیا اور ان کے ساتھ اپنے بھائی سونج کو بھی قتل کر دیا۔ اس کی یہ حرکت لوگوں کو پسند نہیں آئی۔ اس کے ساتھ ہی اس کے بارے میں یہ افواہیں اڑائی گئیں کہ وہ عماد الدین زنگی کے ساتھ مل گیا ہے اور اس نے اسے دمشق پر قبضہ کرنے کے لیے دعوت دی ہے اور اس بات پر بھی آمادہ ہے کہ دمشق عماد الدین زنگی کے حوالے کر دے۔ چنانچہ عماد الدین زنگی اس مقصد کے لیے روانہ ہو گیا۔

شمس الملوک کا قتل جب لوگوں نے یہ خبر سنی کہ عماد الدین زنگی آ رہا ہے تو شمس الملوک کے امرا بھی اس سے بگڑ گئے۔ انہوں نے اس کی شکایت جا کر اس کی والدہ سے کی۔ اس کی والدہ کو بھی اس بات کا رنج ہوا۔ اس لیے اس نے اس کے غلاموں کو حکم دیا کہ اسے قتل کر دیا جائے۔ چنانچہ ۵۲۹ھ میں غلاموں نے اسے قتل کر دیا۔

دوسری روایت دوسری روایت یہ ہے کہ اس کی والدہ پر حاجب یوسف بن فیروز سے تعلقات رکھنے کا الزام لگایا گیا تھا۔ شمس الملوک نے اپنی والدہ کو قتل کرنے کا ارادہ کیا تو حاجب یوسف بھاگ گیا اور اس کی والدہ نے اسے قتل کروا دیا۔

شہاب الدین محمود کی حکومت اس کے قتل کے بعد اس کا بھائی شہاب الدین محمود دمشق کا حکمران ہوا۔ عماد الدین زنگی اس کے قتل کے بعد دمشق پہنچا۔ اس نے میدان حصا کی طرف سے دمشق کا محاصرہ کیا مگر اہل دمشق نے اس کی مدافعت کے لیے [illegible] کی اور [illegible] مقابلہ کرتے رہے۔ ان حملوں میں [illegible] نے معین الدین انر نے زبردست کردار ادا کیا [illegible] مقابلہ نہایت بہادری کے ساتھ کیا۔

زنگی سے مصالحت [illegible] خلیفہ [illegible] کا قاصد [illegible] عماد الدین زنگی کے پاس پہنچا اور پیغام دیا کہ آپ محاصرہ ترک کر دو اور دمشق شہاب الدین محمود کے ساتھ مصالحت کر لے۔ چنانچہ وہ مصالحت کر کے [illegible] دمشق سے واپس چلا گیا

فتح حمص حمص کا علاقہ [illegible] اس کی اولاد اور اس کے [illegible] کے قبضے میں تھا۔ عماد الدین زنگی نے [illegible] کر دیں۔ جب انہوں نے [illegible] تو انہوں نے حمص شہاب الدین محمود کے حوالے کر دیا اور اس کے بدلے میں تدمر کا علاقہ لے لیا۔

اس نے [illegible] کو وہاں کا حاکم [illegible] ۵۳۰ھ میں [illegible] قبضہ کر لیا۔ اس کی حکومت اپنے [illegible] معین الدین انر کے سپرد کر [illegible] دمشق [illegible] ۵۳۱ھ [illegible] معین الدین انر [illegible] دمشق واپس آ گیا۔

یوسف کا قتل حاجب یوسف بن فیروز [illegible] کا وزیر [illegible] طاقت کی [illegible] جماعت اس سے ناراض تھی [illegible] بادشاہ کے بھائی [illegible] کے قتل میں [illegible] سمجھا جاتا تھا۔

جب اس نے [illegible] طاقت [illegible] اور اس نے [illegible] طاقت [illegible]

مگر جب وہ دمشق آ گیا تو اس نے [illegible] ان کے [illegible] دمشق سے [illegible] ہو گئے۔

[illegible] سے صلح جب ان کا قتل ہو گیا [illegible] بعلبک [illegible] دمشق کی طرف بھیجے [illegible]

آخر کار [illegible] جب شہاب الدین محمود نے ان کے تمام شرائط منظور کر لیے تو [illegible] دمشق کے [illegible] پہنچے [illegible] اپنی طاقت [illegible] کا لقب دیا

زنگی کا [illegible] حمص [illegible] ۵۳۲ھ [illegible] زنگی نے حمص [illegible] صاحب [illegible] الدین [illegible]

کہ وہ ہتھیار ڈال دے۔ مگر اس نے ایسا نہیں کیا۔ اس پر شہر کا محاصرہ کیا گیا جس کا زبردست مقابلہ کیا گیا۔ نتیجۃً وہ اسی سال ماہ شوال کے آخر میں وہاں سے چلا گیا۔

دوبارہ محاصرہ پھر وہ ۵۳۲ھ میں بعلبک کے گرد و نواح میں پہنچا تو حاکم دمشق کے [illegible] کے باشندوں نے ہتھیار ڈال دیئے۔ پھر وہاں سے دوبارہ حمص پہنچا اور اس کا محاصرہ کر لیا۔

شاہ روم کے حملے اس اثناء میں شاہ روم حلب پہنچا اس نے فرنگی فوجوں کو بلا کر بہت سے (مسلمانوں کے) قلعوں پر قبضہ کر لیا۔ جن میں بیت تدبیا اور تل ہمدان کے قلعے بھی شامل تھے۔ اس نے انطاکیہ کا محاصرہ بھی کیا تھا۔ اس کے بعد شاہ روم واپس چلا گیا۔

زنگی کا نکاح عماد الدین زنگی نے شہنشاہ روم کے حملوں کے دوران حمص سے محاصرہ اٹھا لیا تھا مگر جب شاہ روم واپس چلا گیا تو اس نے دوبارہ جنگ شروع کر دی۔ اسی زمانے میں اس نے حاکم دمشق شہاب الدین محمود کو یہ پیغام بھیجا کہ وہ اس سے اپنی والدہ زمرد خاتون بنت جاولی کا نکاح کر دے۔ اس سے اس کا مقصد یہ تھا کہ وہ اس بہانے سے دمشق پر قابض ہو سکے گا۔ شہاب الدین محمود نے اپنی والدہ کا نکاح عماد الدین زنگی سے کر دیا مگر دمشق پر قبضہ کرنے کی آرزو پوری نہیں ہوئی۔ البتہ حمص اور اس کا قلعہ اس کے سپرد کر دیا گیا اور زمرد خاتون کو ماہ رمضان میں اسی سال اس کے پاس رخصت کر دیا گیا۔

شہاب الدین کا قتل شہاب الدین محمود حاکم دمشق کو اس کی خواب گاہ میں ماہ شوال ۵۳۳ھ میں اس کے تین آزاد کردہ غلاموں نے اچانک قتل کر دیا اور وہ بھاگ گئے۔ ان میں سے ایک بچ نکلا اور باقی دو گرفتار کر لیے گئے۔

جمال الدین محمد کی تخت نشینی اس کے قتل کے بعد معین الدین انز نے اس کے بھائی جمال الدین محمد بوری کو جو بعلبک کا حاکم تھا یہ خبر بھیج دی۔ وہ بہت سرعت کے ساتھ اپنی فوج اور ارکان سلطنت کو لے کر دمشق پہنچا اور وہاں کا حاکم بن گیا۔ اس نے بعلبک کی حکومت اور اس کا انتظام سلطنت اپنے حاجب کے آزاد کردہ غلام معین الدین انز کے سپرد کیا۔ اس طرح اس کے تمام امور سلطنت درست ہو گئے۔

انتقامی کارروائی جب شہاب الدین محمود کے قتل کی خبر اس کی والدہ خاتون کو حلب میں موصول ہوئی تو وہ بہت پریشان ہوئی۔ اس نے اپنے شوہر اتابک عماد الدین زنگی کو یہ خبر پہنچا دی جو اس وقت جزیرہ میں تھا۔ اس کی والدہ نے زنگی کو اس کے بیٹے کا انتقام لینے پر آمادہ کیا۔

عماد الدین زنگی یہ خبر سن کر دمشق کی طرف روانہ ہوا۔ اور دمشق کا محاصرہ کرنے کی تیاری کی۔ پھر وہ بعلبک کی طرف روانہ ہوا جہاں کا حاکم معین الدین انز تھا۔ اس سے پیشتر عماد الدین زنگی نے پوشیدہ طور پر اس کی طرف مال و دولت بھیجی تھی تاکہ وہ دمشق پر اسے قبضہ دلا دے۔ مگر اس نے ایسا نہیں کیا۔

فتح بعلبک پھر وہاں سے شہر بعلبک آیا اور وہاں زبردست جنگ کا آغاز کیا۔ اور اس کے خلاف منجنیقیں نصب کر دیں تاکہ شہر والے ہتھیار ڈال دیں۔ آخرکار اس نے ۱۴ صفر ۵۳۴ھ میں شہر پر قبضہ کر لیا۔ اس وقت بھی ایک فوجی دستہ قلعہ میں محصور رہا۔ مگر تنگ آ کر انہوں نے بھی ہتھیار ڈال دیے۔ مگر انہیں قتل کر دیا گیا۔ اس سے وہاں کے دوسرے باشندوں کو بھی خوفزدہ کیا۔

شامی فوج کی شکست پھر وہ دمشق روانہ ہوا اور وہاں کے حاکم کو پیغام دیا کہ وہ شہر اس کے حوالے کر دے اور وہاں کی حکومت سے دستبردار ہو جائے۔ مگر وہ اس کی بات ماننے پر تیار نہیں ہوا۔ زنگی نے اس کے بدلے میں دوسرے مقام کی حکومت دینے کا بھی وعدہ کیا۔ مگر وہ اس کے لیے بھی تیار نہیں ہوا۔

لہٰذا وہ فوج لے کر آگے بڑھا اور داریا کے مقام پر اس نے پڑاؤ ڈالا۔ یہ واقعہ ۱۳ ربیع الاول ۵۳۴ھ میں ہوا۔ دمشقی فوجیں اس کے مقابلے کے لیے باہر نکلیں تو زنگی نے ان پر فتح حاصل کی اور انہیں شکست دے دی۔ پھر وہ مصلیٰ کی طرف بڑھ گیا اور وہاں بھی دوبارہ جنگ کر کے شامی فوجوں کو دوبارہ شکست دی۔ پھر اس نے دس دن کے لیے جنگ بند کر دی اور فریقین کے درمیان قاصد آتے جاتے رہے۔ زنگی یہ پیغام بھیجتا رہا کہ حاکم دمشق کو اس شہر کے بدلے میں بعلبک یا حمص یا اور علاقے جو وہ پسند کرے دے دیا جائے گا۔

حاکم دمشق کے ساتھیوں نے اسے یہ شرط قبول کرنے سے روک دیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ زنگی نے دوبارہ جنگ شروع کر دی اور شہر کا محاصرہ سخت کر دیا۔

جمال الدین محمد کی وفات ابھی عماد الدین زنگی نے دمشق کا محاصرہ کیا ہوا تھا اور مصالحت کی سلسلہ جنبانی ہو رہی تھی کہ جمال الدین محمد بن بوری حاکم دمشق کا ۸ شعبان المبارک ۵۳۴ھ میں انتقال ہو گیا۔ زنگی نے یہ خیال کیا کہ اب دمشق کے حکام و امراء کے درمیان اختلاف پیدا ہو جائے گا۔ اس لیے اس نے جنگ اور محاصرہ کو سخت کر دیا۔

مجیر الدین ابق کی حکومت: مگر دمشق کے حکام نے ہمت نہیں ہاری انہوں نے جمال الدین محمد کے بعد اس کے فرزند مجیر الدین ابق کو متفقہ طور پر حاکم بنایا۔ اس کا سرپرست معین الدین انر مقرر ہوا۔ اور وہی امور سلطنت کا مختار کل اور منتظم اعلیٰ بنا۔

معین الدین انر نے فرنگی فوجوں سے زنگی کے خلاف جنگ میں مدد طلب کی۔ اس نے وعدہ کیا کہ وہ فوجی امداد کے صلے میں دشمن کے علاقہ بانیاس کا محاصرہ کرے گا اور اسے فتح کرنے کے بعد فرنگیوں کے حوالے کر دے گا۔ فرنگیوں نے اس کی بات مان لی کیونکہ انہیں یہ اندیشہ تھا کہ اگر عماد الدین زنگی نے دمشق فتح کر لیا تو وہ ان کے خلاف جنگ کرے گا۔

فرنگیوں کی سازش: عماد الدین زنگی کو جب اس سازش کا علم ہوا تو اس سے پہلے کہ فرنگی فوجیں اہل دمشق کی فوجوں کی مدد کو پہنچیں وہ خود لشکر لے کر فرنگیوں کی طرف روانہ ہو گیا اور حوران کے علاقے میں اسی سال کے ماہ رمضان میں اس نے پڑاؤ ڈالا۔ فرنگی فوجیں اس کا مقابلہ کرنے سے گھبرا گئیں اور اپنے شہروں سے باہر نہیں نکلیں۔ اس لیے زنگی رمضان ہی کے بعد

ماہ شوال میں دمشق کا محاصرہ کرنے کے لئے روانہ ہوا۔ اس نے دمشق کے مضافات میں مرج اور غوطہ کے دیہاتوں کو نذر آتش کیا اور اس کے بعد وہ اپنے شہر کی طرف روانہ ہو گیا۔

شہر صلیبیوں کے حوالے فرنگی فوجیں اس کے کوچ کرنے کے بعد دمشق پہنچ گئیں اور معین الدین انز (اپنا وعدہ پورا کرنے کے لئے) زنگی کے علاقہ بانیاس کو فتح کرنے کے لئے ان کے ساتھ روانہ ہو گیا۔ اس نے اسے فرنگیوں کے حوالے کرنے کا معاہدہ کیا تھا۔

بانیاس کے حاکم نے شہر صور پر حملہ کیا تھا واپسی پر اس کی مڈبھیڑ انطاکیہ کے حاکم سے ہوئی جو فوج لے کر اپنے ساتھی حاکم دمشق کو فوجی کمک پہنچانے کے لئے دمشق جا رہا تھا (لہٰذا دونوں میں جنگ ہوئی) اور حاکم بانیاس اور اس کے ساتھی فوجیں ماری گئیں اور جو باقی بچ گئیں انہوں نے بانیاس کی طرف بھاگ کر پناہ لی۔

اس واقعہ کے بعد معین الدین انز شہر کے قریب پہنچا۔ اس نے اسے فتح کر کے فرنگی فوجوں کے حوالے کر دیا۔

زنگی کا شدید حملہ۔ جب زنگی کو یہ خبر ملی تو اس نے دمشق کی طرف کوچ کیا۔ اس نے اپنی فوج کے مختلف حصے حوران اور دمشق کے مضافات پر حملہ کرنے کے لئے بھیجے اور خود صبح سویرے دمشق پہنچ کر اس نے وہاں اچانک حملہ کر دیا۔ دمشق کی فوجیں اس کا مقابلہ کے لئے نکلیں۔ اس نے سارا دن جنگ کی۔ اس کے بعد مرج راہط کی طرف ہٹ گیا اور وہاں وہ اپنے فوجی دستوں کا انتظار کرنے لگا۔ چنانچہ وہ تمام فوجیں بہت سا مال غنیمت لے کر اس کے پاس پہنچیں۔ اس کے بعد وہ اپنے شہر کی طرف واپس روانہ ہوا۔

جرمنی کے شہنشاہ کا شدید حملہ۔ جب فرنگی فوجوں نے شام کے ساحلی علاقوں کو فتح کیا تو یورپ کے ہر ملک کے لوگ مسلمانوں کے خلاف ان کی مدد کے لئے پہنچے کیونکہ ان کا خیال تھا کہ یہ لوگ اپنے دشمن کے مقابلے میں تنہا ہیں۔

چنانچہ ۵۴۳ھ میں جرمنی کے شہنشاہ نے ایک لشکر جرار کے ساتھ اسلامی ممالک کا قصد کیا۔ اس کی فوج کی تعداد بہت زیادہ تھی اس کے علاوہ سازو سامان اور مال و دولت کی بہت فراوانی تھی۔ اس لئے اس کی فتح و نصرت کے بارے میں کسی قسم کا شک و شبہ نہ تھا۔

جب یہ لشکر جرار شام پہنچا تو وہاں کی تمام فرنگی فوجیں ان کے ساتھ شامل ہو گئیں اور شہنشاہ کے حکم کا انتظار کرنے لگیں۔ اس نے تمام فرنگی فوجوں کو حکم دیا کہ وہ دمشق کی طرف کوچ کریں۔ لہٰذا وہ ۵۴۳ھ میں دمشق پہنچ گئیں اور اس شہر کا محاصرہ کر لیا۔

معین الدین انز بڑی بہادری کے ساتھ ان فرنگی فوجوں کے ساتھ مقابلہ کرتا رہا آخرکار ۶ ربیع الاول ۵۴۳ھ کو گھمسان کی جنگ ہوئی۔ مسلمانوں نے نہایت صبر و استقلال کے ساتھ ان کا مقابلہ کیا۔ تاہم انہیں کافی جنگی نقصان برداشت کرنا پڑا۔

یوسف مغربی کی شہادت اسی جنگ میں مشہور عالم و زاہد حجۃ الدین یوسف الفندلاوی المغربی شہید ہوئے۔ معین

الدین انر نے ان سے درخواست کی کہ وہ اپنے ضعف پیری کی وجہ سے واپس چلے جائیں۔ مگر انہوں نے فرمایا:

> میں نے (اپنی جان) فروخت کر دی ہے اور اس (اللہ تعالیٰ) نے اسے خرید لیا ہے اس لئے میں یہ سودا واپس نہیں کروں گا۔ جس میں جہاد کا حکم دیا گیا ہے۔[1]

چنانچہ جب موصوف جنگ کے لئے آگے بڑھے اور دمشق سے نصف فرسخ پر نیرب کے مقام پر شہید ہوئے اور ان کے ساتھ مسلمانوں کی ایک بہت بڑی تعداد بھی شہید ہوئی۔ جس سے فرنگی فوجوں کو غلبہ حاصل ہوا اور شہنشاہ جرمنی میدان اخضر میں پہنچ گیا۔

عماد الدین زنگی کی وفات: اس سے پیشتر موصل کے حاکم عماد الدین زنگی کا ۵۴۱ھ میں انتقال ہو گیا تھا اس کی وفات کے بعد اس کا ایک فرزند سیف الدین غازی موصل کا حاکم ہوا اور دوسرا فرزند نور الدین محمود حلب کا حاکم ہوا۔

مسلمانوں کا متحدہ مقابلہ: معین الدین انر نے موصل کے حاکم سیف الدین غازی سے فوجی امداد طلب کی۔ لہٰذا وہ اپنے بھائی نور الدین کے ساتھ فوج لے کر روانہ ہوا۔ جب حمص کے شہر کے پاس پہنچا تو فرنگیوں کو جنگ کا پیغام بھیجا۔ لہٰذا وہ اس کے ساتھ بھی جنگ کرنے پر مجبور ہوئے۔ اس طرح ان کا جنگی محاذ وسیع ہو گیا اور تعداد دو حصوں میں تقسیم ہو گئی۔

اس اثناء میں معین الدین انر نے بھی جرمن فوجوں کو پیغام بھیجا کہ اب شہنشاہ مشرق یعنی حاکم موصل سے بچ کر رہیں۔ اس نے شام میں مقیم فرنگی فوجوں کو بھی ایک پیغام بھیجا جس میں انہیں خبردار کیا گیا تھا کہ جب شہنشاہ جرمنی دمشق فتح کر لے گا تو وہ اس کے ساتھ شام میں نہیں رہ سکیں گے۔ اس نے ان سے یہ وعدہ بھی کیا کہ (اگر وہ یہیں چلے جائیں گے) تو وہ انہیں بانیاس کا قلعہ دے گا۔

(اس پیغام کے بعد) وہ جرمنی کے شہنشاہ کے پاس گئے اور اسے حاکم موصل کے خطروں سے آگاہ کیا اور بتایا کہ وہ دمشق پر قبضہ کر لے گا۔

جرمنی کے شہنشاہ کی واپسی: یہ سن کر وہ اس شہر سے کوچ کر گئے اور معین الدین انر نے حسب وعدہ انہیں بانیاس کا قلعہ دے دیا۔ جرمنی کا شہنشاہ کنراڈ یا کونراڈ ثالث مغرب میں اپنے ملک واپس چلا گیا۔

معین الدین انر جرمن فوجوں کے محاصرہ دمشق کے ایک سال بعد ۵۴۴ھ میں فوت ہو گیا۔ وہ سلطنت اتابکی کا بہت بڑا سیاست دان تھا۔

مشترکہ سلطنت کا خاتمہ: موصل کا حاکم سیف الدین غازی ۵۴۴ھ میں فوت ہو گیا۔ اور اس کے بعد اس کا بھائی قطب الدین حاکم ہوا اور نور الدین محمود حلب اور اس کے مضافات کا حاکم برقرار رہا۔

---

[1] آیت کریمہ: ﴿إن الله اشترى من المؤمنين أنفسهم وأموالهم بأن لهم الجنة﴾ (پارہ ۱۱ سورۂ توبہ)

نور الدین محمود دمشق کو فتح کر کے فرنگیوں سے جہاد کرنا چاہتا تھا۔ اسی عرصے میں یہ اتفاق پیش آیا کہ فرنگی فوجوں نے فاطمی خاندان کے قبضے سے عسقلان کا علاقہ چھین لیا۔ کیونکہ وہ بہت کمزور ہو گئے تھے۔ یہ واقعہ ۵۴۸ھ میں پیش آیا۔

فرنگیوں کے خطرات نور الدین محمود عسقلان کے علاقے کو ان سے واپس نہیں لے سکتا تھا کیونکہ ان کے درمیان میں دمشق حائل تھا۔ پھر ان فرنگی فوجوں کے حوصلے اس قدر بڑھ گئے کہ وہ عسقلان کو فتح کرنے کے بعد دمشق کو فتح کرنے کا ارادہ کرنے لگے۔ اہل دمشق انہیں ٹیکس ادا کرتے تھے اور وہ یہ ٹیکس وصول کرنے کے لیے اس علاقے میں آتے تھے اور اپنی من مانی کارروائیاں کرتے تھے۔ وہاں جو فرنگی قیدی اپنے وطن جانا چاہتے تھے انہیں چھڑا لیتے تھے۔

نور الدین کی سیاست ایسے حالات کی وجہ سے نور الدین محمود کو فرنگیوں سے بہت خطرہ محسوس ہوا۔ اسے یہ بھی معلوم تھا کہ اگر وہ دمشق پر حملہ کرے گا تو حاکم دمشق فرنگیوں سے ضرور امداد حاصل کرے گا۔ اس لیے اس نے حاکم دمشق مجیر الدین سے دوستی کی بات کی اور تحائف بھیج کر اسے اپنا بنا لیا۔ پھر اس نے یہ حکمت عملی اختیار کی۔ اس نے ان امراء و حکام کے خلاف ایک ایک کر کے بھڑکانا شروع کر دیا۔ جو اس کی قوت و طاقت کا ذریعہ تھے وہ اسے تحریر کرتا تھا کہ فلاں شخص نے اسے لکھا کہ وہ دمشق سے جدا ہونے کے لیے تیار ہے۔

امرائے دمشق کا خاتمہ جب مجیر الدین حاکم دمشق کو اس کے ذریعے کسی امیر کی سازش کا علم ہوتا تو وہ اسے قتل کر دیتا۔ یہ آخری شخص عطا بن حافظ السلمی الخادم تھا۔ وہ نور الدین محمود کی مخالفت کے بارے میں بہت سخت تھا۔ تاہم جب مجیر الدین کو اس کے بارے میں بھی اسی قسم کی سازش کی اطلاع دی گئی تو اس نے اسے گرفتار کر کے قتل کر دیا۔

نور الدین کی فتح دمشق اسی عرصے میں نور الدین نے دمشق کے نوجوان طبقے سے خط و کتابت کر کے اسے اپنی طرف مائل کر لیا تھا اور انہوں نے اس کی حمایت کرنے کا وعدہ کر لیا تھا۔ چنانچہ جب نور الدین نے دمشق کی طرف پیش قدمی کی تو مجیر الدین حاکم دمشق نے فرنگیوں سے فوجی امداد طلب کی اور ان کے حملے میں بعلبک شہر ان کے حوالے کرنے کا وعدہ کیا۔ چنانچہ وہ اپنی منتشر فوج کو اکٹھا کرنے لگے۔ مگر ان سے پہلے نور الدین دمشق پہنچ گیا۔ اس موقع پر دمشق کے نوجوانوں نے بغاوت کر دی جن کی اس سے خط و کتابت تھی۔ انہوں نے شہر کا مشرقی دروازہ کھول دیا جس سے نور الدین داخل ہوا اور اس نے دمشق پر قبضہ کر لیا۔

آخری حاکم کی جلاوطنی مجیر الدین حاکم دمشق نے قلعے میں پناہ لی۔ نور الدین نے بذریعہ خط و کتابت اسے حمص کا شہر اس کے معاوضے میں دے دیا۔ لہٰذا وہ وہاں چلا گیا مگر اس کے بعد اسے حمص کے بدلے بالس کا علاقہ دیا گیا مگر وہ اس پر رضامند نہیں ہوا اور وہ بغداد چلا گیا۔ جہاں اس نے نظامیہ کے قریب گھر بنایا اور وہیں فوت ہوا۔

نور الدین محمود زنگی دمشق اور اس کے مضافات پر قابض ہو گیا اور اسے اپنی سلطنت میں شامل کر لیا۔ یوں شام و عراق سے خاندان طغتگین کی سلطنت کا خاتمہ ہو گیا۔ درحقیقت باقی رہنے والی ریاست صرف حماۃ کی رہ گئی ہے۔

شجرہ خاندان محتشم

مجد الدین اسحاق

شمس الدین محمد

تاج الملوک [illegible]

[illegible]

اسحاق بن محتشم [illegible]

[illegible] محتشم

باب : دوم

قونیہ کی سلجوقی سلطنت

اس خاندان کا بانی قتلمش تھا۔ اس کے نسب میں اختلاف ہے۔ ایک روایت یہ ہے کہ وہ قتلمش بن [illegible] تھا۔ مورخ ابن الاثیر بھی لکھتا ہے کہ قتلمش طغرل بیگ کا چچا زاد بھائی تھا اور یہی صحیح ہے کہ قتلمش بن اسرائیل سلجوقی خاندان سے تھا اور غالباً یہ اجمال کی تفصیل ہے۔

جب سلجوقی امراء اطراف و اکناف میں اپنی حکومت میں منتشر ہو گئے تو قتلمش روم میں داخل ہوا اور اس نے قونیہ، اقصرا اور اس کے گرد و نواح کے علاقے پر قبضہ کر لیا۔

سلطان طغرل بیگ نے اسے فوج دے کر [illegible] بھیجا تو [illegible] کو قابو کر لئے جس نے عباسی سلطنت کی اطاعت کا اظہار کیا تو [illegible] نے انہیں شکست دی۔

طغرل بیگ کے بعد جب سلطان الپ ارسلان تخت نشین ہوا تو قتلمش نے خاندان سے بغاوت کی اور رے پر قبضہ کرنے کے لیے پیش قدمی کی۔

الپ ارسلان نے ۴۵۶ھ میں اس سے جنگ کی اور قتلمش کو اس جنگ میں شکست ہوئی اور وہ مارا گیا۔ اس کی لاش مقتولوں کی لاشوں کے درمیان سے ملی۔ الپ ارسلان کو اس کی موت کا بہت رنج ہوا اور اس نے اس کا سوگ کیا۔

فتح انطاکیہ: اس کے بعد اس کا بیٹا سلیمان اس کے مقبوضہ علاقوں یعنی قونیہ، اقصرا اور اس کے گرد و نواح کے علاقوں کا حاکم ہوا۔ اس نے رومیوں کے قبضے سے ۴۷۷ھ میں انطاکیہ کا شہر چھین لیا جس پر وہ ۳۵۸ھ سے قابض تھے۔ اس نے اسے فتح کر کے اپنی سلطنت میں شامل کر لیا۔

عربوں کو شکست: شرف الدولہ مسلم بن قریش انطاکیہ کے رومیوں سے ٹیکس وصول کرتا تھا۔ جب سلیمان نے اسے فتح کر لیا تو اس نے اس سے بھی ادا کرنے کا مطالبہ کیا۔ جب اس نے اس سے انکار کیا تو مسلم نے انطاکیہ کا محاصرہ کرنے کے لیے عربوں اور ترکوں کی فوجیں جمع کیں اور ان کے ساتھ ترکوں کی ایک جماعت بھی تھی جس کا قائد جق تھا۔ فریقین میں جنگ شروع ہوئی۔ اس جنگ میں ترکوں کا پیشوا جق اپنی فوج کے ساتھ سلیمان کی فوجوں کے ساتھ شامل ہو گیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ عربوں کو شکست ہوئی۔

سلیمان کی خودکشی: اس کے بعد سلیمان بن قتلمش حلب کے محاصرے کے لیے روانہ ہوا۔ انہوں نے اس کا مقابلہ کیا اور

اس سے نجات دی۔ تاکہ سلطان ملک شاہ سے مدد کی التجا کی جائے۔ اس کے بعد انہوں نے پوشیدہ طور پر تتش حاکم دمشق سے فوجی امداد طلب کی۔ چنانچہ تاج الدولہ تتش بھی ترکی فوج کے ساتھ فوراً آ گیا۔ راستے میں سلیمان بن قطلمش کی فوج غافل ہو کر آرام کر رہی تھی۔ لہذا جب تتش کی فوج سے قطلمش کے فرزند سلیمان کی فوجوں کا مقابلہ ہوا تو اسے شکست ہوئی اور سلیمان نے اپنے آپ کو خنجر مار کر خودکشی کر لی اور تتش نے اس کے تمام لشکر کو لوٹ لیا۔

قلیج ارسلان۔ اس کے بعد اس کا فرزند قلیج ارسلان اس کا جانشین حاکم ہوا۔ اور وہ حکومت کرتا رہا۔ جب ۴۹۰ھ میں فرنگی فوج لے کر شام کے مشرقی علاقے کی طرف روانہ ہوئے تو انہوں نے قسطنطنیہ کا راستہ اختیار کیا۔ روم کے بادشاہ نے انہیں اس راستے پر سے اس شرط کے ساتھ گزرنے کی اجازت دی کہ وہ انطاکیہ کو فتح کرنے کے بعد اس کے قبضے میں رہنے دیں۔ انہوں نے یہ شرط تسلیم کر لی اور قسطنطنیہ کی خلیج کو عبور کر کے وہ قلیج ارسلان بن سلیمان کے علاقے سے گزرے تو قلیج ارسلان نے ان پر حملہ کر کے قونیہ کے قریب ان فرنگی فوجوں کا مقابلہ کیا۔ فرنگی فوج نے اسے شکست دی اور ابن لاون ارمنی کے علاقے تک پہنچ گئے وہاں سے گزر کر وہ انطاکیہ پہنچے وہاں یاغی سیان نامی ایک سلجوقی حاکم تھا وہ محاصرے کے لیے تیار ہو گیا اور اس نے خندق کھودنے کا حکم دیا چنانچہ ایک دن اس مقصد کے لیے مسلمانوں نے کام کیا اور دوسرے دن عیسائیوں نے کام کیا۔

انطاکیہ کا محاصرہ۔ آخرکار فرنگی فوجیں وہاں پہنچ گئیں اور انہوں نے اس شہر کو نو مہینے تک محاصرہ کیا۔ پھر شہر کے محافظ دستوں نے شہر کی فصیل سے نکل کر فرنگیوں کو برجوں کے راستے سے اندر بلا لیا۔ چنانچہ شہر میں گھسنے کے بعد ان فوجوں نے شہر کو لوٹ لیا۔

صلیبیوں کی حکومت۔ یاغی سیان شہر کے اندر سے نکل کر بھاگ گیا مگر ایک ارمنی نے پکڑ کر اسے مار ڈالا اور اس کا سر کاٹ کر فرنگی فوجوں کے پاس لے گیا پھر فرنگیوں کا ایک حاکم اس شہر پر حکومت کرنے لگا۔

حلب اور دمشق کے حکام نے اہل انطاکیہ کی مدد کے لیے کوچ کرنے کا ارادہ کیا تھا مگر فرنگی فوجوں نے ان سے مصالحت کے لیے خط و کتابت کی اور وعدہ کیا کہ وہ انطاکیہ کے علاوہ دوسرے کسی مقام پر قبضہ نہیں کریں گے چنانچہ ان کے اس وعدے کے بعد انہوں نے اپنا ارادہ ملتوی کر دیا اور وہ یاغی سیان کی کوئی مدد کرنے سے قاصر رہے۔

فرنگیوں کے حملے۔ اس اثنا میں ترکمانی فوجیں عراق کے گرد و نواح میں منتشر ہو گئی تھیں اور گمشتکین بن طیلو نے جس کا باپ دانشمند یعنی معلم مشہور تھا انطاکیہ کے قریب رومی علاقے سیواس پر قبضہ کر لیا تھا۔ اس کے قریب ملطیہ کے علاقے کو ایک دوسرے ترکمانی سردار نے فتح کر لیا تھا اور اس کے اور دانشمند کے درمیان جنگیں ہوتی رہتی تھیں۔ اس لیے ملطیہ کے حاکم نے فرنگیوں سے فوجی امداد طلب کی۔ چنانچہ انطاکیہ کا ایک فرنگی سردار ۴۹۳ھ میں پانچ ہزار کا لشکر لے کر پہنچا۔ ابن دانشمند نے اس کا مقابلہ کیا۔ اور اس فرنگی سردار کو شکست دے کر اسے اسیر بنا لیا۔ اس کے بعد جب یہ فرنگی فوجیں اس کو چھڑانے کے لیے آئیں۔ انہوں نے قلعہ انکوریہ کے قریب جسے انقرہ بھی کہا جاتا ہے۔ جنگ کی اور اسے فتح کر لیا۔ پھر وہ دوسرے

شہر کو فتح کرنے کے لیے روانہ ہوئے جہاں اسماعیل بن دانشمند تھا۔ انہوں نے اس قلعہ کا محاصرہ کر لیا۔ اس عرصہ میں ابن دانشمند نے بہت سی فوج جمع کر لی تھی اور فوج کی ایک بڑی تعداد کو ایک کمین گاہ میں چھپا کر جنگ کا آغاز کیا۔ تھوڑے عرصہ کے بعد کمین گاہ سے اس کی بہت بڑی فوج نکلی اور اس نے پلٹ کر ایسا زبردست حملہ کیا کہ دشمن کا کوئی آدمی بھی جان بچا کر نہیں بھاگ سکا۔

اس کے بعد اس نے پیش قدمی کر کے ملطیہ کو فتح کر لیا اور وہاں کے حاکم کو قیدی بنا لیا۔ اس کے بعد انطاکیہ سے مزید فرنگی فوج آئی اسے بھی اس نے شکست دی۔

موصل کی جنگیں موصل، دیار بکر اور جزیرہ کے علاقے کا حاکم ایک ترکی سپہ سالار تھا اس نے بغاوت کا ارادہ کیا تو سلطان نے موصل اور اس کے مضافات کا علاقہ جاولی کو دے دیا اور اپنے سپہ سالاروں کو حکم دیا کہ وہ فرنگیوں کے ساتھ جہاد کرنے کے لیے روانہ ہو جائیں۔ چنانچہ جاولی روانہ ہو گیا۔ جکرمش کو جب اس بات کی خبر ملی تو وہ موصل سے اربل کی طرف روانہ ہوا اور اس نے اربل کے حاکم ابو الہیجاء بن موسک الکردی کے ساتھ معاہدہ کر لیا۔ اس عرصے میں جاولی بوازیج پہنچ گیا تھا لہذا جکرمش دریائے دجلہ عبور کر کے اس کے مقابلے کے لیے فوج لے کر پہنچا۔ وہ جنگ کی تو جنگ میں جکرمش کی فوجوں کو شکست ہوئی اور جکرمش تن تنہا رہ گیا لہذا جاولی نے اسے قیدی بنا لیا۔

جاولی سے مقابلہ باقی ماندہ شکست خوردہ فوج موصل پہنچی اور اس نے جکرمش کے بجائے اس کے صغیر السن فرزند زنگی کو حاکم بنایا اور اس کے باپ کے آزاد کردہ غلام غرغلی نے سلطنت کا انتظام سنبھالا۔ قلعہ اس کے قبضے میں تھا اور اس نے فوج میں مال و دولت اور گھوڑے تقسیم کیے اور جاولی کا جنگی مقابلہ کرنے کے لیے تیاریاں مکمل کر لیں۔ اس نے صدقہ بن مزید اور رومی علاقوں کے حاکم قلیج ارسلان سے فوجی امداد کے لیے خط و کتابت کی اور ان میں سے ہر ایک سے اس نے یہ وعدہ کیا کہ جب وہ جاولی کو مقابلے میں شکست دے دیں گے تو وہ انہیں موصل کا حاکم بنا دے گا۔

صدقہ نے تو اس کے پیغام کی طرف کوئی توجہ نہیں دی۔ اس اثناء میں جاولی موصل پہنچ گیا اور اس نے اس کا محاصرہ کر لیا۔ اس نے یہ اعلان کیا کہ اگر وہ شہر کو اس کے حوالے نہیں کریں گے تو جکرمش کو قتل کر دے گا۔

جاولی کا فرار کچھ عرصے کے بعد اس جاولی کے پاس یہ خبر پہنچی کہ قلیج ارسلان اپنی فوجیں لے کر نصیبین کے مقام پر پہنچ گیا ہے۔ یہ خبر سن کر اس نے موصل کا محاصرہ چھوڑ دیا اور سنجار کی طرف روانہ ہو گیا۔

برسقی جاولی کے کوچ کرنے کے بعد وہاں پہنچ گیا تھا۔ اس نے وہاں کے باشندوں کو اطاعت کا پیغام بھیجا مگر انہوں نے اسے کوئی جواب نہیں دیا۔ اس لیے وہ بغداد واپس آ گیا۔

موصل پر قبضہ دمشق کے حاکم رضوان نے فرنگی فوجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے جاولی کو بلوایا تو وہاں کوچ کر گیا۔ اس کے بعد جکرمش کی فوجیں موصل سے نکلیں۔ انہوں نے نصیبین کے مقام پر قلیج ارسلان کے پاس پہنچ کر اس سے معاہدہ کر لیا اور اسے موصل لا کر ۵۰۰ھ میں ماہ رجب کے آخر میں اسے اپنا حاکم بنا لیا۔ جکرمش کا فرزند اور اس کے ساتھی وہاں سے نکل

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

کے قریب پہنچا تو شہر آمد کا حاکم ابراہیم بن ینال بھی فوج لے کر اپنے شہر واپس آ گیا۔ جب قلج ارسلان نے طرفین جنگ جاری رکھنے کا فیصلہ کیا اور اس نے اپنے اس لشکر کو بلوایا جس نے فرنگیوں کے خلاف رومیوں کی مدد کی تھی۔ یہ فوج وہاں سے پاس آنے لگی مگر اس عرصے میں جاولی نے اس کی فوج کی قلیل تعداد کو غنیمت سمجھا۔ اس لیے اس سال ۵۰۰ھ ذوالقعدہ کے آخر میں اس نے حملہ کیا اور گھمسان کی جنگ شروع ہوئی۔ قلج ارسلان نے بذاتِ خود جاولی پر حملہ کیا اور اس کے علم بردار کو گرا دیا۔ اس کے مقابلے میں جاولی نے تمام زور سے حملہ کیا۔ جاولی کے دوسرے ساتھیوں نے بھی اس پر حملہ کر کے اسے شکست دے دی۔ قلج ارسلان نے غیرت و شرم کی وجہ سے اپنے آپ کو پانی میں ڈال کر خودکشی کر لی۔

موصل پر قبضہ: آخرکار جاولی نے موصل قلج ارسلان سے فتح کر لیا اور سلطان محمد کا نام جمعہ کے خطبوں میں دوبارہ شامل کرایا اور اس کے پاس قلج ارسلان کے فرزند ملک شاہ کو بھیج دیا۔ قونیہ اور اقصرا اور دیگر رومی شہروں میں (موجودہ ترکی) حکومت پر اس کا فرزند مسعود حاکم ہوا اور اس کی سلطنت برقرار رہی۔

فتح ملطیہ: ملطیہ اور سیواس ایک ترکمانی حاکم کے قبضے میں تھے جس کی فرنگیوں کے ساتھ جنگ رہتی تھی۔ اس جنگ میں گمشتگین بن دانشمند ہلاک ہو گیا تھا اور اس کی جگہ پر اس کا فرزند محمد حاکم ہوا اور اس نے اپنے باپ کی طرح فرنگی فوجوں سے کافی جنگ کی اور ۵۲۹ھ میں اس کی وفات ہو گئی۔ اس کے مرنے کے بعد مسعود بن قلج ارسلان نے اس کے اکثر مقبوضات پر قبضہ کر لیا اور ملطیہ اس کے بھائی کے قبضے میں رہا۔ جس کا نام یاغی ارسلان بن محمد تھا۔

قلج ارسلان دوم: محمد مسعود بن قلج ارسلان ۵۵۱ھ میں فوت ہو گیا اور اس کا جانشین اس کا فرزند قلج ارسلان دوم بنا۔ وہ حاکم ملطیہ یاغی ارسلان کے ساتھ جنگ کرتا رہا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ قلج ارسلان نے شاہ صلیق بن علی بن ابی القاسم کی صاحبزادی سے نکاح کیا۔ اس کے والد نے اسے بہت جہیز اور ساز و سامان دے کر بھیجا۔ راستے میں حاکم ملطیہ یاغی ارسلان نے اس قافلہ کو جہیز سمیت لوٹ لیا اور اس لڑکی کا نکاح اپنے بھتیجے ذوالنون بن محمد بن دانشمند کے ساتھ کر دیا اور اس کا مقصد یہ تھا۔ کہ اس نے یہ مشہور کر دیا کہ لڑکی مرتد ہو جائے تا کہ نکاح فسخ ہو جائے پھر اسلام لانے کے بعد اس لڑکی کا نکاح اپنے بھتیجے سے کر دیا۔

ذاتی جنگیں: اس واقعہ کے بعد قلج ارسلان نے اپنی فوجیں جمع کر کے یاغی ارسلان پر حملہ کر دیا۔ آخر یاغی ارسلان نے اسے شکست دی۔ اس اثنا میں شاہ روم نے فوجی امداد طلب کی تو اسے مدد دی اور اس عرصے میں یاغی ارسلان فوت ہو گیا تو اس کا بھتیجا ابراہیم بن محمد اس کا جانشین ہوا۔ قلج ارسلان نے موقع غنیمت جانتے ہوئے اس کے کچھ علاقے پر قبضہ کر لیا اور اس کے بھائی ذوالنون بن محمد نے قیساریہ کا علاقہ فتح کر لیا اور قلج ارسلان کے بھائی شاہنشاہ بن مسعود کے پاس صرف انقرہ اور جنگرہ کا شہر رہ گیا۔ بعد میں صلح کی صورت ہو گئی۔ پھر قلج ارسلان اور نور الدین محمود زنگی کے درمیان دشمنی بھی ہو گئی [illegible] ۵۶۸ھ [illegible] قلج ارسلان کو بری طرح اس بات سے متفق کیا۔

جب ابراہیم بن محمد بن دانشمند فوت ہو گیا اور اس کی جگہ پر اس کا بھائی ذوالنون حاکم ہوا تو قلیج ارسلان نے اس پر حملہ کر دیا اور ملطیہ کا علاقہ اس سے چھین لیا۔

نور الدین زنگی سے جنگ پھر نور الدین محمود بن زنگی نے ۵۶۸ھ میں قلیج ارسلان دوم بن مسعود کے مقبوضہ علاقوں یعنی ملطیہ، سیواس اور اقصرا کی طرف کوچ کیا۔ جب وہ وہاں پہنچا تو قلیج ارسلان دوم اس کے پاس معذرت کرتے ہوئے پہنچا اور اس کا احترام کیا اور اس ملک کو فتح کرنے کے ارادے سے باز رکھا۔

پھر اس نے ذوالنون بن دانشمند کو اس کے پاس سفارش کے لیے بھیجا۔ مگر اس نے سفارش قبول نہیں کی۔ لہذا اس نے فوج کشی کر کے مرعش اور بہسنا اور ان کے درمیانی علاقے پر قبضہ کر لیا۔ یہ واقعہ ماہ ذوالقعدہ میں اسی سال ہوا۔

نور الدین سے مصالحت اس نے ایک لشکر سیواس کی طرف بھیجا جس نے جا کر سیواس پر قبضہ کر لیا۔ ایسی حالت میں قلیج ارسلان دوم مصالحت کی طرف مائل ہوا اور اس نے نور الدین عادل کے پاس صلح کا پیغام بھیجا اور حسن سلوک کا خواستگار ہوا۔ چونکہ وہ فرنگی فوجوں کی طرف سے بہت پریشان تھا۔ اس لیے اس نے ان شرائط پر صلح کی کہ وہ جہاد کے لیے فوجی امداد بھیجے اور سیواس کا علاقہ ان کے نمائندے ذوالنون بن دانشمند کے قبضے میں رہے گا۔

پھر ممالک کی تقسیم کے بارے میں خلیفہ کا فرمان آیا جس میں قلیج ارسلان کے علاوہ دیار بکر کے بارے میں بھی احکام مذکور تھے اور جب نور الدین فوت ہو گیا تو قلیج ارسلان نے ذوالنون کو سیواس سے نکال دیا اور اس پر قبضہ کر لیا۔

صلاح الدین کا عزم جنگ ایشیائے کوچک (رومی علاقوں) کے حکمران قلیج ارسلان دوم بن مسعود نے دیار بکر کے قلعہ کیفا وغیرہ کے حاکم نور الدین محمد بن قرا ارسلان سے اپنی بیٹی کی شادی کر دی تھی اور داماد کو اس سلسلے میں کئی قلعے بھی دیئے تھے۔ مگر داماد نے اس کی بیٹی کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا اور اس کے ہوتے ہوئے دوسرا نکاح کر لیا تھا اور اسے چھوڑ دیا تھا۔

لڑکی کے والد قلیج ارسلان دوم کو اس بات کا بہت رنج ہوا اور اس نے ارادہ کیا کہ وہ دیار بکر میں اپنے داماد نور الدین کے علاقے پر حملہ کر کے اسے چھین لے۔

اس کے داماد نے صلاح الدین بن ایوب کو درمیان میں ڈالا اور اس کی سفارش کرائی مگر اس نے اس کی سفارش بھی قبول نہیں کی اس نے یہ جواب دیا کہ وہ ان قلعوں کو واپس لینا چاہتا ہے جو اس نے شادی کے وقت عطیے کے طور پر دیئے تھے۔

صلاح الدین اس بات سے بہت رنجیدہ ہوا اس زمانے میں وہ فرنگی فوجوں کے ساتھ جنگ کر رہا تھا۔ لہذا اس نے ان کے ساتھ مصالحت کی اور خود لشکر لے کر رومی علاقے کی طرف روانہ ہوا۔ شام میں الصالح اسماعیل بن نور الدین محمود تھا صلاح الدین وہاں سے تل باشر کے راستے سے رعبان پہنچا اور وہیں اس نے حاکم کیفا نور الدین محمد سے ملاقات کی۔

قاصد کی آمد: اس عرصے میں قلیج ارسلان دوم نے اس کے پاس ایک قاصد بھیجا جس نے اپنی بیٹی کے بارے میں

کے دربار کی غداری کے حالات بتائے مگر وہ اس قاصد پر بہت ناراض ہوا اور اسے دھمکی دی کہ وہ اس کے ملک کو فتح کر لے گا۔

قاصد نے صلاح الدین کے ساتھ نرم لہجہ اختیار کیا اور پوشیدہ طور پر صلاح الدین کو سمجھایا کہ اس نے ایک عورت کی خاطر جہاد کو ملتوی کیا اور دشمن سے صلح کر کے فوجوں کو اکٹھا کر کے وہ یہاں آ گیا ہے اس میں اس کی بری طرح سے شکست ہے۔ اگر قلج ارسلان دوم کی بیٹی اپنے باپ کے مرنے کے بعد اپنے شوہر کے ساتھ ناچاقی کے سلسلے میں اس سے متعلقہ فیصلے کے لیے درخواست کرتی ہے تو وہ اس کا حق بھی ہے۔

شرط مصالحت صلاح الدین کو اس کا یہ مشورہ پسند آیا اور اس نے اس ایلچی کو حکم دیا کہ وہ ان کے درمیان صلح کرائے اور اس مصالحت میں وہ بھی اس کا مددگار ہو گیا۔ چنانچہ ایلچی نے ان کی صلح کرا دی اور یہ شرط لگی کہ وہ ایک سال کے بعد اس عورت کو طلاق دے گا اس نے نور الدین سے اس قسم کا معاہدہ کرایا جو اس نے پورا کیا۔ یوں ہر ایک اپنے اپنے شہر کی طرف لوٹ گیا۔

مقبوضہ علاقے کی تقسیم قلج ارسلان دوم نے ضعیفی میں اپنے مقبوضہ علاقوں کو اپنے فرزندوں میں تقسیم کر دیا۔ چنانچہ قونیہ اور اس کے مضافات کا علاقہ اس نے اپنے فرزند غیاث الدین کیخسرو کو دے دیا اور اقصرا کا علاقہ قطب الدین کو دیا اور دوقاط کا علاقہ رکن الدین سلیمان کو اور انقرہ یا انکوریہ کا علاقہ محی الدین کو اور ملطیہ عز الدین قیصر شاہ کو دے دیا۔ اور دیگر علاقے یعنی نکسار اور قیصاریہ نور الدین محمود کو اور اماسیہ اپنے دوسرے بیٹوں میں تقسیم کر دیا۔

فرزندوں کا جھگڑا اس کے فرزند قطب الدین کا اثر اس پر زیادہ غالب تھا اس لیے اس نے اسے آمادہ کیا کہ وہ قیصر شاہ کے قبضے سے ملطیہ چھین لے چنانچہ اس نے یہ علاقہ اس سے چھین لیا۔ اس واقعہ کے بعد قیصر شاہ صلاح الدین بن ایوب کے پاس پہنچا تاکہ وہ اس کی سفارش کرے۔ صلاح الدین نے اس کی عزت و احترام کیا اور اپنے بھائی العادل کی بیٹی سے اس کا نکاح کرا دیا پھر اس نے اس کے بھائی اور والد کے پاس اس کی سفارش کی جو انہوں نے قبول کر لی اور اسے ملطیہ کا علاقہ لوٹا دیا۔

فرزندوں کی نافرمانی اس کا فرزند رکن الدین پھر اس پر مسلط ہو گیا اور اس نے اس کے شہر میں اختیار الدین حسن کو قتل کر دیا۔ اس پر اس کے دوسرے فرزند اس کے دائرہ اطاعت سے نکل گئے اور قطب الدین اپنے والد کو پکڑ کر قیصاریہ لے گیا۔ تاکہ وہ اس سے اس کے بھائی سے چھین کر اسے دے دے۔ مگر قلج ارسلان بھاگ کر قیصاریہ چلا گیا اور قطب الدین نے قونیہ اور اقصرا جا کر ان دونوں علاقوں پر قبضہ کر لیا۔

اس کے بعد قلج ارسلان دوم کی یہ حالت ہو گئی کہ کبھی وہ ایک بیٹے کے پاس رہتا تھا اور کبھی دوسرے بیٹے کے پاس پہنچتا تھا مگر وہ سب اس سے بے رخی کا اظہار کرتے تھے آخر کار قونیہ کے حاکم غیاث الدین کیخسرو نے اس سے فوجی امداد طلب کی چنانچہ اس نے اسے امداد دی اور اس کے ساتھ قونیہ پہنچ کر اس پر اس کا قبضہ کرا دیا۔

پھر وہ اقصرا کی طرف روانہ ہوا اور اس کا محاصرہ کر لیا۔ مگر اس عرصہ میں قلیج ارسلان دوم بیمار ہو گیا اور وہ قونیہ لوٹ گیا اور وہاں وہ فوت ہو گیا۔

دوسری روایت: دوسری روایت یہ ہے کہ اس کے فرزندوں کا جھگڑا اس سے اس بات پر ہوا کہ اسے اپنے فرزندوں میں علاقوں کی تقسیم پر پشیمانی ہوئی اس لیے اس نے یہ ارادہ کیا تھا کہ وہ اپنے فرزند قطب الدین کو اپنا سارا علاقہ دے دے اس پر وہ سب ناراض ہو گئے اور اس کے دائرہ اطاعت سے نکل گئے۔ وہ اپنے فرزندوں کے پاس باری باری جاتا تھا۔ آخرکار اس کے فرزند کیخسرو حاکم قونیہ نے اس کی اطاعت قبول کی تو وہ اس کے ساتھ فوج لے کر اس کے بھائی محمود کے علاقہ کی طرف روانہ ہوا اور قیساریہ کا محاصرہ کر لیا۔ چنانچہ اسی محاصرہ کی حالت میں قلیج ارسلان کی وفات ہوئی اس وقت غیاث الدین قونیہ لوٹ گیا۔

قلیج ارسلان دوم کی وفات: پھر قلیج ارسلان دوم قونیہ میں یا دوسری روایت کے مطابق قیساریہ میں فوت ہو گیا اس کی وفات ۵۸۸ھ کے سال کے درمیانی عرصہ میں ہوئی اس نے ستائیس سال تک حکومت کی۔ وہ انصاف پسند با تدبیر اور بارعب حکمران تھا اور اس نے جہاد میں بہت حصہ لیا تھا۔

سلطنت کی تقسیم: جب وہ فوت ہوا تو اس وقت اس کا ایک فرزند غیاث الدین کیخسرو قونیہ اور اس کے مضافات کا خود مختار حاکم تھا اور اس کا بھائی قطب الدین اقصرا اور سیواس کا حاکم تھا۔ قطب الدین جب بھی ایک مقام سے دوسرے مقام کی طرف جاتا تھا تو راستے میں قیساریہ کا شہر پڑتا تھا چونکہ شہر سے باہر اس کا بھائی نور الدین محمود اس سے ملاقات کرتا تھا۔ وہ ایک عرصہ تک اس کے ساتھ اچھا سلوک کرتا رہا۔ پھر اس نے اچانک اس کے ساتھ غداری کر کے اسے قتل کر دیا۔ مگر قیساریہ میں اس کے ساتھیوں نے اس کا مقابلہ کیا۔ ان کا سربراہ حسن تھا۔ اس نے اس کو بھی اپنے بھائی کے ساتھ قتل کر دیا اس کے بعد شہر والوں نے اس کی اطاعت قبول کی اور اس نے شہر پر قبضہ کر لیا۔ مگر بہت جلد اس واقعہ کے بعد قطب الدین بھی فوت ہو گیا۔

رکن الدین سلیمان کی فتوحات: قطب الدین کی وفات کے بعد توقاط کے حاکم رکن الدین سلیمان نے اپنے والد کے تمام رومی علاقوں پر قبضہ کرنے کی کوشش کی چنانچہ اس نے قطب الدین کے مقبوضات سیواس اقصرا اور قیساریہ کی طرف فوج کشی کی اور ان تمام علاقوں پر قبضہ کر لیا پھر اس نے قونیہ پر حملہ کیا اور اس کا محاصرہ کر کے اپنے بھائی غیاث الدین کو شکست دی اور قونیہ کو فتح کر لیا غیاث الدین شام بھاگ گیا۔

اس کے بعد رکن الدین سلیمان نے نکسار اور اماسیہ کو بھی فتح کر لیا پھر ۵۹۷ھ میں ملطیہ بھی معز الدین قیصر شاہ سے چھین لیا اور معز الدین العادل ابو بکر بن ایوب کے پاس پہنچ گیا۔

فتح ارزن: پھر وہ ارزن الروم پہنچا جو قدیم شاہی خاندان کے شاہ محمد بن صلتق کے فرزند کے قبضہ میں تھا جب اس کا حاکم اس سے مصالحت کرنے کے لیے آیا تو اس نے اسے گرفتار کر لیا اور شہر فتح کر لیا یوں رکن الدین سلیمان ارزن کے علاوہ

اپنے بھائیوں کے تمام مقبوضہ علاقوں کو زیر حکم لے آیا۔ انقرہ کا قلعہ بہت مستحکم تھا (اس لیے وہ اسے جلد فتح نہیں کر سکا) اس کو فتح کرنے کے لیے اس نے بہت فوج جمع کی اور تین سال تک اس کا محاصرہ کیا۔ پھر اس نے پوشیدہ طور پر کسی شخص کو بھیجا جس نے اس کے بھائی کو قتل کر دیا۔ اس کے بعد اس نے ۶۰۰ھ میں انقرہ فتح کر لیا۔ اس کے بعد وہ وفات پا گیا۔

رکن الدین کی وفات ماہ ذوالقعدہ ۶۰۰ھ میں رکن الدین سلیمان فوت ہو گیا اور اس کے بعد اس کا فرزند قلیج ارسلان سوم تھا مگر وہ زیادہ مدت تک حکومت نہیں کر سکا۔ رکن الدین ایک دور اندیش حاکم تھا۔ دشمنوں کے لیے بہت سخت تھا البتہ وہ فلسفیانہ خیالات کی طرف زیادہ مائل تھا۔

غیاث الدین کا فرار: جب رکن الدین سلیمان نے غیاث الدین کیخسرو کا قونیہ کا علاقہ چھین لیا تھا تو وہ حلب گیا تھا جہاں ظاہر غازی بن صلاح الدین حکمران تھا اس نے اس کا خیر مقدم نہیں کیا تو وہ قسطنطنیہ چلا گیا۔ جہاں شاہ روم نے اس کا استقبال کیا اور وہاں کے ایک رئیس (بطریق) نے اپنی بیٹی کے ساتھ اس کا نکاح کر دیا۔ اس رئیس کا قسطنطنیہ کے مضافات میں ایک قلعہ بطور جاگیر تھا چنانچہ جب فرنگی فوجوں نے قسطنطنیہ پر ۶۰۰ھ میں قبضہ کر لیا تو غیاث الدین اپنے سسر کے قلعے میں جو بار پناہ گزین ہو گیا۔ اسی دوران اسے اپنے بھائی کی موت کی اطلاع ملی اس کے ساتھ ساتھ قونیہ کے بعض حکام نے اسے یہ پیغام بھیجا کہ وہ قونیہ آ کر دوبارہ حکومت کرے لہذا وہ وہاں پہنچ گیا۔ پہلے اہل شہر مخالف ہو گئے پھر ان کی فوجیں نکل کر مقابلہ پر آئیں اور اسے شکست دے دی اور وہ کسی شہر میں بھاگ کر قلعہ بند ہو گیا۔

قونیہ پر دوبارہ قبضہ: پھر قیصریہ کے باشندے اس کے حامی ہو گئے اور انہوں نے اپنے حاکم کو نکال دیا۔ جب قونیہ کے باشندوں کو یہ خبر ملی تو انہوں نے بھی قلیج ارسلان سوم بن رکن الدین کے خلاف بغاوت کر دی اور اسے گرفتار کر لیا اور غیاث الدین کو بلا کر اسے اپنا حاکم بنا لیا اور اس کے بھتیجے کو اس کے حوالے کر دیا۔

اس کا دوسرا بھائی قیصر شاہ اپنے سسر العادل ابوبکر بن ایوب کے پاس پہنچ گیا تھا اور جب رکن الدین نے جو اس کا بھائی تھا ملطیہ اس کے ہاتھ سے چھین لیا تھا تو اس نے اپنے سسر سے فوجی امداد طلب کی تھی۔ اس نے رہا جانے کا حکم دیا۔

غیاث الدین کا قتل: اس عرصے میں غیاث الدین طاقتور حاکم ہو گیا تھا۔ چنانچہ شمشاط کا حاکم علی بن یوسف اور قرت برت کا حاکم نظام الدین بن ارسلان اس کے پاس آتے جاتے تھے۔ اس کی طاقت بڑھتی ہی گئی۔ یہاں تک کہ قسطنطنیہ کے حاکم اشکری نے ۶۰۷ھ میں اسے قتل کر دیا۔

کیکاؤس کی حکومت: جب غیاث الدین کیخسرو مارا گیا تو اس کے بعد اس کا فرزند کیکاؤس حاکم ہوا۔ عوام نے اس کا لقب الغالب باللہ رکھا۔ ارزن الروم کے حاکم طغرل شاہ بن قلیج ارسلان نے جو اس کا چچا تھا اس نے بطور خود اپنی حکومت کا دعویٰ کیا اور اس مقصد کے لیے وہ اپنے بھتیجے کے خلاف جنگ کے لیے روانہ ہوا اور سیواس میں اس کا محاصرہ کر لیا۔ اسی اثناء میں اس کے بھائی کیقباد بن کیخسرو نے انگوریہ (انقرہ) پر قبضہ کر لیا۔

کیکاؤس نے الملک العادل حاکم دمشق سے فریاد کی چنانچہ اس نے اس کی امداد کیلئے فوجیں بھیجیں مگر ان فوجوں کے

پہنچنے سے پہلے [illegible] سپاہیوں سے کوئی [illegible] گیا کہ [illegible] (اثر) [illegible] اپنے بھائی کیقباد کے قبضہ سے چھڑایا اور اسے گرفتار کر لیا مگر اس نے [illegible] قتل کیا۔

پھر [illegible] کے لیے [illegible] گیا [illegible] حاصل کرنے سے قبل [illegible] دیا [illegible] کر لیا۔

فتح حلب کا ارادہ: ظاہر بن صلاح الدین حلب کا حاکم تھا، اس کے زمانے میں حلب کا ایک شخص [illegible] سے بھاگ کر کیکاؤس کے پاس پہنچ گیا تھا اس نے اسے اس بات پر آمادہ کیا کہ وہ حلب پر قبضہ کرے کیونکہ اسے فتح کرنا بہت آسان ہے اور [illegible] ہے۔

جب ظاہر فوت ہوا اور اس کے بعد اس کا کمسن فرزند حاکم ہوا تو کیکاؤس کے خیال نے مزید زور پکڑا اور حلب کو فتح کرنے کے بارے میں اس کا ارادہ مستحکم ہو گیا۔

افضل سے معاہدہ: اس نے افضل بن صلاح الدین حاکم سمیساط کو اس کے ساتھ دوستی کرنے کے لیے بلایا، اس نے یہ معاہدہ کیا کہ سکوں اور خطبوں میں کیکاؤس کا نام لیا جائے گا اور حلب نیز اس کے مفتوحہ علاقوں پر افضل حکومت کرے گا مگر جب الاشرف کے قبضہ سے حران اور رہا اور جزیرہ کے دیگر شہر چھین لیے جائیں گے تو ان کی حکمرانی کا حق کیکاؤس کو ہوگا۔

مشترکہ فوجوں کے حملے: [illegible] سب سے پہلے انہوں نے [illegible] فتح کیا اور معاہدہ کی رو سے افضل کے [illegible] کیکاؤس نے اسے اپنے قبضہ میں رکھا جس سے افضل کو شبہ ہوا [illegible] الاشرف [illegible] ان شہروں کے ساتھ حلب کی [illegible] قطب [illegible] جانے کا [illegible] ہو سکے گا۔

کیکاؤس کا فرار: اشرف بن العادل اس کی مدد کے لیے روانہ ہوا، اس کے ساتھ مشہور قبیلہ عرب [illegible] کی فوجیں بھی [illegible] اس کے سب سے [illegible] میدان [illegible] اترا [illegible] کیکاؤس [illegible] آگے بڑھے [illegible] ان [illegible] کے [illegible] ان دستوں کا مقابلہ کیا [illegible] کیکاؤس کو شکست کھانا پڑی [illegible] پہنچا تو [illegible] بھاگ گیا۔

پھر اشرف [illegible] اور [illegible] کے قلعوں [illegible] کیکاؤس کی [illegible] تھیں اس نے [illegible] فتح [illegible] کر کے [illegible] کیا [illegible] پھر اشرف نے دونوں قلعوں کو صاحب شہاب الدین [illegible] کے [illegible] کر دیا [illegible] الملک [illegible] ہو گئے تھے [illegible] اس لیے اس نے دوسرے علاقوں کی طرف [illegible] کرنے کا ارادہ ملتوی کر دیا۔

کیقباد کی تخت نشینی اشرف سے جنگ کے بعد کیکاؤس نے ارادہ کیا تھا کہ وہ اشرف کے علاقے الجزیرہ پر حملہ کرے گا۔ اس نے آمد اور اربل کے حاکموں کے ساتھ ایک معاہدہ کر لیا تھا۔ یہ دونوں حکمران اس کے نام کا خطبہ پڑھواتے تھے۔ وہ ملطیہ کی طرف روانہ ہوا کہ اشرف موصل کی حکومت سے غافل ہو جائے اور اسے حاکم ارمن فتح کر لے مگر اس راستے میں وہ سخت بیمار ہو گیا اور اپنے وطن لوٹ گیا۔ یہاں وہ ۶۱۶ھ میں فوت ہو گیا اس کے تمام بچے کمسن تھے اس لیے اس کی فوج نے اس کے بھائی کیقباد کو قید خانہ سے رہا کیا کیونکہ انقرہ کی فتح کے بعد کیکاؤس نے اسے قید خانے میں مقید کر دیا تھا۔ چنانچہ قید خانے سے نکالنے کے بعد اسے وہاں کا حاکم بنا دیا گیا۔

ایک دوسری روایت یہ ہے کہ کیکاؤس نے خود اسے قید خانہ سے نکال کر ولی عہد بنا دیا تھا جب کیقباد حاکم بن کر تو ارزن الروم کے حاکم نے جو اس کا چچا تھا اس کی مخالفت کی تو اس نے اشرف کے ساتھ تعلق قائم کیا اور اس کے ساتھ صلح کر لی۔

اشرف سے جنگ الجزیرہ کے حاکم الاشرف اور دمشق کے حاکم المعظم کے درمیان نا اتفاقی ہو گئی۔ دوسری طرف جلال الدین خوارزم شاہ تاتاریوں سے بھاگ کر ہندوستان چلا گیا تھا اور وہاں سے واپس آ کر آذربائیجان پر قبضہ کر لیا تھا۔ اس کے ادھر پہنچ جانے سے حاکم دمشق المعظم کی طاقت میں الاشرف کے مقابلے میں اضافہ ہو گیا۔ خاندان ارتق میں سے شاہ مسعود حاکم آمد نے ان دونوں کی حمایت کی۔

ایسی صورت میں الاشرف نے رومی علاقوں کے حاکم کیقباد کو پیغام بھیجا کہ وہ حاکم آمد کے برخلاف اس کی فوجی امداد کرے۔ اس زمانے میں الاشرف اربل کا محاصرہ کیے ہوئے تھا۔ لیکن کیقباد نے فوج کشی کر کے خود ملطیہ پر قیام کیا اور وہاں سے آمد کی طرف فوجیں روانہ کیں اور چند قلعے فتح کر لیے۔

ایسی صورت میں آمد کے حکمران نے الاشرف سے مصالحت کر لی تو اشرف نے کیقباد کو لکھا کہ وہ جنگ ختم کر کے لوٹ جائے مگر اس نے انکار کیا۔ لہذا اشرف نے آمد کے حکمران کی امداد کے لیے اپنی فوجیں بھیجیں۔ اس وقت کیقباد قلعہ کختا کا محاصرہ کیے ہوئے تھا۔ جب اس نے ان کی خبر سنی تو ان کا مقابلہ کیا اور پہلے حملے میں ہی انہیں شکست دی بلکہ خوب خونریزی کی۔ اس جنگ سے فارغ ہو کر وہ پھر قلعہ کختا کی طرف روانہ ہوا اور یہ قلعہ فتح کر لیا۔

شہر ارزنکان پر قبضہ ارزنکان پر جو حاکم بہرام شاہ تھا جو قدیم شاہی خاندان منگوجک سے تعلق رکھتا تھا وہ ساٹھ سال تک وہاں کا حاکم رہا اور قلیج ارسلان اور اس کی اولاد کی اطاعت گزاری کرتا رہا۔

اس کی وفات کے بعد اس کا فرزند علاؤالدین داؤد شاہ حاکم ہوا۔ ۶۲۵ھ میں کیقباد نے اسے پیغام بھیجا کہ وہ فوج لے کر اس کے پاس آئے اور وہ اس کے ساتھ کسی جنگی مہم میں شریک ہو۔ جب وہ وہاں پہنچا تو اس نے اسے گرفتار کر کے شہر ارزنکان پر قبضہ کر لیا۔ اس کا ایک قلعہ کماخ تھا۔ وہاں کے حاکم نے ہتھیار نہیں ڈالے تو اس نے داؤد شاہ کو مجبور کر کے اس سے اس نائب کے نام حکم لکھوایا۔ نائب نے اس حکم کے مطابق وہ قلعہ کیقباد کے حوالے کر دیا۔

پھر کیقباد نے ارزن الروم کا قصد کیا۔ وہاں کا حاکم جہان شاہ بن طغرل شاہ بن قلیج ارسلان تھا۔ ابن طغرل شاہ نے

اشرف کی اطاعت کا اعلان کیا اور خلاط میں اس کے نائب حاکم حسام الدین علی نے فوجی امداد طلب کی۔ چنانچہ وہ فوج لے کر آ گئے۔

فرنگیوں کو شکست: کیقباد کو جب اس بات کا پتہ چلا تو اس نے اس کا مقابلہ نہیں کیا اور شہر ارزنجان سے اپنے ملک واپس آ گیا جب وہ وہاں پہنچا تو معلوم ہوا کہ اس کے دشمن فرنگیوں نے اس کے ایک قلعہ علایا کو فتح کر لیا ہے۔ یہ قلعہ بحر روم کے کنارے واقع تھا چنانچہ اس نے اس کو خشکی اور بحری دونوں راستوں سے محاصرہ کر لیا اور آخر کار مسلمانوں نے اس قلعہ کو فرنگیوں سے چھین لیا۔

خوارزم شاہ سے جنگ: ارزن الروم کا حاکم کیقباد کا چچا زاد بھائی تھا۔ اس نے جلال الدین خوارزم شاہ کی اطاعت قبول کر لی تھی۔ اور اس نے ساتھ خلاط کا محاصرہ بھی کیا تھا۔ جہاں اشرف کا نامزد غلام ایبک تھا۔ جلال الدین نے خلاط پر قبضہ کرنے کے بعد ایبک کو قتل کر دیا تھا۔

کیقباد اس واقعہ کے بعد ان دونوں سے خوفزدہ ہو گیا تھا۔ اس نے الملک الکامل سے فوجی امداد طلب کی۔ اس نے اس امداد کے لیے اپنے بھائی اشرف کو جو دمشق میں تھا مقرر کیا۔ اس نے الجزیرہ اور شام کی فوجوں کو اکٹھا کیا اور انہیں لے کر کیقباد کے پاس پہنچا۔ اس نے سیواس میں اس سے ملاقات کی اور وہ دونوں بیس ہزار کا لشکر لے کر سیواس سے خلاط کی طرف روانہ ہوئے۔ ان کا مقابلہ جلال الدین خوارزم شاہ سے شہر ارزنجان کے قریب ایک مقام میں ہوا۔ وہاں کا سخت مقابلہ ہوا۔ جلال الدین خوف زدہ ہو گیا اور وہ شکست کھا کر خلاط کی طرف روانہ ہوا اور وہاں سے آذربائیجان پہنچ گیا۔

انہوں نے خوئی کے قریب قیام کیا۔ پھر اشرف خلاط کی طرف روانہ ہوا۔ وہاں پہنچ کر اسے معلوم ہوا کہ جلال الدین نے خلاط کو تباہ و برباد کر دیا ہے۔ لہٰذا وہ سب اپنے اپنے ملک کی طرف لوٹ گئے۔ اس کے بعد صلح کے لیے ایلچیوں کی آمد و رفت ہوئی اور صلح ہو گئی۔

بنو ایوب کی شکست: علاء الدین کیقباد نے روم کے مشرقی علاقے میں اپنی سلطنت وسیع کر لی تھی۔ اس نے خرت برت کے نواح پر بھی قبضہ کر لیا۔ چونکہ اس نے اس کی مخالفت کے لیے اشرف بن عادل کے ساتھ مل کر جلال الدین خوارزم شاہ سے جنگ کی تھی۔ اشرف بن عادل نے اس کی مخالفت کی اور اس کا مقابلہ کرنے کے لیے اپنے بھائی الکامل سے فوجی امداد طلب کی۔ چنانچہ وہ مصر سے فوج لے کر ۶۳۱ھ میں روانہ ہوا۔ اس کے ساتھ اس کے تمام خاندان کے افراد شامل تھے۔

وہ رومی سرحد کے قریب دریائے ارزن پر پہنچ گیا تھا۔ اس کی ہراول فوجوں کا سردار حاکم حماۃ تھا۔ وہ بھی اس کے خاندان والوں کے ساتھ تھا۔ اس کی جنگ ہوئی اور کیقباد نے اس کو شکست دے دی اور بعد ازاں خرت برت کا محاصرہ کر لیا جو بنو ارتق کے قبضہ میں تھا۔

۶۳۲ھ میں الکامل اپنی فوجوں کو لے کر مصر واپس چلا گیا۔ کیقباد ان کا تعاقب کر رہا تھا۔ پھر اس نے الرہا اور حران پر حملہ کیا اور ان دونوں علاقوں کو الکامل کے نائب کے ہاتھ سے چھین لیا اور اپنی طرف سے ان کا حاکم مقرر کیا۔ یہ دونوں علاقے الکامل نے ۶۳۳ھ میں واپس لے لیے۔

کیخسرو کا عہد حکومت

علاء الدین کیقباد ۶۳۴ھ میں فوت ہو گیا اور اس کے بعد اس کا فرزند غیاث الدین کیخسرو تخت نشین ہوا۔ اس کے زمانے میں بھی سلجوقی سلطنت کا زوال سرحدی علاقوں میں ہوا۔ خوارزم شاہی سلطنت بھی زوال پذیر ہو چکی تھی اور اسی زمانے میں چنگیزی منگول صحرا سے نکلے اور انہوں نے دنیا کا نقشہ بدل دیا۔ اسلامی ممالک کو فتح کرتے ہوئے انہوں نے خوارزم کی سلطنت کا خاتمہ کر دیا۔ چنانچہ اس کا آخری بادشاہ جلال الدین ہندوستان بھاگ گیا۔ پھر وہاں سے واپس آ کر اس نے آذربائیجان وغیرہ پر قبضہ کر لیا۔

اس کے زمانے میں ایوبی خاندان شام اور مصر کے علاقوں پر حکمران تھا۔ تاتاری فوج تمام اسلامی ممالک میں پھیل گئی تھی اور وہ ہر جگہ قتل و غارت کرنے لگے تھے۔ وہ جہاں موجود ہوتے تھے، وہاں کے علاقوں کو فتح کر لیتے تھے۔ اس طرح ان کی طاقت بہت بڑھ گئی۔

شکست تاتار: تاتاری فوج کا ایک حصہ ۶۴۰ھ میں روم کے مشرقی علاقے کی طرف بھی گیا۔ اس وقت غیاث الدین کیخسرو نے ایوبی سلطنت اور دوسری حکومتوں سے جو اس کے پڑوس میں تھیں مدد طلب کی۔ چنانچہ ہر طرف سے فوجی امداد ملی اور وہ تاتاریوں کے مقابلے کے لیے روانہ ہوا۔ اس کی فوج کے اگلے حصے نے ارزنجان کے مقام پر جنگ کی مگر اس ہراول فوج کو شکست ہوئی اور وہ سب اس کے پاس پہنچ گئے۔ اسے بھی شکست ہوئی اور وہ اپنے اہل و عیال اور ذخیرہ کو لے کر میدان جنگ سے دور ایک پہاڑ کی طرف بھاگ گیا جو ایک بستی کے قریب تھا۔

تاتاریوں نے اس کے لشکر کو خوب لوٹا اور روم کے تمام مشرقی علاقوں میں پھیل گئے۔ وہ [illegible] بادشاہ رہے۔ انہوں نے [illegible] اور [illegible] کو بھی فتح کر لیا۔

غیاث الدین کیخسرو اپنے شہر میں [illegible] پہنچا اور وہاں سے صلح کا طالب ہوا اور ان کی اطاعت قبول کی۔ اس کے بعد اس نے تاتاریوں کے ساتھ خوشگوار تعلقات رکھے۔ تاتاریوں نے [illegible] پر بھی قبضہ کر لیا تھا۔

غیاث الدین کیخسرو اس جنگ سے واپسی پر فوت ہو گیا۔ اس کی وفات ۶۴۳ھ میں ہوئی۔

کیقباد ثانی: کیخسرو کی وفات کے بعد ولی عہد ہونے کی وجہ سے عز الدین کیقباد ثانی ترکی سلطنت کا حکمران ہوا۔ وہ کیخسرو کا سب سے بڑا فرزند تھا۔ اس کے دوسرے فرزند رکن الدین اور علاء الدین تھے۔ کیقباد ثانی نے سب بھائیوں کو سلطنت میں شریک کر رکھا تھا اور معاہدے کے مطابق ان کا نام بھی لیا جاتا تھا۔

منگولوں کی سلطنت: اس کے زمانے میں [illegible] چنگیز خان فوت ہو گیا۔ تاتاریوں کا بڑا مرکز قراقرم میں تھا۔ چنگیز خان کے مرنے کے بعد اس کا فرزند تخت نشین ہوا۔ وہ اس کے بعد خان اعظم کے لقب سے پکارا جاتا تھا کیونکہ

اپنے تمام سرداروں کے پاس بھیج دیں اور تمام شمالی علاقوں اور عراق میں بادشاہی حاصل کی تھی۔

تکو خان کے مرنے کے بعد اس کا فرزند منکو خان تخت نشین ہوا۔ اس نے اپنے بھائی ہلاکو خان کو عراق اور اسماعیلیوں کے علاقوں کو فتح کرنے کے لیے فوج دے کر ۶۵۰ھ میں بھیجا چنانچہ اس نے عراق عرب و عجم اور بغداد کو فتح کر لیا۔

رومی علاقوں پر قبضہ: پھر خان اعظم منکو خان نے ۶۵۴ھ میں ایک مغل سردار کو جس کا نام بیجو تھا لشکر دے کر مسلمانوں کے رومی علاقے کی طرف بھیجا چنانچہ وہ ارزن الروم (موجودہ ارض روم) پہنچا۔ وہاں کا حاکم سلطان علاء الدین کیقباد کا آزاد کردہ غلام سنان الدین یاقوت حاکم تھا۔ تاتاری سپہ سالار نے اس شہر کا دو مہینے تک محاصرہ کیا اور (تمام قلعوں) پر منجنیقیں وغیرہ نصب کر دیں۔ پھر اس نے زبردستی اس کو فتح کر لیا اس کے حاکم یاقوت کو قیدی بنایا۔ پھر اس نے تمام مسلمان فوجیوں کو تہ تیغ کیا۔ صرف وہاں کے دوکاندار اور اہل کاریگروں کو باقی رکھا۔

پھر اس نے دوسرے رومی شہروں کی طرف کوچ کیا اور تین میل دور وہاں سے ایک مہینے کی مسافت کے تمام علاقوں کو فتح کیا۔ اس کے بعد وہ اپنے وطن لوٹ گیا۔

۶۵۵ھ میں وہ دوبارہ آیا اور شہروں کو تباہ و برباد کیا اور پہلے سے زیادہ علاقوں پر قبضہ کیا۔

کیکاؤس ثانی: چونکہ بیجو کے تاتاری لشکر نے علاء الدین کیقباد ثانی کی مملکت میں بہت تباہی مچا رکھی تھی اس لیے کیقباد ثانی نے یہ ارادہ کیا کہ وہ خان اعظم منکو خان کے دربار میں حاضر ہو کر اس کی اطاعت قبول کرنے کا زبانی اعلان کرے اور اس سے درخواست کرے کہ وہ بیجو اور اس کے مغل لشکر کو اس کی مملکت میں آنے سے منع کرے۔

چنانچہ وہ قونیہ سے ۶۵۵ھ میں اپنے والد کے آزاد کردہ غلام (اور وفادار مشیر) سیف الدین طرنطائی کو ساتھ لے کر روانہ ہوا۔ اس کے ساتھ (نذرانہ پیش کرنے کے لیے) بہت سا مال و دولت اور تحائف تھے۔

کیکاؤس کی بغاوت: (اس کے جانے کے بعد) اس کے بھائی عز الدین کیکاؤس ثانی نے اپنے دوسرے بھائی قلیج ارسلان کو گرفتار کر کے قونیہ میں نظر بند کر دیا اور خود سلطنت پر قبضہ کر لیا اس نے اپنے بھائی کے جانے کے بعد اپنے نائب کے ذریعے سیف الدین طرنطائی کو یہ پیغام بھیجا کہ وہ ان تحائف کو واپس لے آئیں جو ان کے ساتھ ہیں اور علاء الدین کیقباد ثانی کو واپس بھیج دیں کیونکہ وہ خود ان تحائف کو خان اعظم کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہے۔

مگر کیکاؤس ثانی کے قاصد اس وقت وہاں پہنچے جب کہ وہ خان اعظم کی مملکت میں داخل ہو چکے تھے اور وہاں اس کے کسی حاکم کے پاس پہنچ گئے تھے۔

اس ایلچی نے اس تاتاری حاکم سے جس کے پاس وہ ٹھہرے ہوئے تھے یہ جھوٹی شکایت کی کہ سلطان کے پاس زہر ہے۔ تاتاری حاکم نے جب تحقیقات کی تو ان کے پاس سے کھانے کی چیز نکلی اس نے طبیبوں کو بلایا تو انہوں نے اس کے شک و شبہ کو دور کر دیا۔ اس کے بعد اس حاکم نے ان لوگوں کو خان اعظم کے پاس بھیجا۔

[illegible] کی وفات [illegible]

[illegible]

سلطنت کی تقسیم [illegible]

[illegible]

[illegible] کا قبضہ [illegible]

[illegible]

[illegible] کی سرکوبی [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

رکن الدین قلیج ارسلان کا تسلط [illegible]

ترکمانوں کا ظلم [illegible]

ارسلان اور ان تاتاری فوجوں کو جو اس کے ساتھ تھیں حکم دیا کہ وہ اس کے خلاف جنگ کریں۔ چنانچہ وہ اس کے ساتھ جنگ کرنے کے لیے اس کے پاس پہنچ گئیں۔ اس جنگ میں اسے شکست ہوئی۔ پھر اس نے سلطان رکن الدین سے پناہ طلب کی چنانچہ وہ اسے پناہ دے کر قونیہ لے آیا اور وہاں اسے قتل کر دیا۔ اس کے بعد علی بیگ ترکمان قوم کا امیر مقرر ہوا اور یہ حکومت اس کی اولاد میں موروثی طور پر منتقل ہوتی رہی اور اب بھی وہاں کے قریبی علاقوں پر مسلط ہے۔

کیکاؤس کی گرفتاری: جب عز الدین کیکاؤس شکست کھا کر قسطنطنیہ پہنچا تو وہاں کے بادشاہ نے اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا اور اس کے نام کا وظیفہ جاری کر دیا۔ اس کے ساتھ اس کی خیال میں سے بعض رومی امراء بھی تھے۔ ان سب نے مل کر بغاوت کا منصوبہ بنایا تھا اور قسطنطنیہ پر قبضہ کرنا چاہا۔ ان کی یہ سازش پکڑی گئی اور قسطنطنیہ کے بادشاہ نے عز الدین اور اس کے ساتھیوں کو گرفتار کر لیا اور اسے کسی قلعہ میں نظر بند کر دیا۔

کیکاؤس کی وفات: اس کے کچھ عرصے کے بعد حاکم قسطنطنیہ اور دوشی خان بن چنگیز خان کے خاندان کے ایک حاکم منکوتمر بن طغان کے درمیان ناچاقی ہو گئی۔ منکوتمر شمالی علاقے کا حاکم تھا اس نے قسطنطنیہ پر حملہ کر دیا اور اس کے گردونواح میں خوب تباہی مچائی۔ یہ حالت دیکھ کر عز الدین کیکاؤس قید خانے سے بھاگ کر اس کے پاس پہنچ گیا اور اس کے ساتھ اس کے پایہ تخت سرائے چلا گیا۔ وہاں کچھ عرصہ میں وہ فوت ہو گیا۔ اس کے بعد اس کا فرزند مسعود اس کا جانشین ہوا۔ سرائے کے بادشاہ منکوتمر نے اس کی والدہ سے نکاح کرنا چاہا۔ مگر مسعود نے اس رشتے سے انکار کیا اور وہاں سے بھاگ کر ہلاکو خان کے فرزند ابغا خان حاکم عراق کے پاس چلا گیا۔ اس نے اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا اور اسے سیواس، ارزن الروم اور ارزنکان کے علاقے عطا کیے اور وہ وہاں مقیم ہو گیا۔

رکن الدین قلیج ارسلان کا قتل: معین الدین پروانہ نے رکن الدین قلیج ارسلان کو اپنے قابو میں کر رکھا تھا اور اس پر غالب آیا ہوا تھا۔ رکن الدین اس کی ان مطلق العنانی حرکات کی وجہ سے ناراض تھا۔ دونوں میں کشیدگی بہت بڑھ گئی تھی۔ جب پروانہ کو یہ اطلاع ملی کہ عز الدین کیکاؤس قسطنطنیہ میں نظر بند ہے تو اس نے رکن الدین کو قتل کرنے کی سازش کو مکمل کیا اور پوشیدہ طور پر اچانک اسے قتل کر دیا اور اس کے بجائے اس کے نو عمر لڑکے غیاث الدین کیخسرو ثالث کو اپنی زیر نگرانی تخت نشین کیا۔ یوں وہ تمام ایشیائی رومی علاقے کی سلطنت کا مالک بن بیٹھا اور اس کی حکومت کے تمام حدود وسیع ہو گئے۔

ملک ظاہر سے تاتاریوں کی جنگ: ہلاکو خان نے ۶۶۳ھ میں شام پر یلغار کی تھی۔ تاہم ہلاکو خان کا فرزند ابغا خان بھی حملے کرتا رہا۔ مصر و شام کا حاکم ملک ظاہر اس کی فوجوں کا مقابلہ کرتا رہا اور اکثر ان کے شہروں میں گھس جاتا تھا۔ چنانچہ ۶۷۵ھ میں وہ رومی علاقے میں گھس گیا۔ وہاں اس وقت ایک تاتاری حاکم حکومت کرتا تھا۔ لہٰذا ملک ظاہر کے مقابلے کے لیے ہلاکو خان کے فرزند ابغا خان نے ۳۰ ہزار تاتاری سپہ سالاروں کی قیادت میں فوجیں بھیجیں جن کے نام تداون اور توقو تھے۔ مغل فوجیں شام کی طرف بڑھیں اور شاہ ظاہر مصر سے ان کے مقابلے کے لیے آیا۔ ان کی فوجوں کا سپہ سالار سنقر الاشقر تھا۔ چنانچہ اس کے آگے کی فوجوں کی مڈبھیڑ مغل فوجوں سے آگے کے

مقام پر ہوئی۔

تاتاریوں کو شکست: اس جنگ میں تاتاریوں کو شکست ہوئی۔ شاہ ظاہر نے ان کا تعاقب کیا اور فریقین میں دوبارہ ابلستین کے مقام پر جنگ ہوئی۔ تاتاریوں نے دوبارہ شکست کھائی اور شاہ ظاہر قیساریہ کے مقام پر ان کو قتل عام کرتا ہوا اور جنگی تباہی مچاتا رہا۔ اس کے بعد اس نے قیساریہ کو فتح کر لیا۔ وہاں وہ پروانہ کی آمد کا انتظار کرتا رہا۔ کیونکہ اس نے پوشیدہ طور پر شاہ ظاہر کو دعوت جنگ دی تھی اور اسے مغلوں کے علاقے پر حملہ کرنے پر آمادہ کیا تھا۔

پروانہ کی سلطنت کا خاتمہ: جب مغلوں کے حاکم ابغا خان کو اس واقعہ کی اطلاع ملی تو وہ مغلوں کا بہت بڑا لشکر لے کر قیساریہ پہنچا۔ اس وقت تک شاہ ظاہر بھی ملک واپس چلا گیا تھا۔ تاہم اس نے اپنی قوم کے سپاہیوں کی لاشوں سے میدان بھرے ہوئے دیکھے۔ اس وقت سے پروانہ کی سازش کا بھید کھل گیا کہ اس نے ظاہر کو بلایا تھا۔ [illegible] کیا تھا۔ کیونکہ اس نے اس کے ساتھ مل کر جنگ کی، شکست کی اطلاع نہیں دی تھی۔ یہ حالت دیکھ کر وہ پروانہ پر بہت ناراض ہوا اور اسے گرفتار کر کے قتل کر دیا اور اس کے تمام ملک پر قبضہ کر لیا۔

تاتاری شہزادوں کا قتل: ہلاکو خان کا ایک فرزند قطغر خان اناطولی روم میں اس کے بادشاہ غیاث الدین کیخسرو کے ساتھ رہتا تھا اور وہ ابغا خان کے عہد سے وہاں کی مغل فوج کا سپہ سالار تھا۔ جب ابغا خان کے بعد ہلاکو خان کا دوسرا فرزند احمد تکودار بادشاہ ہوا تو اس نے وہاں سے اپنے بھائی قطغر خان کو بلوایا۔ کیخسرو نے اس کو روانہ ہونے سے منع کیا۔ کیونکہ اسے اپنی جان کا اندیشہ تھا کہ غیاث الدین سے آ ملے؟ اور کہا کہ وہ اپنے بھائی کے قتل کی تکمیل کرے۔ چنانچہ وہ خود بھی اس کے ساتھ روانہ ہو گیا جب وہ وہاں پہنچا تو تکودار نے اپنے بھائی قطغر خان کو مار ڈالا۔

سلطنت قونیہ کا خاتمہ: مغلوں نے غیاث الدین پر یہ الزام لگایا کہ اسے تکودار کے خیالات کا علم تھا اور وہ قصداً اسے وہاں لایا۔ چنانچہ جب تکودار کے بعد ارغون خان بن ابغا خان بادشاہ ہوا تو اس نے غیاث الدین کیخسرو کو اناطولی روم (موجودہ ترکی) کے علاقے سے معزول کر دیا اور اسے ارزنجان میں قید کر دیا اور اس کے بجائے روم کے تخت قونیہ پر دونوں [illegible] کو ۶۸۳ھ میں مقرر کیا اور غیاث الدین کیخسرو کے چچا زاد بھائی مسعود بن کیکاؤس کو ۶۸۴ھ میں وہاں کے علاقے کا حاکم مقرر کیا مگر اس کی سلطنت کمزور رہی اور قونیہ کی سلطنت مغلوں اور تاتاریوں کے ہاتھ میں آ گئی پھر ان کی حکومت بھی ناکام ہوئی اور ان کی سلطنت کو زوال بھی آ گیا۔ البتہ وہاں بھی مغلوں کی جماعت کے غلام ارتنا کے فرزندوں کی حکومت کچھ عرصے تک قائم رہی۔ اس کے بعد یہ پورا ملک ترکمانوں کے قبضے میں آ گیا اور وہ اس کے حاکم ہو گئے۔

شجرہ سلاطین قونیہ

غیاث الدین کیخسرو

بن

قلیج ارسلان

بن

غیاث الدین کیخسرو

بن

کیقباد

بن

غیاث الدین کیخسرو

بن

قلیج ارسلان

بن

مسعود

بن

قلیج ارسلان بن سلیمان بن قطلمش بن اسرائیل بن سلجوق

باب: شش دہم

سلجوقی سلاطین خلاط و ارمینیہ

آذربائیجان کے علاقہ مرند کا حاکم اسمٰعیل بن یاقوتی بن داؤد (جو سلطان الپ ارسلان کا چچیرا بھائی تھا) اسمٰعیل کا لقب قطب الدولہ تھا۔ اس کا ایک ترکی آزاد کردہ غلام تھا جس کا نام سقمان یا سکمان دونوں طرح لکھتے ہیں یہ چونکہ قطب الدولہ کی نسبت سے منسوب ہے "سقمان قطبی" کے نام سے مشہور ہے۔ وہ بہت بہادر تھا اور اچھا ناظم اور عدل وانصاف پسند تھا۔

دیار بکر کی تسخیر: خلاط اور ارمینیہ کے علاوہ دیار بکر کے حکام بنو مروان کے ماتحت تھے انہوں نے اپنی سلطنت کے آخری زمانے میں رعایا کے ساتھ بہت ظلم و ستم شروع کر دیا تھا۔ شہر کے باشندے ان سے ناراض ہو گئے تھے اس لیے انہوں نے سکمان سے خود خط و کتابت کی اور اسے بلایا کہ وہ ان پر حکومت کرے چنانچہ وہ ۴۸۹ھ میں فوج لے کر دیار بکر کے شہر میافارقین پہنچا اور اس کا محاصرہ کر لیا۔ آخر کار اس کے لوگوں نے پناہ کی درخواست کی اور وہ وہاں کا حاکم بن گیا۔

سلطان محمد بن ملک شاہ نے موصل کے حاکم مودود بن التونتاش کو حکم دیا کہ افرنگیوں کا مقابلہ کرے اور ان کے قبضے سے اسلامی علاقے نکالے۔ سلطان نے دوسرے امراء کو اس کے ساتھ جہاد میں شریک ہونے کا حکم دیا چنانچہ ہمدان کا حاکم برسقی، مراغہ کا حاکم احمدیل اور اربل کا امیر ابوالہیجا، ماردین کا امیر ابوالغازی اور دیار بکر کے حاکم سقمان القطبی بھی اس کے ساتھ جہاد کے لیے روانہ ہوئے انہوں نے دشمن کے متعدد قلعے فتح کیے۔ انہوں نے رہا کا محاصرہ کیا جس کو وہ فتح نہ کر سکے اور یہ محاصرہ ناکام رہا۔

سکمان کی وفات: اسی عرصے میں حلب کے حاکم رضوان بن تتش نے انہیں بلایا۔ جب وہ وہاں پہنچے تو اس نے ان سے ملاقات کرنے سے انکار کر دیا۔ اتنے میں سکمان کی طبیعت بگڑ گئی۔ چنانچہ وہ وہاں سے واپس ہو گیا مگر راستے میں بالس کے مقام پر فوت ہو گیا اور تمام لشکروں کی فوجیں بھی الگ الگ ہو گئیں۔

ظہیر الدین ابراہیم کا عہد حکومت: اس کی وفات کے بعد اس کا فرزند ظہیر الدین ابراہیم خلاط اور ارمینیہ کا حاکم بنا اور اپنے باپ کے طریقے پر چلتا رہا۔ یہاں تک کہ ۵۲۱ھ میں فوت ہو گیا۔ اس کے بعد اس کا بھائی احمد بن سکمان دس مہینے تک حکمران رہا۔

شاہ ارمن کی حکومت: جب وہ بھی فوت ہو گیا تو ارکان سلطنت نے اس کی جگہ حکمران ان کے بھتیجے شاہ ارمن

موصل میں ابراہیم بن سکمان کو مقرر کیا جو نو عمر لڑکا تھا۔ لیکن اس کی دادی جو ابراہیم کی ماں تھی اس پر غالب تھی۔ اس کی دادی نے اس کو قتل کرنے کا ارادہ کیا تو ارکان سلطنت نے اس کی دادی کو قتل کر دیا۔ اس کے بعد شاہ ارمن سکمان بن ابراہیم خود مختار حاکم ۵۲۱ھ میں ہو گیا۔

گرجی قوم کو شکست گرجی قوم کے ساتھ ان کے بہت معرکے رہے چنانچہ اس سے پہلے وہ ۵۵۸ھ میں ایران کے علاقہ کے شہر آنی وارد ہو چکے تھے۔ وہاں سے مقابلے کے لیے لشکر لے کر پہنچے تو انہوں نے اسے شکست دی اور اسے بہت نقصان پہنچایا۔

اس کے بعد جب ارزن الروم کے حاکم صلتق بن علی کی بیٹی تھی۔ صلتق بن علی کے ساتھ بھی گرجی قوم کی جنگ ہوئی جس میں صلتق کو شکست ہوئی اور وہ جنگی قیدی بنا لیا گیا۔ شاہ ارمن نے گرج کے بادشاہ کے پاس فدیہ بھیج کر صلتق کو چھڑایا اور اسے اس کے ملک ارزن الروم بھیج دیا۔

اس کے بعد صلاح الدین یوسف جب مصر و شام کا حاکم ہو گیا اور اس کی سلطنت وسیع ہو گئی تو مظفر الدین کوکبری نے اس سے خط و کتابت کی اور اسے جزیرہ کو فتح کرنے پر آمادہ کیا اور یہاں حملہ کرانے کا وعدہ بھی کیا۔

صلاح الدین کا محاصرہ چنانچہ غازی صلاح الدین فوج لے کر تیار ہوئے اور اس کا محاصرہ کر لیا۔ یہ مقام موصل کے دروازوں کا حکم تھا۔ اس زمانے میں موصل کا حاکم عزالدین مسعود بن زنگی تھا۔ اس نے خلاط کے حاکم شاہ ارمن سے فوجی کمک طلب کی لہٰذا شاہ ارمن نے اپنے آزاد کردہ غلام بکتمر کو غازی صلاح الدین کے پاس بھیجا تاکہ وہ حاکم موصل سے (جنگ نہ کرنے کے بارے میں) سفارش کرے۔ چنانچہ وہ غازی صلاح الدین کے پاس اس وقت پہنچا جب کہ وہ سنجار کا محاصرہ کیے ہوئے تھے مگر غازی صلاح الدین نے اس کی سفارش قبول نہیں کی اور وہ ناراض ہو کر لوٹ آیا۔

فتح سنجار اب شاہ ارمن غازی صلاح الدین کے ساتھ جنگ کرنے کے لیے فوج لے کر روانہ ہوا۔ اس نے قطب الدین نجم الدین کو ماردین کے حاکم کے پاس بھیجا جو اس کا بھتیجا اور عزالدین کا ماموں زاد بھائی تھا۔ اس کے ساتھ دولت شاہ ملک طغرل شاہ بن قلج ارسلان بھی حاضر ہوا۔ وہ ۵۷۸ھ میں اس وقت روانہ ہوا جب غازی صلاح الدین نے سنجار کو فتح کر لیا تھا اور فوجیں منتشر ہو گئی تھیں۔ جب اسے ان کے روانہ ہونے کی اطلاع ملی تو اس نے ساتھ تقی الدین کو بلایا وہ یہاں جلد پہنچا اور راس عین کی طرف کوچ کیا مگر اس وقت ان کی فوجیں منتشر ہو چکی تھیں۔ اس لیے غازی صلاح الدین ماردین کی طرف روانہ ہو گئے اور اس کے علاقہ کو تاراج کرنے کے بعد لوٹ آئے۔

فتح حران غازی صلاح الدین ساحل سے ۵۷۸ھ میں موصل کی طرف روانہ ہوئے اور دریا بیرہ میں سے گزرتے ہوئے حران پہنچے۔ وہاں ان کی ملاقات مظفر الدین کوکبری بن زین الدین سے ہوئی اس نے پچاس ہزار دینار دینے کا جو وعدہ کیا تھا وہ اس نے پورا نہیں کیا اس لیے انہوں نے اس سے حران اور رہا کا قلعہ چھین لیا۔ کچھ عرصے کے بعد اسے رہا کر دیا گیا کیونکہ اس کی خط و کتابت کے مطابق عمل کیا گیا تھا۔ انہوں نے اسے اس کا شہر بھی لوٹا دیا اور حران سے روانہ ہو گئے

صلح کی گفت و شنید: اس کے بعد دیار بکر کی فوجیں ان کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور الجزیرہ کا حاکم سنجر شاہ جو عز الدین مسعود کا بھتیجا تھا ان کے پاس آیا۔ اس نے اپنے چچا کی اطاعت چھوڑ کر غازی صلاح الدین کی بیعت کرنے کا ارادہ کیا اور ان کے ساتھ موصل کی طرف روانہ ہوا۔ جب غازی صلاح الدین بلد شہر کے پاس پہنچے تو عز الدین نے اپنے چچا یعنی نور الدین کی لڑکی اور چند ارکان سلطنت کی ایک جماعت کو صلح کی بات چیت کرنے کے لیے بھیجا۔ سلطان صلاح الدین نے اس وفد کا احترام کیا اور چند ارکان سلطنت سے صلح کے بارے میں مشورہ طلب کیا تو ان کے امیر علی بن احمد المشطوب نے صلح نہ کرنے کا مشورہ دیا۔ چنانچہ سلطان صلاح الدین نے مصالحتی وفد کو لوٹا دیا اور (صلح نہ کرنے کی) معذرت پیش کی۔ اس کے بعد وہ جنگ کرنے کے لیے آمادہ ہوئے اور موصل سے دو فرسخ پیچھے پڑاؤ ڈالا۔ اہل موصل نے سخت مقابلہ کیا اور وہ قتال پر تیار ہو گئے۔ ایسی حالت میں سلطان صلاح الدین کو اپنے کئے پر ندامت ہوئی کیونکہ انہوں نے مصالحت کو نہیں قبول کیا تھا۔ اس سلسلے میں انہوں نے علی المشطوب اور اس کے ساتھی فقیہ عیسیٰ کو الزام دیا۔ قاضی الفاضل البیسانی نے مصر سے انہیں اس طرح کا خط لکھا کہ انہیں اس کی وجہ سے مغموم کر دیا۔

قلعہ جزیرہ کا محاصرہ: اربل سے حاکم زین الدین یوسف اور ان کے بھائی مظفر الدین کوکبری آئے تو سلطان نے ان کا استقبال کیا اور انہیں مشرقی سمت کی فوجوں کے ساتھ ٹھہرایا۔ انہوں نے علی بن احمد المشطوب الہکاری کو ہکاری قوم کے علاقے کے قلعہ جزیرہ کی طرف بھیجا چنانچہ اس نے جا کر اس کا محاصرہ کر لیا۔ ہکاری قوم کے لوگ اس کے ساتھ ملنے کے لیے آئے مگر وہ اس قلعہ کا محاصرہ کرتا رہا۔ یہاں تک کہ سلطان صلاح الدین موصل سے واپس آ گئے تو وہ بدستور اس محاصرہ میں شریک رہے۔

عز الدین کو جب اطلاع ملی کہ زلفندار ان سے غداری کرنا چاہتا ہے تو اس نے اسے وہاں سے ہٹا دیا۔ وہ مجاہد الدین کو رہا کرنے کی ہی دعوت دے رہا تھا۔ اس نے ان کو رہا کرنے کے لیے بھیجا اور ان سے تعلقات استوار کرنے کے لیے کوشش کی۔ پھر سلطان صلاح الدین میافارقین پہنچ گئے۔

ماردین کی حکومت: ماردین کا حاکم قطب الدین ایلغازی بن البی ۵۸۰ھ میں فوت ہو گیا۔ اس کے باپ کا آزاد کردہ غلام ملحقہ میافارقین میں تھا لہٰذا وہ اپنے بیٹے محمود کو لے کر پائے تخت بھیجا اور خاتون شاہ ارمن کے تحت ہو گیا۔ پھر اس نے میافارقین کا حاکم اسد الدین یرنقش کو مقرر کیا جو شاہ ارمن کا آزاد کردہ غلام تھا۔

حصن کیفا اور آمد کے حاکم نور الدین محمد بن قرا ارسلان نے اپنی بیٹی کا نکاح شاہ ارمن سے اس مقصد کے لیے کیا تھا کہ وہ خلاط کا حاکم بننا چاہتا تھا جب شاہ ارمن فوت ہو گیا تو وہ لشکر لے کر وہاں پہنچا۔ اہل خلاط نے سلطان صلاح الدین سے خط و کتابت کی اور انہوں نے ان دونوں کی فوجوں کو روک کر اپنی مدافعت کی کوشش کی۔

صلاح الدین کا محاصرہ: صلاح الدین فوج لے کر خلاط کے لیے روانہ ہوئے ان کے آگے ان کی فوج تھی جس کے سپہ سالار ناصر الدین محمد بن شیرکوہ اور مظفر الدین بن زین الدین وغیرہ تھے۔ تمام فوجیں خلاط کے قریب آ کر ٹھہریں۔

سلطان علاء الدین [illegible] دونوں کی طرف سے قاصد اہل خطا کے پاس آمد و رفت کرتے رہے اور [illegible] دونوں کو مقابلہ کرتے رہے۔

دوسری روایت یہ ہے کہ [illegible] قطب [illegible] وقت [illegible] اور ترکی سے [illegible] مقرر ہوئے [illegible] سلطان علاء الدین [illegible] پہنچا اور [illegible] کو قتل کر دیا [illegible] نے [illegible] مقرر کیا [illegible] حکومت [illegible] سلطان علاء الدین سے [illegible] جب [illegible] ان کی وفات ہوئی تو [illegible] اور [illegible] سیف الدین [illegible] کے بعد [illegible] وفات ہو گیا۔

محمود کا قتل [illegible] کے [illegible] اور [illegible] مقرب [illegible] بنا لیا تھا اور [illegible] قتل [illegible] کے [illegible] حکومت [illegible] کو قتل کر [illegible] سلطان علاء الدین کی وفات کے [illegible] مہینے کے بعد [illegible] نے اس سال تک حکومت کی تھی۔

اتسز کی حکومت اتسز اس کے بعد تقریباً ایک مہینہ کا خود مختار [illegible] اور اس نے [illegible] کے فرزند اور اس کی والدہ کو [illegible] قلعہ میں نظر بند کر دیا [illegible] حکومت کی اس کے بعد [illegible] یلدز [illegible] اس کے بعد [illegible] انہوں نے [illegible] کو [illegible] مار ڈالا۔

محمد بن [illegible] انہوں نے محمد بن [illegible] کو قید خانے سے نکال کر اپنا حکمران مقرر کیا اور [illegible] کا لقب [illegible] سلطنت کا حکمران [illegible] الدین [illegible] کے [illegible] حکومت کرتا [illegible] قید [illegible] گیا۔

محمد بن [illegible] کی [illegible] سے [illegible] ہو گئے۔ ان کے علاوہ [illegible] کے [illegible] اس کے [illegible] اپنے [illegible] کے خلاف [illegible] انہوں نے [illegible] کے [illegible] ابو الغازی [illegible] حکومت [illegible] کی [illegible] کے بعد [illegible] نے بغاوت کا اعلان کیا [illegible] کے مقابلے [illegible] ہو گئی۔

بامیان کی بغاوت [illegible] نے [illegible] اور ان کے [illegible] کر لیا اور [illegible] سے [illegible] کرنے کے [illegible] ابی الغازی [illegible] اور [illegible]

سے قریب ختم ہوا۔ وہاں پہنچ کر اسے یہ پیغام بھیجا کہ [illegible] اور [illegible] نے مجھ پر یہ الزام لگایا ہے کہ میں تمہارے ساتھ مل کر سازش کر رہا ہوں اس لیے تم واپس چلے جاؤ جب شہر پر قبضہ ہو جائے گا تو میں شہر تمہارے حوالے کر دوں گا۔

ارتق بن ابی الغازی نے اس پیغام سے [illegible] اور [illegible] واپس چلا گیا۔

حرّان اور رہا کے حاکم اشرف موسیٰ بن العادل ابن ایوب نے جب یہ سنا کہ ارتق خلاط کی طرف روانہ ہوا ہے تو اس نے خود اس پر قبضہ کرنے کا ارادہ کیا [illegible] اور وہاں پہنچ کر [illegible] اور پھر حرّان واپس آ گیا۔

بلبان کا تسلط۔ ادھر بلبان نے فوجیں جمع کر کے خلاط کا محاصرہ کر لیا [illegible] لیکن اس جنگ میں بلبان کو شکست ہوئی اور وہ اپنے [illegible] کی طرف واپس آ گیا [illegible] اپنے [illegible] کے خلاف بغاوت کر دی اور [illegible] گرفتار کر کے بلبان کے حوالے کر دیا۔

بلبان نے شہر میں داخل ہو کر تمام ملک پر قبضہ کر لیا اور محمد بن [illegible] کو وہاں کے ایک قلعہ میں قید کر دیا اور یہاں کا خود حاکم بن گیا۔

ایوبی حکومت سے مقابلہ۔ اس کے بعد [illegible] بن العادل [illegible] میافارقین سے [illegible] کے [illegible] اس نے [illegible] کا محاصرہ کرنے کے بعد اس پر قبضہ کر لیا [illegible] بلبان [illegible] واپس آ گیا۔

دوبارہ جنگ۔ اس کے بعد [illegible] ایوبی نے دوبارہ [illegible] اپنے والد ملک عادل سے بھی فوجی مدد طلب کی، چنانچہ انہوں نے بھی اپنی فوجیں بھیج دیں۔ چنانچہ جب وہ [illegible] خلاط پہنچا تو بلبان دوبارہ اس کے مقابلے کے لیے فوج لے کر آیا مگر اس دفعہ [illegible] ایوبی نے اسے شکست دی اور [illegible] کا محاصرہ کر لیا۔ اس کے بعد بلبان نے [illegible] سے فوجی مدد طلب کی اور جب [illegible] دونوں فوجوں کے سامنے [illegible]

بلبان کا قتل۔ پھر بلبان [illegible] کے ساتھ [illegible] کی طرف روانہ ہوا [illegible] قتل کر دیا۔

پھر [illegible] خلاط فتح کرنے کے لیے [illegible] مگر خلاط کے باشندوں نے [illegible] اور وہاں [illegible] اس طرح [illegible] کے مقام سے [illegible] واپس لوٹا۔

خلاط میں اوحد نجم الدین کی حکومت بکتمر کے بعد خلاط کے باشندوں نے اوحد نجم الدین کی اطاعت قبول کر لی۔ اس نے [illegible] تمام قلعوں پر قبضہ کر لیا۔ اس نے [illegible] کی فوج [illegible] انہوں نے خلاط [illegible] کی [illegible] ۔ [illegible] اور [illegible] تھا۔ [illegible] ان [illegible] انہوں نے [illegible] قبضہ کر لیا اور [illegible] بھی [illegible] وہاں پہنچ گئی

یہ حالات دیکھ کر نجم الدین ایوب نے اپنے والد الملک العادل سے مدد کی درخواست کی۔ چنانچہ اس نے اپنے [illegible] وہاں کے [illegible] نے ہتھیار ڈال دیے [illegible] اپنے علاقہ [illegible] طرف [illegible] چلا گیا۔

اہل خلاط کی بغاوت نجم الدین کی [illegible] خلاط [illegible] کے [illegible] لیے [illegible] فوج کے [illegible] نجم الدین نے [illegible] اپنی [illegible] گئے۔

سلجوقی سلطنت خلاط کا خاتمہ اوحد نجم الدین [illegible] الاشرف [illegible] فوج لے [illegible] خلاط کا [illegible] لیے [illegible] وہاں [illegible] کیا [illegible] خاندان [illegible] سلجوقی خاندان [illegible] گئے۔

[illegible] خاندان [illegible] تھے [illegible] مگر جب خاندان [illegible] سے [illegible] یہاں حکومت قائم ہو گئی۔

شجرہ سلاطین خلاط

خلاط اور [illegible] کی سلجوقی حکومت کا شجرہ یہ ہے۔

[illegible] سکمان [illegible] لقب [illegible] باقی [illegible]

[illegible] گیا۔

باب چہارم

صلیبی جنگیں

یہ فرنگی قوم (اہل یورپ) کا یافث بن کومر بن یافث بن نوح کی نسل سے ہیں۔ صقالبہ، خزر اور ترک بھی اسی نسل سے ہیں۔ ہروشیوش کا قول ہے کہ وہ اپنی قوموں کے زمانے سے ہیں۔ ان کا وطن بحیرہ روم کے شمال میں مغرب اور شمال میں ہے۔ جب روم اور یونان کی سلطنتیں طاقتور تھیں تو یہ لوگ ان کے ماتحت تھے۔ مگر جب ان سلطنتوں کو زوال آیا اور یہ فرنگی ممالک خود مختار ہو گئے اور ان کی جدا جدا سلطنتیں قائم ہو گئیں۔ مثلاً اندلس میں قوط (گاتھ) کی سلطنت قائم ہوئی اور اس کے بعد جلالقہ کی سلطنت قائم ہوئی۔ جرمنی خاندان کے لوگ جزیرہ انگلستان سے لے کر جزائر فرنگی شمالی (جزائر انگلستان) تک اور روما سے آ کر پاپ کے ممالک پر حکومت کرنے لگے انہی میں سے فرانس کے سلاطین ہیں جو معرب ہو کر فرنجہ یا فرنگی کہلاتے ہیں۔ ان کا ملک بحر روم کے مغرب سے لے کر جزیرہ نمائے اندلس کے اس سلسلہ کوہ تک پھیلا ہوا ہے جو اندلس کے مشرقی حصے کو گھیرے ہوئے ہے اور یہ سلسلہ کوہ جبال البرت (پیرینیز) کہلاتا ہے۔

فرانس کی سلطنت: فرنگی ممالک میں فرانس کی سلطنت سب سے بڑی ہے۔ رومی سلطنت کے زوال کے بعد آغاز اسلام میں یہ سلطنت طاقتور ہو گئی اور یہ مشرق کی طرف پھیل گئی۔ یہاں تک کہ پانچویں صدی کے آخر میں بحیرہ روم کے جزائر پر قابض ہو گئی اس زمانے میں اس ملک کا بادشاہ بردویل تھا۔ اس نے اپنے حکام صقلیہ (جزیرہ سسلی) کی طرف بھیجے چنانچہ انہوں نے یہ جزیرہ (سسلی) ۴۸۴ھ میں مسلمانوں سے چھین لیا۔ پھر وہ بحر روم کے پرے افریقہ، شام اور بیت المقدس کو فتح کرنے کے ارادے سے آگے بڑھے اور ان علاقوں کو حاصل کرنے کے لیے کوشش کرتے رہے۔

صلیبیوں کی آمد کی وجوہات: کہا جاتا ہے کہ جب مشرق میں سلجوقی حکومت طاقتور ہوئی اور انہوں نے فاطمی سلطنت سے شام کا علاقہ چھین لیا اور مصر کا بھی محاصرہ کر لیا تو فاطمی سلاطین نے فرنگی قوموں کو شام کی طرف آنے کی دعوت دی اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ اس سلسلے میں یہ بیان کیا جاتا ہے کہ فاطمی سلطان المستنصر نے فرنگیوں کے ساتھ سازش کی اور انہیں آمد و رفت کی سہولتیں فراہم کیں تاکہ وہ سلجوقی حکمرانوں کو مصر کی طرف آنے سے روک سکیں۔

فرنگی حکام اور ان کی فوجوں نے آگے بڑھنے کی تیاریاں شروع کر دیں اور وہ خشکی کے راستے قسطنطنیہ آئے۔ رومی بادشاہ نے انہیں اس شرط پر اپنے علاقے سے گزرنے کی اجازت دی کہ وہ انطاکیہ کو فتح کرنے کے بعد اس کے حوالے کر دیں۔ کیونکہ انطاکیہ کو مسلمانوں نے ان کے غلاموں سے چھینا تھا۔ فرنگیوں نے یہ شرط تسلیم کر لی اس کے بعد شہنشاہ روم نے انہیں خلیج سے پار اترنے کی تمام سہولتیں فراہم کیں اور وہ ۴۹۰ھ میں لشکر، فوجی ساز و سامان اور ایک لشکر جرار لے کر سمندر

عبور کرنے کے بعد وہ قلیج ارسلان کے علاقے میں پہنچ گئے۔

صلیبیوں کی یلغار قلیج ارسلان نے ان کا مقابلہ کیا مگر ان کی کثیر تعداد کے مقابلے میں شکست کھا کر بھاگ گیا۔ پھر وہ انطاکیہ پہنچے یہاں کا حاکم ایک سلجوقی سردار باغی سیان تھا۔ انہوں نے شہر کا محاصرہ کر لیا۔ جب محاصرہ سخت ہو گیا تو بعض محافظ فوج کی ایک جماعت نے غداری کی اور ان کی غداری کی بدولت فرنگیوں نے شہر پر قبضہ کر لیا۔ باغی سیان بھاگ گیا مگر وہ مارا گیا اور اس کا سر ان کے پاس لایا گیا۔ ان جنگوں میں یورپ کے پانچ بادشاہ اپنے لشکر کے ساتھ شریک تھے۔ ان کے نام یہ ہیں: (۱) بردویل (۲) صنجیل (۳) کندفری (۴) القمص (۵) اسمند۔ آخری بادشاہ اسمند فرنگیوں کے اگلے حصے کا سپہ سالار تھا۔ اس لیے انطاکیہ کی حکومت اسی کے حوالے کر دی گئی۔

مسلمانوں کا مجاہدانہ مقابلہ جب مسلمانوں کو فرنگیوں کی فتح کی خبر ملی تو مشرق و مغرب سے تمام فوجیں ان کے مقابلے کے لیے جمع ہونے لگیں۔ اس مقصد کے لیے موصل کے حاکم قوام الدولہ کربوقا نے شام کی فوجوں کو اکٹھا کیا اور انہیں لے کر دمشق روانہ ہوا۔ وہاں دقاق بن تتش، طغتکین اور حمص کا حاکم جناح الدولہ، ارسلان صاحب سنجار اور سکمان ارتق وغیرہ مسلمان حکمران بھی جہاد میں شامل ہو گئے۔ ان سب نے انطاکیہ کی طرف کوچ کیا اور وہ تیرہ دن تک اس کا محاصرہ کرتے رہے جب فرنگیوں پر محاصرہ سخت ہو گیا تو وہ بہت گھبرا گئے کیونکہ مسلمانوں کی فوجیں اچانک وہاں پہنچ گئی تھیں اور وہ مقابلہ کے لیے تیار نہیں تھے انہوں نے حفاظت سے نکل جانے کی درخواست کی مگر مسلم لشکر نے ان کی یہ درخواست منظور نہیں کی۔ اس کے بعد خود مسلمانوں کی فوجوں میں انتشار پیدا ہو گیا اور سپہ سالار کربوقا نے مسلمانوں کے ساتھ بد سلوکی کی تھی مسلمان سپہ سالاروں کو اپنی کثرت کا غرور بھی ہو گیا تھا اس وجہ سے جب دوبارہ فرنگی فوجیں مقابلے کے لیے نکلیں اور انہوں نے بہادری کے ساتھ مقابلہ کیا تو مسلمان فوجیں پسپا ہو گئیں اور جنگ کے بغیر واپس چلی گئیں (فرنگی فوجوں کو اس پر بڑا تعجب ہوا اور) اسے کوئی جنگی چال سمجھیں۔ اسی وجہ سے انہوں نے مسلمانوں کا تعاقب نہیں کیا اس جنگ میں ہزاروں مسلمان شہید ہو گئے۔

صلیب پرستوں کا بیت المقدس پر قبضہ

جب فرنگیوں نے اس طرح مسلمانوں کو شکست دی تو ان کے حوصلے بڑھ گئے اور دوسرے شہروں کو فتح کرنے کا حوصلہ پیدا ہوا۔ چنانچہ انہوں نے پیش قدمی کر کے معرۃ النعمان کا محاصرہ کر لیا۔ اس کی فصیلوں کے اندر گھمسان کی جنگ ہوئی۔ یہاں تک کہ شہر کے باشندے بہت گھبرا گئے اور وہ فصیلوں کو چھوڑ کر گھروں کے اندر قلعہ بند ہو کر بیٹھ گئے۔ نتیجۃً فرنگیوں نے شہر کو فتح کر لیا اور شہر کے اندر داخل ہو کر انہوں نے تین دن تک قتل عام کیا اور چالیس دن تک مقیم رہے۔ اس کے بعد وہ عرقہ کی طرف کوچ کر گئے۔ وہاں پہنچ کر انہوں نے چار مہینے تک اس کا محاصرہ کیا مگر وہ اسے فتح نہ کر سکے۔ آخر کار ابن منقذ نے ان سے صلح کر کے ان سے پیچھا چھڑایا۔ وہاں سے وہ حمص پہنچے اور اس کا محاصرہ کیا۔ جناح الدولہ نے بھی ان سے صلح کر لی۔ پھر وہ عکا پہنچے۔ اسے بھی وہ فتح نہ کر سکے۔

بیت المقدس کی سابق حکومت بیت المقدس کو سلجوقیوں نے فتح کر لیا تھا اور وہ تاج الدولہ تتش کے قبضہ میں تھا۔ یہ علاقہ تتش نے ایک ترکمانی سردار سکمان بن ارتق کو دے دیا تھا پھر جب انطاکیہ کی جنگ ہوئی تو مصر والوں نے اس پر قبضہ کرنے کا ارادہ کیا۔ چنانچہ مصر کی فاطمی حکومت کا سپہ سالار افضل بن بدر الجمالی فوج لے کر بیت المقدس روانہ ہوا۔ وہاں ارتق کے دونوں فرزند سکمان اور ایل غازی اور ان کا چچازاد بھائی سونج اور بھتیجا یاقوتی موجود تھے۔ فاطمی حکومت کے لشکر نے اس شہر کا چالیس دن سے زیادہ محاصرہ کیا۔ انہوں نے اس کی فصیل پر چالیس سے زیادہ قلعہ شکن منجنیقیں نصب کر دی تھیں آخر کار مصریوں نے امان دے کر ۴۸۹ھ میں بیت المقدس پر قبضہ کر لیا۔

فاطمیوں کا تسلط: فاطمی سپہ سالار افضل نے سلجوقی سرداروں سکمان اور ایل غازی اور ان کے ساتھیوں کے ساتھ اچھا سلوک کیا اور انہیں دمشق بھیج دیا۔ پھر سکمان نے دریائے فرات کو عبور کیا اور شہر رہا پہنچا اور ایل غازی عراق چلا گیا۔

افضل نے یہاں قائم مقام افتخار الدولہ کو بنایا جو شیعی تھا۔

فرنگی فوجیں جب عکا کے محاصرہ میں ناکام رہیں تو انہوں نے بیت المقدس کا قصد کیا انہوں نے چالیس دن تک اس کا محاصرہ کیا اور شہر کے چاروں طرف فوجی دستے متعین کر دیے تھے آخر کار شمالی سمت سے داخل ہو کر اسی سال کے ماہ شعبان میں انہوں نے بیت المقدس کو فتح کر لیا اور وہاں لوٹ مار کی اور قتل عام کا بازار گرم کیا۔ فرنگی بیت المقدس میں ایک ہفتہ تک مقیم رہے کچھ مسلمانوں نے محراب داؤد میں پناہ لی اور وہیں سے تین دن تک جنگ کرتے رہے۔ آخر کار وہ بھی امان حاصل کر کے عسقلان چلے گئے۔

فرنگی حملہ میں شہیدوں کی تعداد: بیت المقدس میں جو مسلمان امام علماء عابد اور زاہد مسجد اقصیٰ کے مجاورین شہید ہوئے تھے جب ان کا شمار کیا گیا تو ستر ہزار سے زائد تھے۔ قبۂ صخرہ کے قریب چاندی کی چالیس سے زیادہ قندیلیں معلق تھیں۔ ان میں سے ہر قندیل کی قیمت تین ہزار چھ سو درہم تھی۔ اس کا وزن شامی رطل (پیمانہ) کے لحاظ سے چالیس رطل تھا اور ایک سو پچاس چھوٹی قندیلیں بھی تھیں ان کے علاوہ بے شمار قیمتی ساز و سامان تھا (جو لوٹ لیا گیا)۔

بغداد میں کہرام: قاضی ابو سعید ہروی نے خلافت بغداد میں مسلمانوں کی بے بسی کی فریاد پہنچائی اور جب انہوں نے فرنگیوں کے مظالم کے دردناک واقعات سنائے تو قصر خلافت میں کہرام برپا ہو گیا۔ اس کے بعد خلیفہ کے حکم سے کچھ علماء اور معزز سرداروں کی ایک جماعت سلطان برکیاروق کے پاس بھیجی گئی تاکہ وہ اسلام اور مسلمانوں کی حمایت کے لیے آمادہ کرے۔ اس وفد میں یہ علماء اور معزز حضرات بھی شامل تھے:

(۱) قاضی ابو محمد دامغانی (۲) ابوبکر شاشی (۳) ابو الوفاء بن عقیل۔

سلاطین اسلام کا اختلاف: یہ لوگ حلوان کی طرف روانہ ہوئے۔ راستہ ہی میں انہیں سلجوقی سلطنت کی ابتری اور محمد بن ملک شاہ اور سلطان کی آپس کی جنگ کی خبریں ملیں اور یہ بھی معلوم ہوا کہ سلاطین اسلام میں اختلاف موجود ہے لہٰذا یہ

واپس آگئے۔

اس طرح [illegible] غالب آ گئے اور انہوں نے [illegible] ایک بادشاہ [illegible] حاکم مقرر کیا۔

مصری فوج کو شکست جب بیت المقدس کے واقعہ کی خبر مصر میں پہنچی تو [illegible] افضل نے فوج [illegible] پیغامات بھیجے۔ [illegible] اس کا جواب [illegible] اور [illegible] گئے۔

صلیبیوں کی شکست [illegible] ملطیہ [illegible] آیا۔ [illegible] مسلمان تھے [illegible]

[illegible]

اس کی مدد کے لیے [illegible] مقابلہ [illegible] پہنچ گیا۔

اس [illegible] مسلمانوں نے [illegible]

قلعہ جبلہ کا محاصرہ [illegible]

جب مسلمانوں نے [illegible]

قائم مقام ہوا۔ جب اس نے خودسری کا اظہار کیا تو ابن عمار کو اس کے بارے میں شک و شبہ ہوا اور اس نے چاہا کہ اسے گرفتار کرے تو اس نے بغاوت کا کھلم کھلا اعلان کیا اور وہاں عباسی خلافت کا خطبہ جاری کر دیا۔

ابن عمار نے اس کے مقابلے کے لیے اتابک دقاق بن تتش سے فوجی امداد طلب کی چنانچہ وہ فوج لے کر آیا۔ اس کے مد مقابل ابن صلیحہ تھا مگر اس نے ان سب کے چھکے چھڑا دیے اور وہ دمشق چلے گئے پھر فرنگی آئے اور انہوں نے قلعہ کا محاصرہ کیا مگر وہ بھی ناکام رہے۔ اسی اثناء میں یہ افواہ پھیلا دی گئی کہ سلطان برکیاروق شام آ رہا ہے۔ یہ لوگ واپس چلے گئے۔ پھر وہ دوبارہ آئے۔ اس وقت یہ ظاہر کیا گیا کہ مصری افواج اس کی مدد کے لیے آ گئی ہیں۔ یہ لوگ دوبارہ واپس چلے گئے۔ اس کے بعد وہ پھر تیسری مرتبہ آئے۔ اس وقت ابن صلیحہ نے ان عیسائیوں سے جو وہاں تھے یہ ارادہ کیا کہ وہ فصیل کے ایک برج سے فرنگیوں کو داخل کر لیں۔ چنانچہ انہوں نے تین سو مرد وہاں بھیجے۔

فرنگیوں کا قتل: ابن صلیحہ نے ان کو فصیل پر چڑھنے دیا اور رسیوں کے ذریعے انہیں اوپر چڑھا لیا اور یکے بعد دیگرے قتل کرتا رہا یہاں تک کہ اس نے ان سب کو قتل کر دیا۔ یہ حالت دیکھ کر فرنگی فوج بھی گئی مگر پھر وہ بھی آئی۔ اس وقت ابن صلیحہ نے انہیں شکست دی اور ان کے بادشاہ کو گرفتار کر لیا۔ اس نے ایک بہت بڑی رقم فدیہ ادا کر کے اپنے آپ کو چھڑا لیا۔

ابن صلیحہ کا فرار: جب یہ صورت حال ہوئی تو منصور بن صلیحہ نے دمشق کے حاکم ظہیر الدین طغتکین کو پیغام بھیجا۔ ابن عمار نے بھی سلطان دقاق کے نام یہ پیغام بھیجا کہ وہ جبلہ شہر خود اپنے حوالے کرے اور اسے تین ہزار دینار دے گا مگر اس نے ایسا نہیں کیا۔

ابن صلیحہ بغداد روانہ ہو گیا اور اس نے اعلان کیا کہ وہ انبار سے اپنا سامان آنے کا انتظار کر رہا ہے۔ وزیر نے کسی آدمی کو بھیج کر اس کے سامان پر قبضہ کیا تو سامان میں سے بہت کچھ نکلا۔ مال و دولت اور سامان نکلا۔ اس نے ان سب پر قبضہ کر لیا۔

ابن عمار کی فتح: جب تاج الملوک نے جبلہ پر قبضہ کر لیا تو اس نے رعایا کے ساتھ برا سلوک کیا۔ لہٰذا ان لوگوں نے فخر الملک ابو علی بن عمار سے خط و کتابت کی اور اسے حکومت کرنے کی دعوت دی۔ چنانچہ اس نے اپنا لشکر بھیجا۔ اس لشکر نے تاج الملوک اور اس کے ساتھیوں سے جنگ کی اور انہیں شکست دے دی۔ اہل جبلہ نے تاج الملوک کو گرفتار کر کے قیدی بنا لیا اور ابن عمار کے نام پر شہر جبلہ پر قبضہ کر لیا۔ پھر تاج الملوک کو ابن عمار کے پاس لے گئے۔ اس نے اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا اور اسے اس کے والد کے پاس دمشق بھیج دیا اور یہ معذرت پیش کی کہ اس نے فرنگیوں کے غلبے کے خوف سے یہ کارروائی کی ہے۔

سروج اور قیساریہ پر فرنگی تسلط: سروج میں فرنگیوں کا حاکم کندفری بیت المقدس سے عکا کا محاصرہ کرنے کے لیے روانہ ہوا۔ اسے ایک تیر لگا جس سے وہ مر گیا پھر اس کا بھائی بغدوین پانچ سو سواروں کے ساتھ بیت المقدس کی طرف روانہ ہوا۔ دمشق کا حاکم اتابک دقاق اور حمص کے حاکم جناح الدولہ نے فرنگیوں کا مقابلہ کیا اور انہیں شکست دی اور ان کا صفایا کر

[illegible]

[illegible]

[illegible]

طرابلس کا محاصرہ [illegible]

[illegible]

[illegible] [illegible]

جناح الدولہ کا قتل [illegible]

[illegible] [illegible]

حاکم بیت المقدس کا فرار [illegible]

طرف بھاگ گیا۔ مسلمانوں نے اس کا تعاقب کیا اور اس کا محاصرہ کر لیا۔ آخر کار وہ بڑی مشکل سے جان بچا کر یافا کی طرف بھاگ گیا۔ البتہ باقی ماندہ فرنگی فوج کو یا تو قتل کر دیا گیا یا قیدی بنا لیا گیا۔

مصری فوجوں سے جنگیں: جب فرنگیوں کی طاقت شام میں وسیع ہو گئی اور انہوں نے عسقلان کو فتح کرنے کا ارادہ کیا تو مصری افواج کے سالار افضل نے ان سے جنگ کرنے کے لیے ۴۹۶ھ میں اپنے والد کے آزاد کردہ غلام سعد الدولہ الطواشی کی قیادت میں مصری افواج کو بھیجا۔ دوسری طرف بیت المقدس کے فرنگی حاکم بغدوین نے بھی جنگی تیاریاں تیز کر دیں۔ چنانچہ فریقین میں یافا اور رملہ کے درمیان جنگ ہوئی جس میں مصری فوجوں کو شکست ہوئی۔ ان کا سپہ سالار سعد الدولہ گھوڑے سے گر کر مر گیا اور فرنگیوں نے دیہاتی علاقوں پر قبضہ کر لیا۔

فرنگیوں کو شکست: اس کے بعد افضل نے اپنے فرزند شرف المعالی کو فوج دے کر بھیجا۔ اس نے رملہ کے قریب یازور کے مقام پر فرنگی فوجوں کا مقابلہ کیا اور فرنگیوں کو شکست دی اس نے انہیں کافی نقصان پہنچایا۔ تاہم بہت سے فرنگی سردار بھاگ کر آس پاس کے قلعوں میں پناہ گزین ہو گئے شرف المعالی نے ان کا پندرہ دن تک محاصرہ کر کے اس قلعہ کو سر کر لیا اور وہاں کے فرنگیوں کو قتل کیا اور ۳۰۰ کو قیدی بنا لیا۔

فرنگی سپہ سالار بغدوین پہلے بھاگ کر یافا گیا اور پھر وہاں سے بیت المقدس پہنچا اسی وقت بہت سے فرنگی بیت المقدس کی زیارت کے لیے آئے ہوئے تھے لہٰذا اس نے انہیں جنگ کے لیے آمادہ کیا۔ وہ سب جنگ کرنے کے لیے عسقلان پہنچ گئے جہاں شرف المعالی اپنی فوج کے ساتھ موجود تھا۔ اس لیے وہ ناکام لوٹ گئے۔

بحری بیڑہ: اس کے بعد جب شرف المعالی نے اپنے والد سے مزید فوج طلب کی تو اس کے والد کے آزاد کردہ غلام تاج العجم کی قیادت میں بری فوج بھیجی اور یافا کا محاصرہ کرنے کے لیے قاضی ابن قادوس کی رہنمائی میں ایک بحری بیڑہ بھیجا جب بحری بیڑہ یافا پہنچا تو اس نے تاج العجم کو حکم دیا کہ وہ اپنی فوج لے کر آ جائے۔ مگر اس نے انکار کیا۔ افضل نے اسے گرفتار کرنے کے لیے آدمی بھیجے اور مصری افواج اور عسقلان کی مدافعت کے لیے اپنے ایک آزاد کردہ غلام جمال الملک کو حاکم بنا کر روانہ کیا۔

فرنگی مقبوضات میں توسیع: سال ختم ہونے پر فرنگی عسقلان فتح نہیں کر سکے۔ البتہ بیت المقدس پر ان کا قبضہ بدستور تھا اور شام کے مندرجہ ذیل علاقے ان فرنگیوں کے قبضے میں تھے۔

یافا، ارسوف، قیساریہ، حیفا، طبریہ، اردن، لاذقیہ، انطاکیہ۔ ان کے پاس رہا اور سروج بھی تھے۔

صنجیل نے شہر طرابلس اور اس کے حاکم فخر الملک بن عمار کا محاصرہ کر رکھا تھا کیونکہ وہ اپنا بحری بیڑہ فرنگیوں کے علاقوں پر ہر سمت سے حملہ کرنے کے لیے بھیجتا تھا۔

جب ۵۰۳ھ کا سال شروع ہوا تو رہا کی فرنگی فوجوں نے رقہ اور قلعہ جعبر پر حملہ کیا اور اس کے گرد و نواح کو [illegible] کر دیا۔ اس کا حاکم سالم بن مالک بدران تھا اسے سلطان ملک شاہ نے ۴۷۹ھ میں حاکم بنایا تھا۔

جبیل اور عکا کی تسخیر: ۴۹۷ھ میں فرنگی ممالک سے بہت سی بحری کشتیاں ساحل شام پر لنگر انداز ہوئیں جن میں سے بہت سے فرنگی سوداگر اور زائرین سوار تھے۔ صنجیل نے ان سے طرابلس (شام) کے محاصرہ میں مدد حاصل کی چنانچہ وہ محاصرہ میں شریک ہوئے مگر جب اس میں ناکام رہے تو انہیں کی طرف کوچ کر گئے اور وہاں کے باشندوں کو پناہ دے کر اس پر قبضہ کر لیا مگر فرنگیوں نے بدعہدی کی اور معاہدہ صلح کی خلاف ورزی کی اور وہاں کے باشندوں کا قتل عام کیا۔

پھر بیت المقدس کے فرنگی بادشاہ بغدوین نے ان تاجروں اور فرنگی مسافروں کو عکا کے محاصرے کے لیے امدادی فوج کی حیثیت سے بلوا لیا چنانچہ وہ اس محاصرہ میں شریک ہوئے اور اس شہر کا خشکی اور بحری دونوں راستوں سے محاصرہ کر لیا۔ وہاں مصر کے نائب سپہ سالار ملک افضل کی طرف سے مصری سپہ سالار نے ان فرنگی فوجوں کا مقابلہ کیا مگر ہار گیا۔ پھر وہ دمشق کی طرف بھاگ گیا۔ اس کے بعد فرنگی فوجوں نے عکا پر قبضہ کر لیا اور وہاں خوب تباہی مچائی۔

مسلمانوں کی نااتفاقی: جب فرنگی فوجیں شام کے کچھ حصے پر غالب آ گئیں تو مسلمان اس وقت آپس میں لڑتے جھگڑتے رہے یہاں تک کہ فرنگی فوجوں نے وہاں قدم جما لیے اور طویل عرصے کے لیے مقیم ہو گئے۔ اس زمانے میں حران اور حمص کا علاقہ ملک شاہ کے ایک آزاد کردہ غلام قراجا الساقی کے تحت تھا۔ موصل کا حاکم جکرمش اور کیفا کا حاکم سقمان بن ارتق تھا۔ حران میں بغاوت ہوئی جب ترکوں کے ایک آزاد کردہ غلام جاولی نے قراجا کو اچانک قتل کر دیا۔

متحدہ جہاد کی کوشش: اس واقعہ کے بعد فرنگی فوجوں نے حران کو فتح کرنے کا ارادہ کیا اور اس کا محاصرہ کر لیا۔ اس زمانے میں حاکم موصل اور سقمان بن ارتق میں خانہ جنگی ہو رہی تھی۔ تاہم حران کی مدافعت کے لیے انہوں نے اپنی جنگ بند کر دی اور معاہدہ کر کے فرنگی فوجوں کے خلاف جنگ کرنے کے لیے تیار ہو گئے۔

صلیبیوں کو شکست: اس وقت سقمان کے پاس اپنی قوم ترکمان کے سات ہزار سوار تھے اور جکرمش کی فوج میں اس کی قوم ترک، عرب اور کرد سپاہیوں کی تعداد تین ہزار تھی۔ ان دونوں کی متحدہ فوج کا مقابلہ کرنے کے لیے حران سے فرنگی فوج ان کے پاس پہنچی۔ جب فریقین میں جنگ شروع ہوئی تو مسلمان فوجیں ان سے دور ہو کر دوبارہ ان پر پلٹیں اور گھمسان کی جنگ کی اور ان کا صفایا کر دیا اور ان کا سازوسامان اور مال و دولت لوٹ لیا۔

انطاکیہ کا فرنگی حاکم بیمند اور ساحلی علاقوں کا فرنگی حاکم ایک پہاڑ کے پیچھے مسلمانوں پر حملہ کرنے کے لیے کمین گاہ میں چھپے ہوئے تھے اور مسلمانوں کو یہ بھی علم نہ تھا۔ وہ ان کے ساتھ کئی دن تک لڑتے رہے اور انہوں نے وہاں رات گزاری۔ صبح ہونے سے پہلے وہ بھاگ گئے۔ جب مسلمانوں کو پتہ چلا تو انہوں نے فرنگیوں کا تعاقب کر کے ان کا صفایا کر دیا۔

فرنگی حاکم کی گرفتاری: اس جنگ میں رہا کا فرنگی حاکم قمص بردویل گرفتار ہو کر قیدی بن گیا۔ اسے سقمان کے ایک ترکمانی سپاہی نے گرفتار کیا تھا۔ جکرمش کے ساتھیوں کو یہ بات ناگوار گزری کہ ترکمانی سپاہیوں نے اسے گرفتار کیا ہے اور بہت مال غنیمت حاصل کر لیا ہے۔ انہوں نے جکرمش حاکم موصل پر زور دیا کہ وہ فرنگی قمص کو سقمان سے حاصل کرے چنانچہ اس نے اس فرنگی قیدی کو سقمان کی قیام گاہ سے منگوا لیا تو ترکمانی فوج اس پر بہت ناراض ہوئی اور انہوں نے اس مسئلہ

پر حملہ کیا اور اس کی فوج سے جنگ کرنے کا ارادہ کیا مگر سقمان نے مسلمانوں میں باہمی اختلافات پیدا ہونے کے اندیشے سے انہیں اس ارادہ سے باز رکھا اور انہوں نے ترک کر دیا۔

صلیبیوں کے قلعوں کی تسخیر راستے میں سقمان جس فرنگی قلعے کے پاس سے گزرتا تھا تو فرنگی یہ سمجھ کر نکلتے تھے کہ ان کے فرنگی بھائی فتح حاصل کرنے کے بعد واپس آ رہے ہیں چنانچہ سقمان نے ان سے جنگ کر کے ان قلعوں پر قبضہ کر لیا۔

جکرمش نے حران پہنچ کر اس پر قبضہ کر لیا اور اپنی طرف سے اس کا حاکم مقرر کیا پھر وہ رہا آ گیا اور پندرہ دنوں تک اس کا محاصرہ کیا۔ پھر وہ موصل واپس آ گیا۔

اس نے فرنگی حاکم القمص کو پینتیس ہزار دینار فدیہ اور ایک سو ساٹھ مسلمان قیدیوں کے بدلے میں رہا کیا۔

حاکم حلب کی شکست: پھر انطاکیہ کا فرنگی حاکم طنکری ۴۹۸ھ میں حاکم حلب رضوان کے ایک قلعہ ارتاح کی طرف روانہ ہوا۔ جب وہاں کے باشندوں کا حال پتلا ہو گیا تو انہوں نے حاکم حلب رضوان سے فوجی امداد طلب کی۔ رضوان ان کی امداد کے لیے روانہ ہوا اور ادھر فرنگی فوجیں بھی اس کا مقابلہ کرنے کے لیے روانہ ہوئیں پھر ان فرنگیوں نے رضوان سے صلح کی درخواست کی مگر ایک ترکمانی سردار اصبہبد صباوہ نے جو ایاز کے قتل کے بعد اس کے پاس آ رہا تھا صلح نہ کرنے کا مشورہ دیا (لہذا جنگ شروع ہوئی) ابتداء میں فرنگیوں نے شکست کھائی پھر وہ دوبارہ جوش کے جذبے سے آگے بڑھے اور مسلمانوں پر حملہ کیا اور انہیں شکست دے دی بلکہ ان کا قتل عام کیا۔ اور پیدل فوج جو پہلے ہی فرنگیوں کے علاقے میں داخل ہو گئی تھی ماری گئی۔ البتہ رضوان بچ کر نکل گیا اور حلب پہنچ گیا اور ترکمانی سردار اصبہبد صباوہ طغتگین اتابک دمشق کے پاس چلا گیا۔

اس جنگ کے بعد فرنگی فوجوں نے دوبارہ اس قلعہ کا محاصرہ کر لیا۔ قلعہ کے باشندے حلب سے بھاگ گئے اور فرنگیوں نے اس قلعہ کو فتح کر لیا۔

مصری فوجوں سے مقابلہ: حاکم مصر افضل نے ۴۹۸ھ میں اپنے فرزند شرف المعالی کو فوج دے کر رملہ کی طرف بھیجا۔ اس نے اسے فتح کر کے فرنگیوں کو مغلوب کر لیا۔ پھر اس فتح کے بعد مصری فوج میں اختلاف پیدا ہوا اور باہمی جنگ کی نوبت آنے ہی کو تھی کہ اتنے میں فرنگیوں نے ان پر حملہ کیا۔ اس وقت شرف المعالی مصر چلا گیا اور افضل نے اپنے دوسرے فرزند سناء الملک حسین کو اس کی جگہ سپہ سالار بنا کر بھیجا اس کے ساتھ عسقلان کا حاکم جمال الملک بھی روانہ ہوا انہوں نے حاکم دمشق طغتگین سے بھی کمک طلب کی۔ چنانچہ اس نے ترکمانی سردار اصبہبد صباوہ کے زیر قیادت فوج بھیجی۔

مسلمانوں کی اس فوج کے مقابلے کے لیے عکا اور بیت المقدس کا فرنگی حاکم بغدوین بھی فوج لے کر پہنچا۔ فریقین میں گھمسان کی جنگ ہوئی اور دونوں طرف لاشوں کے ڈھیر لگ گئے۔ اس جنگ میں عسقلان کے حاکم جمال الملک شہید ہو گئے پھر اندھیرے نے جنگ بند کر دی اور دونوں طرف کی فوجیں اپنے اپنے مقام پر واپس ہو گئیں۔

غداروں کی جماعت: فرنگی فوج میں مسلمانوں کی ایک جماعت بھی شامل تھی چنانچہ انہی میں ایک (مسلمان سردار) بلج نامی شخص بھی تھا۔ کیونکہ [illegible] کے قلعہ کا حاکم تھا مگر طغتکین نے اس کے بجائے اس کے بھتیجے کو وہاں کا حاکم بنا دیا تھا۔ اس لیے ناراض ہو کر دمشق سے بھاگ گیا اور فرنگیوں کے پاس جا کر پناہ لے لی۔

فرنگی سردار کی سرکوبی: فرنگیوں کا ایک سردار دمشق کے قریب رہتا تھا وہ اکثر اس علاقے پر حملہ کرتا رہتا تھا اور دمشق کے فوجیوں سے جنگ کرتا تھا۔ اس لیے اس کی سرکوبی کے لیے طغتکین نامی بخش فوج لے کر آیا۔ اس کی فوجی امداد کے لیے حاکم بیت المقدس بغدوین بھی موجود تھا۔ ان مسلمانوں کے مقابلے کے لیے تیار ہو کر اس فرنگی سردار نے [illegible] بھیج دیا لیکن اسے اپنی فوج کی ہلاکت پر بھی صدمہ تھا۔ اس پر بغدوین اپنی فوج لے کر واپس آ گیا۔

طغتکین کے کارنامے: طغتکین نے فرنگیوں سے جنگ کرنے کے لیے پیش قدمی کی اور اس نے حملہ کر کے ان فرنگیوں کو ان کے قلعہ میں محصور کر دیا۔ پھر اس نے اس قلعہ کو تباہ و برباد کر دیا اور اس کے پتھر وادی میں پھینکوا دیئے اور اس قلعہ کی محافظ فوج و دیگر باشندوں کو قتل کر دیا۔ پھر فاتح اور کامیاب ہو کر دمشق لوٹا۔

ایک ہفتے کے بعد وہ فرنگیوں کے دوسرے مقام پر گیا۔ وہاں کا نام [illegible] تھا تو اسے بھی فتح کیا اور اس کی محافظ فوجوں کا صفایا کر دیا۔

قلعہ افامیہ میں ابن ملاعب کی بغاوت: پہلے خلف بن ملاعب الکلابی نامی شخص حمص کا حاکم بن بیٹھا تھا۔ پھر طغتکین نے اس پر قبضہ کر لیا تھا۔ اس کے بعد مصر کے حالات بدلتے رہے۔

حلب کے حاکم رضوان نے بعد میں قلعہ افامیہ پر [illegible] کر کے اس سے عداوت اختیار کی چونکہ وہ رافضی تھا۔ اس لیے اس نے فاطمی حاکم مصر کی اطاعت قبول کی اور اس سے درخواست کی کہ وہ ان پر کوئی حاکم مقرر کر کے بھیجے۔ چنانچہ فاطمی حاکم نے خلف بن ملاعب کو اپنا نائب و امیر بنا کر وہاں بھیجا کیونکہ وہ جنگ کو بہت پسند کرتا تھا۔

اس نے قلعہ پہنچ کر بغاوت اختیار کی اور خود مختار بن بیٹھا۔ ملک کے باغی اور مفسد قسم کے لوگ اس کے پاس جمع ہونے لگے۔ اس عرصہ میں فرنگیوں نے حلب کے ایک مقام پر قبضہ کر لیا جس کے باشندے رافضی تھے۔ وہاں کا قاضی بھی ابن ملاعب کے پاس افامیہ پہنچ گیا اور اس نے ابن ملاعب کے خلاف سازش شروع کر دی اور رضوان کے ایک ساتھی ابو طاہر الصائغ کو جو باطنیوں کا بہت بڑا داعی تھا پیغام بھیجا اور ابن ملاعب پر حملہ کرنے اور قلعہ کو رضوان کے سپرد کرنے کی سازش میں اس کو شریک کیا۔

قاضی کی سازش: ابن ملاعب کے دو فرزندوں کو اس سازش کا علم ہو گیا تھا اور انہوں نے اپنے والد کو قاضی کی سازش سے آگاہ کیا۔ مگر قاضی نے ان کے پاس جا کر اور حلف اٹھا کر اس الزام کی تردید کی۔ چنانچہ اس نے قاضی کو سچا سمجھ کر چھوڑ دیا۔

قاضی اس کے بعد برابر ابو طاہر اور رضوان کے ساتھ مل کر سازش کرتا رہا۔ آخر کار انہوں نے سرمین [illegible] سے

مسلح سواروں کو اس بہانے سے بھیجا کہ وہ ابن ملاعب کے ہاں ملازمت کرنا چاہتے ہیں۔ ابن ملاعب نے انہیں قلعہ سے باہر ٹھہرایا۔ جب رات ہوئی تو قاضی نے انہیں فصیل کے اوپر چڑھا کر قلعے کے اندر داخل کرا دیا۔ انہوں نے ابن ملاعب کو قتل کر کے قلعے پر قبضہ کر لیا۔ ابن ملاعب کے دونوں بیٹے بھاگ گئے۔ ان میں سے ایک فرزند تو امیر ظہیر ابو الحسن بن منقذ کے پاس پہنچ گیا اور دوسرا افامیہ آ گیا۔

افامیہ پر قبضہ: ابو الطاہر الصائغ باطنی کے پاس اس کی خبر پہنچی۔ تو چونکہ وہ [illegible] جانے کا [illegible] قاضی نے اسے حکومت تفویض کر دی۔ تاہم وہ اس کے پاس مقیم رہا۔ خلف بن ملاعب کا ایک فرزند اپنے والد سے ناراض ہو کر طغتگین کے پاس دمشق چلا گیا تھا۔ اس نے اسے کسی قلعہ کا حاکم بنا دیا تھا۔ مگر اس نے وہاں فتنہ و فساد برپا کیا تو طغتگین نے اسے نکال دیا تو وہ فرنگیوں کے پاس چلا گیا اور انہیں ترغیب دیتا رہا کہ وہ افامیہ کے قلعہ کو فتح کر لیں۔ چنانچہ فرنگیوں نے اس قلعہ کا محاصرہ کر لیا۔ جب وہاں کے باشندے بھوکے مرنے لگے تو انہوں نے [illegible] قاضی کو اور الصائغ کو قتل کر دیا اور فرنگیوں نے اس قلعہ پر قبضہ کر لیا۔ یہ واقعہ ۵۰۰ھ میں ہوا۔

طرابلس کا محاصرہ: فرنگی حاکم صنجیل طرابلس کا محاصرہ کر رہا تھا۔ اس نے [illegible] اس نے طرابلس کے باہر ایک قلعہ تعمیر کرایا جس میں وہ رہتا تھا۔ اس محاصرے کے دوران وہ مر گیا تو اسے بیت المقدس لے جا کر دفن کیا گیا۔

شہر والوں نے ناکہ بندی کے باوجود اس کا مقابلہ کیا کہ وہ ان فرنگی فوجوں کو شکست دیں جو طرابلس کا محاصرہ کر رہی تھیں۔ چنانچہ وہ [illegible] سامان لے گئے۔ فخر ابن عمار کے ساتھیوں نے انہیں پکڑ لیا اور انہیں قتل کر دیا یا اسیر بنا لیا۔

یہ محاصرہ پانچ سال تک جاری رہا۔ اس عرصے میں خوراک کا ذخیرہ ختم ہو گیا اور دولت مندوں کی تمام پونجی خرچ ہو گئی اور ان کی حالت خراب ہو گئی۔ ایک سال پانچ سو غلے کی کشتیاں جزیرہ قبرص [illegible] بحری راستے سے پہنچیں تب ان کی گزر اوقات ہوئی۔

ابن عمار کا سفر بغداد: جب ابن عمار کو یہ اطلاع ملی کہ سلطان محمد بن ملک شاہ اپنے بھائی برکیاروق کے بعد بادشاہ ہو گیا ہے۔ لہٰذا اس نے اس کے پاس فریادی کی حیثیت سے جانے کا ارادہ کیا۔ اس نے اپنا جانشین طرابلس میں اپنے چچا زاد بھائی ابو المناقب کو مقرر کیا۔ راستے میں اس نے دمشق میں قیام کیا جہاں طغتگین نے اس کا استقبال کیا پھر وہ بغداد پہنچا جہاں سلطان محمد نے اس کا بڑی گرمجوشی سے استقبال کیا اور اسے فوجی امداد دینے کا وعدہ بھی کیا۔

فوجی امداد کا حکم: جب ابن عمار نے بغداد سے کوچ کیا تو سلطان نے اس سے نہروان کے مقام پر ملاقات کی۔ اس نے حکم دیا کہ امیر حسین بن اتابک قتلغ تکین اس کے ساتھ جائے اور وہ فوجوں کے ساتھ رہے جو اس نے امیر مودود کے ساتھ موصل کی طرف روانہ کی تھیں کہ وہ جاولی سقاوہ سے جنگ کریں۔ اس نے جاولی کی اصلاح کرنے کا حکم بھی دیا

[illegible]

[illegible]

[illegible]

نئے حاکم کا تقرر [illegible]

[illegible] [illegible]

فرنگی حاکم سے معذرت [illegible]

[illegible]

[illegible]

فرنگی حاکم کی رہائی [illegible]

[illegible]

تک ان کی مدد کو پہنچ سکے۔ لہٰذا فریقین میں جنگ ہوئی۔ پھر وہ انطاکیہ واپس چلا گیا۔

قلعوں پر حملے: (معاہدے کے مطابق) اس فرنگی حاکم نے مسلمانوں کے ایک ہو جانے کی پروا نہ کی اور وہ اور اس کا بھائی جوسلین ان کے قلعوں پر چھاپے مارتے رہے۔ شمالی حلب کے قلعہ [illegible] وغیرہ کے حاکم نے جو [illegible] تھا ان کو ایک ہزار دینار دینا منظور کیا۔ پھر وہ فرنگی اس سے دستکش ہوئے۔

رُہا کی واپسی: طنکری پھر ان کے مقابلے کے لیے نکلا اور جنگ ہوتی رہی پھر ترکوں نے آپس میں مصالحت کرلی۔ دونوں میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ رہا کا شہر اس کے اصل حاکم قمص کے حوالے کر دیا جائے۔ اس سلسلے میں عیسائی پیشواؤں اور پادریوں نے یہ گواہی دی کہ طنکری کا ماموں بیمند جب اپنے ملک سے گیا تھا تو اس نے اسے ہدایت کی تھی کہ وہ رہا کے اصلی حاکم کے اس وقت حوالے کردے جب وہ قید سے رہا ہو کر آجائے۔

لہٰذا طنکری نے قمص کو رہا دے دیا اور قمص نے بھی جاولی کی شرائط کے مطابق [illegible] کی پابندی کی۔

جاولی کی جنگی سرگرمیاں: اس کے بعد جاولی نے شام کے قصبوں کو فتح کرنا چاہا اور اس مقصد کے لیے وہ اس کے مضافات میں گھومتا رہا۔ یہ حالت دیکھ کر حلب کے حاکم رضوان نے انطاکیہ کے حاکم طنکری کو لکھا کہ وہ جاولی کے حملوں سے ہوشیار رہے۔ اس نے اس سے فوجی امداد بھی طلب کی۔

طنکری نے اس کی بات مان لی اور انطاکیہ سے روانہ ہوگیا۔ رضوان نے بھی اس کی مدد کے لیے اپنی فوجیں بھیجیں۔ ان کے مقابلے کے لیے جاولی نے رہا کے حاکم قمص سے مدد طلب کی تو وہ بذات خود فوج لے کر اس کے پاس منبج کے مقام پر پہنچا۔ وہاں یہ خبر موصول ہوئی کہ سلطان کے لشکروں نے شہر موصل پر قبضہ کر لیا ہے اور جاولی کے خزانوں پر بھی اس نے قبضہ کر لیا ہے۔ یہ خبر سن کر اس کے اکثر ساتھی اسے چھوڑ کر چلے گئے جن میں زنگی بن آقسنقر بھی شامل تھا۔

اس کے بعد جاولی تل باشر آگیا اور وہاں اس کا طنکری کی فوجوں سے مقابلہ ہوا۔ فریقین میں گھمسان کی جنگ ہوئی۔ فرنگیوں کی فوجیں تو ثابت قدم رہیں مگر جاولی کی فوجوں نے بہت مار کھائی اور انہیں شکست ہوئی۔ پھر فرنگی فوجیں [illegible] کی طرف چلی گئیں اور قمص اور جوسلین تل باشر آگئے۔

فرنگیوں کے خلاف طغتکین کا جہاد: طغتکین ۵۰۲ھ میں طبریہ کی طرف روانہ ہوا۔ اس کا مقابلہ بغدوین (حاکم بیت المقدس) کے بھانجے نے کیا۔ جب جنگ ہوئی تو ابتداء میں مسلمان فوج نے نقصان اٹھایا۔ پھر وہ جان نثاری سے لڑے تو انہوں نے فرنگیوں کو شکست دے دی۔ مسلمانوں نے حاکم بیت المقدس کے بھانجے کو (جو فرنگیوں کا سپہ سالار تھا) گرفتار کر لیا۔ اس نے زرِ فدیہ میں تیس ہزار دینار دینے اور پانچ سو مسلمان قیدیوں کو چھوڑ دینے کا وعدہ کیا۔ مگر طغتکین نے اسے قبول نہیں کیا۔ اس نے فرنگی سپہ سالار سے یہ کہا کہ تم مسلمان ہو جاؤ یا قتل ہونا قبول کرو۔ جب اس نے انکار کیا تو طغتکین نے اسے اپنے ہاتھ سے قتل کیا۔

پھر فرنگی حاکم بیت المقدس بقدوین اور طغرتکین کے درمیان چار سال کے لیے صلح ہوگئی۔

قلعوں پر قبضہ: حصن عرقہ (قلعہ) طرابلس کی عملداری میں شامل تھا اور ابن عمار کا ایک آزاد کردہ غلام اس کا حاکم تھا اس نے بغاوت کی اور اس عرصے میں وہاں غلہ اور خوراک بھی فرنگیوں کی تباہ کاریوں کی وجہ سے ختم ہو گیا تھا اس لیے اس نے طغرتکین کو اطاعت قبول کرنے کا پیغام بھیجا تو اس نے قلعہ پر قبضہ کرنے کے لیے اپنے ایک ساتھی اسرائیل کو بھیجا جب مولیٰ ابن عمار (حاکم قلعہ) اس کے استقبال کے لیے آیا۔ تو اسرائیل نے اس غلام کو ایک تیر مار کر قتل کر دیا تاکہ اتابک کو اس معاملے کی خبر نہ ہو سکے۔

اس کے بعد طغرتکین نے اس قلعہ کا حال معلوم کرنے کے لیے سفر کیا مگر برف باری کی وجہ سے وہاں جا نہ سکا۔ جب برف باری ختم ہوئی اور موسم کھلا تو چار ہزار سواروں کو لے کر روانہ ہوا راستے میں اس نے فرنگیوں کے کئی قلعے فتح کیے۔ ان میں قلعہ الاکمہ بھی شامل تھا تب فرنگیوں کا سپہ سالار سروانی جو طرابلس کا محاصرہ کر رہا تھا۔ اس کے مقابلہ کے لیے آیا۔ جنگی مقابلہ میں طغرتکین اور اس کے ساتھیوں کو شکست ہوئی اور وہ حمص چلے گئے۔ مگر سروانی نے باشندوں کو پناہ دے کر حصن عرقہ پر قبضہ کر لیا۔

اس کے بعد طغرتکین دمشق پہنچا تو بیت المقدس کے فرنگی حاکم بقدوین نے اسے پیغام بھیجا کہ وہ صلح پر تیار ہے یہ واقعہ ماہ شعبان ۵۰۲ھ میں ہوا۔

صلیب پرستوں کی مزید فتوحات: طرابلس ابن عمار کے قبضے سے نکل گیا تھا اور مصری حاکم نے وہاں اپنا نائب مقرر کر دیا تھا۔ پھر فرنگیوں کا محاصرہ بدستور جاری تھا اور ان کا سپہ سالار صنجیل کا بیٹا سروانی تھا جب ۵۰۳ھ میں ماہ شعبان آیا تو فرنگی فوجوں کے دستے جینوا سے فرنگیوں کو لے کر اسلحہ اور سامان خوراک کے ساتھ کشتیوں میں سوار ہو کر آ گئے۔ ان کی سروانی کے ساتھ بحث ہوئی یہاں تک کہ جنگ کی نوبت آ گئی۔ عسکری حاکم انطاکیہ سروانی کی فوجی امداد کے لیے پہنچا پھر بیت المقدس کا حاکم بقدوین ملنے آیا اور دونوں فرنگی فوجوں میں صلح کرا دی اور وہ سب طرابلس کا محاصرہ کرنے لگے انہوں نے وہاں برج یا خشب کھڑے کر دیئے جن سے محاصرہ بہت سخت ہو گیا اہل طرابلس کے پاس خوراک کی رسد ختم ہو گئی اور مصر کا بحری بیڑہ بھی تنگی خوراک کے بعد پہنچا تھا اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ فرنگی فوجوں نے قبضہ کر لیا۔ انہوں نے شہر کو لوٹا اور قتل و غارت گری کی۔

شہر کے مصری حاکم نے کئی دن پہلے پناہ طلب کی تھی وہ شہر جبلہ چلا گیا تھا جہاں فخر الدین بن عمار بھی تھا اس شہر والوں نے بھی عسکری حاکم انطاکیہ سے پناہ طلب کی تھی اور اس نے اس پر قبضہ کر لیا تھا۔ اس لیے فخر الدین بن عمار شیزر پہنچ کر وہاں کے حاکم سلطان بن علی بن منقذ الکنانی کا مہمان ہوا اور پھر وہاں سے دمشق چلا گیا جہاں کے حاکم طغرتکین نے اس کا استقبال کیا اور دمشق کا ایک علاقہ زبدانی دے دیا۔ یہ واقعہ محرم ۵۰۳ھ کا ہے۔

فتح صیدا: مصر کا بحری بیڑہ طرابلس کی فتح کے آٹھ دن بعد پہنچا اور صور کے ساحل پر لنگر انداز ہوا۔ اس کا غلہ صور، صیدا اور بیروت کے ساحلوں میں تقسیم کر دیا گیا صیدا پر بھی فرنگی فوجیں ماہ ربیع الآخر ۵۰۴ھ میں غالب آ گئیں۔ اس کی صورت

یہاں کہ فرنگیوں کا بحری بیڑہ جو ساٹھ کشتیوں پر مشتمل تھا۔ فرنگیوں اور تریوائف کے ذخیرے ان کے ساتھ تھا۔ یہاں پہنچا ان میں ان کے امراء بھی شامل تھے یہ لوگ زیارت اور صلیبی جنگوں میں حصہ لینے کے لیے وہاں آئے تھے۔ وہ بیت المقدس کے حاکم بغدوین سے ملے۔ پھر انہوں نے بحری اور بری راستوں سے صیدا کی ناکہ بندی کر دی۔ یوں مصر کا بحری بیڑہ ان کی امداد کے لیے نہیں پہنچ سکا۔

فتح صور: پھر انہوں نے صور پر فوج کشی کی۔ یہاں بھی انہوں نے قلعہ شکن آلات استعمال کیے۔ اس لیے والی شہر کو اندیشہ ہوا کہ کہیں ان کا بھی وہی حشر نہ ہو جو اہل بیروت کا حشر ہوا تھا۔ اس لیے انہوں نے فرنگیوں سے امان طلب کی۔ چنانچہ فرنگیوں نے انہیں ماہ جمادی الاولیٰ میں امان دے کر اسے بھی فتح کر لیا۔ اہل شہر کا ایک حصہ سینتالیس دن محصور رہنے کے بعد دمشق چلا گیا۔ تاہم ان کی اکثریت فرنگیوں کی پناہ میں رہ کر شہر میں مقیم رہی پھر سالار بیت المقدس بغدوین واپس آ گئے۔

عسقلان میں چھیڑ چھاڑ: عسقلان کا شہر مصری علویوں کی حکومت کے ماتحت تھا۔ ان کی فوجوں کے ساتھ فرنگی فوجوں کی جنگیں ہوتی رہیں اور آخر کار ایک فاطمی حاکم جمال الملک ان کے ساتھ مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہوا۔ اس کے بعد شمس الخلافہ حاکم ہوا۔ اس نے بیت المقدس کے حاکم بغدوین سے خط و کتابت کی اور اس سے صلح کر لی تاکہ وہ فاطمی خلیفہ سے خودمختار رہے۔

آخر ۵۰۴ھ میں مصر کے سپہ سالار افضل نے جہاد کے لیے اپنا ایک سپہ سالار فوج دے کر بھیجا اور پوشیدہ طور پر یہ حکم دیا کہ وہ شمس الخلافہ کو گرفتار کر لے اور اس کے بجائے حاکم عسقلان بن جائے۔

شمس الخلافہ کو اس سازش کا پتہ چل گیا تھا۔ اس لیے اس نے علانیہ بغاوت کا اظہار کیا۔ ایسی صورت میں مصری حاکم کو اندیشہ ہوا کہ کہیں فرنگی اس پر قبضہ نہ کر لیں۔ اس لیے اس نے خط و کتابت کر کے شمس الخلافہ کو بحال رکھا۔ شمس الخلافہ نے اس کے بعد عسقلان کی تمام فوج کو معزول کر دیا اور ایک ارمنی جماعت سے مدد طلب کی۔ اس کی اس حرکت سے اہل شہر بہت ناراض ہوئے چنانچہ انہوں نے اس پر حملہ کر کے اسے قتل کر دیا اور مصر کے حاکم میر افضل کے پاس اپنی اطاعت و فرمانبرداری کا پیغام بھیجا۔ تب اس کی طرف سے ایک حاکم بھیجا گیا جس کے بعد عسقلان کے تمام انتظامی امور درست ہو گئے۔

حصن الاثارب پر قبضہ: انطاکیہ کے حاکم طنکری نے فوجیں اکٹھی کیں اور حلب سے تین فرسنگ پر ایک قلعہ حصن الاثارب کا محاصرہ کیا اور اسے فتح کر لیا۔ انہوں نے وہاں قتل و غارت گری کی اور لوگوں کو قیدی بنا لیا۔ پھر وہاں سے وہ قلعہ زردنا کی طرف روانہ ہوا اور یہاں بھی یہی کچھ پیش آیا۔ پھر یہاں کے باشندے بھاگ گئے تو انہوں نے دونوں شہروں پر قبضہ کر لیا۔ یہاں سے فرنگی فوجیں شہر صیدا کی طرف گئیں اور اہل شہر کو پناہ دے کر اس پر قبضہ کر لیا۔

مسلم ریاستوں پر ٹیکس: فرنگی فوجوں کے بڑھتے ہوئے سیلاب سے تمام چھوٹی چھوٹی مسلم ریاستوں کو بہت خطرہ محسوس ہوا اس لیے انہوں نے صلح کے لیے ان سے خط و کتابت کی۔ فرنگیوں نے اصرار کیا کہ انہیں ہر مسلم ریاست

طرف سے ایک مقررہ خراج اور تحائف کے طور پر پیش کی ہونے۔ قلعہ حلب کے حاکم رضوان نے صلح کے عوض پچیس ہزار دینار دینا منظور کیا اس کے علاوہ یہ بھی منظور کیا کہ وہ فرنگیوں کو ایک مقررہ تعداد میں گھوڑے اور کپڑے بھی فراہم کرے گا۔

صور کے حاکم نے سات ہزار دینار ادا کرنے منظور کیے۔ شیزر کے حاکم ابن منقذ پر چار ہزار دینار مقرر ہوئے حماۃ کے حاکم الکردی کے ذمے دو ہزار دینار مقرر ہوئے۔ صلح کی مدت جو کی فصل کے کٹنے تک تھی۔

اس کے بعد فرنگی کشتیاں مصری تجارتی کشتیوں سے متصادم ہوئیں تو انہوں نے قیمتی تجارتی کشتیوں کو پکڑ لیا اور ان کے تاجروں کو قیدی بنا لیا۔

بارگاہ خلافت میں فریاد: (شامیوں کی اس بری حالت کو دیکھتے ہوئے) حلب سے علماء اور عوام کا ایک وفد بغداد فریادی کی حیثیت سے پہنچا وہ جمعہ کے دن بادشاہی جامع مسجد آیا۔ انہوں نے اس وقت نہایت دردناک فریاد و زاری سے مسلمانوں پر ظلم کی داستانیں بیان کیں۔ انہوں نے اس قدر شور کیا کہ جمعہ کی نماز نہیں پڑھنے دی۔ انہوں نے اس موقع پر مسجد کے منبر کو بھی توڑ دیا آخر کار سلطان نے ان سے بے سالاری لشکر بھیجنے کا وعدہ کیا وہ دار الخلافہ سے اس شاہی جامع مسجد کے لیے منبر بھجوایا ہے۔

جامع مسجد میں ہنگامہ: دوسرے جمعہ کو ایک بہت بڑا مجمع محل کی جامع مسجد پہنچا دربان نے انہیں اندر آنے سے روکا۔ مگر وہ زبردستی جامع مسجد میں گھس گئے انہوں نے محراب کی لکڑیاں توڑ دیں اور اس قدر شور و غل مچایا کہ جمعہ کی نماز نہیں ہو سکی۔ آخر کار خلیفہ نے بھی سلطان کو یہ پیغام بھیجا کہ وہ مسلمانوں کے ان دردناک واقعات کا تدارک کرے چنانچہ سلطان نے تمام سلطان حکام کو حکم دیا کہ وہ جہاد کے لیے تیار ہو جائیں۔ اس نے اپنے فرزند مسعود کو امیر مودود حاکم موصل کے ساتھ بھیجا کہ تمام مسلم حکام اپنے لشکروں کو لے کر اس کے ساتھ تیار ہو جائیں اور سب مل کر متحد ہو کر فرنگیوں کے خلاف جہاد کرنے کے لیے اکٹھے ہو جائیں۔

جہاد کے لیے متحدہ فوج: جب سلطان کا فرزند مسعود حاکم موصل کے ہمراہ جہاد کے لیے روانہ ہوا تو اس کے لشکر میں دوسری مسلم ریاستوں کے مندرجہ ذیل حکام اپنی فوج کے ساتھ جہاد کے لیے شریک ہونے۔ (۱) آرمینیہ کا حاکم سقمان القطبی (۲) برسق کے دونوں فرزند زنگی حاکم ہمدان (۳) حاکم مراغہ امیر احمد یل (۴) اربل کا حاکم ابوالہیجا (۵) ایلغازی ابن ارتق ان کے ساتھ آنے والوں کا بھی ذکر ملتا ہے۔

مسلم فوجوں کی یلغار: جب مسلم حکام اپنی فوجیں لے کر پہنچے اور فرنگیوں کے کئی قلعے فتح کر لیے۔ پھر یہ رہا کے شہر پہنچے اور اس کا محاصرہ کر لیا۔ بعد میں دریائے فرات کے قریب فرنگی لشکر سے مل کر فرنگیوں نے جنگ شروع کرنے میں پیش قدمی کی۔ مسلمان فوجیں پیچھے ہٹ کر حران کی طرف آ گئیں تاکہ فرنگی پیش قدمی کر کے دریائے فرات کو عبور کریں۔ مگر فرنگی فوجیں مسلمانوں کی توقع کے مخالف واپس پلٹ گئیں۔ اب انہوں نے فرنگیوں کا تعاقب کیا اور مسلمانوں نے جنگ شروع کر کے فرنگیوں کو وہاں سے نکال دیا۔

فرنگیوں سے مقابلہ: پھر فرنگی فوجیں دریائے فرات کو پار کر کے حلب کے علاقے میں گھس گئیں۔ کیونکہ جب فرنگی

فوجیں الجزیرہ کے علاقے میں گئی تھیں تو حاکم حلب رضوان نے ان سے وہ قلعے واپس لے لیے تھے جن پر ان فرنگیوں نے قبضہ کیا تھا۔ اس لیے فرنگی فوجیں اب انہیں دوبارہ فتح کرنے کے لیے پہنچیں۔ انہوں نے وہاں پہنچتے ہی تباہی مچا دی۔ اسی حالت میں سلطان کی متحدہ فوج آ پہنچی۔ وہاں انہوں نے فرنگی فوجوں سے جنگ کی مگر ناکام رہے۔ پھر مسلمان فوجوں نے دریائے فرات کو عبور کیا اور قلعہ تل باشر کا ڈیڑھ مہینے تک محاصرہ کیا مگر اسے فتح نہیں کر سکیں۔

سقمان کی وفات پھر وہ سب حلب پہنچیں۔ وہاں حاکم حلب نے ان سے ملاقات کی۔ اسی عرصے میں دیار بکر کا حاکم سقمان القطبی بیمار ہو گیا۔ اس لیے اس کی فوجیں واپس ہو گئیں۔ سقمان القطبی بالس کے مقام پر فوت ہو گیا اور اس کی لاش اس کے شہر پہنچائی گئی۔

اسلامی فوجوں کا انتشار سلطان کا متحدہ لشکر معرۃ النعمان کے قریب خیمہ زن ہوا اس وقت دمشق کا حاکم طغتکین مودود حاکم موصل کے پاس آتا جاتا تھا مگر اسے ان سلجوقی حکام کے بارے میں کچھ شک و شبہ ہوا تو اس نے پوشیدہ طور پر فرنگیوں کے پاس صلح کا پیغام بھیجا۔ پھر یہاں سے متحدہ فوجیں الگ الگ ہو گئیں اور صرف امیر مودود طغتکین کے ساتھ دریائے عاصی پر رہا۔ دوسری طرف فرنگیوں نے ان کی نااتفاقی سے فائدہ اٹھایا اور وہ افامیہ کی طرف روانہ ہو گئے۔

پھر شیزر کا حاکم سلطان بن منقذ نکل کر مودود اور طغتکین کے پاس آیا اور انہیں اپنے علاقے شیزر کی طرف لے گیا اس طرح فرنگیوں کا کام آسان ہو گیا۔ ان کے ہاں خوراک کی رسد کم ہو گئی تھی اس لیے وہ کوچ کرنے لگے مسلمانوں نے ان کا تعاقب کر کے انہیں دور بھگا دیا۔

شہر صور کا محاصرہ جب بادشاہی فوجیں منتشر ہو گئیں تو بیت المقدس کا فرنگی حاکم بغدوین نکلا اور اس نے اپنی فرنگی فوجیں اکٹھی کیں اور ماہ جمادی الاولیٰ ۵۰۵ھ میں شہر صور کا محاصرہ کر لیا جو مصری فاطمی حکومت کے وزیر امیر افضل کے قبضے میں تھا۔ وہاں اس کا جانشین حاکم عز الملک تھا۔ انہوں نے وہاں برجوں اور منجنیقوں (قلعہ شکن آلات) کو نصب کر دیا تھا۔ اس نے اہل طرابلس میں سے جن کی تعداد ایک ہزار تھی بہت نیزہ بازوں کو بلایا۔ انہوں نے سخت حملہ کیا اور وہ فصیل کے متصل برج تک پہنچ گئے اور اسے جلا دیا۔ دوسرے برجوں پر جتنی فوج تھی اس کا قتل [فقط] چھوڑ کر تمام کو قتل کیا۔ یوں گھمسان کی جنگ جاری رہی۔

طغتکین کا مقابلہ اہل صور نے طغتکین حاکم دمشق کو پیغام بھیجا کہ وہ ان کی مدد کرے اس کے بدلے میں وہ شہر اس کے حوالے کر دیں گے۔ چنانچہ وہ بانیاس کے مقام پر آیا اور انہیں دو سو سوار بھیجے۔ اس کے بعد بھی شدید جنگ جاری رہی۔ شہر کے حاکم نے طغتکین کو پھر پیغام بھیجا کہ وہ بہت جلد یہاں پہنچے تاکہ وہ شہر کو اس کے حوالے کر دے۔

ادھر طغتکین فرنگی عملداری پر حملے کر رہا تھا اور دمشق نے علاقے میں ان سے ایک قلعہ پر بھی قبضہ کر لیا تھا۔ اس نے ان کے پاس خوراک اور صیدا کا راستہ بھی بند کر دیا تھا چنانچہ فرنگی بحری راستے سے خوراک کی رسد حاصل کرتے تھے۔

کہ اس نے [illegible] جنگ کی اور [illegible] نقصان پہنچایا [illegible] تو فرنگیوں [illegible] طرف [illegible] ان شہروں پر قبضہ کر لے اس لیے انہوں نے [illegible] کا محاصرہ ختم کر دیا اور [illegible] چلے گئے اس کے بعد [illegible] نے [illegible] امداد کی [illegible] میں مشغول ہو گئے۔

مودود کی پیش قدمی: [illegible] مودود [illegible] فرنگیوں [illegible] کے [illegible] جلا دیا [illegible]

اس کے بعد [illegible] فرنگی [illegible] کیا اور [illegible] ہو گیا۔

[illegible] مودود [illegible] فرنگی [illegible] ہو گئے۔

فرنگیوں کو شکست: مسلمان فوجوں نے [illegible] اور بہت [illegible] فرنگی فوجیں [illegible] چنانچہ [illegible] فرنگیوں کو شکست ہوئی [illegible] ان میں سے بہت سے [illegible] دریا [illegible] غرق ہو گئے۔ مسلمانوں نے کافی مال غنیمت حاصل کیا۔

فرنگی علاقے کا صفایا: جب فرنگی فوجیں شکست کھا کر واپس [illegible] فرنگی علاقے کا صفایا کر دیا۔

چونکہ مسلمانوں کی فوجیں [illegible] فرنگی [illegible] ہو گئے۔

مودود کا قتل: جب مودود [illegible]

(شیعہ) کے ایک فرد نے اس پر خنجر سے حملہ کر دیا اور وہ اسی دن (زخموں کی تاب نہ لا کر) فوت ہو گیا۔ اس کے بعد حاکم دمشق ظفر کیمن پر یہ الزام لگایا گیا کہ اس نے اسے قتل کرایا تھا۔

نئے مسلم سپہ سالار کا تقرر: مودود کے مقتول ہونے کے بعد سلطان محمد نے اس کے آقسنقر برسقی کو مجاہدین کے لشکر کا سپہ سالار مقرر کیا اور فرنگیوں سے جہاد کرنے کے لیے اس کے ساتھ اپنے فرزند مسعود کو بھی روانہ کیا۔ سلطان نے دیگر علماء امراء کو یہ پیغام دیا کہ وہ اس کی اطاعت کریں۔

چنانچہ (مسلم حکام میں سے) عماد الدین زنگی بن آقسنقر اور حاکم سنجار تمیرک (جہاد میں) شریک ہوئے اور یہ لشکر جزیرہ ابن عمر کی طرف روانہ ہوا اور اسے مودود کے نائب کے قبضے سے چھڑا لیا گیا۔

پھر وہ ماردین کی طرف روانہ ہوئے اور اس کا محاصرہ کر لیا تا آنکہ اس کا حاکم ایلغازی ان کا مطیع ہو گیا اور اس نے اپنے فرزند ایاز کو اس لشکر کے ساتھ روانہ کیا پھر یہ مجاہدین رہا گئے اور ماہ ذوالحجہ ۵۰۸ھ میں ستر دن وہ اس کا محاصرہ کرتے رہے مگر اسے فتح نہیں کر سکے اور مسلمانوں کے پاس خوراک کی رسد کم ہو گئی۔ اس لیے وہ شمشاط اور سروج کی طرف کوچ کر گئے اور ان علاقوں کو خوب تباہ کیا اور اسی اثناء میں مرعش کیسوم اور رعبان کا فرنگی حاکم ہلاک ہو گیا اور اس کے بعد اس کی بیوی حاکم ہوئی۔ اس نے فرنگیوں کے برخلاف برسقی کی اطاعت کرنے کا پیغام بھیجا۔ لہٰذا اس نے وہاں خاتون حکمران کی طرف خابور کے حاکم کو بھیجا تو اس (ملکہ) نے اس کے ہاتھ مال و دولت اور تحائف بھیجے اور مسلمانوں کی اطاعت کا اقرار کیا۔ اس لیے اس کے پاس جو فرنگی تھے وہ انطاکیہ چلے گئے۔

سلطانی لشکر کا جہاد: سلطان محمد دمشق کے حاکم ظفر کیمن سے ناراض تھا کیونکہ وہ مودود کے قتل کا ملزم تھا۔ لہٰذا وہ باغی ہو گیا اور سلطان کا مخالف بن گیا۔ ماردین کے حاکم ایلغازی نے مخالفت میں اس کا ساتھ دیا کیونکہ اس کے اور برسقی کے درمیان دشمنی تھی لہٰذا سلطان کو ان دونوں کی مخالفت اور فرنگیوں کی جنگ کی وجہ سے بہت پریشانی ہوئی کیونکہ فرنگیوں کی طاقت بہت زیادہ ہو گئی تھی۔

لہٰذا اس نے حاکم ہمدان امیر برسق کے ساتھ مل کر فوجوں کو تیار کیا اس کے ساتھ امیر جیوش بیگ، امیر کسری اور موصل و الجزیرہ کی فوجیں بھی تھیں۔ سلطان نے انہیں حکم دیا تھا کہ ایلغازی اور ظفر کیمن کی سرکوبی کے بعد فرنگیوں سے جہاد کریں۔

متحدہ لشکر کی فتوحات: چنانچہ وہ ماہ رمضان المبارک ۵۰۹ھ میں جہاد کے لیے روانہ ہوئے انہوں نے رقہ کے مقام پر دریائے فرات کو عبور کیا اور حلب پہنچے۔ وہاں رضوان کے بعد لؤلؤ الخادم حاکم حلب تھا اور وہاں کی فوج کا سردار شمس الخواص تھا۔ اسلامی لشکر نے ان دونوں کے سامنے سلطان کے وہ خطوط پیش کیے جن میں شہر کو ان کے حوالے کرنے کے لیے لکھا گیا تھا۔ انہوں نے جواب کو ٹالا اور ایلغازی و ظفر کیمن سے فوجی امداد طلب کی۔ چنانچہ وہ دونوں دو ہزار سواروں کو لے کر وہاں پہنچے اور اس کے ذریعے مجاہدین کے لشکر کا مقابلہ کیا۔ یہ حالت دیکھ کر امیر برسق حماۃ چلا گیا جو ظفر کیمن کے ماتحت تھا اس نے اسے فتح کر کے تین دن تک اسے لوٹا اور پھر اسے حاکم حمص امیر قرجان کے حوالے کر دیا۔ اس طرح وہ سلطان کے حکم کے مطابق ہر شہر فتح کرنے لگے۔ یہ بات دیگر حکام کو بہت ناگوار گزری اور ان کی نیتیں خراب ہونے لگیں۔

[illegible] جنگ کا منصوبہ [illegible] کی مدافعت کے لیے فوج طلب کی [illegible]

[illegible] [illegible]

[illegible] کیا جو فرنگیوں کے قبضہ میں تھا۔

[illegible]

[illegible] [illegible]

فرنگیوں کی دہشت [illegible] اور شام کے علاقوں کے مسلمان [illegible] سے خوفزدہ ہو گئے تھے۔

[illegible] کی جنگ [illegible]

[illegible]

نے اس پر قبضہ کر لیا۔

فرنگی بادشاہ کی موت: بیت المقدس کا فرنگی حاکم بغدوین ۵۱۲ھ کے آخر میں فوت ہو گیا۔ اس نے دیار مصر کو فتح کرنے کے لیے لشکر کشی کی تھی جب اس نے تنیس پہنچا تو رات کے وقت وہ بیمار ہو گیا اور وہ بیت المقدس لوٹ گیا۔ یہاں دم [illegible] گیا۔ اس وقت وہاں پر کوئی فرنگی حاکم بھی موجود تھا جو مسلمانوں کی قید میں تھا اور جسے بادشاہ نے رہا کیا تھا۔ مگر وہ اپنے علاقہ کی طرف لوٹ گیا۔

طغرتکین کی یلغار: حاکم دمشق طغرتکین فرنگیوں سے جنگ کرنے کے لیے روانہ ہوا تھا اور جب [illegible] پہنچا تو فرنگی حاکم نے اس کی طرف صلح کا پیغام بھیجا تو طغرتکین نے یہ شرط رکھی کہ وہ جنگی گروہ سے الگ ہو کر علاقہ چھوڑ دے۔ مگر اس فرنگی نے یہ شرط قبول نہیں کی۔ اس لیے طغرتکین طبریہ پہنچا اور وہاں کے گردونواح میں غارت گری کی۔ پھر وہاں سے عسقلان پہنچا تو اس کا مقابلہ مصری سپاہ سے تیز رفتاری سے ہوا جو بغدوین کے تعاقب میں آئی تھیں۔ تنگ آ کر اس نے [illegible] سے کوچ کیا تو انہیں [illegible] کیا ان کے حاکم نے طغرتکین سے مقابلہ کرنے کا حکم دیا تب ادھر طغرتکین نے ان کا تعاقب کیا اور دمشق واپس چلا گیا۔

مسلمانوں کی شکست: اس کے بعد [illegible] فرنگی فوج اذرعات پہنچ گئی تھی اور وہاں کے ایک قلعہ پر قبضہ کرنے کے ارادے سے خیمے لگا لیے۔ چنانچہ اس نے تاج الملوک بوری کو فوج دے کر ان کے مقابلے کے لیے بھیجا۔ اس نے ان فرنگیوں کو وہاں ایک پہاڑ میں محصور کر دیا یہاں تک کہ جب وہ اپنی زندگی سے مایوس ہو گئے تو انہوں نے جان پر کھیل کر دوبارہ حملہ کیا اور مسلمانوں کو شکست دے دی۔ اس کے بعد قتل و غارت گری کی۔ مسلمانوں کی یہ شکست خوردہ فوج دمشق واپس آ گئی۔

متحدہ حملے کی کوشش: اس واقعہ کے بعد طغرتکین حلب گیا تاکہ ایلغازی سے فوجی امداد حاصل کرے۔ اس نے اس کے ساتھ فوج کشی کرنے کا وعدہ کیا تھا مگر انہی دنوں یہ خبر آئی کہ فرنگیوں نے دمشق کی عملداری پر قبضہ کر لیا ہے اور حوران کو لوٹ کر اس کا صفایا کر دیا ہے۔ اس لیے طغرتکین بہت جلد دمشق چلا گیا اور ایلغازی ماردین چلا گیا تاکہ دونوں فوجوں کو اکٹھا کرے اور دونوں متحد ہو کر فرنگیوں کے خلاف جنگ کر سکیں۔

اہل حلب کی مصالحت: ۵۱۳ھ میں فرنگی لشکر حلب کے قریب پہنچ گئیں۔ انہوں نے عزاز پر قبضہ کر لیا اور شہر کا محاصرہ کر لیا۔ آخر کار شہر والوں نے اپنی جو پیداوار میں آدھی شرکت دے کر ان کے ساتھ صلح کی۔

شدید جنگ: پھر ایلغازی ماردین سے ترکمانوں، قبیلوں اور رضاکاروں پر مشتمل بیس ہزار فوج لے کر متوجہ ہو کر حلب سے آیا۔ اس کے ساتھ اسامہ بن مالک بن شبل الکلابی اور ایاز کے ساتھ امیر طغان ارسلان بن المکین بھی شریک جنگ تھے۔ فرنگی فوجیں اثارب کے قریب [illegible] کے مقام کی طرف روانہ ہو گئیں اور ایک تنگ جگہ پر پڑاؤ ڈال دیا۔ جہاں سے باہر نکلنے کے راستے مسدود تھے۔ انہوں نے جنگ کے لیے [illegible] مگر ایلغازی ان کے پاس پہنچ گیا جب کہ صبح [illegible]

[illegible] فوج [illegible] بھیج دیا۔

[illegible] نے [illegible] کے [illegible] مارے گئے۔ اس کے [illegible]
زخمی ہو کر [illegible] جان [illegible] ان کے [illegible] قیدی بنا لیے گئے۔

ترکیوں کو دوبارہ شکست [illegible] نے [illegible] کی [illegible] اور [illegible] کے [illegible] کر کے [illegible] لیا۔

جوگین کی شکست [illegible] کے [illegible] اس [illegible] اور [illegible] کے [illegible] نے [illegible] اپنے [illegible] کر لیا [illegible] ان کے [illegible] نے [illegible] کیا۔

[illegible] اس کے [illegible] نے [illegible] کے [illegible] اور [illegible] کیا۔

جوگین کی گرفتاری [illegible] بہرام [illegible] بھائی [illegible] نے [illegible] کیا [illegible] کے [illegible] کی طرف [illegible] بہرام [illegible] نے [illegible] کر [illegible] اپنے [illegible] بہرام [illegible] کے [illegible] کر دیا۔ اس کے ساتھ
اس کا خالہ زاد بھائی [illegible] بہت بڑا [illegible] تھا اور دوسرے [illegible] بھی قید تھے۔

قلعہ [illegible] پر قبضہ [illegible] بہرام [illegible] کے [illegible] ان کے قلعہ [illegible] کے [illegible] بہرام نے [illegible] اور ان کے [illegible] کے [illegible] کے ساتھ [illegible]

[illegible] فتح کر لیا۔

فرنگی حکام کا فرار [illegible]

[illegible] مقرر کیا۔

مصر کی سیاسی حکومت [illegible]

[illegible]

[illegible]

مصر پر فرنگی حملہ [illegible]

فتح مصر [illegible]

[illegible] کی فتح و شکست [illegible]

برسقی حلب پہنچا اور وہاں اس نے اپنے فرزند مسعود کو اپنا جانشین بنایا۔ خود دریائے فرات کو عبور کر کے موصل پہنچ گیا تاکہ فوجی کمک حاصل کرے اور پھر وہاں جا کر ان سے جہاد کرے مگر اسی عرصے میں کسی نے اسے قتل کر دیا۔ اس کے بجائے اس کا فرزند عز الدین مسعود تھوڑے عرصے کے لیے حاکم ہوا مگر ۵۲۱ھ میں وہ بھی فوت ہو گیا۔

زنگی خاندان اس کے بعد سلطان محمود نے عماد الدین زنگی بن آقسنقر اس کے بجائے موصل، الجزیرہ اور دیار بکر کا حاکم ہوا۔ چاروں طرف زنگی کا نام گونجنے لگا اور اس کے بعد اس کی سلطنت پر اس کے فرزند قابض ہوئے اور اپنے کارناموں کی وجہ سے ایک عظیم سلطنت بن گئی۔ جس کا ذکر الگ تفصیل سے کیا جائے گا۔

زنگی خاندان کی سلطنت سے ایوبی سلطنت قائم ہوئی چنانچہ فرنگیوں کی ان صلیبی جنگوں کا جو ان دونوں سلطنتوں کے زمانے میں ہوئیں ہم متعلقہ سلطنت کے حالات کے ساتھ ساتھ بیان کریں گے اور مختصر بیان نہ دیکھیں۔ یہاں ہم صرف وہ واقعات بیان کریں گے جن کا تعلق ان دونوں سلطنتوں سے نہیں ہے۔

صلیبی جنگجوؤں کا حملہ دمشق پھر فرنگی فوجیں ۵۲۳ھ میں اکٹھی ہوئیں اور دمشق کو فتح کرنے کے لیے روانہ ہوئیں۔ پھر وہ مرج الصفر آ کر خیمہ زن ہو گئیں۔ دمشق کے حاکم ظہیر الدین نے ترکمان وغیرہ کے ترکمانی سرداروں سے فوجی امداد طلب کی۔ چنانچہ یہ لوگ اس کی مدد کے لیے آئے۔

ظہیر الدین بذات خود ۵۲۳ھ کے آخر میں فرنگیوں کے مقابلے کے لیے نکلا اور بڑی بہادری سے ان سے جنگ کرتا رہا۔ یہاں تک کہ وہ میدان جنگ میں گھوڑے سے گر پڑا۔ اس کے ساتھیوں نے سمجھا کہ وہ مر گیا ہے اس لیے وہ سب بھاگ گئے۔ ظہیر الدین پھر گھوڑے پر سوار ہوا اور شکست خوردہ فوج کے ساتھ شامل ہو گیا۔

صلیبیوں کا فرار فرنگیوں نے مسلمانوں کی فوج کا تعاقب کیا۔ انہوں نے ترکمانوں کی پیدل فوج کو بہت نقصان پہنچایا تھا۔ جب فرنگی فوجیں تعاقب میں روانہ ہوئیں تو ترکمانوں کی پیدل فوج فرنگیوں کے خیموں کی طرف پلٹ گئی اور وہاں ان کا تمام مال و سامان لوٹ لیا اور وہاں جو لوگ موجود تھے انہیں قتل کر کے دمشق پہنچ گئے۔

جب فرنگی لشکر شکست خوردہ فوج کا تعاقب کر کے واپس آیا تو انہوں نے دیکھا کہ ان کے خیمے لٹ گئے ہیں۔ وہ بڑی ابتری کی حالت میں بھاگ گئے۔

دشمن کی متحدہ فوج سے مقابلہ ۵۴۳ھ میں جب کہ زنگی حاکم دمشق کو فتح کرنے کا ارادہ کر رہے تھے دمشق میں معین الدین انر صاحب کا وقت نہ تھا۔ فرنگی حکام کو اس کے قتل پر بہت افسوس ہوا اور بیت المقدس اٹھایا۔ فرانس کے فرنگی حکام اور وہ فرنگی جو سمندر کے راستے سے تجارت یا زیارت کے لیے آئے تھے سب اکٹھے ہوئے اور ایک بہت بڑی فوج لے کر دمشق روانہ ہو گئے۔ اس متحدہ لشکر میں دو ہزار سوار تھے اور پیدل فوج بے شمار تھی۔

معین الدین نے عربوں اور ترکمانوں کی فوج میں سے آٹھ ہزار سوار فوج اکٹھی کر لی تھی۔ فرنگی ربیع الاول کے آخر تک دمشق پہنچے اور دمشق کا محاصرہ کر لیا۔ انہوں نے دمشق کے گرد و نواح میں ایک دن حملہ کرنے کے لیے فوجیں تیار کیں

ہو گیا اور [illegible] نے فتح کیا۔

فرنگیوں کو شکست

اسی سنہ میں تاج الملوک کو معلوم ہوا کہ فرنگی فوج کا ایک دستہ حوران میں گھس آیا ہے اس نے اپنے ایک مخصوص [illegible] شمس الخواص [illegible] کو فرنگی فوج کے مقابلے کے لیے بھیجا اس نے فرنگی فوجوں پر حملہ کیا اور ان کا [illegible] سامان [illegible] لے کر دمشق واپس آ گیا۔

فرنگی [illegible] کو جب اس کی شکست کی خبر ہوئی تو [illegible] قافلہ کا سامان [illegible] دمشق سے بھاگ گئے [illegible] ان کا تعاقب کر کے بہتوں کو قتل کیا اور قیدی بنا لیا۔

اس واقعہ کے بعد تاج الملوک [illegible] [illegible] فتح کر لیا۔

فرنگی حاکم کی شکست

جمادی الآخر [illegible] میں [illegible] ترکمانی فوجیں جمع ہوئیں اور انہوں نے [illegible] کیا [illegible] فرنگی حاکم [illegible] نے ان کے مقابلے کے لیے نکلا۔ انہوں نے اسے [illegible] شکست دی اور اسے بہت نقصان پہنچایا۔ وہ فرنگی حاکم [illegible] کے قلعہ [illegible] کی طرف بھاگ گیا اور وہاں قلعہ بند ہو گیا۔ جب ترکمانوں نے اس کا محاصرہ کیا [illegible] وقت [illegible] فوج [illegible] کے ساتھ نکل کر طرابلس چلا گیا اور ہر طرف سے فرنگیوں کو مدد کے لیے اکٹھا کیا اور انہیں لے کر ترکمان فوج کے مقابلے کے لیے گیا اور ان سے جنگ کی [illegible] ترکمانوں نے فرنگیوں کو شکست دی [illegible] کی طرف بھاگ گئے۔ چونکہ ترکمان فوج ان کا تعاقب نہیں کر سکتی تھی اس لیے واپس چلے گئے۔

بانیاس کی فتح

[illegible] تاج الملوک بوری [illegible] میں فوت ہو گیا [illegible] اس کا فرزند شمس الملوک [illegible] فرنگیوں نے [illegible] کی [illegible] مسلمان [illegible] پہنچتا فرنگیوں [illegible] شمس الملوک نے [illegible] انہوں نے [illegible] شمس الملوک [illegible] بانیاس کے قریب پہنچا اور اس کا محاصرہ کر لیا۔ مسلمانوں نے اس کی فصیل میں نقب لگا کر اسے فتح کر لیا اور وہاں کے فرنگیوں کا صفایا کیا۔ [illegible] شکست [illegible] قلعہ میں محصور ہو گئی [illegible] [illegible] مقابلہ کرنے کے لیے اکٹھے ہو گئے [illegible] [illegible] ہو گئے۔

شمس الملوک کے مجاہدانہ کارنامے

[illegible] شمس الملوک [illegible] [illegible] فرنگیوں [illegible] [illegible] [illegible] مسلمان اور فرنگی دونوں [illegible] رہتے تھے [illegible] ایک دوسرے کے [illegible] خواہش کر لیتا تھا۔

شمس الملوک نے [illegible] فتح کرنے [illegible] [illegible] میں [illegible] فرنگیوں [illegible] [illegible]

[illegible]

[illegible] کے افریقہ پر حملے [illegible]

[illegible] کے عزائم [illegible]

جزیرہ سسلی پر قبضہ [illegible]

روجر ثانی [illegible]

روجر ثانی کے حملے [illegible]

گزار دیتے تھے انہیں وہاں برقرار رکھا اور خود ان پر حکومت کرنے لگے۔

فرنگی قلعوں کی تسخیر: ۵۲۷ھ میں حاکم دمشق شمس الملوک اسماعیل نے امیر خرواش کے زیر قیادت مسلمان فوجیں طرابلس الشام کی طرف بھیجیں اس کے ساتھ ترکمانی فوج اور رضاکار تھے۔ طرابلس کا فرنگی حاکم مقابلے کے لیے آیا۔ مسلمانوں نے جنگ کر کے اسے شکست دی اور اس کی فوجوں کا تعاقب کر کے اسے طرابلس میں محصور کر دیا مسلمانوں نے اس کے بیرونی علاقے کو تباہ کر دیا اور اس کے قلعوں میں سے وادی ابن الاحمر کے قلعہ کو فتح کر لیا اور وہاں کے فرنگیوں کو قتل کیا۔

صلیبیوں کو عسقلان میں شکست: پھر ۵۲۵ھ میں فرنگی فوجیں عسقلان گئیں اور اس کے گرد و نواح کے علاقے کو تباہ کرنے لگیں۔ ان سے مصری فوجیں نکل کر مقابلے پر آ گئیں انہوں نے فرنگیوں کو شکست دی اور وہ ان پر غالب آ گئیں اور وہ شکست کھا کر واپس چلے گئے۔ اس طرح اللہ نے مسلمانوں کو ان کے شر سے بچا لیا۔

طرابلس الغرب میں صلیبی جنگ: جب افریقیہ میں صنہاجی سلطنت کا زوال ہوا اور طرابلس الغرب سے ان کا اقتدار جاتا رہا تو یہاں کے باشندے خود مختار ہو گئے تھے۔ خاندان بنو بادیس کا آخری بادشاہ حسن بن علی بن یحییٰ مہدیہ میں حکمران تھا مگر طرابلس الغرب میں ابو یحییٰ بن مطروح خود مختار حاکم ہو گیا تھا اور یہاں کے لوگوں نے حسن بن علی اور خاندان بنو بادیس کی ماتحتی قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا یہ واقعہ اس وقت پیش آیا تھا جب فرنگی چاروں طرف اقتدار حاصل کرنے کے لیے کوشش کر رہے تھے چنانچہ شاہ روجر نے اسے فتح کرنے کا ارادہ کیا اس نے بحری بیڑا بھیجا اور ۵۳۷ھ کے آخر میں وہاں جنگ کی اور اس کی فصیل میں نقب لگائی۔

صلیب پرستوں کو شکست: یہاں کے باشندوں نے عربوں سے فوجی امداد طلب کی۔ چنانچہ عربوں نے انہیں فوجی کمک پہنچائی اور وہ فرنگیوں کے مقابلے کے لیے پہنچے۔ انہوں نے فرنگیوں کو شکست دی اور ان کے ہتھیاروں اور مویشیوں کو لوٹ لیا۔

دیگر افریقی مقام پر حملے: فرنگی فوجیں جزیرہ سسلی (صقلیہ) واپس آ گئیں۔ پھر وہ مغرب کی طرف روانہ ہوئے اور بجایہ کے ساحلی مقام جیجل پر حملہ کیا۔ یہاں کے باشندے پہاڑ کی طرف بھاگ گئے انہوں نے اس مقام میں گھس کر اسے لوٹ لیا اور اس محل کو تباہ کر دیا جسے یحییٰ بن العزیز بن حماد نے تعمیر کرایا تھا اور اس کا نام القصر رکھا تھا۔ پھر وہ اپنے شہروں کی طرف واپس چلے گئے۔

دوبارہ جنگ: راجر نے دوبارہ ۵۴۱ھ میں ایک بحری بیڑا بھیجا جو طرابلس الغرب پر لنگر انداز ہو گیا اور ان کے جنگجو سپاہی وہیں خیمہ زن ہو گئے انہوں نے بری اور بحری دونوں راستوں سے اس کا محاصرہ کر لیا اور تین دن تک جنگ کرتے رہے۔

خانہ جنگی کے برے نتائج (یہ حقیقت عبرتناک ہے کہ) شہر والے فرنگیوں کی آمد سے پہلے باہمی اختلافات میں

مشغول تھے انہوں نے بنو مطروح کو نکال دیا تھا اور امرائے قوم میں سے ایک ایسے شخص کو اپنا حاکم بنا لیا تھا جو اپنی قوم کے ساتھ جنگ کرنے کے لیے نکلا تھا انہوں نے اسے اپنا حاکم تسلیم کیا تھا۔

چنانچہ جب شہر والے فرنگیوں کے ساتھ جنگ کرنے میں مشغول تھے تو اس وقت بنو مطروح کے حامیوں نے موقع غنیمت سمجھا اور انہوں نے اسے اور اس کی فوج کو شہر میں داخل کرا دیا۔ یوں شہر کے اندر خانہ جنگی شروع ہو گئی۔

طرابلس پر فرنگی قبضہ: جب فرنگی فوجوں کو اس خانہ جنگی کا علم ہوا تو انہوں نے بعجلت تمام فصیلوں پر سیڑھیاں لگا دیں اور ان کے ذریعے فصیلوں پر چڑھ کر وہ شہر میں گھس گئے اور اسے فتح کر لیا اور خوب لوٹ مار کی اور شہریوں کو قیدی بنا لیا۔ بہت سے باشندے عرب اور بربری بستیوں کی طرف بھاگ گئے۔

طرابلس کی آباد کاری: جب فرنگیوں نے قتل عام بند کیا اور عام معافی کا اعلان کیا تو مسلمان شہر واپس آئے اور فرنگیوں کو خراج دینا منظور کیا مسلمانوں نے چھ مہینے کے اندر فصیلوں اور شکستہ مقامات کی مرمت کر لی اور ابن مطروح کو اپنا حاکم بنا لیا اور اسے اطاعت کرنے کا پابند بنا لیا پھر صقلیہ (سسلی) میں اعلان کیا گیا کہ جو طرابلس جانا چاہے چلا جائے۔ چنانچہ وہاں لوگ آ گئے اور اس کی آبادی مکمل ہو گئی۔

افریقہ کی اسلامی سلطنت کا زوال: جب صنہاجہ سلطنت کا نظام بگڑ گیا تو قابس کے شہر پر بھی کچھ لوگوں نے قبضہ کر لیا اور دوسرے علاقے بھی خود مختار ہو گئے۔ انہی خود مختار امراء میں سے ابن کامل بن جامع بھی تھا۔ جو قبیلہ ہلال کی ایک شاخ قبیلہ ریاح سے تعلق رکھتا تھا۔ یہ وہ قبیلہ تھا جسے مصر میں فاطمی حکومت کے خلیفہ المستنصر کے وزیر جرجرائی نے معز بن بادیس اور اس کی قوم کے خلاف بھیجا تھا انہوں نے سلطنت کو کمزور کیا اور اس کا انتظام خراب کر دیا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ کچھ علاقوں پر انہوں نے قبضہ کر لیا اور کچھ علاقوں پر دوسرے قابض ہو گئے۔

مسلم حکام کی خانہ جنگیاں: انہی خود مختار حکام میں قابس کا حاکم بھی تھا یہاں کا حاکم رشید تھا۔ وہ ۵۴۲ھ میں فوت ہو گیا اس کے بعد اس کے آزاد کردہ غلام یوسف نے اس کے چھوٹے بیٹے محمد بن رشید کو حاکم بنایا اور اس کے بڑے فرزند معمر کو نکال دیا اور چھوٹے بیٹے محمد کو اپنے ماتحت رکھا۔ وہ پوشیدہ طور پر زنان خانے (حرم سرائے) میں بھی آمد و رفت رکھتا تھا۔ جہاں رشید کی بیوی بھی ہوتی تھی۔

یہ لوگ حاکم مہدیہ کے پاس اس کی شکایت لے کر گئے اور مہدیہ کے حاکم حسن بن علی نے یوسف سے اس بارے میں خط و کتابت کی مگر وہ نہیں مانا بلکہ اس نے دھمکی دی کہ وہ فرنگیوں کو قابس میں بلا لے گا۔

فرنگیوں سے ساز باز: اس لیے حاکم مہدیہ نے اس کے خلاف فوجیں بھیجنے کا ارادہ کیا۔ ادھر یوسف نے طرابلس الغرب کے فرنگی حاکم کو اپنی اطاعت کا پیغام بھیجا اور یہ درخواست کی کہ وہ اسے قابس کا اسی طرح حاکم بنا دے جس طرح اس نے ابن مطروح کو طرابلس الغرب کا حاکم بنایا ہے۔

یوسف کی ہلاکت قابس شہر کے باشندوں کو فرنگی حکام سے ان کی سختیوں کا علم ہو گیا تھا۔ چنانچہ جب حسن بن علی کی فوجیں وہاں پہنچیں تو اہل شہر نے ان فوجوں کے ساتھ مل کر اس کے خلاف اعلان بغاوت کر دیا۔ ایسی حالت میں یوسف محل میں محصور ہو گیا مگر اہل شہر نے محل پر بھی زبردستی قبضہ کر لیا اور یوسف کو گرفتار کر کے رشید کے بڑے بیٹے معمر کو قابس کا حاکم بنا دیا جو اپنے چھوٹے بھائی محمد کی جگہ پر حاکم مقرر ہوا تھا۔

یوسف کو مختلف انواع و اقسام کی تکالیف دی گئیں۔ یہاں تک کہ وہ ہلاک ہو گیا۔ یوسف کا بھائی عیسیٰ اور اس کا فرزند صقلیہ (سسلی) کے بادشاہ راجر کے پاس پہنچ گئے اور اس کی پناہ میں آ گئے۔

افریقہ میں قحط سالی: ادھر افریقیہ میں ۵۳۷ھ میں سخت گرانی ہو گئی تھی اور یہاں کے اکثر باشندے صقلیہ (سسلی) چلے گئے تھے۔ لوگ ایک دوسرے کو کھانے لگ گئے تھے۔ موت کے علاوہ وبا کی کثرت ہو گئی تھی۔ ایسی حالت میں راجر نے اس موقع کو غنیمت سمجھا۔

دشمن کے بحری بیڑے کی روانگی: راجر نے اس معاہدہ صلح کو توڑ دیا جو اس کے اور حاکم مہدیہ حسن بن علی کے درمیان کئی سالوں سے قائم تھا۔ چنانچہ اس نے اپنے بحری بیڑے کو ڈھائی سو کشتیوں سے تیار کیا اور انہیں جنگجو سپاہیوں اور ہتھیاروں سے مسلح کیا۔ اس بحری بیڑا کا افسر جرجی بن میخائیل تھا جو بھاگ کر آیا تھا اور جس کا حال ہم صقلیہ اور مہدیہ کے حالات میں بیان کر چکے ہیں۔

اس نے قوصرہ کا قصد کیا۔ وہاں اس نے مہدیہ کی ایک کشتی دیکھی۔ اس نے اسے روک لیا۔ اس نے وہاں کبوتر دیکھے تو اس نے ان کے پنجوں پر اس خبر کو باندھ کر مہدیہ بھیجا کہ "فرنگیوں کا بحری بیڑا قسطنطنیہ سے روانہ ہو کر بندرگاہ کے قریب بحر [illegible] پہنچ گیا ہے۔"

بحری بیڑہ کی ناکامی: مگر اللہ تعالیٰ نے ایسی ہوا چلائی کہ وہ مہدیہ کے قریب نہیں جا سکا۔ یوں اس کا قصد پورا نہ ہو سکا۔ اس لئے اس نے حسن بن علی حاکم مہدیہ کو یہ لکھ بھیجا کہ وہ صلح کے معاہدے پر قائم ہے۔ وہ محض اس لئے آیا ہے کہ محمد بن رشید کے انتقام کا مطالبہ کرے اور اسے اس کا شہر قابس واپس کرے۔

حسن بن علی کا فرار یہ سن کر حسن بن علی نے لوگوں کو جمع کیا اور ان سے مشورہ کیا۔ لوگوں نے جنگ کرنے کا مشورہ دیا مگر اس نے جنگ سے گریز کیا اور خوراک کی کمی کا عذر پیش کیا۔ اس کے بعد وہ اہل و عیال کے ساتھ مسلمانوں کو لے کر شہر سے نکل گئے۔ دوسرے باشندے بھی اپنے اہل و عیال اور ہلکا سا سامان لے کر چلے گئے۔ بہت سے مسلمان گرجوں میں چھپ گئے۔

فتح مہدیہ اس کے بعد فرنگیوں کے بحری بیڑہ کے لئے موافق ہوا چلی اور وہ مہدیہ کی بندرگاہ پہنچ گئے۔ وہ کسی مزاحمت کے بغیر شہر میں داخل ہو گئے۔ بحری بیڑا کا افسر جرجی شاہی محل میں داخل ہوا تو اس حالت میں محل میں سامان سے بھرا ہوا

[illegible]

حسن بن علی کا فرار [illegible]

[illegible] [illegible]

شمالی افریقہ میں مزید فرنگی فتوحات [illegible]

صلیبیوں کی شکست [illegible]

[illegible] کے باہمی اختلافات [illegible]

روجر ثانی کی موت [illegible]

نے قتل عام کیا مگر علماء اور دینی پیشواؤں کو چھوڑ دیا اس لیے وہ اپنے اہل و عیال اور مال و دولت لے کر دیہاتوں میں چلے گئے وہاں وہ دس دن تک رہا۔ پھر وہ مہدیہ ہوتے ہوئے سسلی واپس آ گیا۔

روجر ثانی نے بونہ میں مسلمانوں کے ساتھ امیر البحر کی نرمی کو ناپسند کیا۔ اس لیے اس نے اس کو قید کر دیا۔ پھر اس نے اس پر خلاف مذہب الزامات بھی لگائے چنانچہ بڑے بڑے عیسائی پادریوں نے جمع ہو کر اسے زندہ جلا دیا۔

اس سال کے آخر میں روجر ثانی بیس سال تک حکومت کرنے کے بعد فوت ہو گیا تو اس کے بجائے اس کا فرزند ولیم (غلیالم) تخت نشین ہوا۔ وہ بذات خود نیک خصلت تھا۔ مگر اس نے اپنا وزیر مائق البرقانی کو بنایا۔ اس کا انتظام بہت خراب تھا۔ اس لیے سسلی کے قلعہ داروں اور قلوریہ کے باشندوں نے اس کی مخالفت کی اور ان کے امراء نے افریقی باشندوں پر زیادتیاں کیں۔

صلیبیوں کی فتح عسقلان: عسقلان کا شہر فاطمی حاکم ظافر العلوی کے ماتحت تھا۔ فرنگی فوجیں بار بار اس کا محاصرہ کرتی تھیں۔ مصر کے وزراء اس شہر کی مدافعت مال، فوجوں اور ہتھیاروں کے ذریعے کرتے تھے کیونکہ وزراء کا فاطمی خلفاء پر قبضہ تھا۔

جب ۵۴۸ھ میں ابن السلار مارا گیا تو مصر کی سیاسی حالت ابتر ہو گئی۔ یہاں تک کہ عباس وزیر مقرر ہوا۔ اس ابتری کی حالت میں فرنگی فوجیں شام کے علاقے سے روانہ ہوئیں اور انہوں نے عسقلان کا محاصرہ کر لیا مگر وہ کامیاب نہیں ہو سکے پھر شہر والوں میں اندرونی اختلافات ہونے لگے یہاں تک کہ خانہ جنگی کی نوبت پہنچ گئی چنانچہ فرنگیوں نے اس موقع کو غنیمت جانا اور انہوں نے شہر کو فتح کر لیا اور اس کے بعد وہاں لوٹ مار کی۔

سسلی کی سلطنت کا زوال: روجر ثانی کے مرنے کے بعد اس کا فرزند ولیم (غلیالم) سسلی کا بادشاہ ہو گیا تھا۔ مگر اس کے وزیر کا انتظام درست نہیں تھا اس لیے لوگوں میں اختلاف برپا ہو گیا۔ اس اختلاف کی خبر افریقہ کے ان مسلمانوں کو بھی ہو گئی جو ان کے محکوم تھے۔

روجر نے شہر صفاقس کو فتح کرنے کے بعد مسلمانوں پر انہی کے ایک شخص ابوالحسین الفریانی کو حاکم بنا دیا تھا۔ وہ بڑا عالم اور بیدار تھا۔ جب وہ حکومت نہیں کر سکا تو اس نے اپنے بیٹے عمر کو حاکم بنانا چاہا تو روجر نے اسے حاکم بنا دیا اور ابوالحسین کو سسلی بلوا کر یرغمال کے طور پر رکھ لیا۔ ابوالحسین نے اپنے فرزند عمر کو یہ ہدایت کی تھی:

> "اے میرے پیارے فرزند! میں عمر رسیدہ ہوں اور میری موت قریب ہے اس لیے جب تمہیں موقع ملے تو تم مسلمانوں کو دشمن کے قبضے سے چھڑا لو اور میرے بارے میں کوئی اندیشہ نہ کرو۔"

اسلامی شہروں کی آزادی: چنانچہ جب موجودہ بادشاہ سسلی کے نظام حکومت میں خلل آ گیا تو عمر نے صفاقس کے باشندوں کو ہموار کر کے انہیں فرنگی حکام سے بغاوت پر آمادہ کیا چنانچہ وہ باغی ہو گئے اور انہوں نے ۵۵۱ھ میں فرنگیوں کو قتل کر دیا۔ اس کے بعد ابو یحییٰ بن مطروح طرابلس میں اور محمد بن رشید قابس میں واپس آ گئے (اور وہاں حکومت کرنے لگے)۔

(مغرب کے بادشاہ) عبدالمومن کا لشکر بونہ پہنچا اور اسے فتح کر لیا۔ اس طرح مہدیہ اور سوسہ کے علاوہ افریقہ سے

فرنگی حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔

اہل زویلہ کو پیغام آزادی: عمر الفریانی نے اہل زویلہ کو جو مہدیہ کے قریب رہتے تھے یہ پیغام دیا کہ وہ ان فرنگیوں پر حملہ کر دیں جو ان کے ساتھ ہیں۔ چنانچہ انہوں نے ان فرنگیوں پر حملہ کر دیا۔ ان کے آس پاس کے لوگوں نے بھی ان کی مدد کی۔ انہوں نے مہدیہ کے فرنگیوں کے ساتھ بھی جنگ کی اور ان کی خوراک کی رسد منقطع کر دی۔

ابوالحسین کی شہادت: سسلی کے بادشاہ کو جب یہ اطلاع ملی تو اس نے عمر الفریانی کو سفاقس پیغام بھیجا اور اس کے باپ کے انجام سے ڈرایا۔ عمر نے اس کے قاصد کے سامنے ایک نقلی جنازہ دکھا کر یہ کہا: "میں نے اسے دفن کر دیا ہے۔"

جب وہ قاصد یہ پیغام لے کر فرنگی بادشاہ کے پاس پہنچا تو اس نے ابوالحسن کو سولی پر چڑھا دیا اور وہ بھی شہید ہو گیا۔

اہل زویلہ کا قتل عام: سفاقس کے باشندے اور اہل عرب زویلہ کے مقام پر پہنچے اور وہاں کے باشندوں کے ساتھ مل کر مہدیہ کا محاصرہ کر لیا۔ سسلی کے بادشاہ نے مہدیہ والوں کو خوراک اور اسلحہ فراہم کیے اور اہل عرب کو مال و دولت دینی چاہی کہ وہ اپنے ساتھیوں کو چھوڑ کر چلے جائیں۔ پھر وہ جنگ کے لیے نکلے تو اہل عرب کو شکست ہوئی۔ اسی حالت میں اہل سفاقس بھی بحری راستے سے اپنے شہر چلے گئے مگر فرنگیوں نے ان کا تعاقب کیا اور انہیں زویلہ کے قریب پکڑ کر قتل کیا۔ پھر وہ زویلہ کے شہر میں بھی گھس گئے اور وہاں جو موجود تھے ان کا قتل عام کیا۔

سلطان عبدالمومن کا جہاد: اہل زویلہ کے ساتھ فرنگیوں نے جو وحشیانہ سلوک کیا تھا اس کے بارے میں وہ فریاد کرنے کے لیے مغرب کے بادشاہ عبدالمومن کے پاس پہنچے اور امداد کے لیے درخواست کی۔ بادشاہ نے ان کی فریاد رسی کی اور ان کی امداد کرنے کا وعدہ کیا۔ یہ لوگ اس کی مہمان نوازی اور لطف و کرم سے مستفید ہوتے رہے پھر اس نے فوج کشی کی تیاری کی اور اپنے حکام کو ہدایت کی کہ وہ پیداوار وصول کریں اور ترقی زراعت کے لیے کنویں کھدوائیں۔

فتح تونس: پھر وہ ماہ صفر ۵۵۴ھ میں ایک لاکھ فوج لے کر روانہ ہوئے۔ اس کی اگلی فوج مہدیہ کے حاکم حسن بن علی کی زیر قیادت تھی۔ اس فوج نے تونس کا اسی سال کے درمیانی عرصہ میں محاصرہ کر لیا۔ وہاں باقی ماندہ صنہاجی سلطنت کا ایک حاکم احمد بن خراسان حکومت کرتا تھا۔ شاہ عبدالمومن کے بحری بیڑے نے اس کا سمندر کی طرف سے بھی محاصرہ کر لیا۔ اس کے بعد شہر کے دس معزز افراد سیڑھیوں کے ذریعے شہر پناہ سے اترے اور انہوں نے نہ صرف اپنے لیے بلکہ تمام اہل شہر کے لیے پناہ کی درخواست کی۔ لہذا بادشاہ نے شہر والوں کو اس شرط پر پناہ دی کہ وہ اپنے مال میں انہیں بھی شریک کریں گے اور حاکم شہر احمد بن خراسان کو اس کے حوالے کر دیں گے۔

مہدیہ کا محاصرہ: جب یہ معاہدہ مکمل ہو گیا تو بادشاہ اپنی فوج لے کر مہدیہ کی طرف روانہ ہو گیا۔ اس کا بحری بیڑہ

سمندر میں ان کے آگے تھا۔ وہاں یہ فوج اسی سال کے ماہ رجب کی چودہ تاریخ کو پہنچ گئی۔ وہاں فرنگیوں کے شہزادے اور سپہ سالار تھے فرنگیوں نے مہدیہ سے تھوڑے فاصلے پر زویلہ کے مقام کو ویران کر دیا تھا لہٰذا شاہ عبدالمومن نے اسی وقت اسے آباد کر دیا اور مہدیہ کا بیرونی میدان اس کی فوج سے بھر گیا۔ اس نے چند دنوں تک شہر کا محاصرہ کیا چونکہ خشکی کے راستے سے میدان جنگ بہت تنگ تھا اور سمندر اسے گھیرے ہوئے تھا۔ اس لیے یہ شہر سمندر میں ایسے ہاتھ کی مانند تھی جس کا بازو خشک زمین میں ہو۔ بہرحال، بادشاہ کے بحری بیڑے نے سمندر میں اس کا محاصرہ کر لیا تھا۔

شاہ عبدالمومن بذات خود حسن بن علی کے ساتھ بحری بیڑے میں سوار ہو کر سمندر میں چاروں طرف شہر کا معائنہ کرتا رہا تو معلوم ہوا کہ وہ شہر بحری راستے سے بہت محفوظ ہے اس لیے اس نے محاصرہ کو طول دے دیا اور خوراک کی رسد جمع کر لی۔

افریقی حکام کی اطاعت: نیز صفاقس، طرابلس اور جبال نفوسہ کے باشندوں نے اس کی اطاعت قبول کرنے کے پیغام بھیجے۔ تاہم اس نے قابس کی طرف ایک لشکر بھیج کر اسے فتح کر لیا اس نے اپنے فرزند عبداللہ کو آس پاس کے علاقوں میں فوج دے کر بھیجا۔ چنانچہ اس نے وہاں بہت سے شہر فتح کر لیے۔

پھر بادشاہ کے پاس قفصہ کا حاکم یحییٰ بن تمیم اپنے معززین اور کبار سلطنت کے ساتھ آیا اور اپنی اطاعت کا اقرار کر لیا۔ اس پر شاہ عبدالمومن نے انعام کے طور پر اسے ایک ہزار دینار دیے۔

بحری جنگ: جب ماہ شعبان کا آخری دن ہوا تو سسلی (صقلیہ) سے ڈیڑھ سو کشتیوں کا ایک مسلح بحری بیڑہ وہاں ایک جزیرہ میں پہنچا اور اسے تاراج کر دیا اس کے بعد حاکم صقلیہ نے پیغام بھیجا کہ اس کا بحری بیڑہ مہدیہ کا قصد کر رہا ہے۔ جب وہ بندرگاہ کے قریب پہنچا تو شاہ عبدالمومن کے بحری بیڑوں نے اس وقت حملہ کیا جب کہ اس کی فوج خشکی پر موجود تھی۔

سلطان کی دعا کا اثر: یہ حالت دیکھ کر شاہ عبدالمومن سجدہ میں گر پڑا اور اپنے چہرہ کو خاک آلود کر کے خدا سے (فتح و نصرت کی) دعا مانگنے لگا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ فرنگی بحری بیڑہ کو شکست ہوئی اور وہ واپس چلے گئے مسلمانوں کا بحری بیڑہ فتح مند ہوا اس کے بعد مہدیہ کے باشندے فوجی امداد سے مایوس ہو گئے تاہم وہ سال کے آخر تک اس محاصرہ کو صبر کے ساتھ برداشت کرتے رہے جب وہ اس محاصرہ سے بہت تنگ آ گئے تو انہوں نے شاہ عبدالمومن کے سامنے ہتھیار ڈال دیے۔ شاہ موصوف نے فرنگیوں کو مسلمان ہونے کی دعوت دی۔

صلیب پرستوں کی واپسی: مگر انہوں نے اسلام قبول کرنے سے انکار کیا تاہم زبانی طور پر وہ اطاعت کا اقرار کرتے رہے آخرکار شاہ موصوف نے انہیں پناہ دی اور (وہاں سے چلے جانے کے لیے) انہیں کشتیاں دیں۔ اور وہ ان کشتیوں میں سوار ہو گئے۔ مگر چونکہ ان دنوں موسم سرما تھا اس لیے سمندر میں طوفان آ گیا اور وہ فرنگی ڈوب گئے اور بہت کم لوگ بچ سکے۔

فتح مہدیہ: آخر کار شاہ عبدالمومن ماہ محرم ۵۵۵ھ کو مہدیہ میں داخل ہو گیا۔ اس طرح فرنگیوں کی وہاں بارہ سال کی

حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔

شاہ موصوف وہاں تین دن رہا۔ اس نے شہر کے معاملات کو درست کیا اور وہاں فوج کے جو دستے متعین کیے اور ان لوگوں نے بکثرت سامان خوراک مہیا کیا اور اپنے ایک ساتھی کو وہاں کا حاکم مقرر کیا اس کے ساتھ (سابق حاکم) حسن بن علی کو بھی رکھا اور اس کے اور اس کی اولاد کے لیے جاگیریں مقرر کیں اور اپنے حاکم کو یہ ہدایت کی کہ وہ اس کے مشورہ اور رائے کے مطابق کام کیا کرے۔

شیر کوہ کا حملہ مصر: سلطان نور الدین العادل نے ۵۵۹ھ میں سلطان صلاح الدین کے چچا اسد الدین شیر کوہ بن شادی کو فوج دے کر بھیجا تاکہ وہ فاطمی خلیفہ العاضد کے وزیر شاور کی مدد کرے جو اپنے حریف ضرغام کے ساتھ جنگ کر رہا تھا۔

اس نے مزید ساتھ سلطان نور الدین خود بھی دمشق سے اپنی فوجیں لے کر فرنگیوں کے علاقے کی طرف روانہ ہوا تاکہ وہ فوجیں اسد الدین شیر کوہ کے خلاف جنگ کرنے سے رک جائیں۔ جب اسد الدین شیر کوہ مصر پہنچا تو ضرغام کا بھائی ناصر الدین مصری فوجیں لے کر مقابلہ کے لیے نکلا۔ اسد الدین شیر کوہ نے اسے تل بسطہ کے مقام پر شکست دی اور پھر اس کا تعاقب کیا پھر اس نے اس سال کے درمیانی زمانے میں قاہرہ فتح کر کے شاور کو مصر کا وزیر بنا دیا۔

وزیر مصر کی غداری: مگر شاور نے جلد ہی معاہدہ کی خلاف ورزی کی کیونکہ وہ اسد الدین شیر کوہ سے خائف تھا اس لیے اس نے پوشیدہ طور پر فرنگیوں کو اس کے خلاف جنگ کرنے کے لیے بلایا اور انہیں بہت مال و دولت کا لالچ دلوایا۔ لہٰذا وہ فرنگی مصری علاقوں کو فتح کرنے کا ارادہ کرنے لگے۔

بیت المقدس کا فرنگی بادشاہ فرنگی فوجوں کو لے کر روانہ ہوا اس کے ساتھ مسلمانوں کی فوجیں بھی شامل ہو گئیں اور وہ سب اسد الدین شیر کوہ کے ساتھ جنگ کرنے کے لیے روانہ ہو گئیں اور بلبیس کے مقام پر انہوں نے شیر کوہ کا محاصرہ کر لیا اور تین ماہ تک محاصرہ کرتے رہے مگر کامیاب نہیں ہو سکے۔

صلح کی درخواست: پھر انہیں یہ اطلاع ملی کہ نور الدین العادل نے ان کے ساتھی فرنگیوں کو حارم کے مقام پر شکست دے کر اسے فتح کر لیا ہے اور اس کے بعد وہ بانیاس روانہ ہو گیا ہے۔ اس خبر کو سن کر ان کے ہاتھوں کے طوطے اڑ گئے اور انہوں نے اسد الدین شیر کوہ سے مصالحت کی درخواست کی۔ لہٰذا وہ بلبیس سے شام کی طرف روانہ ہوا (اور ان سے صلح کر لی)۔

دوبارہ حملہ: سلطان اسد الدین شیر کوہ دوبارہ ۵۶۲ھ میں مصر آیا۔ اس نے دریائے نیل کو اطفیح کے مقام سے عبور کیا اور جیزہ میں اتر گیا۔ یہ خبر سن کر وزیر مصر شاور نے فرنگیوں سے فوجی امداد طلب کی تو وہ اپنی فوجیں لے کر اس کی طرف روانہ ہو گئے اور اسی وقت اسد الدین شیر کوہ بالائی مصر تک پہنچ گیا تھا اس لیے مصری اور فرنگی فوجیں اس کے تعاقب میں روانہ ہوئیں اور اسے جا پکڑا۔

شیرکوہ نے اپنے ساتھیوں سے مشورہ کیا۔ وہ سب جنگ کرنے پر متفق تھے۔ جب مصری اور فرنگی فوجیں وہاں پہنچیں تو وہ صف بندی کر رہا تھا۔

شیرکوہ کی کامیاب جنگی چال چنانچہ اس نے فوج کے قلب (مرکزی حصہ) میں زنگی فوجوں کے حصے کے اندر سے اپنا قائم مقام مقرر کر دیا اور خود اپنے منتخب دلیر ساتھیوں کے ساتھ میمنہ (دائیں طرف کی فوج) میں شامل ہو گیا۔

فرنگیوں نے اس کے قلب (مرکزی حصہ کی فوج) پر حملہ کیا اور اس حصہ فوج کو شکست دے کر اس کا تعاقب کیا۔

(اسد الدین شیرکوہ نے یہ چال چلی کہ) اس نے فرنگیوں کی غیر موجودگی میں ان کی فوج کے پچھلے حصہ پر جسے وہ چھوڑ گئے تھے حملہ کر کے اسے پسپا کر دیا اور ان کا قتل عام کیا۔ چنانچہ جب فرنگی فوجیں اس کے مرکزی حصے (قلب) پر حملہ کرنے کے بعد واپس آئیں تو شکست کھا گئیں اور ان کے ساتھی سب کو پسپا ہونا پڑا اور وہ سب مصر واپس چلے گئے۔

مشروط مصالحت اسد الدین شیرکوہ نے اسکندریہ پہنچ کر مصالحت کے ساتھ اس پر قبضہ کر لیا اور اپنے بھتیجے غازی صلاح الدین یوسف کو وہاں کا حاکم مقرر کیا۔ جب فرنگی فوجوں نے اس کا محاصرہ کیا تو اس کا چچا شیرکوہ بالائی مصر کی طرف چلا گیا۔ آخرکار فرنگیوں نے صلح کا پیغام بھیجا تو شیرکوہ نے مصالحت کے لیے یہ شرط رکھی کہ فرنگی اسے پچاس ہزار دینار (تاوان کے طور پر) دیں اور شہر میں کوئی فرنگی مقیم نہیں رہے گا اور وہ شہر کی کسی چیز پر قبضہ نہیں کریں گے۔

فرنگیوں نے یہ شرائط قبول کر لیں اور وہ شام واپس چلے گئے۔

صلیب پرستوں کا معاہدہ پھر اہل مصر نے اسکندریہ پر قبضہ کر لیا اور اہل مصر اور فرنگیوں کے درمیان یہ معاہدہ ہوا کہ قاہرہ میں ان کی نگران فوج رہے گی اور انہیں یہ اختیار حاصل ہو گا کہ وہ قاہرہ کے پھاٹک کھولنے اور بند کرنے کا انتظام کریں اور انہوں نے یہ شرط بھی رکھی کہ مصر کے خراج میں سے فرنگیوں کو ایک لاکھ دینار سالانہ دیے جائیں گے۔

یہ معاہدہ طے کرنے کے بعد فرنگی فوج شام کے ساحل پر اپنے شہروں کی طرف واپس چلی گئی۔

مصر کا محاصرہ قاہرہ میں فرنگیوں کے جو نگران تھے انہوں نے فرنگیوں کو یہ پیغام بھیجا کہ وہ آ کر مصر پر قبضہ کر لیں وہ اس سلسلے میں ان کا کام آسان کر دیں گے۔

اس زمانے میں شام کے فرنگیوں کا بادشاہ مری تھا۔ اس جیسا بہادر اور عقلمند بادشاہ ان میں سے اس سے پہلے کوئی نہیں آیا تھا۔ اس نے یہ مشورہ دیا کہ "مصر سے خراج وصول کرنا ہمارے لیے اسے فتح کرنے سے زیادہ بہتر ہے اور ممکن ہے کہ وہ مجبور ہو کر نور الدین کو اپنا مالک بنا دیں۔ پھر ہمیں اس سے پہلے اس کے بادشاہ کو اس سے جنگ اور مصالحت کرنے کی ضرورت محسوس ہوگی۔"

مگر فرنگیوں نے اس کا یہ مشورہ تسلیم نہیں کیا۔ وہ بولے:

"مصر کو فتح کر کے ہماری طاقت بڑھ جائے گی۔"

مجبور ہو کر اس کے بادشاہ نے ان کی رائے پر عمل کیا اور وہ سب مل کر مصر کی طرف روانہ ہوئے۔ یہ فرنگی فوجیں وہ

مصر (فسطاط) کی طرف بڑھیں تنیس کے مقام پر پہنچ گئیں۔ اور اسے فتح کر کے وہاں لوٹ مار کی۔ پھر انہوں نے قاہرہ کی طرف کوچ کیا اور اس کا محاصرہ کر لیا۔

آتش زدگی مصر کے وزیر شاور نے مصر (فسطاط) کو آگ لگانے کا حکم دیا اور یہ حکم بھی دیا کہ اس کے باشندے قاہرہ منتقل ہو جائیں۔ چنانچہ وہ شہر جل گیا اور وہاں کے باشندوں کا مال لوٹ لیا گیا۔ یہ آگ فرنگیوں کی آمد سے دو دن پہلے لگائی گئی تھی مگر یہ دو مہینے تک بھی نہیں بجھ سکی۔

فرنگیوں سے مصالحت: مصر کے فاطمی خلیفہ عاضد نے سلطان نورالدین کے پاس امداد کے لیے اپنا فریادی بھیجا۔ تاہم جب محاصرہ سخت ہو گیا تو وزیر مصر شاور نے فرنگیوں کے بادشاہ کو دس لاکھ دینار پر صلح کر لینے کی تجویز پیش کی اس کے ساتھ ساتھ اس نے یہ دھمکی بھی دی کہ بصورت دیگر سلطان نورالدین کی فوجیں وہاں پہنچ جائیں گی۔

فرنگیوں نے اس کی یہ تجویز مان لی اور مصری حکومت کی طرف سے ایک لاکھ دینار دے دیے گئے اور بقایا رقم مال کی وصولی کے بعد دینے کا وعدہ کیا گیا مگر وہ وصول نہیں ہو سکا اس لیے فرنگی بقایا رقم کا تقاضا کرتے رہے۔

شیرکوہ کی روانگی مصر: اس درمیانی مدت میں اہل مصر نے سلطان نورالدین کے پاس یہ پیغام بھیجا کہ وہ فرنگیوں کے خلاف ان کی فوجی امداد کرے اور وہ اسد الدین شیرکوہ کو ایک لشکر دے کر بھیجے جو مصر میں قیام کرے اور اس کے بدلے میں اہل مصر مصر کی آمدنی کا تہائی حصہ ادا کریں گے اور اسد الدین شیرکوہ کو جاگیریں دی جائیں گی اور فوج کے اخراجات برداشت کریں گے۔

(اس پیغام کے جواب میں) سلطان نورالدین نے اسد الدین شیرکوہ کو حمص سے بلوایا جہاں اس کی جاگیر تھی اس نے فوراً حکم دیا کہ وہ مصر کی طرف فوج کشی کرے۔ سلطان نے مویشی گھوڑوں اور ہتھیاروں کے علاوہ دو لاکھ دینار مزید اخراجات کے لیے دیے اور اسے فوج اور خزانوں کا خود مختار سپہ سالار بنا دیا۔ (وہ جنگی ضروریات کے لیے جو چاہے خرچ کر سکتا ہے)

چنانچہ شیرکوہ چھ ہزار فوج لے کر روانہ ہوا۔ اس نے فوج کی تمام خامیوں کو دور کیا اور ہر فوجی سوار کے لیے بیس دینار مقرر کیے اس کے ہمراہ دیگر امراء اور حکام بھی شامل تھے جن میں سے ان کا آزاد کردہ غلام عزالدین جردیک، عزالدین قلج، شرف الدین برغش، عین الدولہ یاروقی، قطب الدین ینال بن حسان اور اس کے بھائی ایوب کا فرزند غازی صلاح الدین یوسف قابل ذکر تھے۔

شیرکوہ کا استقبال جب اسد الدین شیرکوہ مصر کے قریب پہنچا تو (اس لشکر کی آمد کی خبر سن کر) فرنگی فوجیں وہاں سے رخصت ہو گئیں اور اپنے شہروں کی طرف روانہ ہو گئیں۔ شیرکوہ اس سال کے درمیانی عرصے میں مصر میں داخل ہو گیا تو خلیفہ عاضد نے (اس کا اور اس کی فوجوں کا استقبال کیا اور) اسے خلعت فاخرہ عطا کیا اور اس کی فوجوں کے بہت وظائف مقرر کیے۔

شاور کا قتل: مصر کے وزیر شاور نے اس دفعہ بھی متفقہ معاہدہ کو پورا کرنے میں ٹال مٹول سے کام لیا اور شیرکوہ کو گرفتار کر کے اس کی فوجوں کو فرنگیوں کے مقابلے میں استعمال کرنے کی سازش کی مگر یہ سازش کامیاب نہیں ہو سکی۔ کیونکہ اسد الدین شیرکوہ نے اس کے برے ارادوں کو بھانپ لیا تھا۔ لہٰذا اس کے بھتیجے صلاح الدین اور اس کے آزاد کردہ غلام عز الدین جردیک نے اسے امام شافعی کے مزار کے قریب پکڑ کر اسے قتل کر دیا۔

شیرکوہ کا انتظامِ سلطنت: اس کے بعد فاطمی خلیفہ عاضد نے اپنی سلطنت کا انتظام اسد الدین شیرکوہ کے سپرد کر دیا۔ اس کے بعد فرنگی فوجیں وہاں نہیں پہنچ سکیں۔

اسد الدین شیرکوہ کی وفات کے بعد سلطان صلاح الدین نے مصر کا انتظامِ سلطنت سنبھالا اور یہ اسلامی ملک فرنگیوں کی یلغار سے محفوظ ہو گیا۔ جیسا کہ ہم سلطان موصوف کے حالات میں بیان کریں گے۔

شہر دمیاط کا محاصرہ: جب اسد الدین شیرکوہ نے مصر کو فتح کر لیا تو فرنگیوں کو یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں وہ شام اور ساحلِ شام پر ان کے مقبوضہ علاقوں پر بھی قبضہ کر لے۔ اس لیے انہوں نے اپنی قوم اور خاندان کے ان باشندوں کو خطوط لکھے جو جزائرِ سسلی (صقلیہ) اور فرانس میں تھے کہ وہ مصر کو فتح کرنے میں ان کی فوجی امداد کریں۔ انہوں نے بیت المقدس سے اپنے عیسائی پادریوں اور راہبوں کو بھی ان ممالک کی طرف بھیجا تاکہ وہ انہیں مذہبی جوش دلا کر انہیں اپنی حمایت پر آمادہ کریں۔ انہوں نے ان سے (فرنگی) شہزادوں سے مصر کے شہر دمیاط آنے کا وعدہ لیا تاکہ انہیں معلوم ہو جائے کہ وہ اس شہر پر قبضہ کر کے سارے مصر کو فتح کرنے کا ذریعہ بنیں گے۔ لہٰذا وہ سب کے سب شہر دمیاط کے قریب جمع ہو گئے اور سلطان صلاح الدین کے ابتدائی عہدِ حکومت میں اس کا محاصرہ کر لیا۔

صلیب پرستوں کا مقابلہ: سلطان صلاح الدین نے اہلِ شہر کی فوج اور مال سے مدد کی اور وہاں بذاتِ خود پہنچا اس نے سلطان نور الدین کو بھی یہ پیغام بھیجا کہ وہ بہت جلد مصر فوجی کمک بھیجے کیونکہ مصر کو سخت خطرہ درپیش ہے۔ سلطان نور الدین نے اس پیغام کے بعد وہاں لگاتار فوجی کمک بھیجی اور خود بھی فوج لے کر شام کے فرنگی مقبوضات کی طرف کوچ کیا اور ان علاقوں کو تباہ و برباد کر دیا۔ ادھر فرنگی فوجوں نے پچاس دن تک دمیاط کا محاصرہ کیا اور اس کے بعد انہوں نے محاصرہ اٹھا لیا۔

فرنگیوں نے شام میں زنگی خاندان کے عہدِ حکومت اور ایوبی خاندان میں جو حملے کیے تھے ان کا حال ان دونوں حکومتوں کے واقعات میں بیان کیا جائے گا۔ اب صرف وہ واقعات بیان کیے جا رہے ہیں جن کا تعلق روم کے قبضے سے قسطنطنیہ کے فتح کرنے سے ہے۔

فتح قسطنطنیہ

جب ان صلیب پرست فرنگیوں نے شام کے اسلامی شہروں پر قبضہ کر لیا تو ان کے تعلقات قسطنطنیہ کے رومی حکومت کے ساتھ بھی تبدیل ہوتے رہے۔ کبھی ان کے ساتھ بھی جنگ ہوتی تھی اور کبھی صلح ہو جاتی تھی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ ان فرنگیوں نے مسلمانوں کی ان سرحدوں پر قبضہ کیا تھا جو رومی سرحدوں کے قریب تھیں اور یہ علاقے پہلے رومیوں کے قبضے میں تھے اس لیے مسلمانوں کے برخلاف رومیوں نے جنگ میں ان فرنگیوں کی مدد کی تھی مگر اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ان صلیب پرستوں نے آخر میں قسطنطنیہ بھی فتح کر لیا اور یہ تخت شہر رومیوں کے ہاتھ سے نکل گیا اور ایک عرصہ تک صلیبی فرنگیوں کے قبضہ میں رہا۔ آخر کار ان کے ایک رومی بادشاہ اشکری نے اس شہر کو ان صلیبی فرنگیوں کے قبضہ سے چھڑایا۔

فتح کے اسباب واقعات یہ ہیں کہ شاہ روم نے ان فرنگی بادشاہوں کے ساتھ رشتہ قائم کر لیا یعنی ان کی ایک لڑکی کی شادی روم کے بادشاہ سے ہوئی اور اس کے بطن سے ایک فرزند تولد ہوا جس کا ماموں افرنسیس تھا۔ اس کے والد کا بھائی اس پر چڑھ آیا اور اس نے اس کے قبضہ سے ملک کو چھین کر اسے قید کر دیا۔

مگر اس کا لڑکا کسی طرح وہاں سے بھاگ کر فرنگی بادشاہ کے پاس جو اس کا ماموں تھا چلا گیا۔ وہ ایسے زمانے میں اس کے پاس پہنچا تھا جبکہ فرنگی فوجیں بیت المقدس کو مسلمانوں کے قبضے سے چھڑانے کی تیاریاں کر رہی تھیں کیونکہ سلطان صلاح الدین نے بیت المقدس فتح کر لیا تھا لہٰذا بیت المقدس پر قبضہ کرنے کے لیے یورپ کے تین بادشاہ آئے ہوئے تھے ان میں سے ایک وینس کا بادشاہ تھا دوسرا وہ تھا جس کا بحری بیڑا تھا جس میں سوار ہو کر وہ اور اس کی فوج آئی ہوئی تھی وہ بہت بڑا عالم اور بوڑھا تھا اور ایک رہنما کے بغیر تو وہ سوار ہو سکتا تھا اور نہ چل سکتا تھا اور تیسرا شخص شاہ افرنسیس کا نمائندہ تھا جس کا نام مرکیش تھا۔ تیسرا بادشاہ ”کند افلید“ کے نام سے موسوم تھا۔ اس کی فوج کی تعداد سب سے زیادہ تھی۔

شاہ افرنسیس نے اپنے بھانجے کو ان کے ساتھ بھیجا اور فوج کو یہ ہدایت کی کہ وہ قسطنطنیہ پر اس کی بادشاہت کی حمایت کریں۔

رومیوں سے جنگ: چنانچہ یہ فوج ماہ ذوالقعدہ ۵۹۹ھ میں قسطنطنیہ پہنچی اس لڑکے کا چچا (جس نے تخت پر قبضہ کر لیا تھا) مقابلے کے لیے نکلا اور فوج سے جنگ کرتا رہا۔ اس لڑکے کے حامیوں نے گروہ بنا لی تھی شہر میں آگ لگا دی جس کی وجہ سے اس کا لشکر پریشان ہو کر واپس چلا گیا۔ پھر اس کے حامیوں نے شہر کا دروازہ کھول دیا اس طرح صلیبی فرنگی شہر میں گھس گئے اور اس لڑکے کا چچا بھاگ گیا۔ ان صلیبی فرنگیوں نے لڑکے کو بادشاہ بنا دیا۔

صلیبیوں کا قبضہ: فرنگیوں نے اس لڑکے کے والد کو قید خانے سے رہا کر دیا مگر حکومت پر خود قابض ہو گئے۔ انہوں نے عوام کا مال ضبط کر لیا اور فروخت کے مال پر بھی قبضہ کر لیا۔ وہاں کے گرجوں میں صلیبوں اور حضرت مسیح اور ان کے حواریوں کے بتوں پر جو سونا چڑھا ہوا تھا وہ سب انہوں نے نکال لیا اس طرح [illegible]

سے بھی روپیہ وصول کیا۔

اہل شہر کا محاصرہ: شہر کے رومیوں کو یہ حرکت بہت ناگوار محسوس ہوئی اس پر انہوں نے اس لڑکے کو پکڑ کر مار ڈالا اور شہر سے تمام صلیبی فرنگیوں کو نکال دیا۔ یہ واقعہ ہونے کے درمیانی عرصے میں ہوا۔ فرنگیوں نے شہر کے باہر ڈیرا جمایا اور شہر والوں کا محاصرہ کر لیا۔

رومیوں نے قونیہ کے بادشاہ رکن الدین سلیمان بن قلیج ارسلان سے اس کی فریاد کی مگر اس نے ان کی کوئی مدد نہیں کی۔

رومیوں کا قتل: شہر میں ان فرنگیوں میں سے بہت سے لوگ رہتے تھے جن کی تعداد تقریباً تین ہزار تھی۔ جب رومی فوجیں باہر ان سے فرنگی محاصرین سے مصروف جنگ ہو رہی تھیں تو اندرون شہر فرنگی فوجوں نے شہر کے اندر بغاوت کر دی اور شہر میں دو روز تک لڑائی رہی اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بیرون شہر کی فرنگی فوجیں اندر گھس آئیں اور شہر میں جا بجا آگ لگا دی اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بیرون شہر کی فرنگی فوجیں اندر گھس آئیں اور بعض فرنگیوں نے نہایت بری حالت میں بہت سے رومی بھاگ کر گرجوں میں چھپ گئے ان کا سب سے بڑا گرجا صوفیا تھا۔ مگر ان سے بھی نہ بچ سکے یہ لوگ وہاں بھی قتل ہوئے قتل و غارت کو روکنے کے لیے آگے بڑھے پادری اور عیسائی پیشوا انجیل اور صلیب ہاتھ میں لے کر (مذہب عیسوی کا واسطہ دیتے ہوئے) باہر نکلے مگر ان فرنگیوں نے انہیں بھی قتل کر دیا۔

نیا بادشاہ: اس کے بعد جب فرنگی بادشاہوں کے درمیان قسطنطنیہ کی غنیمت کے بارے میں جھگڑا ہوا آخرکار قرعہ اندازی ہوئی اور قرعہ میں کونٹ فلینڈرز کا نام نکلا تو وہ قسطنطنیہ کا بادشاہ ہوا۔ مگر شہر یونان کے کئی جزیرے اور جنوبی علاقے (کریٹ اور دوسرے جزیرے وغیرہ) وینس کے بادشاہوں کے ماتحت رہے اور فرانسیسی نوابوں کے قبضہ میں مشرقی حصہ رہا۔ مگر کچھ ہی عرصہ بعد بالڈون قسطنطنیہ کا بادشاہ ہو گیا اور اپنی وفات تک اس کا بادشاہ رہا۔

دوبارہ قبضہ: قسطنطنیہ کے مشرقی حصہ پر روم کا ایک بطریق (جان بٹاتزیس) قابض ہو گیا تھا جس کا دارالحکومت نائسیا تھا۔ وہ فرنگی بادشاہ کے مرنے کے بعد قسطنطنیہ پر قابض ہو گیا تھا اور اس نے اس شہر کو یورپ کے فرنگیوں اور صلیبیوں کے ہاتھ سے چھڑا لیا۔

باب : پنجم

دیار بکر کی سلطنت بنو ارتق

ارتق بن اکسک اسے اکسب بھی کہا جاتا ہے مگر اکسک زیادہ صحیح ہے۔ اصفہان ملک شاہ بن الپ ارسلان بن داؤد سلجوقی بادشاہ تھا تمام ترکمانیوں نے ان کی سلطنت میں قابل تعریف کارنامے انجام دیے۔ وہ حلوان اور اس کے قریبی اضلاع عراق کا حاکم تھا۔

ارتق کا حال: جب سلطان ملک شاہ نے ۴۷۷ھ میں موصل کا محاصرہ کرنے کے لیے فخر الدولہ بن جہیر کی سرکردگی میں فوجیں بھیجی تھیں تو اس نے ان کے بعد ارتق کی قیادت میں ایک دوسرا لشکر بھی اس مقصد کے لیے بھیجا۔ آمد کے مقام پر قریش نے شکست دی۔ پھر اس نے آمد کا محاصرہ کر لیا اور اندرونی طور پر اس نے [illegible] مال غنیمت دی جائے۔ اس کے بعد [illegible] پھر ارتق کو سلطان کی طرف سے خوف لاحق ہوا تو وہ سلطان تتش کے ساتھ مل گیا اور حلب کا محاصرہ کرنے کی [illegible] پر حملہ کیا۔ تتش نے اس کا مقابلہ کر کے اسے شکست دی۔ تاہم ارتق نے اس جنگ میں بڑی بہادری کے جوہر دکھائے۔

اس کے بعد تتش نے جب [illegible] کو فتح کر لیا [illegible] ارتق کو [illegible] دی اور اس نے اسے سلطان تتش سے پایا۔

ارتق کی وفات: جب بیت المقدس میں ارتق ۴۸۴ھ میں فوت ہو گیا تو اس کے دونوں فرزند ابو الغازی اور سقمان اس کے جانشین ہو گئے ان کے پاس رہا اور سروج کے علاقے تھے۔

انطاکیہ کا محاصرہ: جب ۴۹۱ھ میں فرنگیوں نے انطاکیہ کو فتح کر لیا تو شام کے امراء اور دیار بکر کے حکمرانوں نے ان کا محاصرہ کر لیا اس محاصرہ میں سقمان نے قابل تعریف کارنامے انجام دیے۔ پھر ان مسلمانوں کے نظام میں پھوٹ پڑ گئی اور وہ بھاگ گئے۔

بیت المقدس پر قبضہ: اہل مصر نے ان سے بیت المقدس کو چھیننے کا ارادہ کیا چنانچہ ملک افضل جو مصر کا خود مختار حکمران بن بیٹھا تھا فوجیں لے کر پہنچا اور اس نے چالیس دن تک ان کا محاصرہ کیا اور منجنیقیں لگا کر اس پر قبضہ کر لیا۔ ارتق کے دونوں فرزند سقمان اور ابو الغازی اور ان کا بھتیجا یاقوتی اور ان دونوں کا چچا زاد بھائی سونج (اس کے استقبال کے لیے) نکلے۔

افضل نے ان کے ساتھ اچھا سلوک کیا۔ پھر وہ بیت المقدس پر قبضہ کر کے مصر لوٹ آیا۔

پھر فرنگی فوجیں آ گئیں اور بیت المقدس پر قابض ہو گئیں۔ جیسا کہ سلجوقی سلطنت کے حالات میں بیان ہو چکا ہے۔

بنو ارتق کا حال: ابو الغازی عراق آ گیا اور وہاں بغداد کے کوتوال کے عہدہ پر سرفراز ہوا۔ اس کا بھائی سقمان رہا چلا گیا اور وہاں رہنے لگا، اس کی موصل کے حاکم کربوقا کے ساتھ بہت جھڑپیں ہوتی رہیں۔ ایک جنگ میں اس کا بھتیجا یاقوتی گرفتار کر لیا گیا تھا۔

کربوقا ۴۹۵ھ میں فوت ہو گیا اور اس کے بعد موسیٰ ترکمانی موصل کا حکمران ہوا، وہ قلعہ کیفا میں اس کا نائب تھا۔ جزیرہ ابن عمر کا حاکم جکرمش اس کے خلاف صف آرا ہوا اور اس نے اسے موصل میں محاصرہ کر لیا۔ اس موقع پر موسیٰ ترکمانی نے سقمان سے فوجی کمک طلب کی اور اس کے بدلے میں اس نے قلعہ کیفا دینے کا وعدہ کیا۔ اب سقمان فوج لے کر مدد کے لیے پہنچا اور جکرمش کو وہاں سے بھگا دیا۔ جب موسیٰ سقمان سے ملاقات کے لیے شہر سے باہر نکلا تو اس کے ایک ساتھی نے غداری کر کے موسیٰ کو قتل کر دیا۔ سقمان نے قلعہ کیفا جا کر اسے فتح کر لیا۔

متحدہ حملہ: پھر ابو الغازی اور کمشتکین الخصیری[1] کے درمیان جھگڑا پیدا ہو گیا کیونکہ قیصری کو سلطان برکیارق نے بغداد کا کوتوال بنا کر بھیجا۔ ابو الغازی سلطان محمد کی طرف سے پہلے سے اس عہدہ پر فائز تھا۔ اس لیے اس نے قیصری کو بغداد میں داخل ہونے سے روک دیا۔ پھر اس نے اپنے بھائی سقمان سے فوجی امداد طلب کی۔ چنانچہ وہ قلعہ کیفا سے اپنی فوج لے کر وہاں پہنچا اور اس نے تکریت کو لوٹ لیا۔ پھر ابو الغازی بھی اس کے پاس گیا اور اس کے ساتھ حاکم حلہ صدقہ بن مزید بھی شامل ہو گیا اور ان سب نے مل کر بغداد کے گرد و نواح میں تباہی مچائی اور شہر والوں پر بھی حملہ کیا۔

خلیفہ نے انہیں صلح کا پیغام بھیجا اور یہ وعدہ کیا کہ قیصری واسط چلا جائے گا۔ چنانچہ وہ واسط چلا گیا۔ اس کے بعد ابو الغازی بغداد آ گیا اور سقمان اپنے شہر کی طرف چلا گیا جیسا کہ ان کے حالات میں بیان کیا گیا ہے۔

سلطنت کی توسیع: پھر بلک بن بہرام جو سقمان کا بھتیجا تھا ۴۹۷ھ میں عرب کی قوم سے عانہ پر قابض ہو گیا۔ سروج کا شہر بھی اس کے قبضے میں تھا جسے فرنگیوں نے چھین لیا تو اس لیے وہ عانہ گیا اور اسے بنو یعیش بن عیسیٰ سے چھین لیا۔ انہوں نے صدقہ بن مزید حاکم حلہ سے فوجی کمک طلب کی تو وہ فوج لے کر وہاں گیا اور اس مقام کو بلک بن بہرام سے چھین کر انہیں یہ شہر لوٹا دیا اور خود (اپنے پایہ تخت) حلہ چلا آیا۔ اس کے واپس جانے کے بعد بلک نے پھر اس پر قبضہ کر لیا اور اپنے ملک میں قائم رہا۔

اتحاد و اختلاف: پھر ۴۹۹ھ میں سقمان اور جکرمش حاکم موصل دونوں فرنگیوں کے ساتھ جہاد کرنے پر متحد اور متفق ہو

---

[1] ابن الاثیر نے یہاں کمشتکین القیصری لکھا ہے مگر دوسرے مقامات پر الخصیری کے بجائے القیصری ہی لکھا ہے۔ ملاحظہ ہو تاریخ ابن خلدون ج ۵ ص ۱۰۔ (مترجم)

گئے۔ وہ حران کا محاصرہ کر رہے تھے۔ لہٰذا ایسی حالت میں انہوں نے باہمی تنازع کو موقوف کیا اور فرنگیوں کے ساتھ جہاد کرنے کے لیے نکلے۔ سقمان سات ہزار ترکمانی فوج کی قیادت کر رہا تھا۔ لہٰذا ان دونوں فوجوں نے فرنگیوں کو شکست دی اور رہا (اڈیسا) کے حاکم بردویل کو گرفتار کر لیا۔ اس کو گرفتار کرنے والے سقمان کے فوجی تھے مگر جکرمش کے ساتھیوں نے زبردستی کر کے اس فرنگی حاکم کو اپنا قیدی بنا لیا اور اس جھگڑے کی وجہ سے دونوں فوجیں ایک دوسرے سے الگ ہو گئیں اور وہ باہم ان میں جھگڑے اور اختلافات شروع ہو گئے۔

قلعہ ماردین کی تسخیر: ماردین کا قلعہ دیار بکر کے علاقے میں تھا۔ سلطان برکیارق نے اس کے تمام اضلاع سمیت اس کو اپنے ایک مغنی (گویے) کو جاگیر میں دے دیا تھا۔ یہ موصل کے صوبے سے متعلق تھا اور یہاں کردوں کی قوم آ کر راستے میں فتنہ فساد برپا کرتی تھی۔

یاقوتی کی گرفتاری: موصل کا حاکم کربوقا ایک دفعہ شہر آمد کا محاصرہ کرنے کے لیے روانہ ہوا جو کسی ترکمانی سردار کے قبضہ میں تھا۔ اس کے حاکم نے سقمان سے فوجی کمک طلب کی تو وہ اس کی مدد کے لیے گیا۔ مگر کربوقا نے سخت جنگ کے بعد اسے شکست دی۔ اس کا بھتیجا یاقوتی بن ارتق گرفتار ہو گیا تھا اور اسے مغنی کے پاس قلعہ ماردین میں مقید کیا گیا۔ چنانچہ وہ ایک طویل مدت تک وہاں مقید رہا۔ اس عرصے میں کردوں کی لوٹ مار میں اضافہ ہوتا رہا۔

کردوں سے مقابلہ: ایسے حالات میں یاقوتی نے قلعہ کے حاکم مغنی کو پیغام بھیجا کہ وہ اسے رہا کر دے تاکہ وہ شہر سے باہر رہ کر کردوں کا مقابلہ کرے۔ مغنی نے اسے رہا کر دیا اور وہ کردوں کی بستیوں پر خلاط کے علاقے تک حملہ کرتا تھا۔ قلعہ کے بعض سپاہی بھی اس کے ساتھ مل کر ان حملوں میں شریک ہوتے تھے (اس قسم کے حملوں کا عادی بننے کے بعد) اس نے قلعہ پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا۔ چنانچہ کردوں پر چھاپے مارنے کے بعد جب وہ واپس آیا تو اس نے قلعہ کے سپاہیوں کو بھی پکڑ لیا اور قلعہ کے قریب آ کر اس نے یہ اعلان کیا کہ اگر قلعہ کا دروازہ نہ کھولا گیا تو وہ ان کے سپاہیوں کو قتل کر دے گا۔ لہٰذا اہل قلعہ نے دروازہ کھول دیا تو اس نے داخل ہو کر قلعہ پر قبضہ کر لیا پھر اس نے لشکر اکٹھا کر کے نصیبین کی طرف کوچ کیا اور جزیرہ ابن عمر پر حملہ کر دیا جو جکرمش کے ماتحت تھا۔

یاقوتی کا قتل: جکرمش اور اس کے ساتھیوں نے جنگ میں اسے شکست دی اور اسے مار ڈالا۔ پھر خود جکرمش اس کے مرنے پر رو دیا۔

یاقوتی کی بیوی اس کے چچا سقمان کی بیٹی تھی وہ اس کے قتل کے بعد اپنے والد کے پاس چلی گئی اور اس نے ترکمانی فوج کو اکٹھا کرنا شروع کیا۔ سقمان ان ترکمانی فوجوں کو لے کر نصیبین پہنچا۔ وہاں پہنچ کر اس نے (اپنے بھتیجے کا) انتقام لینے کا ارادہ ترک کر دیا۔ کیونکہ جکرمش نے اس کے خون بہا (دیت) کے طور پر اس قدر مال و دولت دی کہ وہ خوش ہو گیا اور اپنے وطن لوٹ گیا۔

سقمان کی حکومت: یاقوتی کے مرنے کے بعد اس کا بھائی علی جکرمش کے ماتحت ماردین کا حاکم بن گیا۔ مگر سقمان نے

[illegible] بھتیجے کو قتل [illegible] کے قلعہ [illegible] اپنی حکومت [illegible] کر لیا۔ اس کے بعد [illegible] کے علاوہ اس نے حصن کیفا کو بھی اپنی سلطنت میں شامل کر لیا۔

سقمان کی وفات چونکہ فخر الملک بن عمار [illegible] نے سقمان بن ارتق سے فرنگیوں کے خلاف فوجی امداد طلب کی۔ وہ مصر کے [illegible] جب [illegible] فرنگیوں نے شام کے ساحلی شہروں پر [illegible] اس نے ۴۹۸ھ میں سقمان سے امداد طلب کی۔ سقمان نے اسے فوجی مدد دینے کا وعدہ کیا۔ [illegible] طغتکین [illegible] دمشق [illegible] تھا۔ لہٰذا سقمان فوج [illegible] کے بعد دمشق جائے گا۔ جب وہ قریتین کے مقام پر پہنچا تو [illegible] اپنے ساتھیوں [illegible] جائے۔ [illegible] سقمان [illegible] انتقال [illegible]

[illegible]

"[illegible]"

[illegible]

ابوالغازی کا حال [illegible] ۴۹۵ھ میں [illegible] بغداد [illegible] ابوالغازی [illegible]

ابوالغازی کی معزولی صدقہ بن مزید [illegible] ابوالغازی [illegible] بغداد [illegible] ابوالغازی [illegible] معزول کر دیا۔

[illegible]

ماردین پر قبضہ: ابوالغازی شام چلا گیا۔ اس نے وہاں پہنچ کر حلب کے حاکم رضوان بن تتش کو اس بات پر آمادہ کیا کہ وہ جکرمش کے مقبوضہ شہر نصیبین کا محاصرہ کرے۔ چنانچہ وہ دونوں فوج لے کر وہاں پہنچے اور شہر نصیبین کا محاصرہ کر لیا۔ اس وقت جکرمش نے رضوان کو ایک پیغام بھیجا جس میں رضوان کو ابوالغازی کے خلاف بھڑکایا گیا تھا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ دونوں کے تعلقات خراب ہو گئے اور نصیبین کا محاصرہ ختم کر کے وہ دونوں وہاں سے جدا ہو کر اپنے اپنے علاقوں کی طرف کوچ کر گئے۔ ابوالغازی قلعہ ماردین کی طرف چلا گیا۔ چونکہ اس کا بھائی سقمان مر چکا تھا۔ اس لیے اس نے آسانی کے ساتھ وہاں کا اقتدار سنبھال لیا۔

جکرمش کی حمایت۔ سلجوقی سلطان محمد نے ۵۰۲ھ میں مودود بن التونتکین کو جاولی سقاوہ کے بجائے موصل، جزیرہ اور دیار بکر کا حاکم بنایا۔ جاولی سقاوہ نے اس علاقے کو جکرمش سے چھینا تھا۔ جب مودود موصل پہنچا تو جاولی نصیبین چلا گیا۔ جو ان دنوں ابوالغازی کے ماتحت تھا۔ وہاں پہنچ کر اس نے تعاون اور فوجی امداد کے لیے ابوالغازی کو لکھا۔ پھر وہ اچانک ماردین ابوالغازی کے پاس پہنچ گیا اور اس سے فوجی امداد کے لیے درخواست کی۔ لہٰذا وہ اسے فوجی کمک پہنچانے پر مجبور ہو گیا۔ بلکہ وہ خود اس کے ساتھ فوج لے کر رحبہ آیا اور اس نے رحبہ کا ایک مدت تک محاصرہ کیا۔ جب وہ قابو پہنچا تو ابوالغازی بھاگ گیا اور وہاں سے نصیبین چلا آیا پھر وہ اپنے شہر واپس آ گیا اور جنگ کے معاملے میں پس و پیش کرتا رہا اور سخت اضطراب میں رہنے لگا۔

جہاد میں عدم شرکت۔ سلطان محمد نے ۵۰۵ھ میں امیر مودود کو فرنگیوں کے ساتھ جہاد کرنے کے لیے بھیجا اور یہ بھی حکم دیا کہ ہر علاقے کے حکام اس کے ساتھ جہاد میں شریک ہوں۔ ان میں دیار بکر کے حاکم سقمان القطبی، مراغہ کے حاکم احمد بیک، اربل کے حاکم ابوالہیجا اور ماردین کے حاکم ابوالغازی کے بیٹے شامل تھے۔ ابوالغازی کے سوا تمام حکام اس جہاد میں شریک ہوئے۔ تاہم ابوالغازی نے اپنے بیٹے ایاز کو لشکر دے کر وہاں بھیجا تھا۔

یہ تمام اسلامی فوجیں رہا کے مقام پر پہنچیں اور اس کا محاصرہ کر لیا۔ مگر انہیں کامیابی نہ ہوئی پھر وہ سروج کی طرف بڑھے تو وہاں بھی یہی حال رہا۔

مودود کا قتل: ۵۰۶ھ میں اسلامی لشکر نے فرنگیوں کے مقبوضہ شہروں کی طرف کوچ کیا اور طبریہ کے مقام پر انہیں شکست دی اور فرنگیوں کے شہروں کو تباہ کر دیا۔ اس کے بعد مودود دمشق واپس آ گئے اور مختلف علاقوں کی فوجیں منتشر ہو گئیں۔

امیر مودود موسم سرما گزارنے کے لیے حاکم دمشق طغتکین کے پاس مقیم ہوئے مگر اچانک انہیں قتل کر دیا گیا۔ طغتکین پر قتل کی سازش کا الزام لگایا گیا۔

اقسنقر کا تقرر: اس کے بعد سلطان محمد نے موصل کا حاکم اور مجاہدین کے لشکر کا سپہ سالار اقسنقر برسقی کو مقرر کیا اور اسے حکم دیا کہ وہ فرنگی صلیب پرستوں کے ساتھ جنگ کرے۔ سلطان نے دیگر حکام کو اس کی اطاعت کرنے کا حکم دیا اور [illegible]

فرزند ملک مسعود کو ایک لشکر جرار دے کر بھیجا تا کہ وہ بھی اس جہاد میں شریک ہو۔

ابوالغازی کا فرار: اقسنقر (جہاد کے لیے) ۵۰۸ھ میں روانہ ہوا مگر ابوالغازی بھاگ گیا اس لیے اقسنقر نے اس کا قلعہ ماردین میں محاصرہ کیا۔ آخرکار ابوالغازی دوست ہو گیا اور اس نے اپنے فرزند ایاز کو فوج دے کر بھیجا۔ اس کے بعد اسلامی لشکر نے رہا کا محاصرہ کیا اور اس کے مضافات کو تباہ کیا پھر سروج اور شمشاط کا بھی یہی حال کیا۔

مرعش اور کیسوم کے مقامات کے حاکم نے اطاعت قبول کر لی۔

فرزند کی گرفتاری: اقسنقر نے واپس آ کر ابوالغازی کے فرزند کو قید کر لیا اور ماردین کے دیہات کو لوٹ لیا۔ اس وقت ابوالغازی فوراً اپنے بھتیجے رکن الدولہ داؤد کے پاس گیا جو اس کے بھائی سقمان کا فرزند تھا اور قلعہ کیفا کا حاکم تھا اس نے اس سے فوجی امداد طلب کی۔ چنانچہ اس نے فوجی امداد دی اور دونوں مل کر ۵۰۸ھ کے آخر میں برسقی (اسلامی لشکر کے سپہ سالار) سے جنگ کرنے کے لیے آئے اور اسے شکست دے کر اس کے فرزند ایاز کو قید سے چھڑا لائے۔

فرنگیوں کے ساتھ ساز باز: سلطان نے ابوالغازی کو جنگ کی اطلاع کا پیغام بھجوایا تو وہ دمشق کے حاکم طغتکین کے پاس فریادی کی حیثیت سے پہنچا۔ چونکہ اس پر بھی مودود کے قتل کا الزام لگ چکا تھا۔ اس لیے طغتکین سلطان سے ناراض تھا۔ اس لیے دونوں نے فرنگیوں سے فوجی امداد حاصل کرنے کا فیصلہ کیا اور اس مقصد کے لیے انہوں نے انطاکیہ کے فرنگی حاکم کو پیغام بھجوایا۔ چنانچہ وہ ان دونوں سے ملنے کے لیے حمص کے قریب پہنچا اور ان سے باہمی امداد کا معاہدہ کر کے انطاکیہ چلا گیا۔

ابوالغازی کی گرفتاری: اس کے بعد ابوالغازی اپنے ساتھیوں کے ساتھ دیار بکر جا رہا تھا کہ حمص کا حاکم قیرجان راستے میں ملا۔ اس نے ابوالغازی کو گرفتار کر کے اسے قید کر لیا اور سلطان محمد کو اس کی اطلاع بھیج دی مگر وہاں سے کوئی جواب ابھی نہیں آیا تھا کہ اتنے میں طغتکین (حاکم دمشق) حمص پہنچا اور قیرجان کے پاس آیا (اور اس کی رہائی کا مطالبہ کیا) مگر قیرجان نے اس کو قتل کرنے پر اصرار کیا (تو طغتکین چلا گیا) بعد میں قیرجان نے (سلطان کی طرف سے کوئی جواب نہ آنے کی وجہ سے) ابوالغازی کو چھوڑ دیا اور اس سے وعدہ لیا کہ وہ کبھی بھی مخالفت نہیں کرے گا۔

ابوالغازی کے خلاف جنگ: وہاں سے ابوالغازی حلب چلا گیا۔ پھر سلطان نے ہمدان کے حاکم برسق بن برسق اور دیگر حکام کی زیر قیادت ابوالغازی سے جنگ کرنے کے لیے فوجیں بھیجیں۔ سلطان نے انہیں حکم دیا تھا کہ وہ اس کے بعد فرنگیوں سے جہاد کریں۔

چنانچہ یہ فوجیں حلب پہنچیں۔ وہاں کا حاکم لولو خادم تھا جو رضوان بن تتش کا آزاد کردہ غلام تھا اس نے رضوان کی حکومت کے بعد اس کے فرزند الپ ارسلان کو اپنی کفالت میں لے لیا تھا۔ اس کے بعد سپہ سالار شمس الخواص بھی (شریک حکومت) تھا اس لیے اس اسلامی لشکر نے ان دونوں سے مطالبہ کیا کہ وہ دونوں سلطان محمد کے تحریری حکم کے مطابق حلب کا

شیراز کے حوالے کر دیں۔

حماۃ کی تباہی مگر ابو الغازی اور طغتکین بہت جلد ان دونوں کی مدد کے لیے فوج لے کر آ پہنچے۔ اس وجہ سے حلب فتح نہیں ہو سکا البتہ یہ لشکر حماۃ پہنچا جو طغتکین کے ماتحت تھا اور وہیں اس کے ذخائر تھے۔ اسلامی لشکر نے اس شہر کو فتح کر کے اسے تباہ کیا اور وہ شہر حمص کے حاکم امیر قیرجان کے حوالے کر دیا۔ اس کے بدلے میں اس نے ابو الغازی کے فرزند ایاز کو (جو اس کے پاس یرغمال کے طور پر تھا) ان کے حوالے کر دیا۔

امداد کی درخواست: اس اثناء میں ابو الغازی، طغتکین اور شمس الخواص انطاکیہ کے فرنگی حاکم روجیل کے پاس پہنچے تھے تاکہ وہ شہر حماۃ کی مدافعت کے لیے ان کی امداد کرے۔ اس وقت ان کے پاس بیت المقدس کا فرنگی حاکم بغدوین اور طرابلس کا حاکم القمص وغیرہ بھی آئے ہوئے تھے۔ ان سب کا متفقہ فیصلہ یہ تھا کہ وہ جنگ کو طول دیتے رہیں تاکہ موسم سرما آنے پر یہ لشکر متفرق ہو جائے۔

فوجوں کی واپسی: فرنگیوں کا لشکر افامیہ میں موجود رہا اور جب یہ لشکر منتشر نہیں ہوا تو فرنگی فوجیں واپس چلی گئیں۔ طغتکین بھی اپنی فوج کے ساتھ دمشق واپس چلا گیا اور ابو الغازی ماردین واپس آ گیا اور فرنگی فوجیں بھی اپنے شہروں کی طرف واپس چلی گئیں۔

مسلمانوں کو شکست: اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ مسلمانوں نے کفر طاب کا مقام فتح کر لیا۔ انہوں نے حلب جانے کا ارادہ بھی کیا تھا مگر راستے میں انہیں انطاکیہ کا حاکم روجیل ملا جو پانچ سو سوار لے کر کفر طاب کی فرنگی فوجوں کی مدد کے لیے آیا تھا۔ اس جنگ میں مسلمانوں کو شکست ہوئی اور مسلمانوں کا سپہ سالار برسق اور اس کا بھائی شکست کھا کر اپنے شہروں کی طرف لوٹ گیا۔

ایاز کا قتل ابو الغازی کا فرزند ان کے پاس مقید تھا۔ ابن ... کی زیر نگرانی میں نظر بند تھا انہوں نے جنگ کے موقع پر اسے قتل کر دیا۔

لولو کی خود مختاری: حلب کا حاکم رضوان ۵۰۷ھ میں فوت ہو گیا تھا۔ اس کے بعد اس کی سلطنت کا انتظام لولو الخادم نے سنبھالا اور رضوان کے فرزند الپ ارسلان کو اس کا بادشاہ مقرر کیا۔ پھر اس سے ناراض ہو گیا اور اس کے بجائے اس کے بھائی سلطان شاہ کو بادشاہ مقرر کیا اور خود اس نے حکومت کے اختیارات سنبھال لیے۔

لولو الخادم کا قتل: ۵۱۱ھ میں وہ قلعہ جعبر گیا تاکہ وہ ملک بن سالم بن مالک سے ملاقات کرے۔ اس وقت ترکی غلاموں نے سازش کر کے اسے قتل کر دیا۔ اس کا قتل خرت برت کے مقام پر ہوا اور انہوں نے اس کے خزانوں پر قبضہ کر لیا مگر اہل حلب نے ان کا تعاقب کر کے ان سے خزانے اور دوسری چیزیں جو انہوں نے چھینی تھیں واپس لے لیں۔

لولو الخادم کے بجائے شمس الخواص ایک سردار اتابک مقرر ہوا مگر ایک ماہ کے بعد وہ معزول ہوا۔ اس کے بجائے

ابوالمعالی ملک شاہ کی اتالیقی حکمران مقرر ہوا لیکن وہ بھی معزول ہو گیا اور [illegible] کی جانب [illegible] کر لی گئی۔

ابوالغازی کی حکومت حلب: جب حلب کی حفاظت خطرے میں پڑ گئی اور اہل حلب کو یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں فرنگی حلب کو فتح نہ کر لیں اس لیے انہوں نے ابوالغازی بن ارتق کو جو ماردین سے آیا اور شہر کی حکومت اس کے سپرد کر دی۔ یوں رضوان بن تتش کے خاندان کا خاتمہ کیا اور اس کے بعد اس خاندان نے کبھی دوبارہ حکومت نہیں کی۔

جب ابوالغازی حلب کا حاکم بنا تو وہاں کا خزانہ خالی تھا اس لیے اس نے [illegible] کے خاندان کا مال [illegible] بہت مالدار ہو گئے تھے [illegible] فرنگیوں سے مصالحت کر لی۔

پھر وہ ماردین کی حفاظت کے لیے وہاں گیا اور حلب میں اپنا جانشین اپنے فرزند [illegible] کو بنایا۔

فرنگیوں سے جنگ: جب ابوالغازی حلب کا انتظام کر کے یہاں سے چلا گیا تو فرنگیوں اور حلب پر حملہ کرنے کے لیے مناسب موقع تلاش کیا چنانچہ انہوں نے دو طرف فوج کشی کی اور حلب کے ماتحت علاقوں [illegible] وغیرہ فتح کر لیے۔ پھر حلب نے شہر کا محاصرہ کر لیا۔ ایسے موقع پر اہل حلب کے لیے [illegible] کہ وہ ہر صورت میں اپنے شہر کی حفاظت کریں خواہ وہ جنگ کریں یا [illegible] صلح کرنے کی کوشش کریں۔

اسی حالت میں [illegible] کی طاقت نہ تھی انہوں نے فرنگیوں کو [illegible] دیا اور [illegible] تقسیم [illegible] جو شہر سے باہر تھیں [illegible] ساتھ ہیں۔

ابوالغازی کی پیش قدمی: پھر انہوں نے بغداد سے فوجی امداد حاصل کرنے کی کوشش کی مگر وہاں سے انہیں کوئی امداد نہیں ملی۔ اس لیے ابوالغازی نے مختلف مقامات سے فوجیں اور [illegible] جمع کیے جن کی تعداد تقریباً چالیس ہزار تھی۔ وہ فوجیں لے کر [illegible] کی طرف روانہ ہوا اس کے لشکر کے ساتھ [illegible] بھی تھے۔

فرنگیوں کو شکست: فرنگی سپہ سالار نے اثارب کے قلعے کے قریب پڑاؤ ڈالا ان کے ساتھ [illegible] سوار تھے اور [illegible] پیدل فوج تھی۔ [illegible] کے مقام پر صف آرا ہوئے جہاں مسلم بن قریش کو قتل کیا گیا تھا۔ وہ چاروں طرف سے پہاڑوں سے گھرا ہوا تھا [illegible] جب ان فرنگیوں کی ابوالغازی کے ساتھ جنگ ہوئی تو ابوالغازی کی [illegible] فرنگی ان حملوں [illegible] بہادری سے مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے لگاتار حملوں کا مقابلہ کرتے رہے مگر آخر انہیں شکست کھا کر بھاگنا پڑا [illegible] ہر طرف سے مسلمانوں نے [illegible] تلواروں سے حملہ کیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بہت کم فرنگی جان بچا سکے [illegible] اہل حلب نے [illegible]

دوبارہ شکست: جو فرنگی اس معرکے سے بچ نکلے تھے وہ فرنگیوں کی دوسری فوج کے ساتھ [illegible] دوبارہ حملہ آور ہوئے [illegible] مگر ابوالغازی نے انہیں شکست دی اور [illegible] کا قلعہ بھی فتح کیا۔

سلطان سے مصالحت: اس کے بعد وہ حلب واپس آ گیا اور شہر کے حالات درست کرنے کے بعد وہ دریائے فرات کو عبور کر کے ماردین آ گیا اس نے حلب پر اپنے فرزند سلیمان کو حکمران مقرر کیا۔ پھر جب ابن صدقہ ابو الغازی کے پاس پناہ لینے کے لیے پہنچا تو خلیفہ المسترشد باللہ نے سدید الدولہ کے ہاتھ ابو الغازی کو پیغام بھیجا کہ وہ اسے نکال دے[1]۔

پھر ابو الغازی اور سلطان محمود کے درمیان ایک معاہدہ صلح ہوا اور اطاعت کے ثبوت میں ابو الغازی نے اپنے فرزند کو اس کے پاس یرغمال کے طور پر بھیج دیا۔ صلح کا یہ معاہدہ کرنے کے بعد ابو الغازی لوٹ آیا اور اس کے بعد وہ ۵۱۵ھ میں پھر فرنگیوں سے جہاد کرنے کے لیے روانہ ہوا اور حلب کے مضافات میں ان سے جنگ کی اور کامیابی حاصل کی۔

فرنگیوں کا محاصرہ: پھر وہ اور حاکم دمشق طغرکین نے فرنگی فوجوں کا مشیرہ کے مقام پر محاصرہ کر لیا۔ پھر اس خیال سے کہ وہ سب کے سب فنا ہو جائیں گے انہیں قلعہ سے نکلنے کا راستہ دے دیا کہ وہ اس قلعہ سے نکل کر چلے جائیں۔

طریقۂ جنگ: ابو الغازی کا طریقہ یہ تھا کہ وہ جنگی مقامات پر تھوڑے عرصہ تک ٹھہرا رہتا تھا کیونکہ اس کی فوج میں ترکمانی سپاہیوں کی اکثریت تھی وہ آٹے کے تھیلے اور بکری کا خشک گوشت لے کر آتے تھے۔ اس لیے وہ زاد راہ اور خوراک کے ختم ہونے کے اندیشہ سے جلد واپس ہونے کی کوشش کرتا تھا۔

بیٹے کی بغاوت: ابو الغازی نے اپنے فرزند سلیمان کو حلب کا حاکم مقرر کیا تھا مگر اس کے کم عمر دوستوں نے اسے اپنے والد کے خلاف بھڑکا دیا۔ یہ خبر سن کر ابو الغازی اس کے پاس پہنچا تو اس کے بیٹے نے معذرت پیش کی اس لیے اس نے اس کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی البتہ اس نے اس کے ان برے دوستوں کو گرفتار کر لیا جنہوں نے اس کے خلاف سازش کرانے میں حصہ لیا تھا۔ اس سازش کا سرغنہ ایک افسر تھا جسے اس کے والد نے بچپن سے اٹھا کر پالا پوسا تھا اور وہ اس کے گھر ہی میں پل کر جوان ہوا تھا۔ ابو الغازی نے اس کی آنکھ پھوڑ دی اور اس کی زبان کاٹ دی۔

سازش کا دوسرا سرغنہ حماۃ کا باشندہ تھا جسے ابو الغازی نے اہل حلب کے سامنے پیش کیا پھر اس کی زبان بھی کاٹ دی اور اس کی آنکھ پھوڑ دی۔ جس کے بعد وہ مر گیا۔

ابو الغازی نے اپنے بیٹے کو بھی قتل کرنے کا ارادہ کیا تھا مگر شفقت پدری غالب آئی (اور اسے چھوڑ دیا) سلیمان دمشق بھاگ گیا اور حاکم دمشق طغرکین نے اس کے حق میں سفارش کی مگر اس نے اس کی سفارش قبول نہیں کی۔

نیا حاکم حلب: پھر ابو الغازی نے اپنے بھائی عبد الجبار کے فرزند سلیمان کو حلب کا حاکم مقرر کیا اور اس کا لقب

---

[1] اس واقعہ کی تفصیل تاریخ کامل ابن اثیر میں یوں درج ہے "خلیفہ المسترشد نے سدید الدولہ ابن الانباری کے ہاتھ ابو الغازی کے لیے خلعت بھیجی اور فرنگیوں کے خلاف اس کے کارنامہ پر اس کا شکریہ ادا کیا اور اسے حکم دیا کہ وہ دبیس کو نکال دے" ملاحظہ ہو

بدرالدولہ رکھا۔ پھر وہ ماردین واپس آ گیا۔ یہ تمام واقعات ۵۱۵ھ میں رونما ہوئے۔

دبیس کی سفارش: پھر ابوالغازی نے اپنے فرزند حسام الدین تمرتاش کو قاضی بہاء الدولہ ابوالحسن شہرزوری کے ساتھ (سلطان کے پاس) بھیجا تاکہ دبیس کے بارے میں سفارش کریں اور اس کے قصور معاف کرا اور رہنے کی ضمانت دے سکیں۔ مگر اس میں کامیابی نہیں ہو سکی۔ جب تمرتاش اپنے والد کی طرف واپس آنے لگے تو سلطان نے ان کے والد کو میافارقین کا شہر جاگیر میں عطا کیا۔ یہ شہر پہلے سقمان قطبی حاکم خلاط کے زیر حکومت تھا۔ لہٰذا ابوالغازی نے اس شہر پر قبضہ کر لیا اور یہ انہی کے ماتحت رہا تا آنکہ سلطان صلاح الدین بن ایوب نے ۵۸۰ھ میں اسے فتح کر لیا۔

فرنگی حاکم کی گرفتاری: (رہا) رہا اور سروج کے علاقوں کا حاکم جوسلین (فرنگی) تھا مالک بن بہرام نے عانہ کا شہر فتح کر لیا تھا۔ اس کے بعد وہ ۵۱۵ھ میں رہا کی طرف روانہ ہوا اور کئی دنوں تک اس شہر کا محاصرہ کرتا رہا مگر کامیاب نہیں ہو سکا۔ (اس لیے وہاں سے واپس چلا گیا) مگر شہر کے فرنگی حاکم نے فرنگی فوجوں کو اکٹھا کر لیا تھا اس لیے وہ مالک کی فوجوں کا تعاقب کرنے لگا۔ اس وقت مالک بن بہرام کی فوجیں منتشر ہو گئی تھیں اور اس کے ساتھ صرف چار سو سپاہی باقی رہ گئے تھے۔ فرنگی فوجیں اس کا تعاقب کرتے ہوئے نرم اور دلدلی زمین تک پہنچ گئیں۔ جہاں زمین کے اندر پانی جذب ہو چکا تھا۔ اس لیے فرنگی فوجوں کے گھوڑے دلدل میں پھنس گئے اور وہاں سے نہیں نکل سکے۔ ایسی حالت میں ملک بن بہرام کی فوجوں نے انہیں جا دبوچا اور انہیں گرفتار کر لیا اور انہوں نے فرنگی حاکم جوسلین کو بھی گرفتار کر کے اونٹ کی کھال میں بند کر دیا گیا۔ پھر اس سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ رہا کے شہر کو مسلمانوں کے حوالے کر دے مگر وہ اس پر رضامند نہیں ہوا۔ اس نے اپنی رہائی کے لیے زرفدیہ کے طور پر بہت سا مال دینا چاہا مگر مسلمانوں نے زرفدیہ قبول نہیں کیا اور اسے خرت برت کے مقام پر مقید کر دیا۔

ابوالغازی کی وفات: ماردین کا حاکم ابوالغازی ماہ رمضان ۵۱۶ھ میں فوت ہو گیا اس کے بعد اس کا فرزند حسام الدین تمرتاش ماردین کا حاکم ہوا اور دوسرا فرزند سلیمان میافارقین کا حاکم ہوا۔ حلب میں ان کے بھائی عبدالجبار کا فرزند سلیمان حاکم تھا۔ لہٰذا وہ حلب پر مستقل قابض ہو گیا۔

مالک بن بہرام کی فتوحات: مالک بن بہرام بن ارتق نے شہر حران کی طرف فوج کشی کی اور اس کا محاصرہ کر کے اسے فتح کر لیا۔ پھر اسے یہ اطلاع ملی کہ اس کے چچا عبدالجبار کا فرزند سلیمان فرنگیوں کا مقابلہ کرنے سے عاجز ہو گیا ہے اور اس نے فرنگیوں کو اثارب کا قلعہ دے دیا ہے۔ اس لیے اس نے ارادہ کیا کہ وہ خود اس کے علاقے پر قبضہ کر لے۔ چنانچہ ۵۱۷ھ میں بہار کے موسم میں اس نے حلب کی طرف فوج کشی کی اور شہر والوں کو پناہ دے کر حلب کو فتح کر لیا۔

فتح منبج: پھر مالک بن بہرام نے ۵۱۸ھ میں شہر منبج کی طرف کوچ کیا اور محاصرہ کرنے کے بعد شہر کو فتح کر لیا اور اس کے حاکم حسان بعلبکی کو مقید کر لیا۔ البتہ قلعہ کے باشندے قلعہ بند ہو گئے۔ اس لیے اس نے ان کا محاصرہ کر لیا۔ جب فرنگیوں نے اس کی فتوحات کا حال سنا تو وہ اس کے مقابلے کے لیے روانہ ہوئے تو اس نے قلعہ کا محاصرہ کرنے کے لیے ایک فوجی

دوست مقرر کیا اور خود فرنگیوں کا مقابلہ کرنے چلا گیا۔ جنگ میں اس نے فرنگیوں کو شکست دی اور ان کا قتل عام کیا۔ پھر منبج کے قلعہ کا محاصرہ کرنے کے لیے وہ ابھی چلا گیا اس محاصرہ میں ایک دن اسے تیر لگا جو مہلک ثابت ہوا۔ اس واقعہ سے اس کے لشکر میں ابتری پیدا ہوگئی اور وہ منتشر ہوگئے۔ حاکم شہر حسان بھی قید سے چھوٹ گیا۔

مالک کی شہادت: ماردین کا حاکم تمرتاش ابن الغازی اس کے ساتھ منبج کے محاصرے میں شریک تھا۔ چنانچہ جب مالک بن بہرام شہید ہوا تو وہ اس کی لاش حلب لے گیا اور وہاں اسے دفن کیا۔ پھر اس شہر پر قبضہ کرلیا۔ بعد میں وہاں اپنا جانشین مقرر کر کے ماردین لوٹ گیا۔

حلب کا طویل محاصرہ: ادھر فرنگیوں نے شہر صور کی طرف فوج کشی کی اور اسے فتح کرلیا۔ اس کے بعد انہوں نے مسلمانوں کے دوسرے شہروں کو فتح کرنے کا قصد کیا۔ اتنے میں دبیس بن صدقہ خلیفہ مسترشد کے واقعہ کے بعد بھاگ کر فرنگیوں کے پاس پہنچ گیا تھا۔ اس نے انہیں حلب کو فتح کرنے پر آمادہ کیا لہٰذا فرنگی حکام اسے لے کر روانہ ہوئے اور انہوں نے حلب کا محاصرہ کرلیا۔ محاصرہ کو طول دینے کے لیے انہوں نے شہر کے باہر مکانات تعمیر کرلیے تھے اس طرح یہ محاصرہ طویل ہوتا گیا اور خوراک کی قلت ہوگئی جس سے شہر والوں میں بے چینی پھیل گئی اور ان کا حاکم ان حالات کا مقابلہ کرنے میں ناکام ثابت ہو رہا ہے۔ ایسے موقع پر انہیں موصل کے حاکم برسقی سے بہتر کوئی شخص نظر نہیں آیا کیونکہ وہ اسلامی ریاستوں میں سب سے زیادہ طاقتور تھا اور اس کے پاس فوج بھی سب سے زیادہ تھی۔ اس لیے اہل حلب نے اپنی مدافعت کے لیے اسے بلایا اور اسے حکومت کرنے کی دعوت دی۔

برسقی کی حکومت: برسقی نے ان کے جواب میں یہ شرط رکھی کہ اس کے پہنچنے سے پہلے قلعہ پر قبضہ مل جائے تاکہ وہاں وہ اپنا دربان مقرر کر سکے۔ اس کے بعد وہ فوج لے کر روانہ ہوا۔ جب وہ فرنگیوں کی حدود کے قریب پہنچا تو وہ (اس کا مقابلہ کیے بغیر) اپنے شہروں کی طرف واپس ہوگئے۔ جب برسقی حلب پہنچا تو اہل حلب نے اس کا گرم جوشی کے ساتھ استقبال کیا۔ چنانچہ وہ شہر میں داخل ہو کر شہر اور اس کے متعلقہ اضلاع پر قابض ہوگیا۔ وہ اپنی وفات تک وہاں حکومت کرتا رہا۔

اس کے بعد اس کا فرزند عزالدین حلب کا حاکم مقرر ہوا۔ جب وہ بھی فوت ہوگیا تو سلطان محمود نے اتابک زنگی کو وہاں کا حاکم مقرر کیا۔ جیسا کہ ہم آگے چل کر حال بیان کریں گے۔

دیار بکر کے قلعوں کی تسخیر: حسام الدین تمرتاش ماردین واپس آگیا اور وہاں اس کی سلطنت قائم رہی۔ اس نے دیار بکر کے بہت سے قلعوں کو فتح کرلیا تھا یہاں تک کہ ۵۲۴ھ میں اس نے دیار بکر کا قلعہ ھانی بھی فتح کرلیا جو گذشتہ سلاطین بنو مروان کے قبضے میں تھا اور یہ ان کا آخری قلعہ تھا۔

طویل عہد حکومت: حسام الدین تمرتاش نے اپنے بھائی سلیمان سے میافارقین کا علاقہ بھی چھین لیا تھا اور یہ بھی اس کی مملکت میں شامل ہوگیا تھا۔ تمرتاش نے ماردین پر تیس سال تک حکومت کی یہاں تک کہ وہ ۵۴۷ھ میں فوت ہوگیا۔

تمرتاش کے جانشین- تمرتاش کی وفات کے بعد اس کا فرزند البی بن تمرتاش ماردین کا حاکم مقرر ہوا اور وہ اپنی وفات تک وہاں کا حاکم رہا۔ اس کے بعد اس کا فرزند ابوالغازی بن البی ماردین کا حاکم بنا۔ وہ بھی اپنی وفات تک حکومت کرتا رہا۔

مورخ ابن الاثیر نے ان دونوں کی تاریخ وفات نہیں تحریر کی ہے۔ مورخ حماۃ نے بھی یہ لکھا ہے کہ اسے بھی ان دونوں کی تاریخ وفات کا علم نہیں ہے۔

جب ابوالغازی بن البی بھی فوت ہو گیا تو نظام الملک البقش نے انتظام سلطنت سنبھالا۔ اس نے اس کا جانشین تمرتاش (پوتے کا نام) اس کے فرزند حسام الدین یولق ارسلان بن ابوالغازی بن البی کو مقرر کیا۔ وہ بچہ تھا اس لیے خودمختار حاکم نظام الملک البقش ہی رہا اور وہ اپنی مرضی کے مطابق حکومت کرتا رہا۔ چونکہ نوعمر حاکم کے سارے اختیارات اس کے ہاتھ میں تھے اور یہ حالت اس وقت تک باقی رہی جبکہ حسام الدین ۵۸۰ھ میں فوت ہوا۔ اس وقت تک البقش حکومت کرتا تھا۔

مورخ ابن اثیر نے اس شخص کا لقب حسام الدین ناصر الملک بیان کیا ہے۔

ماردین کا محاصرہ: اسی زمانے میں سلطان العادل ابوبکر بن ایوب نے ماردین کا قصد کیا۔ الجزیرہ کے تمام حکام اس سے خائف تھے اور وہ اسے نہیں روک سکتے تھے۔ پھر مصر کا حاکم عزیز بن صلاح الدین بھی فوت ہو گیا اور اس کا بھائی افضل حاکم ہوا جبکہ سلطان العادل نے اہل مصر و دمشق اور اہل تبریز کے ساتھ اپنے فرزند کامل کو بھیجا۔ انہوں نے ماردین کا محاصرہ کر لیا (اور محاصرہ بہت طویل مدت تک جاری رہا) ایسی حالت میں البقش نے جو قلعہ کا نگران تھا اطاعت کرنے اور قلعہ کو مقررہ مدت کے اندر حوالے کرنے کا پیغام بھیجا بشرطیکہ اس دوران وہ قلعہ والوں کو سامان فراہم کریں۔

سلطان عادل نے اپنے فرزند کو اس کے دروازے پر مقرر کر دیا تاکہ قلعہ کے اندر ضرورت سے زائد خوراک نہ داخل ہونے پائے۔ مگر اہل قلعہ نے اس کے فرزند کو مال دے کر رضامند کر لیا اور قلعہ کو خوراک سے بھر لیا۔ اسی اثناء میں سلطان نورالدین بن قرا ارسلان ان کی مدد کے لیے پہنچ گیا اور جنگ کرتا رہا یہاں تک کہ سلطان عادل کا لشکر شکست کھا گیا۔ اہل قلعہ نے بھی نکل کر اس کے فرزند کامل کے لشکر پر زبردست حملہ کیا جس کی وجہ سے وہ لشکر قلعہ سے کنارے ہو گئے۔

اس کے بعد حاکم ماردین حسام الدین یولق سلطان نورالدین کے پاس گیا اور اس سے ملاقات کر کے اس کا شکریہ ادا کیا اور پھر اپنے قلعہ کی طرف واپس آ گیا۔

نورالدین بھی اس کے پاس ٹھہرا ہوا تھا پھر وہ وہاں سے حران جانے کے ارادے سے کوچ کر گیا جیسا کہ ہم ان کی سلطنت کے حالات میں تفصیلاً بیان کریں گے۔

ارتق کی حکومت جب یولق ارسلان فوت ہو گیا تو لولو نظام نے اس کے بعد اس کے چھوٹے بھائی ناصرالدین ارتق ارسلان بن قطب الدین ابوالغازی کو حاکم مقرر کیا۔ مورخ ابن الاثیر نے اس کا سن وفات بھی تحریر نہیں کیا ہے۔ وہ بھی البقش کی نگرانی میں ۶۰۱ھ تک کام کرتا رہا۔ آخرکار ارتق اس کی نگرانی سے تنگ آ گیا۔ جب البقش ۶۰۱ھ میں بیمار ہوا تو

رکن الدین کی عیادت کے لیے آیا تو اسی وقت اس نے اس کے خادم ولولو کو اس کے قتل کرنے کے لیے کہا۔ ... بعد میں بھی اس نے ... پر قبضہ کر لیا۔ اس کے بعد وہ ماردین کا خود مختار بادشاہ بن گیا اور المظفر کا لقب اختیار کیا اور ۶۹۱ھ میں فوت ہو گیا۔

ارتق کے جانشین: اس کے بعد اس کا فرزند سعید نجم الدین غازی بن ارتق حاکم مقرر ہوا وہ ۷۱۲ھ میں فوت ہو گیا۔

اس کے بعد اس کا بھائی مظفر قرا ارسلان بن ارتق حکومت پر ... اس نے ایک سال یا اس سے کم عرصے تک حکومت کی۔ پھر اس کے بعد اس کے بھائی منصور نجم الدین غازی بن قرا ارسلان ... بیس سال تک حکومت کرتا رہا اور ۷۱۲ھ میں فوت ہو گیا۔ اس کے بعد اس کا فرزند منصور احمد حاکم ہوا اس نے تین سال تک حکومت کی۔ اس کے بعد اس کا فرزند الصالح محمود صرف چار مہینے تک حکمران رہا۔ ... کہ اس کا چچا ... فخر الدین ... المنصور ... کے ... سے ... روز ... اور خود حکومت کرنے لگا اور ۷۶۹ھ میں فوت ہوا۔

اس کے بعد اس کا فرزند مجد الدین عیسیٰ ماردین کا حاکم ہوا اور ابھی تک وہی ماردین کا بادشاہ ہے۔

تاتاریوں کی اطاعت: جب ہلاکو خان بن تولی بن چنگیز خان نے بغداد اور اس سے متصل علاقوں کو فتح کیا تو مظفر قرا ارسلان (حاکم ماردین) نے اس کی اطاعت قبول کی اور اپنی عملداری میں اس کے نام کا خطبہ (مساجد میں) پڑھوایا۔ اس کے جانشین بھی ... تاتاریوں کی اطاعت کرتے رہے۔ جب تاتاریوں کی حکومت کا ... ہوا جس کا نام ابو سعید بن خربندہ ہے تو ماردین ... اپنے ... سے خارج کر ... بادشاہ ... الملک الصالح ... سلطنت کے ... ماردین کا ... ہے۔

قلعہ کیفا کے حکام

داؤد بن سقمان اپنے والد سقمان اور اپنے بھائی ابراہیم کے بعد قلعہ کیفا کا حاکم ہوا۔ اس کی وفات کی تاریخ ہمیں معلوم نہیں ہے۔

نور الدین محمد: اس کے بعد نور الدین محمد بن قرا ارسلان ... قلعہ کیفا کا حاکم مقرر ہوا۔ اس کے اور سلطان غازی صاحب ... کے درمیان جو ... تھا اس نے سلطان صلاح الدین کو موصل کی جنگ میں اپنی امداد پہنچائی۔ ... سلطان صلاح الدین ... آمد کی لڑائی میں اس کی مدد کی ... چنانچہ صلاح الدین نے اس شہر کو ... ۵۷۹ھ میں ... آمد ابن نیسان سے چھین لیا ... پھر نور الدین محمد ... سلطان صلاح الدین کی فوجوں میں شامل ہو گیا جیسا کہ ہم سلطان صلاح الدین کے عہد کے واقعات میں اس کا ذکر کریں گے۔

قطب الدین سقمان: نور الدین محمد ۵۸۱ھ میں فوت ہوا۔ اس کے دو فرزند تھے چنانچہ اس کا بڑا فرزند قطب الدین

حکمران بادشاہ ہوا۔ اس کی سلطنت کا انتظام اس کے والد کے وزیر جمال الدین ابی اسحاق الاسعد کے سپرد ہوا۔ اس سے پہلے نور الدین محمد کا بھائی عماد الدین حکومت کا دعوے دار تھا مگر ہوا یہ کہ وہ اس وقت فوج لے کر موصل کے محاصرے میں سلطان صلاح الدین کی مدد کے لیے گیا ہوا تھا۔ جب اسے اپنے بھائی کی موت کی خبر ملی تو وہ یہ سمجھتے ہوئے کہ اس کے بھائی نور الدین کی اولاد صغیر السن ہے شہر پر قبضہ کرنے کے لیے روانہ ہوا مگر کامیاب نہیں ہو سکا اس لیے وہ خرت برت کے مقام پر حملہ آور ہوا اور اسے فتح کر کے اس کا مالک بن بیٹھا اور اس کے بعد یہ حکومت اس کے بیٹوں کو وراثت میں ملی۔

سلطان مسعود سے مصالحت: سلجوقی خاندان کا بادشاہ مسعود اتابک زنگی سے بہت زیادہ نفرت رکھتا تھا زنگی بھی سلطان مسعود سے اس مقصد سے تعلق پیدا رکھتا تھا کہ اسے اپنی طرف سے دور رکھے۔ پھر جب ۵۳۸ھ میں سلطان مسعود سب کاموں سے فارغ ہو گیا تو وہ اتابک زنگی کی سرکوبی اور موصل کا محاصرہ کرنے کے لیے بغداد آیا (زنگی کو جب یہ بات معلوم ہوئی تو) اس نے اسے اپنی طرف مائل کرنے اور خیر سگالی بڑھانے کے لیے پیغام بھیجا اور یہ وعدہ کیا کہ اگر وہ واپس چلا جائے تو وہ اس کو ایک لاکھ دینار پیش کرے گا۔ چنانچہ اس نے اس رقم کی ادائیگی بھی شروع کر دی تھی اور اس میں سے بیس ہزار دینار ادا کر دیے۔ اس کے بعد خود سلطان ایک مصیبت میں مبتلا ہو گیا جس سے اسے اتابک زنگی کے ساتھ نرم رویہ اختیار کرنے کی ضرورت ہوئی اس لیے اس نے باقی رقم معاف کر دی۔

زنگی نے بھی سلطان سے [illegible]

[illegible] زنگی نے اپنے [illegible]

[illegible]

زنگی نے سلطان کو یہ لکھا

"[illegible]"

زنگی اس تحریر سے [illegible]

دیار بکر کی فتوحات [illegible]

[illegible]

[illegible]

نصیر الدین جقری کا قتل [illegible]

[illegible]

قرامطیوں کی سرکوبی [illegible]

[illegible]

[illegible]

آئے۔ جب زین الدین علی ابن کچک آیا تو زنگی نے اس کو نصیر الدین کے بجائے قلعہ کا حاکم مقرر کیا۔ پھر موصل میں رہ کر محاذ جنگ کی خبروں کا انتظار کرتا رہا۔ اسے یہ اندیشہ تھا کہ وہ زنگی جو الجھ رہا ہے۔ تھم گئیں۔ ابا حاف آ گیا اس لیے زین الدین کے نجم الدین کو پیغام بھیجا گیا اور وہ قلعہ ان کے سپرد کر دیا گیا۔ یوں یہ مسلمانوں کے قبضہ میں رہا۔

قلعہ جعبر اور فنک کا محاصرہ: ۵۴۱ھ میں اتابک زنگی نے بلاد جعبر کے قلعہ کی طرف فوج کشی کی۔ اس کا نام دوسر بھی تھا اور یہ دریائے فرات پر واقع ہے اس کا حاکم سالم ابن مالک العقیلی تھا۔ سلطان ملک شاہ نے جب ان کے والد سے حلب حاصل کیا تھا تو اس کے بدلے میں سلطان مذکور نے اس کے والد کو یہ قلعہ جاگیر میں دیا تھا۔

اتابک زنگی نے جزیرہ ابن عمر سے دو فرسخ پر واقع قلعہ فنک کی طرف بھی ایک لشکر بھیجا تھا جس نے اس قلعہ کا محاصرہ کر لیا تھا۔ ان دنوں فنک کے قلعہ کا حاکم حسام الدین کردی تھا۔

اتابک زنگی کا قتل: اتابک زنگی نے جعبر کے قلعہ کا محاصرہ جاری رکھا۔ یہاں تک کہ حسان منبجی نے درمیان میں آ کر صلح کرانے کی کوشش کی (مگر کامیابی نہیں ہوئی) اور محاصرہ جاری رہا۔

قلعہ جعبر کے محاصرہ کے دوران یہ واقعہ پیش آیا کہ اتابک زنگی کے چند ترکی غلاموں نے اس کے خلاف سازش کر کے اچانک اسے قتل کر دیا اور پھر وہ جعبر کے قلعہ کے اندر پناہ گزین ہو گئے اور وہاں کے باشندوں کو اس کی اطلاع دی۔ چنانچہ انہوں نے شہر پناہ پر کھڑے ہو کر اس کے قتل کا اعلان کیا۔

یہ اعلان سن کر جب اس کے ساتھی اس کے پاس پہنچے تو وہ دم توڑ رہا تھا۔ اتابک زنگی کی شہادت کا واقعہ ربیع الآخر ۵۴۱ھ میں پیش آیا۔ اس وقت اس کی عمر ساٹھ سال کی تھی۔ اسے رقہ میں دفن کیا گیا۔

زنگی کی سیرت: اتابک زنگی اچھا سیاستدان اور مضبوط مزاج حاکم تھا۔ اس کا باپ [illegible] تھا۔ اس نے بہت سے شہر آباد کیے اور وہاں امن و امان قائم کیا وہ خدام کے برخلاف مظلوم کی داد رسی کرتا تھا وہ بہت دلیر اور خوددار حاکم اعظم تھا۔

زنگی کی شہادت کے بعد اس کا لشکر منتشر ہو گیا۔ ... اس کا حاکم مقرر تھا۔ ابن اثیر تحریر کرتا ہے: "میں نے ان کے بارے میں سنا کہ ان کی حکومت میں امن و انصاف کا طریقہ رائج تھا اور جو کوئی ان کے پاس پناہ کے لیے آتا تھا وہ اسے پناہ دیتے تھے۔ ان میں غیرت اور انصاف کا جذبہ بہت شدید ہے۔"

نور الدین حاکم حلب: اتابک زنگی کی شہادت کے بعد اس کے فرزند نور الدین محمود نے اپنے ہاتھ سے اس کی انگوٹھی اتار لی اور وہاں سے آ کر حلب پہنچا اور اس پر قبضہ کر لیا۔

سیف الدین غازی حاکم موصل: موصل میں ملک الپ ارسلان ابن سلطان محمود نے حاکم بننے کا دعویٰ کیا اور فوج کی ایک بڑی تعداد نے اس کی حمایت کی۔ اس نے موصل کا خود مختار بادشاہ بننا چاہا۔ اسی اثنا میں جمال الدین محمد بن علی ابن متولی قلعہ جعبر اور صلاح الدین محمد یاغیسیانی حاجب کے درمیان اس بات پر اتفاق ہو گیا کہ سلطنت موصل کا ملک

کے بچے کو تخت پر بٹھایا تھا، اس لیے وہ امرائے سلطنت سے ناراض ہو گئے تھے۔ یہ امراء سیف الدین غازی بن اتابک زنگی کو حاکم تسلیم کرتے تھے۔ ان کا مقصد یہ تھا کہ دمشق اور حلب کو بھی موصل کے ماتحت سمجھتے رہیں۔

ان دونوں امرائے سلطنت نے اسماعیل کو بچہ سمجھ کر دولت لوٹی اور عیش و عشرت میں مشغول رہے چنانچہ وہ ویسی ہی زندگی بسر کرتا رہا۔

الپ ارسلان کی گرفتاری

اس وقت سیف الدین غازی کی عمر تیرہ برس تھی جو ان دنوں موصل میں تھا۔ اس نے زین الدین علی کو جسے نور الدین موصل میں نائب مقرر کر گیا تھا حکم دیا کہ جو علاقہ اس کے پاس ہے۔

ادھر شہزادہ الپ ارسلان نور الدین کی طرف روانہ ہوا۔ حاجب [illegible] کی جماعت بھی اس کے ساتھ تھی۔ انہوں نے وہاں کے حاکم کو پیغام بھیجا کہ وہ بیعت کر لے اور الپ ارسلان سے تاخیر کی معذرت کرے تاکہ وہ موصل پر قبضہ کر سکے۔ جب وہ حلب کی طرف روانہ ہوئے تو وہ شہر کے پاس سے گزرے۔ وہ شہر [illegible] تھا۔ انہوں نے الپ ارسلان کو مجبور کیا کہ وہ دمشق کو فتح کرنے سے باز رہے۔

پھر انہوں نے سیف الدین غازی کو اس کا واقعہ بتایا۔ یہ بات سن کر مظفر الدین کی فوج نے الپ ارسلان کو گھیر لیا۔ سیف الدین غازی نے اپنی فوج بھیج کر اسے گرفتار کر لیا اور اسے قلعہ موصل میں قید کر دیا۔

اب سیف الدین غازی موصل اور [illegible] کا حاکم تھا۔ اس کا بھائی [illegible] حلب کا حاکم ہو گیا تھا۔ صلاح الدین ایوبی بھی اس کے پاس پہنچ گیا تھا اور اس کی خلافت کا [illegible]۔

اہل رہا کی بغاوت

اتابک زنگی کی وفات کے بعد رہا پر افرنگی حاکم جوسلین نے قبضہ کر لیا۔ جوسلین اپنے مقبوضہ علاقوں میں مقیم تھا۔ اس کے ہاتھوں سے یہ علاقہ نکل گیا تھا، اس پر اس کا [illegible] تھا۔ اس نے یہاں کے عیسائیوں کو خفیہ طور پر بغاوت پر آمادہ کیا تاکہ وہ شہر اس کے حوالے کر دیں۔ چنانچہ انہوں نے اس کی بات مان لی اور اس سے انہوں نے ایک مقررہ دن کا وعدہ کیا چنانچہ جوسلین اپنا لشکر لے کر وہاں پہنچا اور شہر پر قبضہ کر لیا مگر قلعہ محفوظ رہا۔

بغاوت کی سرکوبی

جب نور الدین محمود کے پاس یہ خبر پہنچی تو اس نے تیزی کے ساتھ اس طرف پیش قدمی کی۔ جب وہ پہنچا تو افرنگی حاکم جوسلین بھاگ گیا۔ پھر شہر پر قبضہ کر لیا گیا۔ نور الدین نے شہر کو لوٹا اور اس کے باشندوں کو قیدی بنا لیا۔ پھر وہ کوچ کر گیا۔

سیف الدین غازی نے بھی اس کی مدد کے لیے فوج بھیجی تھی لیکن راستے ہی میں تھی کہ نور الدین کے لوٹ جانے کا علم ہوا تو وہ واپس چلی گئی۔ یہ واقعہ ۵۴۱ھ میں ہوا۔

فتح بعلبک

اتابک زنگی کی وفات کے بعد حاکم دمشق نے بعلبک کو فتح کرنے کا ارادہ کیا۔ بعلبک کا حاکم نجم الدین ایوب بن شادی حکومت کرتا تھا۔ چونکہ اس کی مدد کو کوئی نہ پہنچ سکا اس لیے اس نے حاکم دمشق سے صلح کر لی اور

بعلبک کا شہر اس کے سپرد کر دیا۔ اس کے بدلے میں اسے جاگیر اور مال و دولت ملی اور دمشق کے علاقے کے دس دیہات بھی ملے چنانچہ وہ خود بھی حاکم دمشق کے ساتھ دمشق منتقل ہو گیا اور وہیں مستقل سکونت اختیار کر لی۔

فرنگیوں سے جہاد ۵۴۴ھ میں نور الدین محمود حلب سے جہاد کے لیے فرنگیوں کے علاقے کی طرف روانہ ہوا۔ اس نے ان کے شہر ارتاح کو فتح کر لیا اور دوسرے قلعوں کا محاصرہ کیا زنگی کی شہادت کے بعد فرنگیوں کا یہ خیال تھا کہ وہ اپنے چھینے ہوئے علاقے واپس لیں گے مگر اب انہیں معلوم ہوا کہ ان کا اندازہ غلط تھا۔

غازی کی تباہ کاری: اسی طرح ماردین اور کیفا کے حاکموں کو بھی یہ توقع تھی کہ وہ بھی اپنے علاقے واپس لے سکیں گے مگر جب سیف الدین غازی کی حکومت آئی تو وہ دیار بکر کی عملداری میں گھس گیا اور اس نے دارا اور دوسرے مقامات فتح کر لیے آگے بڑھ کر اس نے ماردین کا محاصرہ کر لیا اور اس کے گرد و نواح کو اس قدر تباہ کیا کہ وہاں کے حاکم حسام الدین تمرتاش کو اس کے مقابلے میں اتابک زنگی کی تباہ کاری ہیچ معلوم ہوئی حالانکہ وہ اس کا دشمن تھا بہر حال ان تباہ کاریوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس نے سیف الدین غازی سے صلح کر لی اور اپنی بیٹی کا اس کے ساتھ نکاح کر دیا مگر وہ رخصتی سے پہلے موصل چلا گیا۔ اس کے بعد وہ بیمار ہو کر رخصتی سے پہلے فوت ہو گیا۔ اس کے مرنے کے بعد اس کے بھائی قطب الدین نے اس لڑکی کے ساتھ دوبارہ نکاح کیا۔

فرنگیوں کا محاصرۂ دمشق۔ ہم نے پہلے دقاق بن تتش کے موالی طغتکین کے حالات میں بیان کیا تھا کہ یورپ کے ملک جرمنی کا بادشاہ ۵۴۳ھ میں شام پہنچا تھا اور اس نے (صلیبی) فرنگی فوجیں لے کر دمشق کا محاصرہ کیا تھا اس وقت وہاں کا حاکم مجیر الدین بن ابق تھا جو معین الدین انز موالی (جو اس کے دادا طغتکین کا غلام تھا) کے زیر تربیت تھا۔

مسلمانوں کا متحدہ مقابلہ۔ معین الدین نے سیف الدین غازی حاکم موصل کو پیغام بھیجا کہ وہ مسلمانوں کو فوجی امداد دے لہٰذا غازی نے لشکر تیار کر کے شام کی طرف فوج کشی کی۔ اس نے اپنے بھائی نور الدین کو بھی حلب سے بلوا لیا تھا ان لوگوں نے حمص میں قیام کیا اور فرنگی فوجوں کو محاصرہ سے روکنے کے لیے چنانچہ دمشق کے مسلمانوں کو ان فوجوں کے آنے سے تقویت پہنچی۔

معین الدین نے شام میں بسنے والی فرنگی فوج اور نو وارد جرمن فوج کو الگ الگ پیغام بھیجنے شروع کیے اور دونوں فوجوں میں نا اتفاقی پیدا کرنے کی کوشش کی۔ اس نے شامی فرنگی فوجوں کے لیے قلعہ بانیاس دینے کی پیش کش کی بشرطیکہ وہ وہاں سے کوچ کر جائیں۔ آخرکار اس کی سیاسی چالیں کامیاب ہو گئیں اور جرمنی کا بادشاہ دمشق سے چلا گیا اور قسطنطنیہ سے آگے شمالی سمت میں اپنے ملک لوٹ گیا۔ سیف الدین غازی اور اس کے بھائی نے مسلمانوں کی حمایت میں کارہائے نمایاں انجام دیے۔

فرنگی بادشاہوں کی آمد جب جرمنی کا بادشاہ شام پہنچا تھا تو اس کے ساتھ یورپ کے عیسائی بادشاہ (جو طاقتور خاندان سے تعلق رکھتا تھا) اور فونش کا فرزند بھی تھا۔ اس کے دادا نے مسلمانوں سے طرابلس الشام کو چھین لیا تھا جبکہ

(صلیبی) فرنگی شام پہنچ چکے تھے۔

اب ان کا پوتا جرمنی کے بادشاہ کے ساتھ آیا تھا۔ اس نے قصر العریمہ کو فتح کر لیا۔ اس کے بعد اس نے طرابلس الشام کو فرنگی حاکم القمص سے چھیننے کی کوشش کی۔ اس لیے اس نے نور الدین محمود اور معین الدین انز کو پیغام بھیجا۔ یہ دونوں جرمنی بادشاہ کے چلے جانے کے بعد بعلبک کے شہر میں ٹھہرے ہوئے تھے۔

فرنگی بادشاہوں کے خلاف جہاد: انہوں نے ان دونوں مسلمان حکمرانوں کو بہکایا کہ بادشاہ الفونس کے فرزند کے خلاف جنگ کا اعلان کریں۔ وہ اس بات پر آمادہ ہو گئے کیونکہ مدد کو قلعہ اس کے قبضے سے چھڑانا ہے۔ چنانچہ یہ دونوں ۵۴۳ھ میں فوج لے کر روانہ ہوئے۔ وہاں سے سیف الدین غازی کو بھی اسی قسم کا پیغام بھیجا جو موصل میں تھا۔ اس نے ان دونوں مسلمان حکمرانوں کی مدد کے لیے فوج روانہ کرنے کا حکم دیا اور صلاح الدین یاغی سیانی کی قیادت میں ایک لشکر بھیجا۔

فرنگی شہزادے کی گرفتاری: انہوں نے العریمہ کے قلعے کا چند دنوں تک محاصرہ کیا۔ پھر اس کی فصیل کو توڑ کر قلعے پر قبضہ کر لیا اور وہاں جو فرنگی باشندے تھے انہیں قید کر لیا۔ ان میں الفونس کا پوتا بھی شامل تھا۔ اس کے بعد سیف الدین کا لشکر واپس چلا گیا۔

صلیب پرستوں کو شکست: پھر نور الدین زنگی کو پتا چلا کہ فرنگی فوج تمام کے تمام مقام یغرا میں اکٹھی ہو رہی ہے تاکہ وہ حلب کے علاقے پر حملہ کریں۔ یہ سن کر وہ وہاں گیا اور انہیں شکست دے کر ان کا قتل عام کیا اور بہت سے لوگوں کو قیدی بنا لیا۔ اس نے وہاں کے مال غنیمت اور قیدیوں کو اپنے بھائی سیف الدین غازی اور خلیفہ مقتفی میں بھی تقسیم کیا۔

سیف الدین غازی کی وفات: سیف الدین غازی حاکم موصل نے ۵۴۴ھ کے آخر میں بیماری کی وجہ سے وفات پائی۔ اس نے تین سال دو مہینے تک حکومت کی۔ اس کا صرف ایک ہی فرزند تھا جو اپنے چچا نور الدین محمود کے پاس پرورش پاتا رہا۔ وہ نوعمری ہی میں فوت ہو گیا تھا۔ اس طرح غازی کی نسل منقطع ہو گئی۔

سیف الدین غازی کی سیرت: سیف الدین غازی بہت فیاض اور بہادر حکمران تھا۔ اس کا دستر خوان بہت وسیع تھا۔ صبح و شام (ہر روز) کھانا کھلاتا تھا اور ہر روز (کھانے کے موقع پر) ایک سو بکریاں ذبح کی جاتی تھیں۔

وہ پہلا حاکم تھا جو اپنے سر پر علم بلند کرتا تھا۔ اس نے یہ بھی حکم دیا تھا کہ تلواریں گلے میں لٹکانے کے بجائے پٹکے پر لٹکائی جائیں۔

اس نے فقہاء اور علماء کے لیے مدرسے تعمیر کرائے اور صوفیوں کے لیے خانقاہیں تعمیر کرائے۔

جب مشہور شاعر حیص بیص نے اس کی تعریف میں ایک قصیدہ پڑھا تو اس نے خلعت وغیرہ کے علاوہ ایک ہزار دینار انعام میں دیا۔

قطب الدین کی تخت نشینی: جب سیف الدین غازی فوت ہو گیا تو امیر جمال الدین اصفہانی وزیر اور زین الدین علی

نے بہت مستعدی دکھائی اور اس کے بھائی قطب الدین کو سلطان بنا دیا اور خلیفہ سے بادشاہ [illegible] کی جانشینی کا اعلان کر دیا۔ اس کی اطلاع کا خاطر خواہ اثر ہوا اور وہ تخت پر بیٹھا۔ اس وقت زین الدین اس کا نائب تھا۔ یہاں لوگوں نے اس کے ہاتھ پر بیعت کی اور حمص [illegible] ان کے بھائی کی عملداری میں رہنے والے سب باشندوں نے اس کی اطاعت قبول کر لی۔

قطب الدین نے خاتون بنت حسام الدین تمرتاش حاکم ماردین سے نکاح کیا۔ اس لڑکی سے ان کے بھائی (سیف الدین غازی) کا نکاح ہو چکا تھا مگر وہ رخصتی سے پہلے فوت ہو گیا تھا۔ اس خاتون کے بطن سے قطب الدین کی تمام اولاد پیدا ہوئی۔

نور الدین کا سنجار پر قبضہ: قطب الدین مودود موصل پر حکمران ہوا تو اس کا بھائی نور الدین محمود شام میں فرمانروا تھا۔ وہ بڑا بھائی تھا۔ جب [illegible] اس وقت [illegible] ان کے بھائی غازی کے مرنے کے بعد امراء نے [illegible] بیعت [illegible] نے اس کے [illegible] خود [illegible] کی [illegible] امراء میں [illegible] کا نائب [illegible] اس لیے اس [illegible] (اطاعت قبول کرنے کے بارے میں) خط و کتابت کی گئی۔ چنانچہ وہ اپنے امراء میں سے [illegible] کو لے کر [illegible] کی طرف روانہ ہوا اور اپنے ساتھیوں سے پہلے [illegible] شہر میں داخل ہو گیا۔ لوگوں نے اسے [illegible] صرف [illegible] آگے [illegible] (شمس الدین) [illegible] پہنچا [illegible] کی اطاعت قبول کی۔ پھر اس کے ساتھی بھی وہاں پہنچ گئے اور وہ سب [illegible] سنجار کی طرف روانہ ہوئے [illegible] اس کے ساتھ پیچھے [illegible] سنجار پہنچا [illegible] موصل کی طرف روانہ ہوا اور تلعفر پہنچ [illegible] فرزند شمس الدین [illegible] چھوڑ گیا تھا [illegible] یہاں [illegible] سنجار [illegible] کے حوالے کر دیا اور اس نے اس پر قبضہ کر لیا۔

اس نے رقہ کے حاکم فخر الدین قرا ارسلان [illegible] کو بلا بھیجا۔ وہ اپنی فوجوں کے ساتھ وہاں پہنچے۔

سلطنت کی تقسیم کا فیصلہ: اتنے میں سنجار پر قبضہ کی خبر جا کر موصل میں قطب الدین اور اس کے وزیر جمال الدین اور سپہ سالار زین الدین کو بھی پہنچی تو وہ سب اکٹھے ہو کر نور الدین سے جنگ کرنے کے لیے سنجار کی طرف روانہ ہوئے۔ وہ تل اعفر تک پہنچے تھے کہ انہوں نے اس سے جنگ کرنے سے گریز کیا۔ وزیر جمال الدین نے اسے مصالحت کرنے کا مشورہ دیا اور وہ صلح کرنے کے لیے بات چیت پر آمادہ ہوئے۔ [illegible] سنجار اپنے بھائی قطب الدین کو لوٹا دیا۔ اس کے بدلے میں اس کے بھائی سے حمص اور رحبہ اور شام کا علاقہ [illegible] لے لیا۔ اس طرح نور الدین محمود شام کا واحد حاکم ہو گیا اور اس کا بھائی قطب الدین الجزیرہ کے تمام علاقے کا واحد خود مختار حاکم تسلیم کیا گیا اور اب موصل پر دونوں نے اتفاق کر لیا۔ اس کے بعد نور الدین سنجار سے اپنے والد کے ذخیرہ کو لے کر حلب واپس چلا گیا۔

عہد نور الدین کے مشہور واقعات

انطاکیہ کے فرنگی حاکم کا قتل: نور الدین نے ۵۴۴ھ میں انطاکیہ پر حملہ کیا اور اس کے بہت سے قلعوں کو تباہ و برباد کر دیا جب وہ بعض قلعوں کا محاصرہ کر رہا تھا تو فرنگی فوجیں جمع ہو کر اس پر حملہ آور ہوئیں۔ نور الدین نے ان کا مقابلہ کیا اور اس موقع پر بڑے دلیرانہ کارنامے انجام دیئے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ فرنگی (صلیب پرستوں) کو شکست ہوئی اور انطاکیہ کا حاکم پرنس مارا گیا۔ وہ بہت سرکش حاکم تھا۔

اس کے بعد اس کا نابالغ بیٹا مسند حاکم بنایا گیا اس کی والدہ نے ایک دوسرے پرنس بطلی سے نکاح کر لیا تاکہ وہ اس کے بیٹے کی نگرانی کر سکے اور ملک کا انتظام چلا سکے۔

نور الدین نے اس پر بھی حملہ کیا اور جنگ میں اس کو شکست دی اور پرنس ثانی بھی قیدی بنا لیا گیا۔ اس طرح نابالغ بیٹے کو حکومت کرنے کا موقع مل گیا۔

فتح افامیا: پھر نور الدین ۵۴۵ھ میں قلعہ افامیا کی طرف گیا جو شیزر اور حماۃ کے درمیان تھا اور بہترین قلعہ سمجھا جاتا تھا۔ نور الدین نے اس کا محاصرہ کر کے اسے فتح کر لیا اور اس میں کافی فوجیں مقرر کیں اور ان کے لیے ہتھیاروں اور خوراک وغیرہ کا ذخیرہ جمع کر لیا۔

فرنگیوں سے صلح: ابھی وہ اس کام سے فارغ نہیں ہوا تھا کہ وہ فرنگی جو شام میں تھے اکٹھے ہو کر مقابلہ کے لیے تیار ہوئے مگر جب انہیں (اس کی فتوحات کی) خبر ملی تو وہ مقابلہ کرنے کی جرأت نہ کر سکے اور مصالحت کے لیے آمادہ ہو گئے چنانچہ نور الدین نے ان سے صلح کر لی۔

فرنگی قلعوں کی طرف پیش قدمی: اس کے بعد نور الدین فوج تیار کر کے فرنگیوں کے سرحد کے قلعوں کی طرف مجاہدانہ حملے کرنے کے لیے روانہ ہوا وہ حلب کے شمال میں تل باشر، عنتاب اور عزاز وغیرہ قلعوں کو فتح کرنے کے لیے روانہ ہوا ان کے فرنگی حاکم جوسلین نے بھی فوجیں جمع کر کے اس کا مقابلہ کیا۔ اس جنگ میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو آزمائش میں ڈالا اور بہت سے مسلمان شہید ہوئے اور کافی تعداد میں مسلمان قیدی بنائے گئے۔

جوسلین کی گرفتاری: (اس شکست پر جوسلین بہت خوش ہوا اور) اس نے ملک مسعود بن قلج ارسلان کو پیغام بھیجا جس میں نور الدین کی شکست پر اس کی شرم دلائی گئی تھی کیونکہ وہ اس کا داماد تھا اس کا یہ پیغام اس کو بہت ناگوار گذرا اس لیے اس نے جوسلین کو گرفتار کرنے کی تدبیر سوچی اس نے اپنے گرد و نواح کے ترکمانی قبائل کو مال کی طمع دے کر اس بات پر آمادہ کیا کہ وہ اسے گرفتار کرنے کی کوشش کریں چنانچہ انہوں نے کوشش کی اور ان میں سے کچھ لوگ اپنی کوشش میں کامیاب ہو گئے اس نے مال حاصل کر کے چھوڑ دینا چاہا مگر حلب کے ایک حاکم ابوبکر الدایہ نے ایک لشکر بھیجا جو اس قبیلہ سے متعلق تھا وہ لشکر جوسلین کو مقید کر کے حلب لے آیا۔

شام کے قلعوں کی تسخیر نورالدین نے اس کے بعد مندرجہ ذیل قلعوں کو فتح کر لیا

(۱) تل باشر (۲) عین تاب (۳) عزاز (۴) تل خالد (۵) قورس (۶) راوندان (۷) برج الرصاص (۸) حصن البارۃ (۹) کفر سود (۱۰) کفر لاثا (۱۱) دلوک (۱۲) مرعش (۱۳) نہر الجوز

اس سے ان قلعوں میں خوراک کا ذخیرہ [illegible] لیا فرنگیوں نے [illegible] کی کہ وہ ان کو مقابلہ کریں چنانچہ [illegible] پر ان سے جنگ ہوئی اس میں فرنگیوں کو شکست ہوئی [illegible] نے [illegible] جوسلین کے [illegible] قید کر لیا۔ پھر نورالدین نے دلوک کا قلعہ فتح کر لیا اور تل باشر فتح کر [illegible] اس وقت [illegible] اب نورالدین نے دمشق فتح کرنا چاہا [illegible] سے وہاں کے لوگوں نے یہ مطالبہ کیا تو اس نے ان کے پاس [illegible] انہوں نے [illegible] کے لیے [illegible] لیے یہ واقعہ [illegible] میں ہوا۔

فتح دمشق کا ارادہ صلیبی فرنگیوں نے [illegible] میں عسقلان [illegible] فاطمی خلفاء کے قبضے سے چھین لیا تھا ان دونوں حکومتوں کی [illegible] میں نورالدین کے لیے دمشق حائل تھا اس لیے اس کا فتح [illegible] ضروری ہو گیا تھا۔ عسقلان فتح کرنے کے بعد فرنگیوں نے دمشق پر بھی دست درازی شروع کر دی تھی اور اہل دمشق پر [illegible] مقرر کر دیا تھا۔ ان سے یہ معاہدہ بھی کیا تھا کہ وہ ان قیدیوں کو جو ان کے قبضے میں ہیں اپنے وطن جانے کا اختیار دیں یہاں تک کہ دمشق کا حاکم مجیر الدین [illegible] [illegible] تھا [illegible] اس لیے نورالدین [illegible] فرنگی دمشق کو فتح کر [illegible] [illegible] [illegible] فرنگیوں نے [illegible] طلب [illegible] اہل دمشق [illegible] کرتے تھے [illegible] دمشق کے [illegible] [illegible]

سیاسی جوڑ توڑ آخر کار بہت غور و فکر کے بعد اس نے مجیر الدین سے تعلقات بڑھانے شروع کیے یہاں تک کہ دونوں کے درمیان دوستانہ تعلقات مضبوط و مستحکم ہو گئے۔ اس کے بعد اس نے اس کے ارکان سلطنت کے پاس [illegible] خط و کتابت شروع کی اور [illegible] لگا کہ وہ اس سے خط و کتابت کرتے ہیں [illegible] کے خلاف [illegible] [illegible] حاکم دمشق کے [illegible] سلطنت ختم ہو گئے وہاں کے امراء میں سے [illegible] باقی نہیں رہا [illegible] اس وقت سلطنت کا [illegible] نورالدین کے لیے [illegible] اور اس کی وجہ سے وہ دمشق کو فتح کرنے کا منصوبہ [illegible] کر سکتا تھا اس لیے اس نے مجیر الدین کو اس کے خلاف [illegible] یہاں تک کہ اس نے اس کو الگ کر کے قتل کر دیا۔

اس حرکت نے [illegible] دمشق اپنے محافظوں سے خالی ہو گیا [illegible] نورالدین [illegible] مجیر الدین کے خلاف [illegible] اظہار [illegible] فرنگیوں سے فوجی کمک طلب کی [illegible] بعلبک کا علاقہ ان کو [illegible] کرنے کا وعدہ کیا۔ چنانچہ فرنگی [illegible] اس مقصد کے لیے تیار ہو گئے

دمشق میں بغاوت سلطان نورالدین نے [illegible] میں دمشق کا محاصرہ [illegible] [illegible]

سے انہیں حمص دینے کا وعدہ کیا تھا اس لیے جب سلطان نور الدین وہاں پہنچا تو عوام نے مجیر الدین کے خلاف بغاوت کا اعلان کیا اور وہ قلعہ میں پناہ لینے پر مجبور ہوا۔

فتح دمشق: سلطان نور الدین نے دمشق فتح کر لیا اور قلعہ کا محاصرہ کر لیا اس نے مجیر الدین کو جاگیر دینے کا وعدہ کیا جس میں حمص کا شہر بھی شامل تھا چنانچہ مجیر الدین وہاں چلا گیا اور سلطان نور الدین نے قلعہ بھی فتح کر لیا۔

سلطان نور الدین نے بعد میں اسے حمص کے بجائے بالس کا علاقہ دینا چاہا مگر وہ اس پر رضامند نہیں ہوا اور بغداد چلا گیا۔ وہاں اس نے گھر تعمیر کیا اور وہیں رہنے لگا یہاں تک کہ اس نے وہیں وفات پائی۔

دیگر قلعوں کی تسخیر: جب سلطان نور الدین دمشق کی فتح سے فارغ ہوا تو حلب کے شمال میں جو فرنگی فوجیں تل باشر میں تھیں۔ انہوں نے یہ قلعہ حلب کے امراء کے حوالے کر دیا۔ چنانچہ سلطان نور الدین کے ایک بڑے امیر حسان المنبجی نے اس قلعہ پر قبضہ کر لیا۔

پھر وہ ۵۵۲ھ میں اعلیٰ کے قریب قلعہ بہرام کی طرف آیا یہ قلعہ فرنگی جو کہ حمص کے ہاتھ میں تھا اس نے اس کا محاصرہ کیا تو فرنگی فوجیں اس کی مدافعت کے لیے اکٹھی ہو گئیں پھر انہوں نے اس کا مقابلہ کرنے کا ارادہ تبدیل کر لیا اور سلطان نور الدین سے اس شرط پر صلح کی کہ وہ (فرنگی) قلعہ حارم کا نصف علاقہ اسے دے دیں گے چنانچہ اس نے ان سے صلح کر لی اور واپس چلا گیا۔

قلعہ شیزر کی تاریخ: شیزر کا قلعہ شہر حماۃ سے نصف مرحلہ کے فاصلے پر ایک اونچے پہاڑ پر قائم ہے۔ وہاں تک پہنچنے کا صرف ایک ہی راستہ ہے۔ اس پر بنو منقذ کنانیوں کی حکومت تھی جو صالح بن مرداس حاکم حلب کے زمانے میں ۴۲۰ھ سے اس قلعہ کے موروثی حاکم چلے آ رہے تھے۔

شیزر کے حکام: ابوالحسن علی بن منقذ کے بعد اس کا فرزند ابوالمرہب نصر بن علی حاکم ہوا جب ۴۹۱ھ میں وہ فوت ہونے لگا تو اس نے ابوسلمہ مرشد کو جو اس کا بھائی تھا حاکم مقرر کیا وہ علم قرأت اور ادب کا بہت بڑا عالم تھا سلطان بن علی نے اپنے بھائی مرشد کو حاکم مقرر کیا دونوں بھائیوں میں اس قدر اتحاد و اتفاق تھا جو کسی دوسرے میں نہیں ہو سکتا تھا۔ مرشد کے بہت سے فرزند پیدا ہوئے جو بڑے ہو کر سردار بنے ان میں سے عز الدولہ ابوالحسن علی مؤید الدولہ اسامہ اور اس کا فرزند بھی ابن اسامہ (زیادہ مشہور) ہیں۔ ان کی اپنے چچازاد بھائیوں سے عداوت ہوئی اور باہمی شکایت ہونے لگی مگر مرشد اور اس کے بھائی میں بے حد اتفاق و اتحاد کی بدولت ان میں نا اتفاقی نہیں ہوئی۔

جب مرشد ۵۳۱ھ میں فوت ہو گیا تو اس کے بھائی سلطان نے اس کی اولاد سے بدسلوکی کی اور انہیں قلعہ شیزر سے نکال دیا۔ چنانچہ وہ منتشر ہو گئے ان میں سے کچھ سلطان نور الدین کے پاس بھی پہنچے۔ اسے ان کی یہ حالت دیکھ کر بہت رنج ہوا۔ تاہم وہ فرنگیوں سے جنگ کرنے میں مشغول تھا اس لیے وہ ان کے لیے کچھ نہیں کر سکا۔

جب سلطان بھی فوت ہو گیا اور قلعہ کی حکومت اس کی اولاد کے قبضے میں آئی تو انہوں نے (بھی) فرنگیوں سے

[illegible]

شام کے زلزلے [illegible]

[illegible]

قلعہ شیزر کی تعمیر [illegible]

شیزر کے بارے میں [illegible]

[illegible]

حاکم شیزر کا خط

قلعہ شیزر کا حاکم [illegible]

جب میں نے [illegible]

میں نے [illegible]

پہنچا اور تیزی کے ساتھ اس پر قبضہ کر لیا۔ ان کے باشندوں نے یہاں کے رہنے والے مسلمانوں کے ساتھ اچھا سلوک کیا اور ان کے ساتھ لطف و احترام کا برتاؤ اختیار کیا۔ میں نے ان دونوں کا بچا کھچا مال و دولت ان کے حوالے کر دیا تھا۔ ان کے دور میں گھرانوں کے معاہدوں کے ساتھ پورے پائے گئے تھے اور ان کی اولاد کے ساتھ ساتھ ان کے ناقوس بھی بجتے تھے۔

جب شہر کے اصلی باشندوں نے میرا یہ برتاؤ دیکھا تو وہ مجھ سے بے حد مانوس ہو گئے اور شہر یان کی نصف آبادی میرے پاس پہنچ گئی۔ میں نے بھی ان کی عزت و احترام میں کوئی دقیقہ باقی نہیں چھوڑا۔

جب مسلم بن قریش شیخ ان کے پاس پہنچا تو اس نے ان کی مخبری کی۔ یہ تقریبا تین برس تک رہا۔ جب مسلم بن قریش ان کے پاس سے چلا گیا تو انہوں نے قلعہ پر سے روانہ کر دیا۔"

یہاں پر علی بن منقذ کا خط ختم ہو جاتا ہے۔

دونوں روایات میں اختلاف: ابن منقذ اور ابن الاثیر کے بیانات میں تو بہت زیادہ اختلاف نظر آتا ہے تاہم ابن الاثیر کا بیان زیادہ صحیح ہے کیونکہ (مسیحی) فرنگیوں نے پانچویں صدی کے آخر میں شام کے کسی علاقے کو فتح نہیں کیا تھا۔

دیگر حالات

فتح بعلبک: بعلبک کا شہر ضحاک البقاعی کے ماتحت تھا (ابن اثیر کی بحث بعد میں ہے) اب یہ شہر حاکم دمشق کے تحت ہے۔ جب سلطان نور الدین نے دمشق فتح کیا تو ضحاک نے بعلبک پر اپنا قبضہ برقرار رکھا۔ سلطان نور الدین چونکہ فرنگیوں کے ساتھ جنگ کرنے میں مصروف تھا اس کی طرف توجہ نہ کر سکا۔ تاہم ۵۵۲ھ میں سلطان نور الدین نے اسے حکومت سے برطرف کر کے بعلبک کو فتح کر لیا۔

بھائی کی بغاوت: ۵۵۲ھ میں سلطان نور الدین حلب میں مقیم تھا وہاں اس کے ساتھ اس کا چھوٹا بھائی امیر میران بھی تھا۔ اسی اثناء میں نور الدین قلعہ میں بیمار ہوا اور اس کا مرض شدید ہو گیا تو اس کے بھائی نے فوج جمع کر کے قلعہ حلب کا محاصرہ کر لیا۔ سلطان نور الدین کا سب سے بڑا مشیر و امین شیرکوہ تھا جو حمص کا حاکم تھا۔ جب اس کو بغاوت کی خبر ملی تو وہ دمشق کی طرف روانہ ہوا تاکہ وہ دمشق پر قبضہ کر لے۔ دمشق کا حاکم اس کا بھائی نجم الدین ایوب (والد سلطان صلاح الدین) تھا۔ اس نے بھائی کو یہ اجازت نہیں دی۔ اور اسے حکم دیا کہ وہ حلب جا کر سلطان نور الدین کی موت و زیست کے بارے میں تحقیق حالات معلوم کرے۔

بغاوت کا انسداد: چنانچہ وہ تیز رفتاری کے ساتھ حلب پہنچا اور قلعہ پر چڑھ کر وہاں کی چھت سے سلطان نور الدین کو (زندہ حالت میں) عوام کے سامنے نمودار کیا۔ اسے دیکھ کر لوگ اس کے بھائی امیر میران سے الگ ہو گئے۔ اب اس کا

بھائی حران گیا اور اس پر قبضہ کر لیا۔

جب نور الدین تندرست ہوا تو اس نے اپنے بھائی سے حران کا علاقہ چھین کر اسے اپنے بھائی قطب الدین حاکم موصل کے نائب زین الدین علی کچک کے حوالے کر دیا اور پھر وہ رقہ کی طرف گیا اور اس کا محاصرہ کر لیا۔

سلیمان شاہ کا حال: سلیمان شاہ ابن سلطان محمد بن ملک شاہ اپنے چچا سلطان سنجر کے پاس خراسان کے پاس رہتا تھا۔ اس نے اسے اپنا ولی عہد بنا لیا تھا اور خراسان کی مساجد کے منبروں پر اس کے نام کا خطبہ پڑھا جاتا تھا جب ۵۴۸ھ میں سلطان سنجر دشمن کے ہاتھوں قید ہو گیا اور سلیمان شاہ کے خلاف دشمن کی فوجیں جمع ہو گئیں تو وہ دشمن کے مقابلے کی تاب نہ لا سکا۔ اس لیے وہ خوارزم شاہ کے پاس بھاگ گیا اور تعلقات مستحکم کرنے کے لیے اپنی بھتیجی کا اس سے نکاح کر دیا مگر خوارزم شاہ کو بعض اطلاعات ایسی موصول ہوئیں جن کی وجہ سے سلیمان شاہ کی شخصیت مشتبہ ہو گئی اس نے اسے خوارزم سے نکال دیا۔

سلیمان شاہ کی بے بسی: پھر سلیمان شاہ وہاں سے اصفہان آیا مگر کوتوال شہر نے اسے داخل ہونے کی اجازت نہیں دی۔ اس لیے وہ قاشان کی طرف روانہ ہوا تو اس کے بھائی محمود کے فرزند محمد شاہ نے ایک لشکر بھیج کر اسے داخل ہونے سے روک دیا۔ اس لیے وہ خراسان روانہ ہوا۔ مگر جب ملک شاہ نے اسے وہاں کی آنے نہیں دیا اس لیے اس نے نجف کا قصد کیا اور[1] ...... میں مقیم ہوا اور خلیفہ المقتفی (؟) کے پاس پیغام بھجوایا اور اپنے اہل و عیال کو اظہار اطاعت کے لیے یرغمال کے طور پر بھجوایا اور بغداد آنے کی اجازت طلب کی۔

خلیفہ کا استقبال: خلیفہ نے اس کی تعظیم و تکریم کی[2] اور اسے آنے کی اجازت دے دی۔ وزیر ابن ہبیرہ کا فرزند اسے جلوس کی شکل میں لانے کے لیے اس کے پاس پہنچا اس جلوس میں قاضی القضاۃ بھی شریک تھے چنانچہ وہ دونوں اس حالت میں بغداد پہنچے اور ۵۵۰ھ کے آخر میں سلیمان شاہ کو خلعت عطا کیا گیا۔

خلیفہ کی طرف سے فوجی امداد: چند دنوں کے بعد سلیمان شاہ کو محل میں حاضر کیا گیا اور قاضی القضاۃ اور ارکان سلطنت کے سامنے اس نے اطاعت کا حلف اٹھایا۔ اس کے بعد بغداد کی مساجد میں اس کے نام کا خطبہ پڑھا گیا اور اسے اس کے والد کے القاب عطا کیے گئے اور یہ حکم دیا گیا کہ اسے تین ہزار سوار دیئے جائیں چنانچہ وہ فوجیں لے کر روانہ

---

[1] یہاں بھی عبارت ناقص ہے۔ تاریخ الکامل میں مذکور ہے "وہ نجف کے مقام پر مقیم ہوا اور اس نے خلیفہ المقتفی کے پاس ایک قاصد بھیجا جس کے ذریعے اس نے خلیفہ کو اپنی آمد کی اطلاع دی۔" (تاریخ الکامل لابن اثیر ج ۹ ص ۴۸) (مترجم)

[2] یہاں عبارت نامکمل ہے۔ تاریخ الکامل میں ہے "خلیفہ نے اس کی بیوی اور اس کے ساتھ آنے والوں کی عزت افزائی اور اسے بغداد آنے کی اجازت دی۔ سلیمان شاہ کے ساتھ ایک نہایت مختصر فوج تھی جو تین سو افراد پر مشتمل تھی۔" (تاریخ الکامل لابن اثیر ج ۹ ص ۴۸۔۴۹) (مترجم)

اتابک ایلدگز جو توقیچی کی جگہ بیٹھا محمد (ابوالفضل) کی طرف سے دار الخلافہ نے حلوان میں قیام پذیر ارسلان کے بھتیجے ملک شاہ دا کو دالیس سے امداد طلب کی چنانچہ اس نے دو ہزار سواروں سے مدد کی اس کے بعد میں سلیمان شاہ نے اسے اپنا ولی عہد بنایا۔ خلیفہ نے ان دونوں کو کافی مال و دولت اور تحفے وغیرہ دیے۔ پھر ملک شاہ ایلدگز بھی ان کے ساتھ شامل ہو گئے اس طرح ان کی فوجوں کی تعداد بہت ہو گئی۔

سلیمان شاہ کی شکست۔ ادھر سلطان محمد نے حاکم موصل قطب الدین مودود اور اس کے نائب زین الدین علی کوچک سے تعاون و مدد کی درخواست کی چنانچہ اس کی مدد کے لیے لشکر بھیج دیا اور سلطان محمد سلیمان شاہ سے جنگ کرنے کے لیے روانہ ہوا۔ اس جنگ میں سلیمان شاہ کو شکست ہوئی اور اس کی فوجیں منتشر ہو گئیں ایلدگز بھی اسے چھوڑ کر چلا گیا تھا۔

سلیمان شاہ کی گرفتاری (شکست کے بعد) سلیمان شاہ شہرزور کے راستے سے بغداد کی طرف روانہ ہوا۔ جب زین الدین علی کوچک کو اس کی خبر ہوئی تو وہ چند سواروں کے ساتھ روانہ ہوا اور شہرزور میں اس کا راستہ روکا۔ اس کے ساتھ امیر ابو بکر بھی تھے۔ جب سلیمان شاہ وہاں سے گزرا تو زین الدین نے اسے گرفتار کر لیا اور موصل لے جا کر عزت و احترام کے ساتھ نظر بند رکھا اور اس کی اطلاع سلطان محمد کو بھیج دی۔

سلیمان شاہ کی تخت نشینی جب سلطان محمد بن محمود توقیچی کی وفات ہو گئی تو ہمدان کے اکابر امرا نے قطب الدین اتابک کو پیغام بھیجا کہ وہ سلیمان شاہ کو بادشاہ بنانا چاہتے ہیں اور اس کے وزیر جمال الدین کو نائب شاہ کا وزیر بنانا چاہتے ہیں انہوں نے اس قسم کا معاہدہ بھی کیا تھا اس لیے قطب الدین نے سلیمان شاہ کو رخصت کیا اور اس کے ساتھ زین الدین علی کوچک کی زیر قیادت موصل کی فوجوں کو ہمدان تک بھیجا۔ جب یہ لوگ ہمدان کے قریب پہنچے تو وہاں کی فوجیں استقبال کے لیے پہنچ گئیں اور سلیمان شاہ کا استقبال کرنے کے بعد بادشاہ کی حفاظت میں سر راہ آ گئیں۔ اس حالت میں زین الدین کو اپنی جان کا خطرہ محسوس ہوا۔ اس لیے وہ اپنی فوجیں لے کر موصل واپس چلا گیا اور سلیمان شاہ ہمدان آ گیا۔

نورالدین کی جنگی سرگرمیاں۔ بعد نورالدین محمود نے مصر کی طرف توجہ دی اور قلعہ حارم کے فرنگیوں کا محاصرہ کر لیا۔ اس وقت فرنگی اس کا مقابلہ کرنے کے لیے نکلے مگر بعد میں مقابلہ کرنے سے ڈر گئے اور جنگ نہیں کرتے تھے چنانچہ محاصرہ طویل ہو گیا اس لیے نورالدین محمود واپس آ گیا۔

نورالدین کی شکست جب اس نے ۵۵۸ھ میں طرابلس فتح کرنے کے لیے فوج کشی کی جب وہ حصن الاکراد کے نیچے بقیعہ کے میدان میں پہنچا تو فرنگی فوجوں نے اسے شکست دی اور مسلمانوں کو بہت نقصان پہنچایا۔ سلطان نورالدین اپنی شکست خوردہ فوج کے ساتھ پیچھے ہٹ کر حمص کے قریب ٹھہرا جہاں اس کی شکست خوردہ فوجیں جمع ہو گئی تھیں۔

نورالدین نے دمشق اور حلب سے مال و دولت خیمے اور ضروری سامان منگوا لیا اور لوگوں کی مدد اور

کمزور پایا اور انہیں فرنگیوں کو یہ علم ہو گیا تھا کہ دمشق میں دوبارہ [illegible] ان کے مقابلے کے لیے آ رہے ہیں تو انہوں نے صلح کی درخواست کی مگر انہوں نے یہ درخواست نامنظور کر دی۔ اس لیے فرنگی حصن الاکراد میں اپنے مورچے مقرر کر کے واپس چلے گئے۔

غریبوں کی امداد و ہمدردی نور الدین کے دربار میں ایک شخص برہان الدین بلخی کے نام سے مشہور تھا جو بڑا باکمال تھا۔ اس نے مصارف جہاد کی کثرت کی وجہ سے غرباء، علماء، صوفیاء اور فقراء کو زر اعانت دینے سے منع کیا تھا۔ اس پر سلطان نور الدین ناراض ہوا اور کہا: "خدا کی قسم! مجھے صرف انہی لوگوں کی وجہ سے نصرت اور فتح کی امید ہے۔ کیونکہ یہ فقراء بستروں پر میرے ساتھ جہاد کرتے ہیں۔ وہ رات کے وقت میری حمایت میں دعاؤں کے تیر چلاتے ہیں۔ اس لیے میں ان کی امداد بند نہیں کر سکتا۔ بیت المال میں ان کا حق ہے اس لیے ان کی حق تلفی کرنا میرے لیے جائز نہیں ہے۔"

اسلامی حکام کا متحدہ جہاد نور الدین نے فرنگیوں سے انتقام لینے کی تیاریاں شروع کر دیں۔ جب فرنگی فوجیں مصر کی طرف روانہ ہو گئیں اس لیے اس نے یہ موقع غنیمت جانا کہ وہ ان کی غیر موجودگی میں ان شہروں پر حملہ کرے چنانچہ اس نے جہاد میں مدد دینے کے لیے مندرجہ ذیل حکام کے نام پیغام بھیجے۔

(۱) قطب الدین مودود حاکم موصل (۲) فخر الدین قرا ارسلان حاکم کیفا (۳) نجم الدین البی حاکم ماردین۔ چنانچہ ان سب حکام نے لشکر اسلام کی ترتیب کے وقت [illegible] درمیان میں اس کا بھائی قطب الدین تھا۔ دائیں حصہ پر [illegible] تھا۔ اس کے پیچھے حاکم کیفا تھا۔ نجم الدین حاکم ماردین نے بھی اپنا لشکر بھیجا تھا۔

فرنگیوں کا مشترکہ مقابلہ جب یہ سب امدادی فوجیں آ گئیں تو سلطان نور الدین قلعہ حارم کی طرف روانہ ہوا اور اس کے نواح میں پہنچا (قلعہ حارم انطاکیہ کے قریب [illegible]) شام کے علاقوں میں جو فرنگی تھے وہ سب اکٹھے ہو کر [illegible] جن میں سب سے آگے حاکم انطاکیہ [illegible] طرابلس اور (فرنگی حاکم) ابن جوسلین [illegible] تھا۔ ان کے علاوہ دوسری عیسائی قوموں سے بھی مدد طلب کی تھی اور وہ بھی شامل ہو گئے تھے۔ اس لیے نور الدین نے قلعہ حارم کا محاصرہ چھوڑ کر ارتاح کی طرف رخ کیا۔

فرنگیوں کی شکست فرنگیوں نے اب ان کے ساتھ جنگ کرنے کا فیصلہ کر لیا اور وہ قلعہ حارم کی طرف آ گئے مگر سلطان نور الدین نے ان کا تعاقب کیا اور وہاں ان سے جنگ چھڑ گئی۔ اس لیے انہوں نے سب سے پہلے مسلمانوں پر حملہ کر دیا تو حاکم حلب [illegible] (دائیں طرف کی فوج) تھی۔ انہوں نے ان کو شکست دی اور ان کا تعاقب کرنے لگے۔ اس وقت زین الدین نے موصل کی فوجوں کے ساتھ فرنگیوں کی صفوں پر حملہ کیا اور ان کا بہت نقصان ہوا تو فرنگیوں نے میمنہ کا تعاقب چھوڑ دیا اور جب وہ اپنی صفوں کی طرف لوٹے تو [illegible] فرنگیوں کے [illegible] اور انہیں شکست ہو گئی۔

صلیب پرست حکام کی گرفتاری: اب سلطان نور الدین نے فتح کے بعد فرنگی سرداروں کو گرفتار کر لیا

[illegible]

نورالدین کی بیوی کی نصیحت [illegible]

[illegible]

[illegible] [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

فاطمی حکومت کا خاتمہ [illegible]

[illegible]

وزیر شاور کی فریاد: ابھی اس کی وزارت کے سات مہینے گزرنے نہ پائے تھے کہ مصر کے حاجب ضرغام نے اس کے خلاف علمِ بغاوت بلند کیا اور اسے قاہرہ سے نکال دیا۔ شاور بھاگ کر شام چلا گیا اور نور الدین محمود زنگی کے پاس اپنی فریاد لے کر گیا۔ وہ وہاں سے فوجی امداد کا طالب ہوا۔ اس کے بدلے میں اس نے وعدہ کیا کہ وہ مصری محصول کی آمدنی کا تہائی حصہ ادا کرے گا اور سلطان نور الدین کی فوج امداد کے لیے وہاں مستقل رہے گی۔

شیرکوہ کی فوج کشی: لہٰذا سلطان نور الدین نے اس مقصد کے لیے اپنے امراء میں سے اسد الدین شیرکوہ (صلاح الدین کے چچا) کا انتخاب کیا جو حمص میں تھا۔ اس نے زبردست لشکر تیار کیا اور وہ لشکر ماہ جمادی الاولیٰ ۵۵۹ھ میں مصر روانہ ہو گیا۔ نور الدین اس کے بعد فرنگی علاقوں کی طرف روانہ ہوا تاکہ وہ فوجیں اس لشکر کی مزاحمت سے رک سکیں۔

اسد الدین شیرکوہ (مصری وزیر) شاور کے ساتھ روانہ ہوا۔ اس کے ساتھ سلطان صلاح الدین بھی گئے تھے جو اس کے بھائی نجم الدین کے فرزند تھے۔

مخالفوں کا قتل: جب یہ لشکر بلبیس کے مقام پر پہنچا تو ضرغام کا بھائی ناصر الدین مصری فوج کو لے کر مقابلے کے لیے آیا۔ مگر اسے شکست ہوئی اور وہ قاہرہ واپس چلا گیا۔ اسد الدین شیرکوہ نے اس کا تعاقب کیا اور اسے سیدہ نفیسہ کے مزار کے پاس قتل کر دیا۔ اس کا بھائی بھی مارا گیا اور شاور کو پھر وزارت پر متمکن کر دیا گیا۔

وزیر مصر شاور کی عہد شکنی: اسد الدین شیرکوہ نے اپنے لشکر کے ساتھ قاہرہ کے باہر قیام کیا اور شاور نے جنگ سے پہلے سلطان نور الدین سے جو معاہدہ کیا تھا اس کے ایفا کا انتظار کرتا رہا۔ مگر شاور نے عہد شکنی کی اور اسے یہ پیغام بھیجا کہ وہ واپس اپنے شہر چلا جائے۔ مگر شیرکوہ نے اپنا حصہ وصول کرنے پر اصرار کیا اور بلبیس اور مشرقی علاقوں کی طرف کوچ کر کے ان پر قبضہ کر لیا۔

فرنگیوں کی مدد: شاور نے فرنگیوں سے فوجی کمک طلب کی تو وہ فوراً امداد کے لیے روانہ ہو گئے کیونکہ ان کے دلوں میں نور الدین کا خوف و دہشت بہت غالب تھی اور انہیں توقع تھی کہ وہ مصر فتح کر لیں گے۔

ادھر سلطان نور الدین دمشق سے روانہ ہوا تاکہ وہ انہیں آگے بڑھنے سے روکے مگر وہ نہیں رکے اور وہ اپنے شہروں کے لیے کافی فوجیں چھوڑ کر روانہ ہو گئے۔

محاصرہ اور صلح: جب وہ مصر کے قریب پہنچے تو اسد الدین شیرکوہ مصری علاقے سے روانہ ہو گیا مگر فرنگیوں اور مصری فوجوں نے اس کا محاصرہ کر لیا۔ انہوں نے تین مہینے تک اس کا محاصرہ جاری رکھا اور صبح و شام جنگ کرتے رہے۔ جب فرنگیوں کو یہ اطلاع ملی کہ قلعہ حارم اور دوسرے مقامات پر انہیں شکست ہوئی ہے اور نور الدین کو فتح و نصرت اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائی ہے تو انہوں نے اسد الدین شیرکوہ سے مصالحت کے لیے سلسلہ جنبانی کی مگر انہوں نے شکست کی خبروں کو چھپائے رکھا۔ شیرکوہ نے ان کے ساتھ مصالحت کر لی اور مصری علاقہ کو چھوڑ کر شام چلا گیا۔ فرنگی فوجیں بھی راستوں میں اس کی حفاظت

میں لگی رہیں مگر وہ راستہ تبدیل کر کے اپنے وطن پہنچ گیا۔

شیر کوہ کی دوبارہ فوج کشی: سلطان نور الدین نے شیر کوہ کو دوبارہ ۵۶۲ھ میں مصر بھیجا اور وہ فوج لے کر موسم بہار میں روانہ ہوا اور اطفیح کے مقام پر قیام کیا۔ پھر دریائے نیل کو عبور کر کے وہ مغربی سمت سے قاہرہ کے قریب پہنچا اور جیزہ کے مقام پر دریائے نیل کے کنارے خیمہ زن ہوا اور قاہرہ کا پچاس دن تک محاصرہ جاری رکھا۔ شاور نے فرنگیوں سے کمک طلب کی۔

فتح اسکندریہ: وہ شیر کوہ کے مقابلہ کے لیے مصر کے بالائی حصے پر پہنچا۔ سال کے درمیانی حصے میں فریقین میں جنگ ہوئی تو اسد الدین شیر کوہ نے مصریوں کو شکست دی اور اسکندریہ کی سرحد کی طرف جا کر اسکندریہ کو فتح کر لیا اور اس پر اپنے بھتیجے صلاح الدین کو حاکم مقرر کیا پھر لوٹ کر شیر کوہ نے مصر کے بالائی حصہ (صعید) کو روند ڈالا۔

دوبارہ صلح: مصر اور فرنگیوں کی مشترکہ فوجوں نے اسکندریہ کی طرف پیش قدمی کی اور وہاں پہنچ کر انہوں نے غازی صلاح الدین کو محاصرہ میں لے لیا مگر جب اسد الدین شیر کوہ اپنی فوجوں کو لے کر وہاں پہنچا تو یہ بھی صلح پر آمادہ ہو گئے۔ چنانچہ مصالحت کے بعد شیر کوہ شام کی طرف واپس آ گیا اور ان کے لیے اسکندریہ کو چھوڑ دیا۔

مصر پر فرنگی تسلط: شاور کے فرزند شجاع نے سلطان نور الدین کو تحریر کیا کہ وہ اور امرائے مصر آپ کی اطاعت قبول کرتے ہیں۔ مگر اس عرصے میں صلیبی فرنگیوں نے اہل مصر پر غلبہ حاصل کر لیا تھا اور انہوں نے قاہرہ پر اپنے محافظ فوجی دستے مقرر کر دیے تھے قاہرہ کے دروازے ان کے قبضے میں تھے لہٰذا انہوں نے شام میں اپنے بادشاہ کو اس بات پر آمادہ کیا کہ وہ مصر کو فتح کر لے انہوں نے اہل مصر پر جزیہ (ٹیکس) بھی عائد کر دیا تھا۔

فتح مصر: یہ حالت دیکھ کر سلطان نور الدین نے فوری اقدامات کیے اور ۵۶۴ھ کے موسم بہار میں آپ نے اسد الدین شیر کوہ کو دوبارہ فوج کشی کرنے کا حکم دیا چنانچہ اس نے مصر کو فتح کر لیا اور شاور کو قتل کر کے فرنگیوں کو مصر سے نکال دیا۔ خلیفہ عاضد نے پہلے کی طرح سے خود کو وزارت پیش کی۔

مصر میں صلاح الدین کی حکومت: جب اسد الدین شیر کوہ فوت ہوا تو اس کا بھتیجا غازی صلاح الدین ایوبی اس کا قائم مقام ہوا مگر وہ بھی بدستور سلطان نور الدین محمود کا مطیع اور فرمانبردار رہا۔ جب فاطمی خلیفہ عاضد فوت ہوا تو سلطان نور الدین نے غازی صلاح الدین کو یہ حکم نامہ بھجوایا کہ مصر میں عباسی خلافت کا سلسلہ جاری کرے اور خلیفہ مستضیٔ کے نام کا خطبہ (مساجد میں) پڑھوایا جائے۔ ایک دوسری روایت یہ ہے کہ فاطمی خلیفہ کی زندگی ہی میں نور الدین نے یہ بات تحریر کی تھی جس کے بعد خلیفہ عاضد تقریباً بیس دن میں فوت ہو گیا تو اس کے بعد خلیفہ عباسی المستضیٔ کا خطبہ پڑھوایا گیا اس طرح مصر میں فاطمی سلطنت اور خلافت کا خاتمہ ہو گیا۔ یہ واقعہ ۵۶۷ھ میں رونما ہوا۔

اس سے پہلے سلطان نور الدین اور حاکم قونیہ سلطان قلیج ارسلان بن مسعود کے درمیان ۵۶۵ھ میں جھگڑا ہو گیا تھا

مگر صالح بن رزیک نے قلیج ارسلان کو فتنہ و فساد سے روک دیا تھا۔

نور الدین کے مجاہدانہ کارنامے

فرنگی قلعوں کی تسخیر: ۵۶۲ھ میں سلطان نور الدین نے جہاد کے لیے اپنی فوج تیار کی اور اپنے بھائی قطب الدین کو بھی موصل سے بلوایا اور اس کے پاس حمص کے مقام پر پہنچا۔ پھر وہ دونوں بھائی فوج لے کر فرنگی علاقوں میں داخل ہوئے جب وہ حصن الاکراد سے گزرے تو اس کے گرد و نواح کو تباہ و برباد کر دیا گیا۔ پھر انہوں نے عرقہ کا محاصرہ کیا اور حلبہ[1] کو ویران کر دیا مسلمانوں نے العریمہ اور صافیتا کو فتح کر لیا۔ انہوں نے اپنے فوجی دستے مختلف علاقوں میں بھیجے جہاں انہوں نے فرنگی علاقوں کو نقصان پہنچایا (ان فوجی کارروائیوں سے فارغ ہو کر) مسلمان حمص واپس آ گئے اور وہاں ماہ رمضان تک قیام کیا پھر قلعہ بانیاس کی طرف منتقل ہو گئے۔ اس کے بعد انہوں نے قلعہ ہونین[2] کا قصد کیا تو فرنگی وہاں سے بھاگ گئے۔ سلطان نور الدین نے اس قلعہ کی فصیل کو توڑ کر اس میں آگ لگا دی۔ اس نے بیروت کا قصد کیا تو اس کا بھائی قطب الدین موصل چلا گیا۔ لہٰذا سلطان نور الدین نے اسے دریائے فرات کے کنارے پر رقہ کا علاقہ دے دیا۔

شہر منبج میں غازی بن حسان نے بغاوت کی تو سلطان نے لشکر بھیج کر اسے فتح کر لیا اور یہ علاقہ غازی کے بھائی قطب الدین ینال بن حسان کو دے دیا گیا۔ چنانچہ یہ شہر اس کے ماتحت رہا۔ تا آنکہ اسے صلاح الدین بن ایوب نے اسے فتح کر لیا۔

حاکم جعبر کی گرفتاری: پھر قبیلہ بنو کلاب نے قلعہ جعبر کے حاکم شہاب الدین ملک بن علی العقیلی کو گرفتار کر لیا۔ پہلے اس قلعہ کا نام دوسر تھا۔ پھر قلعہ کے بانی کے نام پر اس کا نام جعبر رکھا گیا۔

جب سلطان ملک شاہ نے حلب فتح کیا تو اس نے اس قلعہ کو اپنے جد امجد کو حلب کے عوض دے دیا تھا اور یہ قلعہ اس کی نسل کے قبضے میں رہا۔ جب حاکم مذکور ۵۶۳ھ میں سیر و شکار کے لیے باہر نکلا تو بنو کلاب نے جو اس کی گھات میں تھے اسے گرفتار کر لیا اور وہ اسے حاکم دمشق سلطان نور الدین محمود کے پاس لے گئے۔ اس نے اسے عزت و احترام کے ساتھ نظر بند رکھا اور یہ کوشش کی کہ وہ برضا و رغبت یا خوف سے قلعہ جعبر سے دست بردار ہو جائے مگر وہ کسی صورت سے رضامند نہیں ہوا تو سلطان نے امیر فخر الدین بن ابی علی الزعفرانی[3] کے زیر قیادت لشکر بھیجا اس نے ایک عرصہ تک اس کا محاصرہ کیا مگر اسے

---

[1] یہاں حلبہ کا لفظ ہے مگر تاریخ کامل میں ہے "انہوں نے حلبہ کا محاصرہ کیا اور اسے فتح کر کے تباہ و برباد کر دیا۔" (تاریخ الکامل لابن اثیر جلد ۱۱ ص ۱۹۸) (مترجم)

[2] یہاں ہونین کا لفظ ہے مگر تاریخ الکامل میں ہے "انہوں نے ہونین کے قلعہ کا قصد کیا جو فرنگیوں کے مستحکم قلعوں میں سے تھا۔" (مترجم)

[3] یہاں نام غلط ہے اور واقعات کی تفصیل بھی ناقص ہے تاریخ الکامل میں ہے "سلطان نے اسے نظر بند کر لیا اور اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا اور چاہا کہ وہ قلعہ اس کے حوالے کر دے مگر اس نے انکار کیا جب نرمی اور دھمکیوں سے بھی رضامند نہیں ہوا تو سلطان نور الدین نے امیر فخر الدین مسعود بن ابی علی الزعفرانی کے زیر قیادت ایک لشکر بھیجا اس نے اس کا محاصرہ کیا مگر اسے کوئی کامیابی نہیں ملی۔" (ج ۱۱ ص ۳۳۳) (مترجم)

کامیابی نہیں ہوئی پھر اس نے ایک دوسرا لشکر بھی (امداد کے طور پر) بھیجا اور پورے لشکر کا سپہ سالار اپنے رضاعی بھائی امیر فخر الدین ابوبکر ابن الدایہ کو مقرر کیا جو اس کے سب سے بڑے امراء میں سے تھا اس کا محاصرہ بھی کامیاب نہیں رہا۔ اس لیے دوبارہ اس کے حاکم کے ساتھ لطف و عنایت کا سلوک کیا گیا اس دفعہ وہ رضامند ہو گیا تو سلطان نور الدین نے اس کے بدلے میں سروج اور اس کے علاقے عطا کیے اس کے ساتھ رقہ حلب کا میدان مرغزار اور بیس ہزار دینار بھی دیئے۔ یوں ۵۶۴ھ میں قلعہ جعبر فتح ہو گیا اور یہاں سے بنو مالک کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔

موصل کے واقعات

زین الدین کا تقرر: ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ اتابک زنگی کا موصل میں نائب نصیر الدین جقری تھا جب عماد الدین اتابک زنگی موصل سے باہر تھے تو سلطان محمود کے فرزند الپ ارسلان نے (جو وہاں موجود تھا) موصل کی سلطنت حاصل کرنے کی طمع میں ۵۳۹ھ میں اسے قتل کر دیا تھا۔ چنانچہ جب سلطان زنگی البیرہ کے محاصرے سے فارغ ہو کر موصل آیا تو اس نے اس کے بجائے زین الدین علی بن بکتگین کو قلعہ موصل کا نائب مقرر کر دیا تھا۔ وہ اتابک زنگی کے عہد حکومت میں پھر اس کے فرزند غازی اور دوسرے فرزند قطب الدین کے زمانے میں ۵۵۸ھ تک ان کے وزیر جمال الدین محمد بن علی اصفہانی کے ساتھ اپنے عہدے پر برقرار رہا۔ اس نے اس کو نظر بند کر دیا تھا اور وہ (وزیر) نظر بندی کے ایک سال بعد فوت ہو گیا تھا۔ اس کی لاش مدینہ منورہ لائی گئی اور اسے وہاں ایک خانقاہ میں دفن کیا گیا جو اس نے اسی مقصد کے لیے تیار کرائی تھی۔

اس کی وفات قطب الدین کے فرزند سیف الدین غازی کے زمانے میں ہوئی تو اس نے اس کے بجائے اس کے فرزند جلال الدین ابوالحسن کو اس عہدے پر مقرر کیا۔

زین الدین کی خود مختاری: زین الدین علی بن بکتگین جو کجک (کوچک؟) کے لقب سے مشہور تھا قطب الدین کے عہد میں خود مختار ہو گیا تھا اور مستقل طور پر سلطنت کا انتظام کرتا تھا اس کے قبضے میں اکثر شہر جاگیر کے طور پر آ گئے تھے جن میں یہ شہر اور قلعے شامل تھے: اربل، شہرزور، ہکاریہ کے قلعے مثلاً عمادیہ، حمیدیہ، تکریت اور سنجار وغیرہ۔

آخر عمر میں سبکدوشی: اس نے اپنے اہل و عیال اور مال و دولت کے ذخیرے اربل منتقل کر دیئے تھے اور خود نائب کی حیثیت سے قلعہ موصل میں رہتا تھا جب وہ بہت بوڑھا ہو گیا اور بینائی اور سماعت کی قوت باقی نہ رہی تو اس نے موصل چھوڑ کر اربل میں اپنے گھر جانے کا ارادہ کیا تو اس وقت اس نے اربل کے علاوہ اپنے تمام مقبوضہ شہر قطب الدین کے حوالے کر دیئے اور وہ اربل کی طرف ۵۶۳ھ میں چلا گیا۔

فخر الدین عبدالمسیح کا تقرر: قطب الدین نے اس کے بجائے فخر الدین عبدالمسیح کو مقرر کیا جو اس سے پہلے اتابک زنگی کا آزاد کردہ رومی غلام تھا انہوں نے اس کو اپنی سلطنت کا حاکم بنایا اس نے قلعہ میں قیام کیا اور اس کو از سر نو تعمیر کرایا کیونکہ زین الدین نے اس کی تعمیر نہیں کرائی تھی۔

نجم الدین ایوب کی روانگی: ۵۶۵ھ میں غازی صلاح الدین نے سلطان نورالدین محمود کو یہ پیغام بھیجا کہ وہ ان کے والد نجم الدین ایوب کو ان کے پاس بھیج دے۔ چنانچہ نورالدین نے ان کے والد کو ایک فوج کی حفاظت میں بھیجا اس لشکر میں بہت سے سوداگر، اور سلطان صلاح الدین کے ساتھی بھی جانے کے لیے شامل ہو گئے۔

قلعہ کرک کا محاصرہ: سلطان نورالدین کو بعد میں خیال آیا کہ اس لشکر کا وہ راستہ جو صلیبی فرنگیوں کے علاقے میں سے گزرتا ہے وہ خطرناک ہے اس لیے آپ کی توجہ قلعہ کرک کی طرف متوجہ ہوئیں۔ اس قلعہ کی بنیاد برنس ارناط نے رکھی تھی اور راستے میں نہایت اہم جنگی نوعیت کا قلعہ بنا ہوا تھا اس لیے سلطان نورالدین نے اس کا محاصرہ کیا فرنگیوں نے بھی اس کی مدد کے لیے فوجیں جمع کرنی شروع کیں۔ مگر سلطان نورالدین نے ان کی فوجوں کے اجتماع سے پہلے ان کی ہراول فوج پر حملہ کر دیا۔ فرنگی فوجوں نے مقابلہ کرنے سے گریز کیا اور وہ الٹے پاؤں بھاگ گئیں لہٰذا سلطان نے ان کے شہروں پر قتل و غارت کر کے انہیں تباہ کر دیا اور راستے میں جو قلعے نظر آئے انہیں بھی تباہ و برباد اور ویران کر دیا۔ اس کے بعد مسلمانوں کے علاقے میں پہنچ کر عشترا کے مقام پر قیام کیا اور اس مقام سے سلطان نے نجم الدین ایوب کو مصر روانہ کیا۔ چنانچہ وہ ۵۶۵ھ کے درمیانی عرصے میں مصر پہنچ گئے جہاں خلیفہ عاضد سوار ہو کر ان کے استقبال کے لیے پہنچا ہوا تھا۔

فرنگی حاکم کا قتل: جب سلطان نورالدین عشترا میں تھا تو وہ قلعہ البیرہ کے حاکم شہاب الدین محمد بن الیاس بن الغازی بن ارتق سے ملاقات کرنے کے لیے روانہ ہوا۔ جب وہ اللبوہ کے قریب پہنچا تو اسے راستے میں صلیبی فرنگیوں کا ایک فوجی دستہ ملا اس نے ان کے ساتھ جنگ کر کے انہیں شکست دی اور انہیں تباہ کیا۔ پھر جنگی قیدیوں اور مقتولوں کے سر سلطان نورالدین کے پاس لائے گئے تو اس نے ان کٹے ہوئے سروں میں سے حصن الاکراد کے فرنگی حاکم اصطبان (اسبتاریہ کے سردار) کا سر پہچان لیا جو مسلمانوں کے لیے بہت خطرناک تھا۔

قیامت خیز زلزلے: ابھی سلطان نورالدین اسی مقام پر تھا کہ اسے ان زبردست زلزلوں کی خبر موصول ہوئی جو شام، موصل، الجزیرہ اور عراق کے تمام علاقوں میں رونما ہوئے تھے اور ان کی وجہ سے ان علاقوں کے اکثر شہر تباہ اور ویران ہو گئے تھے چنانچہ نورالدین نے ان تباہ شدہ علاقوں کا گشت کیا اور یکے بعد دیگرے تمام علاقوں کی تعمیر و مرمت کا کام کرایا۔ یہاں تک کہ اس کی انتھک کوششوں کی بدولت تمام تباہ شدہ علاقے درست ہو گئے (صلیب پرست) فرنگیوں نے بھی اپنے شہروں کی تعمیر و مرمت کی۔ کیونکہ انہیں سلطان نورالدین کے حملوں کا اندیشہ تھا۔

موصل میں غازی کی حکومت: موصل کا حاکم قطب الدین مودود ماہ ذوالحجہ ۵۶۵ھ میں فوت ہو گیا اس نے ساڑھے اکیس سال حکومت کی تھی اس نے اپنا ولی عہد اپنے بڑے فرزند عماد الدین زنگی کو بنایا تھا اس وقت حکومت کا نگران فخر الدین عبدالمسیح تھا وہ نورالدین محمود کا بہت مطیع تھا اور عماد الدین سے اس کی بے رخی کا علم اسے تھا اس لیے اس نے اس کے بجائے اس کے بھائی سیف الدین غازی کو اس کی والدہ خاتون بنت حسام الدین بن ابو الغازی کے مشورہ اور حمایت کے مطابق موصل کا حاکم بنایا۔ تو عماد الدین مدد حاصل کرنے کے لیے اپنے چچا کے پاس چلا گیا۔ اس طرح فخر الدین عبدالمسیح

موصل کا خود مختار حکمران بن گیا اور وہی اس کے لیے سیاہ و سفید کا مالک بن گیا۔

نور الدین کی یلغار: جب سیف الدین غازی بن قطب الدین موصل کا برائے نام بادشاہ بنا اور فخر الدین عبدالمسیح اس پر حاوی ہو گیا تو اس کی خود مختاری کی خبر سے نور الدین محمود بہت ناراض ہوا اس لیے وہ اس کے خلاف لشکر لے کر موصل کی طرف روانہ ہوا۔ اس نے ۵۶۶ھ کے آخر میں قلعہ جعبر کے قریب دریائے فرات کو عبور کیا اور شہر رقہ پر یورش کر کے اسے فتح کر لیا پھر خابور کا پورا علاقہ فتح کر لیا اس کے بعد شہر نصیبین کو تسخیر کیا یہ سب موصل کی عملداری میں تھے کیفا کا حاکم نور الدین محمد بن قرا ارسلان بھی اس کی مدد کے لیے آ پہنچا پھر اس نے سنجار کی طرف فوج کشی کر کے اس کا محاصرہ کر لیا اور اسے فتح کر کے اپنے بھتیجے عماد الدین بن قطب الدین کے حوالے کیا۔ اتنے میں موصل کے امراء کے خطوط ملے جس میں اس کی حمایت کی گئی تھی اس لیے وہ تیز رفتاری کے ساتھ شہر بلد پہنچا پھر اس نے دریائے دجلہ کو عبور کر کے موصل کے مشرقی سمت قلعہ نینوا میں قیام کیا۔ اب اس کے اور موصل کے درمیان صرف دریائے دجلہ حائل تھا۔ انہی دنوں موصل کی فصیل میں بھی بڑا رخنہ پڑ گیا تھا۔

موصل کا محاصرہ: ادھر موصل میں سیف الدین غازی نے اپنے بھائی عز الدین مسعود کو ہمدان، بلاد الجبل، آذربائیجان، اصفہان اور رے کے حاکم اتابک شمس الدین کے پاس بھیجا تاکہ وہ اس کے چچا نور الدین کے برخلاف اس کی فوجی امداد کرے۔ اس لیے اس نے اپنے سفیر ایلچی کو نور الدین کے پاس بھیجا تاکہ وہ اسے موصل پر حملہ کرنے سے منع کرے۔ نور الدین نے اس کا دھمکی آمیز سخت جواب دیا اور موصل کا محاصرہ کر لیا۔ موصل کے تمام امراء سلطان نور الدین کی اطاعت پر متفق ہو گئے فخر الدین عبدالمسیح (نگران حکومت) نے بھی قبضہ دلانے پر آمادگی کا اظہار کیا۔ بشرطیکہ اس کا بھتیجا سیف الدین اپنے عہدے پر برقرار رہے۔

نور الدین کا موصل پر قبضہ: نور الدین نے اس کی یہ شرط تسلیم کر لی مگر یہ حکم دیا کہ وہ خود موصل سے نکل جائے اور اس کے ساتھ شام چلے جب یہ معاہدہ فریقین میں ہو گیا تو نور الدین نے ۵۶۶ھ میں ماہ جمادی الاول میں موصل پر قبضہ کر لیا اور شہر میں داخل ہو گیا۔ اس نے قلعہ کا حاکم ایک خصی غلام کو مقرر کیا جس کا نام گمشتگین تھا۔ اسے سعد الدین کا لقب دیا گیا۔

موصل کی جامع مسجد کی تعمیر: سلطان نے اس کے بھتیجے سیف الدین کو اپنے عہدے پر برقرار رکھا۔ جب سلطان موصل کا محاصرہ کر رہا تھا تو عباسی خلیفہ المستضی کی طرف سے اس کے پاس شاہی خلعت پہنچا اس نے موصل میں (ایک شاندار) جامع مسجد تعمیر کرنے کا حکم دیا جو اس کے نام سے مشہور ہوئی۔

دیگر انتظامات۔ سلطان نے سیف الدین (عبدالمسیح فخر الملک کے بھتیجے) کو حکم دیا کہ وہ گمشتگین کو تمام امور سلطنت میں مشورہ دیا کرے۔

اس نے اپنے بھائی قطب الدین کے (بڑے) فرزند عماد الدین کو سنجار کا شہر جاگیر میں دیا اس کے بعد وہ شام کی

طرف واپس چلا گیا۔

جہاد کے لیے پیش قدمی: غازی صلاح الدین ماہ صفر ۵۶۸ھ میں مصر سے فرنگی علاقوں میں جہاد کرنے کے ارادے سے روانہ ہوا اور قلعہ شوبک پر قبضہ کیا۔[1] وہاں کے باشندوں نے ہتھیار ڈالنے کے لیے دس دن کی مہلت طلب کی جو انہیں دی گئی۔

سلطان نورالدین زنگی (اس نے جہاد کی ابتدا کی تھی) نے بھی دمشق سے دوسرے راستے سے فرنگیوں کے خلاف جہاد کرنے کے لیے فوج کشی کی۔

صلاح الدین کا اندیشہ: (غازی صلاح الدین کو جب یہ اطلاع ملی تو) اس کے ساتھیوں نے اسے یہ مشورہ دیا کہ "اگر آپ سلطان نورالدین کی فرنگیوں کے خلاف مدد کریں گے تو جب فرنگیوں کی طاقت ختم ہو جائے گی تو اس کے بعد سلطان نورالدین آپ پر دست درازی کرے گا۔ اس صورت میں آپ اس کا مقابلہ نہیں کر سکیں گے۔"

نورالدین کی ناراضگی: (اس مشورہ کے بعد) سلطان صلاح الدین نے قلعہ شوبک کا محاصرہ ملتوی کر دیا اور مصر واپس چلا گیا۔ اس نے سلطان نورالدین کو یہ معذرت نامہ بھیجا کہ اسے اطلاع ملی تھی کہ مصر کے بعض شیعہ امراء اس کے خلاف بغاوت کرنا چاہتے ہیں اس لیے وہ مصر واپس چلا گیا۔ مگر سلطان نورالدین نے اس کا یہ معذرت نامہ قبول نہیں کیا اور اسے مصر کی حکومت سے معزول کرنے کا ارادہ کیا۔ اس حالت میں غازی صلاح الدین نے اپنے والد، اپنے ماموں شہاب الدین حارمی اور دوسرے رشتہ داروں سے بھی مشورہ لیا۔

صلاح الدین کو مشورہ: اس کے بھتیجے تقی الدین عمر نے یہ مشورہ دیا کہ وہ بغاوت کر کے مقابلہ کے لیے تیار ہو جائے مگر اس کے والد نجم الدین ایوب نے اس مشورہ کو پسند نہیں کیا اور اس سے کہا "ہم میں سے کوئی نہیں ہے جو سلطان نورالدین کا، اگر وہ خود آئے یا کوئی لشکر بھیجے، مقابلہ کر سکے۔" اس کے والد نے اسے یہ مشورہ دیا کہ وہ اطاعت کا خط لکھے اور "اگر وہ تم سے یہ علاقہ لینا چاہے تو تم اسے یہ علاقہ (خوشی سے) حوالے کر دو۔"

باہمی رنجش کا خاتمہ: جب مجلس برخاست ہوئی تو اس کے والد نے تنہائی میں یہ بات کہی "تم اس گفتگو سے دوسرے امراء کے لیے دست درازی کی راہ ہموار کر رہے ہو۔ اگر وہ تم پر حملہ کرنا چاہے تو میں پہلا شخص ہوں گا جو اس کا مقابلہ کرے گا مگر اس کے ساتھ نرمی اختیار کرنا بہتر ہے۔" چنانچہ غازی صلاح الدین نے اپنے والد کے مشورے کے مطابق نرم لہجے میں خط لکھا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سلطان نورالدین نے اس سے درگزر کیا اور اس کا مقابلہ کرنے کا خیال چھوڑ دیا

---

[1] ابن خلدون (تاریخ ابن خلدون) [illegible] میں عبارت یوں مذکور ہے کہ اس نے قلعہ شوبک پر حملہ کیا، اس کے باشندوں نے [illegible] دس دن کی مہلت طلب کی [illegible] (ابن خلدون [illegible])

سلطان صلاح الدین مصر پر حکومت کرتا رہا۔

صلیب پرستوں کی سرکوبی: اس کے بعد سلطان نور الدین نے فوجیں اکٹھی کیں اور فرنگیوں کے خلاف جہاد کے لیے پیش قدمی کی کیونکہ انہوں نے اس کے ملک کے باشندوں کی تجارتی کشتیاں لوٹ لی تھیں اور یہ خالص عہد شکنی کی گئی کہ دو کشتیاں لوٹ لی گئی تھیں۔ سلطان نے ان سے اس معاملہ کا تصفیہ طلب کیا اور ان کے خلاف فوج کشی کی اور ان کے شہر انطرطوس، طرابلس اور بیروت کے لیے سپہ سالار روانہ کیے۔

نور الدین نے عرقہ کے قلعہ کا محاصرہ کیا اور اس کے بیرونی حصے کو ویران کر دیا۔ اس نے قلعہ صافیثا اور عریمہ کی طرف فوج بھیجی اور انہیں فتح کر کے ان دونوں قلعوں کو تباہ و ویران کر دیا۔ پھر سلطان عرقہ سے طرابلس کی طرف روانہ ہوا اور راستے میں جو فرنگی علاقے تھے ان کو لوٹتے ہوئے ان کو تباہ و برباد کر دیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ فرنگی خود اپنے آپ سے مصالحت کرنے پر مجبور ہوئے اور انہوں نے ہر جہت کا وہ مال واپس کر دیا جو انہوں نے مصر کے شہریوں سے چھینا تھا۔ اس کے بعد انہی جنگجو فرنگیوں نے عہد شکنی کی۔ ملک اسد الدین و سلطان صلاح الدین یوسف نے ان کے شہروں پر حملے کر کے ان کے مردوں کو قتل کیا۔ اور ان کا مال غنیمت حاصل کرنے کے بعد ان سے صلح کر لی۔

جلد خبر رسانی کا انتظام: سلطان نور الدین نے اس سال جلد خبر رسانی کے لیے کبوتروں کے ذریعے خطوط بھیجنے کا انتظام کیا کیونکہ اس کا ملک وسیع ہو گیا تھا اس لیے خبر رسانی کا انتظام نہایت ضروری تھا۔ اس نے ایسے پرندوں کے ذریعے انتظام کرنے والوں کے لیے مستقل تنخواہ مقرر کی تاکہ یہ پرندے اپنے ٹھکانوں پر پوری وفاداری کے ساتھ جلد خطوط پہنچا سکیں۔

فرنگیوں کے ساتھ چھیڑ چھاڑ: پھر فرنگیوں نے دمشق کی عملداری میں حوران کے علاقے پر حملہ کیا جب سلطان نور الدین ان کے مقابلے کے لیے پہنچا تو وہ بھاگ کر سواد کی طرف بھاگ گئے۔ سلطان نے ان کا تعاقب کر کے ان کو نقصان پہنچایا۔ سلطان نے خود عشترا کے مقام پر قیام کیا اور وہاں سے فوجی دستہ طبریہ کے علاقے کی طرف بھیجا جنہوں نے اسے تباہ و برباد کر دیا۔ جب فرنگی فوجیں ان کی مدافعت کے لیے پہنچیں تو اس وقت تک مسلمان فوجیں دریا پار کر چکی تھیں۔ فرنگیوں نے مسلمان فوجوں کا تعاقب کرنے کے لیے دریا کو عبور کیا اور چھینا ہوا مال واپس لینے کی کوشش کی تو مسلمانوں نے ان سے سخت جنگ کی۔ آخر وہ (فرنگی) ناکام ہو کر لوٹ گئے۔

ارمنی سردار ابن لیون کے حالات: ارمنی سردار ملیح بن لیون جو صلیب پرستوں کا سرغنہ تھا سلطان نور الدین کا مطیع و فرمانبردار ہو گیا۔ سلطان نے اسے بار بار اپنی مہربانی و برکت کا مستحق بنایا یہاں تک کہ وہ سلطان کی فوجوں کے ساتھ جایا کرتا تھا اور جب فرنگیوں کے خلاف مسلمانوں کی مہموں میں شریک ہوتا تھا اور جب کبھی اسے اپنے دشمنوں کے خلاف مدد کی ضرورت ہوتی تھی تو مسلمان اس کی مدد کیا کرتے تھے۔

رومی علاقے پر قبضہ: ابن لیون کے علاقے کے آس پاس اذنہ، مصیصہ اور طرسوس کے شہر تھے جو قسطنطنیہ

سے ہوئی ہوئی [illegible] کے قبضے میں تھے اور قلیج ارسلان نے ان پر تسلط کر کے ان شہروں کو فتح کر لیا تھا اس لیے [illegible] کے بادشاہ نے ۵۶۸ھ میں [illegible] سے مدد چاہی چنانچہ [illegible] کی قیادت میں ایک بھاری لشکر بھیجا قلیج ارسلان نے سلطان نورالدین سے [illegible] کی مدد کے لیے [illegible] اس کے بعد [illegible] نے رومی فوجوں سے [illegible] جنگ کر کے انہیں شکست دے دی [illegible] سلطان [illegible] کے پاس آئے [illegible] اور [illegible] حالت [illegible] تھی اور [illegible] ہو گئے۔

رومی علاقے کی طرف پیش قدمی: رومی علاقے (جو [illegible]) [illegible] اور [illegible] ذوالنون [illegible] کے قبضے میں تھے [illegible] سلطان [illegible] اور اس کے بھائی [illegible] کے بعد [illegible] تھا اس لیے قلیج ارسلان نے [illegible] کے شہروں پر [illegible] کر لیا [illegible] سلطان نے [illegible] ایک [illegible] ان کے [illegible] سلطان نورالدین نے [illegible] قبول نہیں کی اس لیے سلطان نے اس کے علاقے پر فوج کشی کی اور ۵۶۸ھ کے ماہ [illegible] میں [illegible] فتح کر لیے [illegible] اور [illegible] اور [illegible]۔

پھر اس نے سیواس کی طرف فوج بھیجی اور اسے بھی فتح کر لیا۔

مشروط صلح: [illegible] قلیج ارسلان نے سلطان نورالدین سے [illegible] کی درخواست کی تو سلطان نورالدین نے اس شرط پر اس سے صلح کی [illegible] فرنگی فوجوں کے خلاف اس کی مدد کرے [illegible] اور [illegible] سلطان [illegible] فوج [illegible]۔

اس کے بعد سلطان نورالدین اپنے ملک واپس چلا گیا اور سیواس [illegible] کے قبضے میں نورالدین کی وفات تک رہا۔

نورالدین کی بادشاہت کی تصدیق: [illegible] سلطان نورالدین کا [illegible] بغداد سے آیا جس کا نام [illegible] الدین ابوالفضل محمد بن عبداللہ [illegible] تھا اور اپنے ساتھ [illegible] کو [illegible] سلطان نورالدین [illegible] اور [illegible] شام [illegible] اور [illegible] کا بادشاہ [illegible]۔

الکرک میں اجتماع کی تجویز: ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ سلطان نورالدین اور صلاح الدین کے درمیان [illegible] کی [illegible] سلطان نورالدین نے [illegible] صلاح الدین [illegible] سے [illegible] کا [illegible] صلاح الدین نے [illegible] کا [illegible] پس [illegible] الکرک کے مقام پر اکٹھے ہوں گے [illegible] دونوں [illegible] پہنچ جائے گا وہ دوسرے کا انتظار کرے گا۔ چنانچہ سلطان صلاح الدین [illegible] ۵۶۸ھ میں مصر سے [illegible] الکرک کے مقام پر پہنچ [illegible]۔

صلاح الدین کا ملاقات سے گریز: جب سلطان نورالدین کو صلاح الدین کی مصر سے روانگی کی اطلاع ملی تو اس نے اپنی فوجوں کو جمع کیا اور دمشق سے نکل کر کرک سے دو منزلوں کے فاصلے پر الرقیم کے مقام پر قیام کیا اس کی خبر جب سلطان صلاح الدین کو معلوم ہوئی تو اسے اندیشہ ہوا کہ ملاقات کے وقت وہ اسے معزول کر دے گا۔ اس نے اپنے والد نجم الدین ایوب کو مصر میں نائب مقرر کیا تھا۔ اس وقت اس کے پاس یہ اطلاع پہنچی کہ اس کا والد سخت بیمار ہو گیا ہے لہٰذا اس موقع پر سلطان نورالدین کی ملاقات سے گریز کرنے کا یہ بہانہ ہاتھ آیا اور وہ مصر واپس چلا گیا۔ اس نے تحفے تحائف کے ساتھ نورالدین کو معذرت نامہ بھیجا اور یہ پیغام دیا کہ سلطنت مصر کی حفاظت اس کے لیے زیادہ اہم تھی۔

نجم الدین ایوب کی وفات: جب سلطان صلاح الدین مصر پہنچا تو معلوم ہوا کہ اس کا والد فوت ہو چکا ہے وہ گھوڑ سواری سے گر گیا تھا اور زخمی حالت میں اسے گھر لے جایا گیا تھا۔ جہاں وہ چند دنوں کے بعد ماہ ذوالحجہ کے آخر میں اسی سال فوت ہو گیا۔

تمام مطالبات کی منظوری: سلطان نورالدین دمشق آ گیا اس نے اپنے ملک کے قاضی کمال الدین شہرزوری کو بغداد بھیجا تھا کہ وہ خلیفہ سے اپنے مقبوضات کا تقرر نامہ حاصل کرے اس کے مقبوضہ علاقے مصر، شام، الجزیرہ اور موصل تھے اور دیار بکر، خلاط اور روم نے اس کی اطاعت قبول کر لی تھی۔

اس نے یہ درخواست بھی کی تھی کہ اس کے والد زنگی کو جو جاگیریں عراق میں تھیں وہ اسے دوبارہ دی جائیں۔ جو کہ یہ تھیں صریفین اور درب ہارون۔

اس نے یہ بھی مطالبہ کیا تھا کہ دریائے دجلہ کے کنارے موصل کے برابر ایک قطعہ اراضی دی جائے جہاں وہ فرقہ شافعیہ کے لیے ایک دارالعلوم تعمیر کرائے۔ چنانچہ اس کے یہ تمام مطالبات منظور کر لیے گئے۔

سلطان نورالدین کی وفات: سلطان نورالدین محمود بن عماد الدین زنگی نے ۱۱ شوال ۵۶۹ھ میں وفات پائی۔ اس نے ۲۸ سال حکومت کی۔ اس نے سلطان صلاح الدین ایوب سے مصری حکومت چھیننے کی تیاریاں شروع کر دی تھیں اور اپنے بھتیجے سیف الدین کی قیادت میں فوجیں اس سے جنگ کے لیے تیار کی تھیں۔ اگر وہ زندہ رہتا تو اس کی سلطنت بہت وسیع ہو گئی تھی۔ یہاں تک کہ جب سیف الدین بن ایوب حاکم ہوا تو اس کے نام کا خطبہ یمن (کے دارالحکومت) صنعاء کی مساجد میں بھی پڑھا جاتا تھا۔

نورالدین کی سیرت: سلطان نورالدین مسلمانوں کے مفادات کا خاص طور پر خیال رکھتا تھا اور نماز اور روزے کا پابند تھا وہ امام ابوحنیفہ کے فقہی مسلک سے اچھی طرح واقف تھا اور بہت عادل اور انصاف پسند حاکم تھا۔ اس نے اپنے مقبوضہ علاقوں میں چنگی ٹیکس ختم کر دیا تھا۔

تعمیری کام: سلطان نور الدین نے (شام کے زلزلوں کے بعد) شام کے قلعوں کو مستحکم کیا اور اس کے شہروں پر فصیلیں تعمیر کرائیں۔ ان میں یہ شہر بھی شامل تھے۔ دمشق، حمص، حماۃ، شیزر، بعلبک، حلب۔

رفاہ عام کے کام: سلطان نور الدین نے فرقہ حنفیہ و شافعیہ کے بہت سے مدارس بھی تعمیر کرائے۔ اس نے موصل میں (عظیم الشان) جامع نوری تعمیر کرائی۔ اس نے بیمارستان اور شفاخانے بھی تعمیر کرائے اور راستوں میں سرائے اور صوفیائے کرام کے لیے خانقاہیں تمام ملک میں تعمیر کرائیں اور ان کے لیے بکثرت اوقاف مقرر کیے چنانچہ یہ اندازہ لگایا گیا ہے کہ ان کے اوقاف کی ماہانہ آمدنی نو ہزار دینار کے برابر تھی۔

سلطان نور الدین علماء اور دیندار حضرات کا بے حد عزت و احترام کرتا تھا اور ان کے لیے تعظیماً کھڑا ہو جاتا تھا اور محفل میں بھی ان سے بے حد محبت کرتا تھا اور ان کی کوئی بات رد نہیں کرتا تھا۔

سلطان نور الدین نہایت متواضع، بارعب اور باوقار حکمران تھا۔

دمشق میں ملک صالح کی جانشینی: جب سلطان نور الدین کی وفات ہوئی تو دمشق میں تمام امراء، سپہ سالار اور ارکان سلطنت اکٹھے ہوئے اور ان سب نے اس کے فرزند ملک صالح اسماعیل کے ہاتھ پر بیعت کی جو اس وقت گیارہ سال کا بچہ تھا انہوں نے اس کی اطاعت کا حلف اٹھایا۔ شام کے عوام نے اور سلطان صلاح الدین نے مصر میں اس کی اطاعت قبول کی اور تمام ملک کی مساجد میں اس کے نام کا خطبہ پڑھا گیا اور سکے پر اس کا نام کندہ کرایا گیا۔

ملک صالح کا نگران اور اس کی سلطنت کا منتظم اور سربراہ امیر شمس الدین محمد بن عبد الملک المقدم مقرر ہوا۔ قاضی کمال الدین شہرزوری نے اسے یہ مشورہ دیا کہ وہ تمام معاملات میں سلطان صلاح الدین سے رجوع کیا کریں تاکہ وہ ان کی مخالفت سے روگردانی نہ کرے۔ مگر ان لوگوں نے اس مشورہ کو نہیں مانا۔

حاکم موصل کی خودمختاری: ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ سلطان نور الدین نے الجزیرہ کو فتح کر لیا تھا اور اپنے بھائی قطب الدین کے فرزند سیف الدین غازی کو موصل کا حاکم مقرر کیا تھا۔ سلطان اپنے ساتھ فخر الدین عبدالمسیح کو لے گیا تھا جسے سیف الدین نے مقرر کیا تھا اور وہ خودمختار ہو گیا تھا۔

سلطان نے قلعہ موصل کا حاکم سعد الدین گمشتگین کو مقرر کیا تھا۔ سلطان نے مرنے سے پیشتر ان دونوں کو بلایا تھا۔ چنانچہ سیف الدین غازی اور گمشتگین دونوں لشکر لے کر روانہ ہوئے۔ راستے میں انہیں سلطان نور الدین کی وفات کی اطلاع ملی تو اس وقت فوج کے اگلے حصے پر گمشتگین مقرر تھا وہ چھپ کر حلب بھاگ گیا۔

سیف الدین کی فتوحات: لہٰذا سیف الدین غازی نے اس کے سامان پر قبضہ کر لیا اور وہ بھی نصیبین کی طرف لوٹ گیا اور اسے فتح کر کے اپنی فوجیں خابور کی طرف بھیجیں جنہوں نے اسے بھی فتح کر لیا۔ اس کے بعد وہ حران پہنچا۔ وہاں کا حاکم سلطان نور الدین کا آزاد کردہ غلام تھا۔ اس شہر کا چند روز تک محاصرہ کیا گیا۔ پھر سیف الدین غازی نے اس شرط پر اس سے ہتھیار ڈلوائے کہ وہ (اطاعت کرنے کے بعد) اسے حران کا مالک بنا دے گا مگر جب اس نے اطاعت

تحویل میں دے کر قتل کر دیا گیا اور حران پر قبضہ کر لیا گیا۔

جب سیف الدین غازی رہا پہنچا یہاں کا حاکم سلطان نور الدین کا ایک خادم تھا اس نے فوراً شہر حوالے کر دیا اور اس کے معاوضہ میں اسے جزیرہ ابن عمر کا قلعہ دے دیا گیا۔ بعد میں وہ بھی اس سے چھین لیا گیا۔

الجزیرہ پر قبضہ وہاں سے سیف الدین رقہ، سروج اور نصیبین بھی فتح کر لیا اور الجزیرہ کے تمام شہر اس نے فتح کر لیے تھے لیکن قلعہ جعبر فتح نہیں ہو سکا کیونکہ یہ مضبوط قلعہ تھا [illegible] کیونکہ وہاں کے [illegible] قطب الدین [illegible] نے قبضہ کیا تھا۔

شمس الدین علی بن الدایہ حلب میں تھا وہ سلطان نور الدین کا سب سے بڑا امیر تھا [illegible] تھیں مگر وہ سیف الدین اور فخر الدین عبدالمسیح کا مقابلہ نہیں کر سکا۔

فتح دمشق کا منصوبہ سلطان نور الدین نے فخر الدین عبدالمسیح کو اپنی وفات سے پہلے جلاوطن کر دیا تھا [illegible] کے پاس تھا جب نور الدین فوت ہوا تو وہ سیدھا سیف الدین غازی کے پاس چلا گیا جس نے اس کو اپنا وزیر بنایا تو سیف الدین اس وقت الجزیرہ کو فتح کر چکا تھا اس لیے فخر الدین نے اسے مشورہ دیا کہ وہ شام کا قصد کرے۔ اس کے دوسرے بڑے حاکم نے اس کی مخالفت کی مگر سیف الدین نے اسی کا مشورہ قبول کیا اور موصل لوٹ آیا۔

صلاح الدین کا پیغام غازی صلاح الدین نے ملک صالح اور اس کے ارکان سلطنت کو یہ پیغام بھجوایا کہ آپ نے سیف الدین کا مقابلہ کرنے کے لیے مجھے کیوں نہیں بلایا۔ صلاح الدین نے دشمن کے خطرات سے آگاہ کیا [illegible] سیف الدین کا مقابلہ کرنے سے بے پروا ہو گئے ہیں۔

بعد ازاں شمس الدین ابن الدایہ نے ملک صالح کو دمشق سے حلب آنے کا پیغام بھیجا تاکہ وہ دونوں مل کر الجزیرہ کو واپس لے سکیں۔ مگر ملک صالح نے امراء کے کہنے پر حلب جانے سے روک دیا کیونکہ انہیں اندیشہ تھا کہ ابن الدایہ ان پر مسلط ہو جائے۔

فرنگیوں سے مصالحت سلطان نور الدین کی وفات کے بعد فرنگیوں نے فوج جمع کر کے قصبہ بانیاس کا محاصرہ کر لیا جو دمشق کی سرحد پر تھا۔ شمس الدین ابن المقدم نے [illegible] اس نے فرنگیوں سے [illegible] خطرہ تھا کہ [illegible] سیف الدین موصل اور صلاح الدین مصر سے حملوں کے [illegible] کیا گیا۔ اس لیے فرنگیوں سے [illegible] مال وصول کر کے صلح کر لی۔

صلیب پرستوں کا خطرہ غازی صلاح الدین کو جب ان باتوں کی اطلاع ملی تو اس نے [illegible] ملک صالح اور اس کے ارکان سلطنت کو لکھا کہ یہ بہت بڑی ذلت کی بات ہے۔ اس طرح فرنگیوں کے حملوں کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔

حقیقت یہ تھی کہ ابن المقدم نے فرنگیوں سے اس لیے صلح کی تھی کہ اسے سلطان صلاح الدین اور سیف الدین

غازی کے حملوں کا اندیشہ تھا۔

حلب پر حملے کا اندیشہ: جب سیف الدین غازی نے الجزیرہ کے شہروں کو فتح کر لیا تھا اس پر شمس الدین ابن المقدم کو یہ اندیشہ ہوا کہ وہ حلب پر بھی فتح کر لے گا کیونکہ اس کے ہمراہ بھی گمشتگین خود سیف الدین غازی کے پاس سے بھاگ کر آیا ہوا تھا دمشق بھیجا تاکہ وہ ملک صالح سے ملاقات کرے یہ درخواست کرے جب گمشتگین دمشق کے قریب پہنچا تو ابن المقدم نے اس کے خلاف فوج کشی کی جس سے مجبور ہو کر وہ واپس حلب آ گیا۔

گمشتگین کی حکومت حلب: بعد ازاں ابن المقدم اور دمشق کے ارکان سلطنت نے یہ خیال کیا کہ ملک صالح کو حلب بھیجنا زیادہ مناسب ہے چنانچہ انہوں نے گمشتگین کو بلایا اور اس کے ساتھ ملک صالح کو بھیج دیا جب گمشتگین حلب پہنچا تو اس نے ابن الدایہ اور اس کے بھائیوں کو گرفتار کر لیا اور رئیس حلب ابن الخشاب اور ایک اور شخص کو بھی گرفتار کر لیا اور ملک صالح کے نام سے وہ حلب کا خود مختار حاکم بن بیٹھا۔

سیف الدین سے مصالحت: ابن المقدم اور دمشق کے امراء کو جب (ان کی خود غرضی) کی خبر پہنچی تو انہیں اس پر خطرہ محسوس ہوا۔ اس لیے انہوں نے سیف الدین غازی کو دعوت دی کہ وہ آ کر دمشق کا حکمران بنانا چاہتے ہیں سیف الدین نے وہاں جانے میں تامل کیا اور وہ سمجھا کہ شاید یہ کوئی چال ہے اس لیے اس نے اس کی اطلاع گمشتگین کو دی اور اس نے اسے وہ مال و دولت دے کر جو اس نے اس کے شہروں سے چھینا تھا صلح کر لی۔

اس سے اہل دمشق کے دلوں میں جو خوف و خدشات پیدا ہوئے اس لیے اب انہوں نے سلطان صلاح الدین ایوبی سے مداخلت کرنے کے لیے بلوایا۔

سلطان صلاح الدین کی فتح دمشق: سلطان صلاح الدین مصر سے شام کی طرف روانہ ہوا۔ راستے میں وہ فرنگیوں کو شکست دیتا ہوا بصریٰ پہنچا۔ اس کے حکمران نے اس کی اطاعت قبول کی وہاں سے وہ دمشق پہنچا تو وہاں کے ارکان سلطنت شمس الدین محمد بن عبدالملک کی قیادت میں اس کے استقبال کے لیے نکلے۔ یہ وہی شمس الدین ابن المقدم تھا جس کے والد نے سنجار کا علاقہ سلطان نور الدین کے سپرد کرنے میں مدد کی تھی غرض جب سلطان صلاح الدین دمشق میں داخل ہوا تو وہ دمشق میں [illegible] اپنے والد کے گھر میں ٹھہرا جو العفیفی کے نام سے مشہور تھا آج مدرسہ ہے۔

قلعہ دمشق کی تسخیر: قلعہ کا حاکم ریحان تھا جو سلطان نور الدین کا وفادار غلام تھا اس نے قلعے پر قبضہ کر رکھا تھا۔ سلطان صلاح الدین نے قاضی کمال الدین شہرزوری کے ذریعے اسے یہ پیغام بھجوایا کہ وہ (صلاح الدین) ملک صالح کا مطیع و فرمانبردار ہے اس نے اپنے ملک میں اسی کے نام کا خطبہ (منابر میں) پڑھوایا ہے۔ وہ یہاں محض اس لیے آیا ہے کہ وہ ان علاقوں کو واپس لے جو چھین لیے گئے ہیں۔

یہ پیغام آنے کے بعد ریحان نے قلعہ سلطان صلاح الدین کے حوالے کر دیا اور اس نے اس کے تمام مال و دولت

پر قبضہ کر لیا۔ یہ تمام کارروائی کرتے وقت سلطان صلاح الدین ملک صالح کی اطاعت کا اظہار کرتا رہا۔ اس نے خطبہ اور سکہ اسی کے نام پر برقرار رکھا۔

دمشق کا نیا حاکم: جب سلطان صلاح الدین نے دمشق ملک صالح کے نام پر فتح کیا تو اس نے وہاں اپنے بھائی سیف الاسلام طغتگین بن ایوب کو جانشین بنایا۔

زعفرانی کا فرار: حمص، حماۃ، قلعہ بارین، سلمیہ، تل خالد اور رہا (الرہا) الجزیرہ کے شہروں میں شمار ہوتا تھا اور یہ سلطان نور الدین کے ایک حاکم فخر الدین مسعود زعفرانی کے ماتحت تھے۔ البتہ ان کے قلعے دوسروں کے قبضہ میں تھے۔

جب سلطان نور الدین فوت ہوا تو زعفرانی اپنی بدکرداری کی بنا پر وہاں سے بھاگ گیا۔

فتح حمص: چنانچہ جب سلطان صلاح الدین نے دمشق فتح کیا تو اس کے بعد اس نے حمص کی طرف توجہ کی اور شہر پر قبضہ کر لیا مگر قلعہ اس کے حاکم کی وجہ سے فتح نہیں ہو سکا۔ اس لیے اس کے محاصرے کے لیے ایک لشکر تیار کیا گیا اور خود صلاح الدین حماۃ روانہ ہوا اور ماہ شعبان کی چودہ تاریخ کو اس کا محاصرہ کیا۔ اس کے قلعہ کا حاکم عز الدین جردیک تھا۔ سلطان صلاح الدین نے اسے یہ پیغام بھیجا کہ "وہ ملک صالح کا فرمانبردار ہے اور وہ یہاں محض اس لیے آیا ہے کہ اسے فرنگیوں سے محفوظ کرے اور الجزیرہ کے شہر اس کے چچا زاد بھائی سیف الدین غازی حاکم موصل سے واپس لے۔"

محاصرہ حلب: سلطان صلاح الدین نے اس علاقہ پر عز الدین کو نائب بنا کر اسے حلب میں ملک صالح کے پاس بھیجا تاکہ وہ اس کے ساتھ معاہدہ کرے اور شمس الدین علی، حسن اور عثمان بن الدایہ کو قید سے چھڑا لائے۔ چنانچہ عز الدین قلعہ پر اپنے بھائی کو جانشین مقرر کر کے حلب روانہ ہوا۔ جب وہ حلب پہنچا تو گمشتگین نے اسے گرفتار کر کے قید کر لیا۔ ایسی حالت میں اس کے بھائی نے حماۃ کا قلعہ سلطان صلاح الدین کے حوالے کر دیا اور صلاح الدین نے اس پر قبضہ کر لیا اور فوراً اس نے حلب کی طرف پیش قدمی کی اور حلب کا محاصرہ کر لیا۔ ملک صالح اس وقت نو عمر بچہ تھا تاہم وہ سوار ہو کر شہر میں گشت کرتا رہا اور اپنے والد کے حقوق جتا کر لوگوں سے امداد کا خواستگار رہا۔ اہل حلب اس کی درخواست سے بہت متاثر ہوئے اور سلطان صلاح الدین کی فوجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے شہر سے باہر نکلے اور جاں نثاری کے ساتھ لڑے۔

گمشتگین کی چالیں: اس اثناء میں گمشتگین نے فرقہ اسماعیلیہ کے سردار کے پاس خفیہ پیغام بھیجا کہ سلطان صلاح الدین کو خفیہ طور پر اچانک طور پر قتل کر دیا جائے۔ چنانچہ اس نے اپنے چند جانثاروں (فدائیوں) کو اسی مقصد کے لیے بھیجا مگر صلاح الدین کے ساتھیوں اور اس کے سپاہیوں کو اس خفیہ سازش کا پتہ چل گیا چنانچہ انہوں نے (اس سازشی گروہ کا) خاتمہ کر دیا اور صلاح الدین بدستور حلب کا محاصرہ کرتا رہا۔

گمشتگین نے (دوسری چال یہ چلی کہ اس نے) (صلیبی) فرنگیوں کو یہ پیغام بھیجا کہ وہ سلطان صلاح الدین کے ملک پر حملہ کریں تاکہ وہ ان کے پاس سے کوچ کر جائے۔

فرنگیوں کی پیش قدمی: سلطان نور الدین زنگی کی قید میں نوجوان والیٔ طرابلس ریمنڈ کئی سال سے پڑا تھا قلعہ حارم کی جنگ میں گرفتار ہوا تھا اس وقت سے اب تک وہ حلب میں نظر بند تھا۔ نئے منتظمین نے (موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے) اس وقت ڈیڑھ لاکھ دینار اور ایک ہزار قیدیوں کے بدلے میں رہا کر دیا۔ اس کا فرنگیوں کے بادشاہ املری کے فوت ہونے کے بعد بہت بڑا اثر تھا اور وہ اس کی رائے کے بغیر کوئی کام نہیں کرتے تھے چنانچہ وہ صلیب کی [illegible] اور دوسری فرنگی فوجوں کو لے کر قلعہ حمص کی طرف روانہ ہوا۔

ایک قلعہ کی تسخیر: سلطان صلاح الدین نے [illegible] ان سے شہر فتح کر لیا اور وہ وہاں سے بھاگ گئے لیکن جب صلاح الدین قلعہ کا محاصرہ جاری رہا اور شعبان کے آخر میں اسے فتح کر لیا اس طرح وہ شہر کے علاوہ قلعے پر بھی قابض ہو گیا۔

فتح بعلبک: وہاں سے وہ بعلبک کی طرف روانہ ہوا جہاں کا حاکم سلطان نور الدین زنگی کے زمانہ سے یہاں میں سے ایک خصی تھا۔ اس شہر کو بھی محاصرہ کر لیا گیا۔ آخرکار اہل شہر نے ہتھیار ڈال دیئے اور سلطان صلاح الدین نے جنگ کے بغیر ماہ رمضان [illegible] تک فتح کر لیا اور شمس الدین محمد بن عبدالملک کے حوالے کر دیا کیونکہ اس نے دمشق کی فتح کے موقع پر اطاعت اور وفاداری کا ثبوت دیا تھا اور یہ شہر اسی کے حوالے کر دیا تھا۔

فوجی امداد کی درخواست: جب سلطان صلاح الدین نے حمص وغیرہ فتح کر لیے اور حلب پر دوسرا حملہ کیا تو الملک الصالح نے حلب سے اپنے چچا زاد بھائی سیف الدین غازی حاکم موصل سے بکمال لجاجت کے ساتھ فوجی امداد کی درخواست کی چنانچہ اس نے فوجیں اس مقصد کے لیے بھیجی تھیں۔ اس نے دوسرے بھائی عماد الدین زنگی حاکم سنجار سے بھی فوجی کمک طلب کی تھی مگر اس نے کوئی جواب نہیں دیا کیونکہ اس کے سلطان صلاح الدین سے گہرے تعلقات تھے کیونکہ اسی نے اسے سنجار کا حاکم بنایا تھا اس لیے اس سے مزید توقعات وابستہ کر رکھی تھیں۔

سیف الدین غازی کی امداد: لہٰذا سیف الدین غازی نے سلطان صلاح الدین کے مقابلے کے لیے [illegible] اپنے بھائی عز الدین مسعود کے ہمراہ [illegible] فوجیں بھیجیں اور خود سیف الدین غازی فوج لے کر حلب کی طرف روانہ ہوا اور سنجار پہنچ کر اپنے بھائی عماد الدین کا محاصرہ کر لیا مگر کوئی کامیابی حاصل نہیں کر سکا۔

موصل کی فوجوں کو شکست: جب دونوں فوجوں کا مقابلہ قرون حماۃ کے مقام پر ہوا تو سلطان صلاح الدین نے اس کے بھائی عز الدین اور اس کے لشکر کو شکست دے دی اس لیے وہ صلاح الدین سے صلح کر کے موصل واپس چلا گیا۔

متحدہ فوج کا دوبارہ مقابلہ: سیف الدین غازی نے دوبارہ اپنے بھائی عز الدین کو فوجیں دے کر [illegible] کی طرف بھیجا اور حلب کی طرف روانہ ہوا جب وہاں ان کا لشکر [illegible] کے ساتھ شامل ہو گیا اور وہ سب سلطان صلاح

[illegible]

[illegible] سلطان صلاح الدین [illegible]

[illegible] [illegible]

[illegible] [illegible]

[illegible] سلطان صلاح الدین [illegible]

[illegible] سلطان صلاح الدین [illegible]

[illegible] [illegible]

[illegible] [illegible]

انہیں کوچ کرنے کا حکم دیا چنانچہ وہ ان کے پاس پہنچ گئیں پھر وہ دمشق سے کوچ کرتا ہوا سیف الدین اور گمشتگین کی فوجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے پہنچا۔ دونوں لشکروں میں تل سلطان کے مقام پر مقابلہ ہوا تو دشمن کی فوجیں شکست کھا کر حلب واپس آگئیں۔ سیف الدین غازی نے اپنے بھائی عزالدین کو حلب میں اپنی فوج کی قیادت کے لیے چھوڑا اور خود دریائے فرات عبور کر کے موصل بھاگ گیا کیونکہ اس کو خیال تھا کہ سلطان صلاح الدین اس کا تعاقب کر رہا ہے۔

سپہ سالار کی معزولی: ملک صالح نے اپنے وزیر جلال الدین اور مجاہد الدین قائماز سے الگ ہو کر مشورہ کیا کہ وہ موصل سے فوج طلب کیا جائے مگر ان دونوں نے اس کی مخالفت کی۔ آخر اس نے قائماز کو سپہ سالاری سے معزول کر دیا کیونکہ وہ اس کے مشورہ پر عمل کرنے سے پہلو تہی کرتا تھا۔ اس کے بجائے عزالدین زلفندار کو سپہ سالار مقرر کیا۔

فتح بزاعہ و منبج: سلطان صلاح الدین (سیف الدین) کو شکست دے کر وہاں کا مال غنیمت حاصل کر کے بزاعہ کی طرف روانہ ہوا اور اسے فتح کر کے وہاں اپنا حاکم مقرر کیا۔ وہاں سے وہ منبج گیا۔ وہاں کا حاکم قطب الدین ینال بن حسان المنبجی تھا جو سلطان صلاح الدین سے شدید عداوت رکھتا تھا۔ جب سلطان صلاح الدین نے اس کا شہر فتح کر لیا اور اس کے قلعہ کا شدید محاصرہ کیا پھر اس کی فصیلوں میں نقب لگا کر قلعہ فتح کر لیا اور اسے اسیر کر لیا۔ پھر اس کا مال و متاع ضبط کر کے اسے چھوڑ دیا۔ وہ موصل بھاگ گیا جہاں سیف الدین نے رقہ کا علاقہ اسے عطا کیا۔

قلعہ اعزاز کی تسخیر: جب سلطان صلاح الدین منبج سے فارغ ہوا تو اس نے قلعہ اعزاز کی طرف پیش قدمی کی جو بہت ہی مستحکم قلعہ تھا۔ سلطان نے اس کا چالیس دن تک محاصرہ کیا۔ اس کے بعد اہل قلعہ نے ہتھیار ڈال دیئے اور عید الاضحیٰ کے دن قلعہ سلطان کے حوالے کر دیا۔

حلب کا محاصرہ و صلح: پھر سلطان نے حلب کی طرف کوچ کیا اور وہاں کا محاصرہ کر لیا۔ ملک صالح بھی وہاں تھا۔ اہل حلب نے سلطان سے جنگ کی اس لیے سلطان نے جنگ کو طول دیا۔ پھر مصالحت کی گفتگو کی بنا پر کہ سیف الدین حاکم موصل اور کیفا اور ماردین کے حکام بھی اس میں شامل ہوں۔ چنانچہ اس شرط پر معاہدہ طے ہو گیا اور ملک صالح کی ہمشیرہ سلطان صلاح الدین کے پاس آئی۔ سلطان نے اس کی تعظیم و تکریم کی اور اسے عطیات سے نوازا۔ ملک صالح کی ہمشیرہ نے سلطان سے قلعہ اعزاز طلب کیا جو سلطان نے اسے بخش دیا۔ بعد ازاں سلطان نے اسماعیلیوں کی طرف کوچ کیا۔

حاکم شہرزور کی نافرمانی اور اطاعت: مجاہد الدین قائماز اربل کا حاکم تھا اور اس کی شہرزور کے حاکم شہاب الدین محمد بن بوزان سے دشمنی تھی۔ چنانچہ جب سیف الدین نے مجاہد الدین کو موصل کا نائب مقرر کیا تو شہاب الدین کو اس سے خطرہ لاحق ہوا اس لیے اس نے سیف الدین کی اطاعت سے انکار کیا۔ واقعہ صلح کے بعد اتابک جلال الدین وزیر نے اسے دوستانہ خط لکھ کر سمجھایا اور اسے بغاوت کے انجام سے ڈرایا اور اطاعت پر آمادہ کیا چنانچہ اس کے سمجھانے بجھانے سے اس نے اطاعت قبول کر لی اور جلد موصل بغرض اطاعت چلا گیا۔

کمشتکین کا عروج و زوال: سعد الدین کمشتکین حلب میں ملک صالح کی حکومت کا نگران تھا۔ اس کا مخالف ابو صالح ابن العجمی تھا جس نے سلطان نور الدین اور ملک صالح کے ہاں بہت اثر و رسوخ حاصل کر لیا تھا اور وزیر کے مرتبے سے آگے بڑھ گیا تھا۔ اسے فرقہ باطنیہ کے کسی شخص نے حملہ کر کے قتل کر دیا تھا یوں کمشتکین کے لیے (حکومت کا) میدان خالی ہو گیا اور وہ ملک صالح پر بھی حاوی ہو کر خود مختار ہو گیا تھا۔ اس کے ظلم و استبداد کی بہت شکایتیں ہونے لگیں اور یہ بھی الزام لگایا گیا کہ اس نے وزیر کو بھی قتل کرایا تھا لہٰذا کمشتکین کو گرفتار کر کے اسے قید کر دیا گیا۔ سلطان نے اسے قلعہ حارم عطا کیا تھا۔ لہٰذا اس کے ساتھی وہاں قلعہ بند ہو گئے۔ ملک صالح نے چاہا کہ وہ قلعہ اس کے حوالے کر دیں مگر انہوں نے انکار کر دیا۔

قلعہ حارم کی تسخیر: جب کمشتکین قید خانے میں ہلاک ہو گیا تو اس قلعے کا محاصرہ کیا گیا آخر کار ملک صالح نے مال و دولت دے کر ان سے قلعہ حاصل کیا کیونکہ اس کے محاصرہ کے لیے جو لشکر بھیجا گیا تھا وہ محاصرہ سے عاجز آ گیا تھا۔ چنانچہ جب اس کے ساتھیوں نے قلعہ اس کے حوالے کیا تو اس نے اپنی طرف سے ایک حاکم مقرر کیا۔

ملک صالح کی وفات: ملک صالح اسمٰعیل بن نور الدین محمود حاکم حلب کا ۵۷۷ھ کے درمیانی عرصے میں انتقال ہو گیا اس نے آٹھ سال تک حکومت کی تھی۔ اس نے اپنا ولی عہد عز الدین مسعود حاکم موصل کو بنایا تھا۔ اس وقت بعض ارکان سلطنت نے عز الدین کے بڑے بھائی عماد الدین حاکم سنجار کو ولی عہد بنانا چاہا کیونکہ اس کی ملک صالح کی ہمشیرہ سے رشتہ داری تھی اور اس کا والد سلطان نور الدین بھی اسے زیادہ پسند کرتا تھا مگر اس نے انکار کیا اور عز الدین نے بھی یہ کہا تھا

"میں حلب کو سلطان صلاح الدین سے بچانے کی سب سے زیادہ صلاحیت رکھتا ہوں۔"

عز الدین کی جانشینی: بہر حال جب ملک صالح فوت ہو گیا تو امرائے حلب نے عز الدین مسعود کو بلوایا۔ چنانچہ وہ اور مجاہد الدین قایماز دریائے فرات پر پہنچے جہاں امرائے حلب نے ان کا استقبال کیا اور اسے اپنے ساتھ حلب لائے چنانچہ وہ اسی سال کے ماہ شعبان کے آخر میں شہر حلب میں داخل ہوا۔

سلطان صلاح الدین ان دنوں مصر میں تھا اور ان سے بہت دور تھا۔ اس کا بھتیجا تقی الدین عمر منبج میں تھا۔ جب اس نے ان کا خطرہ محسوس کیا تو وہ وہاں سے حماۃ پہنچا۔ اہل حماۃ نے اس کی مخالفت کی اور عز الدین کی حمایت میں نعرے لگائے۔

معاہدہ کی پابندی: اہل حلب نے عز الدین کو مشورہ دیا کہ وہ دمشق اور شام کے شہروں پر حملہ کرے۔ انہوں نے اسے (جنگ کا مراقی کی) ہمنوائی مگر اس نے اس وجہ سے انکار کیا کہ اس کے اور صلاح الدین کے درمیان (معاہدہ صلح) ہے عز الدین حلب میں کئی مہینے رہا۔ پھر وہاں سے رقہ کی طرف کوچ کیا۔

تبادلہ کی تجویز پر عمل: جب عز الدین حلب سے رقہ آیا تو وہاں اس کے پاس اس کے بھائی عماد الدین حاکم سنجار کے قاصد آئے اور یہ پیغام لائے تھے کہ عماد الدین چاہتا ہے کہ وہ اپنے علاقے سنجار کے بدلے میں حلب کی حکومت حاصل

کرے عزالدین نے اس کی یہ بات نہیں مانی تو عماد الدین نے اسے یہ پیغام بھیجا۔ (ایسی حالت میں) وہ سنجار کا علاقہ سلطان صلاح الدین کے سپرد کر دے گا۔

عماد الدین کی حکومت: اس موقع پر اس کے امراء نے عزالدین کو اس بات پر آمادہ کیا کہ وہ سنجار کی حکومت قبول کر لے کیونکہ اس کا بھائی عزالدین کا مخالف نہیں ہے کیونکہ وہ بھی حاکم ہے اور اس کے پاس لشکر اور علاقے بھی کافی ہیں لہٰذا عزالدین نے اپنے بھائی سے سنجار کا علاقہ حاصل کر لیا اور اسے حلب کی حکومت دے دی چنانچہ عماد الدین حلب پہنچا اور وہاں کا حکمران بن گیا۔

سلطان صلاح الدین کے لیے اس کی حکومت مناسب و موافق تھی کیونکہ اسے عزالدین کی طرف سے دمشق پر حملہ کا خطرہ تھا۔

الجزیرہ کی طرف پیش قدمی: عزالدین حاکم موصل نے مظفر الدین کوکبری بن زین الدین کو حران اور رہا کا قلعہ دے دیا تھا جب سلطان صلاح الدین البیرہ کا محاصرہ کرنے کے لیے پہنچا تو مظفر الدین صلاح الدین کے ساتھ مل گیا اور اسے کامیابی کی امید دلائی اور اسے اس بات پر آمادہ کیا کہ وہ الجزیرہ پر حملہ کر دے چنانچہ سلطان صلاح الدین نے دریائے فرات کی طرف فوج کشی کی اور بظاہر یہ مشہور کیا کہ وہ حلب کا محاصرہ کرنا چاہتا ہے (مگر در حقیقت الجزیرہ پر حملہ کرنا چاہتا تھا) اس وقت مظفر الدین بھی دریا کو عبور کر کے صلاح الدین کے پاس پہنچ گیا تھا اور اس کے ساتھ قلعہ البیرہ تک آیا۔ البیرہ کا قلعہ بہت مستحکم تھا اور دریائے فرات کے کنارے الجزیرہ کی سرحد پر تھا اس کا حاکم اہل ماردین کے (شاہی خاندان) بنو ارتق سے تعلق رکھتا تھا اس نے سلطان صلاح الدین کی اطاعت قبول کی اور اس کے پل پر سے صلاح الدین نے اپنے لشکر کے ساتھ دریا کو پار کیا۔

اس وقت حاکم موصل عزالدین نے (قریبی رشتہ دار) مجاہد الدین کے ساتھ نصیبین کی طرف پیش قدمی کی تھی تاکہ وہ سلطان صلاح الدین کے مقابلے میں حلب کی مدافعت کرے مگر جب ان دونوں کو یہ اطلاع ملی کہ سلطان صلاح الدین نے دریائے فرات کو عبور کر لیا ہے تو وہ دونوں موصل واپس آ گئے اور رہا (اڈیسہ) کی طرف مدد کو فوجی دستے بھیجے۔

رہا کی تسخیر: سلطان صلاح الدین نے گرد و نواح کے بادشاہوں سے فوجی امداد کے لیے خط و کتابت کی اس سے پہلے صلاح الدین اور حاکم کیفا نور الدین بن محمد بن قرا ارسلان کے درمیان یہ معاہدہ ہو چکا تھا کہ اگر صلاح الدین آمد کے شہر کو فتح کر لے تو وہ اس کے حوالے کر دے گا لہٰذا جب اس نے حکام کو پیغام بھیجے تو کہا جاتا ہے کہ سب سے پہلا شخص تھا جو اس کی امداد کے لیے پہنچا۔ اس وجہ سے اب سب سے پہلے سلطان صلاح الدین نے رہا کی طرف پیش قدمی کی اور ماہ جمادی الاولیٰ ۵۷۸ھ میں اس کا محاصرہ کر لیا ان دنوں وہاں کا حاکم فخر الدین مسعود بن زعفرانی تھا جب محاصرہ سخت ہوا تو اس نے سلطان صلاح الدین کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے اور اس کے ساتھ مل گیا اس نے بھی قلعہ کا محاصرہ کیا یہاں تک کہ اس کے نائب نے مقررہ مال لے کر قلعہ کو صلاح الدین کے حوالے کر دیا۔ سلطان نے یہ علاقہ مظفر الدین کوکبری حاکم حران کو دے دیا۔

مزید فتوحات: سلطان یہاں سے رقہ گیا جہاں کا حاکم قطب الدین ینال بن حسان المنبجی تھا، وہ وہاں سے موصل کی طرف بھاگ گیا اس لیے سلطان صلاح الدین نے آسانی کے ساتھ رقہ فتح کر لیا۔ یہاں سے وہ خابور کے علاقہ کی طرف روانہ ہوا جو قرقیسیا، ماکسین اور عربان کے مقامات پر مشتمل تھا۔ سلطان نے یہ تمام مقامات فتح کر لیے۔

فتح نصیبین: پھر اس نے نصیبین کی طرف پیش قدمی کی اور اسے فوراً فتح کر لیا۔ البتہ قلعہ کا چند دنوں تک محاصرہ کیا گیا۔ پھر وہ بھی فتح ہو گیا۔ سلطان نے اس کا حاکم اپنے سب سے بڑے حاکم ابوالہیجاء السمین کو مقرر کیا اور حاکم کیفا کے ہمراہ وہاں سے روانہ ہو گیا۔

موصل کی طرف پیش قدمی: سلطان کو یہ اطلاع ملی کہ فرنگیوں نے دمشق کی طرف پیش قدمی کی ہے اور وہ داریا کے قریب پہنچ گئے ہیں مگر سلطان اس خبر سے متاثر نہیں ہوا اس نے کہا مظفر الدین کوکبری اور ناصر الدین محمد بن شیرکوہ نے اسے موصل پر حملہ کرنے کا مشورہ دیا اور جزیرہ ابن عمر کی طرف پیش قدمی کرنے پر بھی آمادہ کیا چنانچہ اس نے (ان کے مشورے کے مطابق) موصل کی طرف پیش قدمی کی۔ موصل کا حاکم عز الدین اور نائب مجاہد الدین قیماز تھا۔ اس نے بہت فوجیں اکٹھی کر لی تھیں اور انہیں فیاضانہ طور پر عطیات دیئے تھے اور اچھی طرح شہر کی حفاظت کی تھی۔ [illegible] ان میں جزیرہ، سنجار، موصل اور اربل کے علاقے شامل تھے۔

موصل میں ناکام جنگ: سلطان صلاح الدین یہاں روانہ ہو گیا جب وہ موصل کے قریب پہنچا تو وہ مظفر الدین، ناصر الدین ابن شیرکوہ اور دیگر امراء فصیلوں کو دیکھنے کے لیے گئے تو بہت مستحکم پایا۔ اس وقت سلطان صلاح الدین نے مظفر الدین اور اپنے چچا زاد بھائی ناصر الدین بن شیرکوہ سے مخاطب ہو کر کہا:

"تم دونوں نے مجھے دھوکا دیا۔"

پھر سلطان نے شہر کے باہر خیمہ نصب کیا اور اس کے ساتھی جنگ کے لیے صف آرا ہو گئے اس نے منجنیق نصب کی مگر اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ اس نے یہ (دشمن آلات) نصب کیے مگر شہر سے ایک جماعت نکلی اور وہ رات کے وقت شہر سے مشعلیں لے کر نکلتے تھے اور تمام حرکت کا اظہار کرتے تھے۔ سلطان صلاح الدین کو یہ معلوم ہوا کہ یہی دو شب خون مارنے والے ہیں چنانچہ اس نے جنگ کا ارادہ ملتوی کر دیا۔

مصالحت کی ناکام کوشش: اس عرصے میں صدر الدین شیخ الشیوخ (سہروردی) خلیفہ ناصر کی طرف سے ان کے قزل بھی شاہ ارمن کی طرف سے فریقین میں مصالحت کرانے کے لیے پہنچ گئے تھے۔ ان کی خواہش تھی کہ سلطان صلاح الدین الجزیرہ کے شہر لوٹا دے۔ سلطان نے ان کے مقابلے میں یہ شرط رکھی۔ وہ عراق میں حلب کا علاقہ دے دے مگر اس کے لیے وہ تیار نہیں ہوئے پھر سلطان نے حلب لوٹانے کی شرط بھی ترک کر دی اور کہا کہ وہ حلب والوں کی امداد کرنا چھوڑ دیں۔ مگر اس کے لیے بھی وہ رضامند نہیں ہوئے۔

سنجار کا محاصرہ اس سلسلے میں حاکم آذربائیجان قزل ارسلان کے قاصد بھی پہنچ گئے تھے اور حاکم خلاط شاہ ارمن کا پیغام بھی پہنچا تھا۔ مگر فریقین میں سے کوئی تصفیہ نہیں ہو سکا۔ لہٰذا سلطان صلاح الدین نے موصل سے سنجار کی طرف پیش قدمی کی اور اس کا محاصرہ کر لیا۔ وہاں عز الدین حاکم موصل کا بھائی امیر امیران ہندو اور خود عز الدین بھی لشکر لے کر موجود تھا شرف الدین نے سلطان سے مقابلہ کیا اور موصل سے بھی اس کی فوجی کمک پہنچی مگر سلطان نے اس کے درمیان حائل ہو کر اسے روک دیا اور زرزاریہ کے بعض کردی امراء نے اس میں مداخلت کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سلطان صلاح الدین نے اسے شکست دی اور وہ موصل بھاگ گیا۔

فتح سنجار: اب سلطان صلاح الدین نے سنجار فتح کر لیا تھا۔ یہ الجزیرہ کے تمام مفتوحہ علاقوں کے لیے حفاظتی سرحد ثابت ہوا سلطان نے اس کا حاکم سعد الدین ابن معین الدین انر کو مقرر کیا جو دمشق کا حاکم بن گیا تھا اور طغتکین کا آخری نائب تھا (وہ بہترین حاکم کی حیثیت رکھتا تھا)

حاکم نصیبین کی معزولی سلطان وہاں سے لوٹتے وقت نصیبین کے مقام سے بھی گزرا تو وہاں کے باشندوں نے (اس کے نئے حاکم) ابو الہیجاء السمین کی شکایت کی چنانچہ اس نے اسے معزول کیا وہاں سے وہ مظفر الدین کوکبری کے شہر حران پہنچا اور ۵۷۸ھ شروع میں وہاں کے قصر میں آرام کیا اور اپنی فوجوں کو رخصت ہونے کی اجازت دے دی۔

حاکم خلاط کی ناراضگی: اس اثناء میں حاکم موصل عز الدین نے خلاط کے حاکم شاہ ارمن سے فوجی امداد طلب کی تھی چنانچہ شاہ ارمن نے سلطان کے پاس سفارش کے لیے کئی قاصد بھیجے اور سب سے آخر میں اپنے آزاد کردہ غلام سکرجاہ کو بھیجا جب کہ سلطان سنجار کا محاصرہ کر رہا تھا۔ سلطان نے اس کی سفارش قبول نہیں کی چنانچہ وہ غضب ناک ہو کر وہاں سے چلا گیا۔

جنگ کی منسوخی: پھر شاہ ارمن (شاہ ارمن) حاکم ماردین قطب الدین کے پاس گیا وہ اس کا بھانجا اور عز الدین کا ماموں زاد بھائی تھا اس نے اس سے فوجی کمک طلب کی اور اس کے ساتھ کوچ کیا ان کے پاس عز الدین بھی موصل سے فوج لے کر آ گیا تھا ان سب نے سلطان صلاح الدین سے جنگ کا عزم مصمم کیا جب صلاح الدین کو یہ خبر ملی تو اس نے حمص اور حماۃ کے حاکم تقی الدین کو جو اس کا بھتیجا تھا بلایا اور خود ان کا مقابلہ کرنے کے لیے اس نے کوچ کیا اس نے فوج لے کر راس عین کے مقام پر پڑاؤ ڈالا۔

(جب دشمن کو یہ خبر ملی) وہ اس کا مقابلہ کرنے سے باز آ گئے اور ہر ایک اپنے شہر واپس چلا گیا۔ سلطان صلاح الدین بھی ماردین چلا گیا اور وہاں چند دن قیام کرنے کے بعد لوٹ آیا۔

فتح حلب و آمد: جب سلطان صلاح الدین نے ماردین سے کوچ کیا تو وہ آمد کے مقام پر آیا اور ۵۷۹ھ میں اس کا محاصرہ کرنے کے بعد اسے فتح کر لیا اور معاہدہ کے مطابق یہ شہر اس نے نور الدین محمد بن قرا ارسلان کے حوالے کر دیا پھر وہ

شام کی طرف روانہ ہوا اور حلب کے علاقے کے متعلق قلعوں کا محاصرہ کیا یہاں تک کہ وہاں کے لوگوں نے ہتھیار ڈال دیئے اور سلطان نے اسے ماہ محرم ۵۷۹ھ میں فتح کر لیا۔ وہاں سے اس نے عینتاب کی طرف کوچ کیا۔ یہاں کا حاکم سلطان نور الدین زنگی کے خادم اسماعیل کا بھائی ناصر الدین محمد تھا جسے سلطان نور الدین نے حاکم مقرر کیا تھا اور اس وقت سے وہی اس کا حاکم تھا۔ اس نے سلطان صلاح الدین کے سامنے اس شرط پر ہتھیار ڈالے کہ وہ اسے ہی قلعہ کا حاکم بحال رکھے گا۔ چنانچہ سلطان نے اسی کو حاکم مقرر کیا اور وہ اس کا مطیع و فرمانبردار بن گیا۔

یہاں سے سلطان صلاح الدین نے حلب کی طرف پیش قدمی کی۔ وہاں کا حاکم عماد الدین زنگی بن مودود تھا۔ سلطان نے وہاں چند دنوں تک میدان الاخضر میں قیام کیا۔ پھر ۱۶ محرم ۵۷۹ھ کو وہ جبل جوشن کی طرف منتقل ہو گیا۔

علاقوں کا تبادلہ حلب کا حاکم عماد الدین زنگی تنگ دستی کا شکار ہو رہا تھا اس لیے سلطان صلاح الدین نے اسے خفیہ طور پر پیغام بھیجا کہ وہ حلب کے بدلے سنجار، نصیبین، خابور، رقہ اور سروج کے علاقے لے لے۔ چنانچہ عماد الدین نے یہ بات منظور کر لی۔ سلطان صلاح الدین نے یہ شرط لگائی کہ عماد الدین سے جب فوجی خدمت لی جائے گی تو وہ اس کے لیے ہر وقت حاضر رہے گا۔ ۱۷ صفر ۵۷۹ھ کے مہینے میں عماد الدین مذکورہ بالا علاقوں کی طرف چلا گیا اور سلطان نے اس پر قبضہ کر لیا۔

سلطان صلاح الدین ۲۷ صفر ۵۷۹ھ کے آخر میں حلب میں داخل ہوا۔ حلب کی فتح کے بعد سلطان کا چھوٹا بھائی تاج الملوک بوری فوت ہو گیا کیونکہ اس کے گھٹنے میں چوٹ لگی تھی اور اسی کے صدمے اور تکلیف سے وہ فوت ہو گیا۔

قلعہ حارم کی تسخیر: حلب کی فتح کے بعد سلطان صلاح الدین نے قلعہ حارم کی طرف توجہ کی۔ یہاں سلطان نور الدین کا آزاد کردہ غلام سرخک حاکم تھا جسے ملک الصالح عماد الدین نے مقرر کیا تھا۔ جب اس نے سنا کہ حلب سلطان صلاح الدین کے حوالے کیا گیا تو سرخک قلعہ حارم میں قلعہ بند ہو گیا تھا (اور اس نے سلطان کی اطاعت قبول نہیں کی) اس لیے سلطان نے اس کے قلعہ کا محاصرہ کیا۔ دونوں کے درمیان قاصدوں کی آمد و رفت رہی۔ اسی دوران میں سرخک نے خفیہ طور پر فرنگیوں کو مدد کے لیے آنے کا پیغام بھیجا (لیکن اس کے ساتھیوں کو یہ بات معلوم ہو گئی) اس کے ساتھیوں کو یہ اندیشہ ہوا کہ وہ ہمیں فرنگیوں کے حوالے کر دے گا اس لیے انہوں نے اسے قید کر دیا اور سلطان صلاح الدین کے سامنے ہتھیار ڈال دیے۔ سلطان نے اسے فتح کر کے اپنے ایک خاص خادم کو اس کا حاکم مقرر کیا۔ سلطان نے تل خالد پر امیر دلدرم الیاروقی کو حاکم مقرر کیا جو تل باشر کا حاکم تھا۔

سلطان نے قلعہ اعزاز امیر علم الدین سلیمان بن جندر کو دیا۔ سابق حاکم عماد الدین نے اس قلعہ کو ویران کر دیا تھا۔ امیر سلیمان نے اسے دوبارہ آباد کیا۔

سلطان صلاح الدین نے حلب کے مختلف علاقے اپنے امراء اور فوج میں تقسیم کر دیے تھے۔

مجاہد کا زوال اور گرفتاری موصل میں مجاہد الدین قایماز کی حکومت بہت مستحکم تھی اس کے حریف حکام میں زین الدین یوسف اور مظفر الدین کوکبری اور عز الدین محمود زلفندار اس کے دشمن ہو گئے تھے۔ وہ دونوں ملک موصل پر

اس کے خلاف بھڑکاتے رہتے تھے اور اس کی شکایتیں کیا کرتے تھے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ شاہ موصل نے اسے الگ کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ مگر وہ اس کی گرفتاری کی ہمت نہیں رکھتا تھا کیونکہ مجاہد الدین بہت قوت والا تھا اور اس کے تعلقات اور شان و شوکت بہت زیادہ تھی لہٰذا اشارہ سے یہ تدبیر کی گئی کہ وہ [illegible] چونکہ مجاہد الدین خصی تھا اس لیے محل کی عورتیں اس سے پردہ نہیں کرتی تھیں۔ چنانچہ وہ شاہ کی عیادت کے لیے محل میں داخل ہوا تو اسی وقت بادشاہ نے اسے گرفتار کر لیا اور پھر اس کا [illegible] قلعہ پر قبضہ کر لیا جو اس کے پاس تھا اور اس کے [illegible] پر قبضہ کر لیا اور وہاں اپنا نائب مقرر کیا (ابن الاثیر) [illegible] کا فرزند تھا امیر حاجب مقرر کیا اور ان دونوں کی [illegible] کے اختیارات دے دیے۔

حکام کے ساتھ اختیارات۔ جو شہر اس کے قبضے میں تھے ان میں اربل کا شہر تھا جس کا حاکم زین الدین یوسف بن زین الدین علی کچک تھا اس سے زیر [illegible] اس کے قبضے میں جزیرہ ابن عمر بھی تھا جس کا حاکم بھی کچھ تھا اور ان کے زیر نگران تھا اس کا نام معز الدین سنجر شاہ بن سیف الدین غازی تھا ان کے اختیار میں [illegible] تھا اور [illegible] یہ کی تھی کہ ان تمام [illegible] میں اپنا نائب مقرر کرتے تھے اور حقیقت یہ ہے کہ جب سلطان صلاح الدین نے [illegible] فتح کر لیا تھا تو عز الدین مسعود والی موصل کے قبضے میں موصل کے علاوہ [illegible] تھا اس کا [illegible] الدین کے قبضے میں تھا اور وہی حقیقت میں موصل کا بادشاہ تھا لہٰذا جب عز الدین نے اسے گرفتار کر لیا تو اربل کا حاکم خود مختار ہو گیا۔ جزیرہ ابن عمر کے حاکم نے سلطان صلاح الدین کی اطاعت قبول کر لی۔

صلح کی دوبارہ تجویز کی ناکامی۔ اسی سال خلیفہ ناصر نے شیخ الشیوخ حضرت شہاب الدین سہروردی [illegible] اور بشیر خادم کو عز الدین اور سلطان صلاح الدین کے درمیان صلح کرانے کے لیے بھیجا انہوں نے [illegible] کی مگر [illegible] اور سلطان صلاح الدین نے [illegible] مگر عز الدین نے یہ تجویز منظور نہ کی اور کہا [illegible] " یہ دونوں [illegible] سے [illegible] کر لیا گیا ہے۔"

اربل کی تباہی۔ اس کے بعد سلطان صلاح الدین نے موصل فتح کرنے کا ارادہ کیا۔ اسی موقع پر شاہ عز الدین زلفندار اور شاہ عراق کے فرزند پر بہت ناراض ہوا کیونکہ ان دونوں نے مجاہد الدین کو [illegible] کی۔ اس نے [illegible] اپنے [illegible] کہا " مجھے تمہاری ضرورت ہے۔" مگر اس نے [illegible] اس کا [illegible] کیا اور [illegible] فوج [illegible] جب [illegible] ان کے [illegible] [illegible] کر لیا گیا۔

مجاہد الدین موصل واپس آ گیا۔

حاکم حران کی بحالی۔ سلطان صلاح الدین نے [illegible] حران [illegible] جب [illegible] اس نے مظفر الدین کوکبری کو گرفتار کر لیا [illegible] جب [illegible] اس نے [illegible]

یہ [illegible] اس لیے اس [illegible] کے خلاف [illegible]
حران اور رہا کی حکومت پر بحال رکھا۔

گوکبری کی گرفتاری جب سلطان حران سے [illegible]
[illegible]
[illegible] ہو گیا تھا۔

موصل کے وفد کی آمد [illegible] موصل کی طرف پیش قدمی کی۔ جب موصل کے قریب پہنچے تو [illegible]
[illegible]
[illegible]

محاصرۂ موصل اب سلطان صلاح الدین موصل پہنچا اور [illegible]
[illegible]

اسی دوران [illegible] عزالدین [illegible]
[illegible]
[illegible]

حاکم موصل کے انتظام کی درستی [illegible]
[illegible] عزالدین (حاکم موصل) [illegible]
[illegible]
[illegible]

میافارقین کی تسخیر سلطان صلاح الدین موصل کے [illegible]
[illegible] (۵۸۱ھ) میں [illegible]
[illegible] سلطان صلاح الدین [illegible]
[illegible] (۵۸۱ھ) [illegible] موصل [illegible]

شرائط صلح کی تکمیل: اب فریقین کے [illegible]
[illegible]

بڑھوایا جائے گا اور اس نے قلعہ پر بھی اس کا نام کندہ کروایا۔ اس وقت سلطان صلاح الدین یہ دیکھ گیا اور دوران آنچ گیا کہ کے ملجی صلح کی شرائط کی تکمیل کرائے۔ وہ یہ اس کے پاس پہنچا کہ خیمن نے [اس معاہدہ کی تکمیل کے لیے] سلطان سے ... تھا۔ پھر سلطان نے ان علاقوں پر قبضہ کرنے کے لیے یک ... خود اس علی بیماری کی حالت میں رہا۔ اس کے ساتھ اس کا بھائی عادل اور اس کے چچا شیرکوہ کا پوتا ناصر الدولہ محمد تھے۔ اس صلح کے بعد موصل میں اس کی ملازمت ختم ہو گیا۔

نسلی فسادات پھر ترکمان اور کرد قوموں کے درمیان جزیرہ، موصل، ولایت دیار بکر، شہر زور اور آذربیجان میں زبردست فسادات ہو گئے۔ ان فسادات میں بے شمار لوگ مارے گئے اور یہ فسادات کا سلسلہ کئی سالوں تک چلتا رہا۔ ان فسادات کا سبب یہ تھا کہ ترکمان قوم کی ایک دلہن کو رخصت کر کے اس کے شوہر کے پاس لے جایا جا رہا تھا جب یہ لوگ زوزان اور ... کے قلعہ کے پاس سے گزرے تو وہاں کے لوگوں نے عام دستور کی عادت کے مطابق ان سے ولیمہ کی دعوت کی فرمائش کی جس کا انہوں نے سخت جواب دیا۔ (اس پر مشتعل ہو کر) کرد قوم نے اس کے شوہر کو قتل کر دیا اس کے جواب میں ترکمان قوم کردوں پر ٹوٹ پڑی اور انہیں قتل کر دیا۔

فسادات کا خاتمہ آخر کار مجاہد الدین نے دونوں قوموں میں صلح کرانی اور انہیں خوب عطیات دیئے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ دونوں قومیں متحد ہو گئیں اور یہ فسادات ختم ہو گئے۔

حاکم اربل کی وفات زین الدین یوسف بن علی کوچک سلطان صلاح الدین کا مطیع ہو گیا تھا۔ اس کا علاقہ اربل میں تھا اور اس سلسلے میں اس کے اور عز الدین کے درمیان وہ جنگ پیش آئی تھی۔ وہ اپنا لشکر لے کر سلطان صلاح الدین کے پاس گیا تھا تو بیمار ہو گیا اور اسی سال کے ماہ رمضان کے آخر میں فوت ہو گیا۔

نئے حاکم کا تقرر اس کا بھائی اس کی زندگی ہی میں اس کے ساتھ ... تھا اور وہاں ... نے ... کی ایک جماعت کو گرفتار کر لیا تھا جس میں حران کا حاکم قلعہ ... بھی شامل تھا اس نے سلطان صلاح الدین سے یہ درخواست کی کہ وہ اسے اس کے بھائی کی جگہ اربل کا حاکم مقرر کرے۔ چنانچہ سلطان نے اسے اربل کا حاکم مقرر کیا اور اس کی شہر زور کا علاقہ، ... اور ... کا علاقہ بھی شامل کر دیا۔

اہل اربل نے مجاہد الدین قایماز سے خط و کتابت کر کے اس سے درخواست کی کہ وہ اسے حاکم بنانا چاہتے ہیں۔ مجاہد اس وقت موصل میں تھا۔ اس نے سلطان صلاح الدین کے خوف سے ان کی درخواست منظور نہیں کی۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ جب عز الدین نے اسے قید سے رہا کیا تھا اور اسے اپنا نائب بنایا تھا تو اس وقت سے اس نے پہلے جیسے اختیارات اسے نہیں دیئے تھے بلکہ اس کے ساتھ اپنے کسی غلام کو حکومت میں شریک کر دیا تھا جس کا اسے بہت افسوس تھا لہٰذا جب اہل اربل نے اس سے خط و کتابت کی تو اس نے کہا:

"خدا! میں ایسا کام نہیں کروں گا کہ میرے ساتھ فلاں شخص بھی شریک حکومت ہو جائے۔"

اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ زین الدین کے بھائی مظفر الدین نے اربل پر قبضہ کر لیا۔

[illegible] سیف الدین غازی [illegible] سلطان صلاح الدین [illegible]

عکا کا [illegible] محاصرہ [illegible] سلطان صلاح الدین [illegible]

جزیرہ ابن عمر کا محاصرہ [illegible]

[illegible]

[illegible] کی تبدیلی سلطان صلاح الدین [illegible]

[illegible] سے خط و کتابت [illegible]

[illegible]

مختلف فتوحات۔ [illegible]

ملک عادل کے خلاف جنگ آزمائی [illegible]

موصل میں ارسلان شاہ کی حکومت [illegible]

عز الدین کی وفات [illegible]

قطب الدین کی جانشینی [illegible]

باہمی اختلافات [illegible]

بھی اس نے اسی طرح جواب دیا۔ قاصد نے جو اتابک زنگی کے عہد کا یادگار تھا، اسے نصیحت کی مگر وہ اس کے ساتھ درشت کلامی سے پیش آیا۔

نصیبین پر حملہ: ایسی حالت میں نور الدین حاکم موصل نے نصیبین پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا۔ تھوڑے عرصے کے بعد یہ خبر موصول ہوئی کہ عماد الدین فوت ہو گیا ہے اور اس کے بجائے اس کا فرزند قطب الدین حاکم مقرر ہوا ہے۔ ایسے موقع پر نور الدین نے نصیبین پر حملہ کرنے کا ارادہ مصمم کر لیا اور ماہ جمادی الاولیٰ ۵۹۴ھ میں اس مقصد کے لیے روانہ ہو گیا۔

قطب الدین کی شکست: قطب الدین بھی فوج لے کر پہنچا مگر نور الدین اس سے پہلے فوج لے کر پہنچ چکا تھا چنانچہ جب مقابلہ ہوا تو نور الدین نے اسے شکست دی اور وہ شکست کھا کر قلعہ بند ہو گیا۔ وہاں سے وہ اپنے نائب مجاہد الدین برنقش کے ساتھ حران پہنچا۔ اب ان لوگوں نے سلطان عادل سے امداد کے لیے درخواست کی۔

اس اثناء میں سلطان نور الدین نصیبین میں مقیم رہا۔ جب سلطان عادل الجزیرہ پہنچا تو وہ موصل چلا گیا اور اسی سال کے ماہ رمضان میں وہاں پہنچ گیا۔ اس کے روانہ ہونے کے بعد قطب الدین وہاں واپس آ گیا۔

قایماز کی وفات: اس موقع پر سلطان نور الدین کے لشکر میں بہت آدمی مارے گئے اور موصل کے بہت امراء بھی فوت ہو گئے چنانچہ مدبر سلطنت مجاہد الدین قایماز بھی فوت ہو گیا۔

ماردین کا محاصرہ: جب نور الدین موصل چلا گیا اور قطب الدین نصیبین واپس آ گیا تو سلطان عادل نے بھی وہاں سے کوچ کر کے ماردین کا محاصرہ کیا اور پھر اسے تحت محاصرہ کرنے کے بعد لوٹ گیا۔

سلطان عادل خود واپس چلا گیا تھا مگر اپنے فرزند کامل کی قیادت میں محاصرہ کے لیے فوج چھوڑ گیا تھا۔ اس بات سے الجزیرہ اور دیار بکر کے حکمرانوں کو ناگوار گذری اور انہیں اندیشہ ہوا کہ وہ اسی طرح ان کے تمام علاقوں پر قبضہ کر لے گا۔

جب سلطان عادل خود نور الدین کے مقابلے کے لیے پہنچا تو اس وقت ان علاقوں کے حکام میں سے کوئی اس کے مقابلے کے لیے نہیں پہنچا تھا کیونکہ اس وقت اس کا لشکر بہت زیادہ تھا مگر جب وہ دمشق لوٹ گیا اور صرف اس کا فرزند کامل ماردین میں رہ گیا تو انہوں نے اب اس کا مقابلہ کرنا آسان سمجھا علاوہ ازیں اس مقابلے کے لیے سلطان صلاح الدین کے فرزند ظاہر اور افضل نے بھی انہیں بھڑکایا کیونکہ وہ اپنے چچا عادل کے مخالف تھے۔

متحدہ فوج کا مقابلہ: چنانچہ موصل کا حاکم نور الدین ارسلان شاہ سب سے پہلے یکم شعبان ۵۹۵ھ میں مقابلہ کے لیے روانہ ہوا اور دنیسر پہنچ گیا۔ وہاں اس کے ساتھ اس کا چچا زاد بھائی حاکم سنجار قطب الدین محمد بن زنگی اور دوسرا چچا زاد بھائی سنجر شاہ بن غازی حاکم جزیرہ ابن عمر بھی فوج لے کر آ گئے۔ عید الفطر گذرنے کے بعد یہ سب فوجیں روانہ ہوئیں اور ماردین کے قریب کامل کا مقابلہ کرنے کے لیے آگے بڑھیں۔

کامل کو شکست: اس وقت اہل ماردین محاصرہ سے بہت تنگ آ گئے تھے چنانچہ ان کے سرداروں نے کامل کے پاس صلح کا

[illegible] کی اجازت [illegible]

[illegible] واپس [illegible]۔

نور الدین کی واپسی: [illegible] نور الدین [illegible] حلب سے ظاہر بن سلطان صلاح الدین کا قاصد [illegible] سلطان [illegible] آیا۔

الجزیرہ کی طرف فوج کشی: ملک عادل نے [illegible] اپنے بھتیجے افضل بن سلطان صلاح الدین سے [illegible] سلطان حلب ظاہر اور حاکم ماردین [illegible] انہوں نے حاکم موصل نور الدین سے [illegible] ملک عادل نے [illegible] الجزیرہ [illegible] فتح کرنے کے لیے [illegible] کیا۔

فرنگیوں سے مصالحت: [illegible] قطب الدین [illegible] لشکر [illegible] فرنگیوں [illegible] سلطان عادل [illegible] نور الدین [illegible] واپس آ گیا۔

نور الدین کا حملہ نصیبین: اس کے بعد سلطان عادل [illegible] قطب الدین [illegible] مظفر الدین [illegible] نور الدین [illegible] نصیبین [illegible]

وہ سنجار کے قلعہ تک جا پہنچا اور اس کا محاصرہ کر کے اسے فتح کر لیا۔

اس عرصے میں موسیٰ بن عادل حران سے راس العین تا حاکم سنجر کی مدد کے لیے فوج لے کر پہنچا اس کی حمایت حاکم اربل مظفر الدین، حاکم کیفا و آمد اور حاکم جزیرہ ابن عمر نے بھی کی۔ انھوں نے نیز دیگر لوگوں نے بہت جلد لشکر میں شامل ہونے کا وعدہ کیا۔

نور الدین کی شکست: جب نور الدین نے نصیبین سے کوچ کیا تھا تو وہ سب اکٹھے ہو گئے تھے ان کے ساتھ موسیٰ بن عادل کا بھائی نجم الدین حاکم میافارقین بھی شامل ہو گیا۔

یہ صورت حال دیکھ کر نور الدین تل اعفر سے کفر زمان پہنچا۔ اس کا مقصد جنگ کو طول دینا تھا (تاکہ دشمن کا لشکر منتشر ہو جائے) مگر اس کے ایک مخبر کا خط آیا جس میں دشمن کی تعداد کو کم اور ناقابل اعتبار بتایا گیا تھا۔ وہ دشمن کے (معتبر) آزمودہ کار اور قابل اعتماد تھا اس لیے اس نے اس پر بھروسہ کرتے ہوئے دشمن کی طرف کوچ کیا۔ یہ مقام دشمن کی فوجوں کے قریب تھا۔ اس لیے فریقین صف آرا ہو گئے اور جنگ ہونے لگی۔ اس میں نور الدین (حاکم موصل) کو شکست ہوئی اور وہ قلیل شکست خوردہ فوج کے ساتھ بھاگ نکلا۔ دشمن کے لشکر نے کفر زمان میں قیام کیا اور انھوں نے شہر نینوا اور اس کے متعلقہ دیہاتوں کو لوٹ لیا پھر وہاں وہ کچھ عرصے تک مقیم رہے۔

دونوں طرف سے صلح کی گفت و شنید کرتے رہے تھے کہ نور الدین تل اعفر کا علاقہ حاکم سنجار قطب الدین کو واپس کر دے۔ چنانچہ اس نے وہ علاقہ لوٹا دیا اور دونوں فریقین میں صلح ہو گئی اور ہر ایک حاکم اپنے شہر واپس چلا گیا۔

سنجر شاہ کے مظالم: سنجر شاہ بن غازی بن مودود اپنے باپ کی وصیت کے مطابق جزیرہ ابن عمر کے علاقے کا حاکم مقرر ہوا۔ وہ بدسیرت، بدخلق اور جابر حاکم تھا۔ اور صرف اپنی رعایا اور لشکر پر مظالم نہیں کرتا تھا بلکہ اپنے اہل و عیال کے ساتھ بھی بدسلوکی کرتا تھا۔ وہ سب کے ساتھ بہت سختی کرتا تھا اور سخت انتقام لیتا تھا وہ اپنی اولاد پر بھی رحم و شفقت نہیں کرتا تھا یہاں تک کہ اس نے اپنے دونوں فرزندوں محمود اور مودود کو زوزان کے علاقے کے قلعہ فرح کی طرف جلا وطن کر دیا تھا۔ اس کی وجہ محض لالچ اور شک و شبہ تھی۔

سنجر شاہ نے اپنے دوسرے فرزند غازی کو نکال کر اسے شہر کے ایک گھر میں نظر بند کر دیا تھا جہاں غازی کی حالت بہت خراب ہو گئی۔ وہ گھر بہت خطرناک تھا اس لیے وہ چپکے سے وہاں سے بھاگ گیا اور شہر میں پوشیدہ ہو گیا۔ اس نے حاکم موصل نور الدین کو بھی یہ پیغام بھیجا اس نے یہ بھی کہا کہ شاید وہ وہاں پہنچ گیا ہے۔ اس لیے آپ نے اس کے والد کے خوف سے اسے واپس بھیج دیا ہے۔

سنجر شاہ کا قتل: اس کے والد نے اسے تلاش کرنا چھوڑ دیا کیونکہ یہ خبر مشہور ہو گئی تھی کہ وہ شام میں ہے۔ غازی (وہیں شہر میں رہ کر) موقع کی تلاش کرتا رہا یہاں تک کہ وہ اپنے والد کے گھر میں (پوشیدہ طور پر) داخل ہو گیا اور اس کی لونڈیوں کے پاس چھپ گیا چنانچہ ایک رات جبکہ سنجر شاہ نشے کی حالت میں تھا تو وہ رات کو اس کے پاس پہنچا اور تلوار سے اس پر چودہ وار کر کے اسے زخمی کر دیا اور پھر اسے ذبح کر دیا اور زنان خانے میں رہنے لگا۔

محمود بن سنجر کی حکومت ۔ جب باہر امراء و اعیان کو اس (کے قتل) کی اطلاع ملی تو انہوں نے ارکان سلطنت کو جمع کر کے شاہی محل کے دروازے (باہر سے) بند کرا دیے اور لوگوں سے محمود بن سنجر شاہ کی حکومت کے لیے بیعت حاصل کی پھر انہوں نے محمود اور اس کے بھائی مودود کو قلعہ فرح سے بلوایا (جب یہ کام مکمل ہو گیا) تو انہوں نے محل سرائے میں داخل ہو کر غازی کو قتل کر دیا۔ جب محمود وہاں پہنچا تو انہوں نے اسے بادشاہ بنا کر اس کے باپ کا لقب معین الدین عطا کیا۔ اس نے ان لونڈیوں کو جنہوں نے اس کے والد کے قتل کی سازش کی تھی دریائے دجلہ میں ڈبو دیا۔

عادل اور نور الدین کی رشتہ داری قطب الدین محمد بن زنگی اور اس کے چچا زاد بھائی نور الدین ارسلان شاہ بن مسعود حاکم موصل کے درمیان بہت سخت عداوت تھی۔ اس قسم کے کچھ واقعات پہلے بیان کیے جا چکے ہیں۔ اس لیے ۶۰۶ھ میں جب سلطان عادل حاکم مصر و شام نے جب اپنی بیٹی کا رشتہ سلطان نور الدین کے لڑکے کے ساتھ طے کیا تو اس نے اپنے فرزند کی سلطان عادل کی صاحبزادی سے نکاح کر دیا (یوں ان کے ساتھ ان کے تعلقات مستحکم ہو گئے۔)

اتحاد و اتفاق۔ سلطان نور الدین جزیرہ ابن عمر پر قبضہ کرنا چاہتا تھا: اس لیے اس نے سلطان عادل کو اس بات پر آمادہ کیا کہ وہ حاکم سنجار قطب الدین محمد کے خلاف اس کی امداد کرے تاکہ قطب الدین کا علاقہ جو سنجار، نصیبین اور خابور پر مشتمل ہے سلطان عادل کو مل جائے اور سنجر شاہ کا علاقہ (جزیرہ ابن عمر) سلطان نور الدین حاکم موصل حاصل کر لے۔ سلطان عادل نے اس کا مشورہ قبول کر لیا۔ اس نے نور الدین کو یہ پیغام دیا کہ وہ قطب الدین کے علاقے کو فتح کرنے کے بعد اس کے فرزند کو دے دے گا جو اس کا داماد بھی ہے چنانچہ ان دونوں نے اس مقصد کے لیے حلف اٹھایا اور سلطان عادل ۶۰۶ھ میں دمشق سے خابور کو فتح کرنے کے ارادے سے روانہ ہو گیا۔

فتح خابور و نصیبین: نور الدین نے جب اس معاملے پر دوبارہ غور کیا تو پتہ چلا کہ وہ ایک الجھن میں پھنس گیا ہے اب وہ سنجر کے ان علاقوں کو فتح کر سکتا ہے چنانچہ اگر نور الدین الجزیرہ کی طرف روانہ ہوا تو عادل اس کے اور موصل کے درمیان حائل ہو سکتے ہیں۔ اور اگر نور الدین نے سرکشی کی تو وہ وہاں پہنچ سکتے ہیں۔ اس لیے وہ اسی تشویش میں مبتلا رہا کہ اتنے میں سلطان عادل نے خابور اور نصیبین کو فتح کر لیا اس وقت قطب الدین نے یہ ارادہ کیا کہ وہ سنجار کو اس کے بدلے میں دے کر وہ علاقے حاصل کرے مگر اس کے والد کے آزاد کردہ غلام احمد بن برتقش نے اس کی مخالفت کی۔

اس عرصے میں نور الدین نے اپنے فرزند قاہر کے ساتھ مل کر سلطان عادل کو امداد دینے کے لیے لشکر تیار کیا۔ کیونکہ فریقین میں اس بات کا معاہدہ ہو چکا تھا۔

عہد شکنی: اتنے میں قطب الدین محمد نے اپنے فرزند کو اربل کے حاکم مظفر الدین کے پاس فوجی امداد کے لیے بھیجا۔ مظفر الدین نے سلطان عادل کو پیغام بھیجا کہ وہ اسے معاف کر دے لیکن عادل نے اس کی سفارش قبول نہیں کی کیونکہ نور الدین اس کی مدد کر رہا تھا اس پر مظفر الدین ناراض ہو گیا اور اس نے نور الدین کو کہلا بھیجا کہ وہ ان کے مشترکہ دشمن (عادل) کا مقابلہ کرنے کے لیے ان کی مدد کرے۔ نور الدین نے ان کی بات مان لی اور سلطان عادل کی مدد کرنے سے دستبردار ہو گیا۔

امداد کا اعلان: پھر اس نے اور مظفر الدین دونوں نے حلب کے حاکم الظاہر بن صلاح الدین اور روم کی سلطنت کے حاکم کیخسرو بن قلج ارسلان سے فوجی امداد کی درخواست کی چنانچہ ان دونوں حکمرانوں نے ان کی درخواست منظور کر لی اور انہوں نے یہ اعلان کیا کہ اگر سلطان عادل نے ان کے علاقے سے پیش قدمی کی تو وہ اس کے علاقے پر حملہ کر دیں گے۔

نیا فرنگی بادشاہ ان فرنگیوں کا کوئی بادشاہ ان کے ساتھ نہ تھا۔ ان کے ساتھ صرف ایک پادری تھا جس کا نام خنصلیر[1] تھا جو شاہ جرمنی کا نمائندہ تھا۔ نیز کندھری کی بیوی بھی ان لوگوں کے ساتھ تھی۔ لہٰذا انہوں نے قبرص کے بادشاہ ہنری کو بلوایا۔ وہ اس فرنگی بادشاہ کا بھائی تھا جو جنگ حطین میں گرفتار ہوا تھا۔ جب وہ ان کے پاس آیا تو انہوں نے اپنی ملکہ کا اس کے ساتھ نکاح کر دیا۔

فرنگیوں کی پسپائی العزیز (حاکم مصر) عسقلان سے جبل خلیل پہنچا اور فرنگیوں سے جنگ کرنی شروع کر دی مگر فرنگی وہاں سے پیچھے ہٹ کر صور پہنچے اور وہاں سے وہ عکا آ گئے۔

---

[1] تاریخ کامل ابن اثیر میں اس کا نام خنصلیر لکھا ہوا ہے۔ (مترجم)

امرائے مصر کی سازش: مسلمانوں کے لشکر کا محاصرہ دمشق پر رہا تو اس کی وجہ سے العزیز کے حکام سب بگڑ بیٹھے اور ان حکام نے العزیز اور اس کے منتظم سلطنت فخر الدین چہارکس کے ساتھ غداری کی سازش کرنی چاہی وہ اشخاص یہ تھے (۱) میمون القصری (۲) قراسنقر (۳) انجاب (۴) ابن المشطوب۔

مصالحت: (یہ اطلاع پانے کے بعد) العزیز تیز رفتاری کے ساتھ مصر روانہ ہو گیا۔ اس کے بعد ملک عادل اور ترکیوں نے مصالحت کی کوشش کی اور اسی سال ماہ شعبان میں فریقین کے درمیان صلح ہو گئی۔ صلح کے بعد عادل دمشق لوٹ آیا اور وہاں سے وہ ماردین کی طرف روانہ ہو گیا جس کا حال آگے چل کر بیان ہو گا۔

یمن کے ایوبی حکام

یہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ سیف الاسلام طغتکین بن ایوب ۵۷۹ھ میں یمن چلا گیا تھا جہاں اس کا بھائی شمس الدولہ توران شاہ وفات پا گیا تھا اور یمن میں اس کے نائب حکام میں اختلاف پیدا ہو گیا تھا۔ یہاں آ کر اس نے یمن پر قبضہ کر لیا اور زبید میں حکومت اختیار کی اور وہیں مقیم رہا یہاں تک کہ وہ ماہ شوال ۵۹۳ھ میں فوت ہو گیا۔

وہ حاکم یمن کا اچھا فرمانروا نہ تھا رعایا پر بہت ظلم کرتا تھا اور مال و دولت جمع کیا کرتا تھا جب وہاں اس کی سلطنت مستحکم ہو گئی تو اس نے مکہ معظمہ کو فتح کرنے کا ارادہ کیا۔ لہٰذا عباسی خلیفہ الناصر نے اس کے بھائی سلطان صلاح الدین کو یہ پیغام بھیجا کہ وہ اسے اس ارادے سے روک دے۔ چنانچہ سلطان نے اسے منع کر دیا۔

اسماعیل کی حکومت: سیف الاسلام کی وفات کے بعد اس کا فرزند اسماعیل یمن کا حاکم مقرر ہوا۔ وہ عجیب و غریب عادات کا انسان تھا وہ اپنے آپ کو بنو امیہ کے خاندان سے منسوب کرتا تھا اس نے خلافت کا دعویٰ بھی کر رکھا تھا اور اپنا لقب الہادی مقرر کیا تھا وہ خلیفہ کا لباس پہنتا تھا اس کے چچا ملک عادل نے اسے بہت ملامت کی اور زجر و توبیخ کے ساتھ خط لکھا مگر اس نے اس کی بات بھی نہیں مانی وہ اپنی رعایا اور ارکان سلطنت کے ساتھ بہت بدسلوکی کے ساتھ پیش آتا تھا۔ لہٰذا ان سب نے مل کر اس پر حملہ کر دیا اور اسے مار ڈالا۔ اس کے قتل کرنے کی قیادت اس کے والد کے آزاد کردہ غلام (مولیٰ) سیف الدین سنقر کے سپرد تھی۔

الناصر کا دور حکومت: سنقر نے اس کے بھائی الناصر کو ۵۹۸ھ میں حاکم مقرر کیا ابھی وہ چار سال حکومت کرنے پایا تھا کہ سنقر فوت ہو گیا تو سلطنت کی نگرانی کے فرائض یمن کے ایک امیر غازی بن جبریل نے سنبھالے اس نے الناصر کی والدہ سے نکاح کر لیا تھا۔ پھر جب الناصر کو زہر دے کر مار ڈالا گیا تو عربوں نے اس کا انتقام غازی جبریل سے لیا۔

سلیمان بن تقی الدین کا تقرر: اب تک یمن کا کوئی حاکم نہ تھا اس لیے صنعاء اور حضر موت کے علاقے پر محمد بن عمر حمیری نے قبضہ کر لیا۔ تاہم الناصر کی والدہ اس عرصے میں خود مختار ہو گئی اور اس نے زبید پر قبضہ کر لیا۔ اس نے خاندان بنو ایوب کے کسی ایسے شخص کی تلاش میں آدمی بھیجے جو یمن کا بادشاہ بن سکے۔ معلوم ہوا کہ مظفر تقی الدین عمر بن شہنشاہ کا کوئی

فرزند ہے جس کی نسل اشقال ان کے فرزند سعد الدین شاہنشاہ کو فرزند بھی بتاتے ہیں اس کا نام سلیمان ہے۔ وہ ترک الدنیا (راہب) ہو گیا تھا اور اس نے راہبانہ لباس پہن رکھا تھا۔ اتفاقاً مادر ناصر کا ایک غلام حج کے موسم میں اس سے ملا۔ پھر اس نے خود آ کر نکاح کر لیا اور اسے یمن کا بادشاہ بنا دیا۔

ملک عادل کے دیگر حالات: حاکم موصل نور الدین ارسلان شاہ اور اس کے چچا زاد بھائی قطب الدین محمد بن عماد الدین زنگی کے درمیان جو سنجار، خابور اور رقہ کا حاکم تھا، سرحدی جھگڑوں کی وجہ سے اختلافات پیدا ہو گئے تھے حاکم موصل کے اس کے والد عماد الدین زنگی کے ساتھ بھی اسی قسم کے اختلافات تھے لہٰذا نور الدین اپنی فوج لے کر اس کے علاقے پر چڑھ آیا اور اس سے نصیبین کا علاقہ چھین لیا اور قطب الدین ملک عادل کی عملداری میں حران اور رہا کی طرف بھاگ کر پناہ گزین ہوا۔ اس نے ملک عادل سے جو دمشق میں تھا، فوجی امداد کی درخواست کی اس نے اس مقصد کے لیے مال و دولت بھی صرف کیا۔ لہٰذا ملک عادل فوج لے کر حران کی طرف روانہ ہوا۔ (یہ خبر سنتے ہی) نور الدین نصیبین سے موصل چلا گیا اس کے جاتے ہی قطب الدین نے اس پر قبضہ کر لیا۔

ماردین کا محاصرہ: بعد ازاں اسی سال ماہ رمضان المبارک میں ملک عادل فوج لے کر ماردین کی طرف روانہ ہوا اور اس کا محاصرہ کر لیا اس کا حاکم حسام الدین یولق ارسلان بن ابی الغازی صغیر السن لڑکا تھا۔ اس کا نگران نظام برتقش تھا جو اس کے والد کا آزاد کردہ غلام تھا اور اصل حکومت اسی کی تھی۔ یہ محاصرہ طویل عرصے تک رہا۔ ملک عادل نے اس کے بیرونی حصے پر قبضہ کر لیا تھا۔ مگر دوسرے سال (یہ محاصرہ چھوڑ کر) وہ وہاں سے کوچ کر گیا۔ جیسا کہ ہم نے زنگی سلطنت کے حالات میں بیان کیا ہے۔

ملک العزیز کی وفات: ملک العزیز عثمان بن صلاح الدین ۵۹۵ھ کے ماہ محرم کے آخر میں فوت ہو گیا اس کے باپ کا مولیٰ (آزاد کردہ غلام) فخر الدین ایاز چہارکس حکومت کا خود مختار نگران تھا۔ اس نے ملک عادل کو جبکہ وہ ماردین کا محاصرہ کر رہا تھا، حکومت کرنے کے لیے بلوایا۔

افضل کا تقرر: چہارکس سلطان صلاح الدین کے موالی کا سردار تھا جو افضل کے مخالف تھے۔ البتہ شیرکوہ کے موالی اور کردی سردار اس کے طرف دار تھے۔ چہارکس نے دونوں جماعتوں کو اکٹھا کر کے حاکم کے بارے میں مشورہ لیا۔ اس نے ملک العزیز کے فرزند کو حاکم بنانے کا مشورہ دیا مگر شیرکوہ کے موالی کے سردار سیف الدین ایازکوش نے اس پر یہ اعتراض کیا کہ وہ اپنی صغیر سنی کی وجہ سے حکومت کے لائق نہیں ہے بجز اس کے کہ سلطان صلاح الدین کا کوئی فرزند اس کی نگرانی کرے۔ کیونکہ فوج کی قیادت بڑا اہم کام ہے۔ آخر وہ سب افضل کو حاکم مصر بنانے پر متفق ہو گئے۔ پھر وہ قاضی فاضل کے پاس گئے۔ اس نے بھی یہی مشورہ دیا۔

افضل کے خلاف بغاوت: ایازکوش نے اسے قلعہ صرخد سے بلوایا چنانچہ وہ اسی سال کے ماہ صفر میں وہاں سے روانہ ہوا اسے راستے میں بیت المقدس کے لوگوں کی اطاعت کی خبر ملی۔ جب وہ بلبیس پہنچا تو امرائے مصر نے وہاں پہنچ

اس کا انتقال ہو گیا۔ اس کے بجائے [illegible] العزیز کی سلطنت کا منتظم [illegible] افضل [illegible] اجازت [illegible] الدین [illegible] العادل [illegible] افضل [illegible] طرف [illegible]

[illegible] ہو سکا۔

مصر پر افضل کی حکومت: [illegible] افضل [illegible] جماعت [illegible] افضل نے [illegible] العادل [illegible] سلطنت کا انتظام [illegible] سلطنت کا [illegible] درست ہو گیا۔

افضل کا محاصرہ دمشق: جب افضل [illegible] دمشق کے قریب [illegible]

دمشق سے واپسی: جب افضل دمشق کے قریب [illegible] العادل [illegible] افضل [illegible] گیا۔

مصری فوج میں انتشار: جب افضل نے محاصرہ [illegible] افضل [illegible]

کے آغاز میں پہنچے۔

مصری فوجوں کی واپسی ملک عادل نے بیت المقدس سے مصری [illegible] اور اپنی فوجوں کو بھی بلوا بھیجا تھا جب وہ سب وہاں پہنچ گئیں اور ان کی وجہ سے ان کی طاقت میں اضافہ ہوا اور افضل اور اس کے ساتھیوں کو مایوسی ہوئی۔ دمشق کی فوجیں ان پر شب خون مارنے کے لیے نکلیں تو انہیں پتہ چل گیا۔ اس لیے وہ ڈٹے نہیں۔ راستے میں ملک عادل کو [illegible] اور فرزند کامل بھی حران سے آ گیا۔ ملک عادل نے اسے بھی ساتھ ملا لیا۔ [illegible] کے شروع میں [illegible] ان کے آنے پر افضل کی فوجیں دمشق سے [illegible] اپنے شہروں کو لوٹ گئیں۔

الکامل کے خلاف متحدہ محاذ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ ملک عادل ماردین پر حملہ کرنے کے لیے گیا تھا اور اس کے ساتھ حاکم موصل اور سنجر [illegible] تھے [illegible] ملک عادل کی [illegible] اور ماردین پر حملہ کرنے کی وجہ سے اس کے خلاف سخت [illegible] ہوا۔ جب ملک عادل افضل کا مقابلہ کرنے کے لیے دمشق واپس چلا گیا اور اس نے اپنے فرزند [illegible] ماردین کا محاصرہ کرنے کے لیے چھوڑا [illegible] ماردین کی امداد کرنے پر متفق ہو گئے اسی طرح حاکم موصل نور الدین ارسلان شاہ [illegible] قطب الدین محمد بن زنگی حاکم سنجار اور [illegible] بھائی [illegible] روانہ ہوئے اور وہ سب [illegible] کے مقام پر [illegible] رمضان [illegible] ماردین کے قریب پہنچ گئے۔

الکامل کی شکست [illegible] ماردین پر [illegible] شروع ہوئے تو ان کے [illegible] الکامل [illegible] چند لوگ [illegible] قلعہ [illegible] الکامل نے [illegible] کے اندر [illegible] اور اس کے [illegible] وہاں پہنچ گئے ہیں [illegible] قطب الدین [illegible] سنجار نے [illegible] پیغام [illegible] موصل کی فوجوں نے [illegible] الکامل کو شکست ہوئی [illegible] معلوم ہوا کہ اہل ماردین نے ان کے محاصرہ کرنے والے لشکر کو شکست دے دی ہے [illegible] سامان [illegible] الکامل [illegible] کا حاکم [illegible] موصل سے ملنے کے لیے گیا اور پھر اپنے قلعے میں واپس آ گیا۔

حاکم موصل کی معذرت حاکم موصل [illegible] کی طرف [illegible] ملک عادل کے [illegible] علاقوں [illegible] حلوان [illegible] ملاقات [illegible] حاکم حلب ظاہر کے قاصد سے ہوئی [illegible] مطالبہ [illegible]

[illegible]

عادل کا مصر پر قبضہ جب افضل [illegible]

[illegible]

مصر پر قبضہ [illegible]

[illegible]

افضل کا اخراج جب افضل [illegible]

[illegible]

ملک عادل کی حکومت [illegible]

[illegible]

امراء کی ناراضگی: جب ملک عادل نے منصور بن العزیز سے ۵۹۶ھ ذی الحجہ میں مصر کی حکومت چھین لی تو امراء اس سے ناراض ہو گئے اس نے فوج کے منصبداروں کی مراعات ختم کر دی تھیں اس لیے انہوں نے ملک الظاہر کو حلب میں اور ملک افضل کو صرخد میں پیغام بھیجا کہ وہ دونوں دمشق کا محاصرہ کر لیں ایسی حالت میں ملک عادل ان کے مقابلے کے لیے روانہ ہو گیا تو وہ امراء مصر بھی رہ کر ان دونوں کی حمایت کے لیے کوشش کریں گے

ملک عادل کو اطلاع: یہ خبر ملک عادل کو بھی پہنچ گئی اور اس کی اطلاع اسے خط کے ذریعے امیر عز الدین اسامہ سے ملی جو جنگ سے فارغ ہو کر قدس روانہ ہو گئے تھے اتنے میں شہر اور اس کی ملاقات افضل سے ہوئی تھی جس وقت اس نے امیر اسامہ کو اپنی حمایت پر آمادہ کیا اور جو خطوط اس کے پاس آئے تھے ان سے اسے مطلع کیا تھا چنانچہ اس نے یہ خبر ملک عادل تک پہنچا دی۔

الظاہر کی پیش قدمی: ملک عادل نے اپنے فرزند معظم عیسیٰ کو دمشق میں متعین کر دیا اور خود جا کر افضل کا محاصرہ کر لیا جس نے چھاؤنی لگا رکھی تھی تو وہ بانیاس سے وہاں پہنچ گئے تھے اور بانیاس کے حاکم عز الدین ابن المقدم کو یہ ہدایت کی کہ وہ اس کے ساتھ رہے اور قلعہ کی حفاظت کرے بعد جب (یہ انتظام ہو گیا) افضل اپنے بھائی الظاہر کے پاس بھاگ کر حلب پہنچا اس نے دیکھا کہ وہ (عادل) تیاری کر رہا ہے۔ اس نے اپنے آپ افسر کو ملک عادل کی طرف بھیجا تھا۔ چنانچہ اس نے اس کے راستے سے اور بالآخر پھر دونوں نے منبج پہنچ کر اسے فتح کر لیا اسی طرح ان سے قلعہ نجم بھی فتح کر لیا۔ یہ واقعہ ۵۹۷ھ رجب کا ہے۔

ناکام تخت کشائی: ادھر ملک معظم خود محاصرہ کرنے کے خوف سے نکل کر روانہ ہوا اور بصریٰ پہنچ گیا اس نے چھاؤنی کو اور جو اس کے ساتھ تھے ان کو بلا بھیجا جو بانیاس کا محاصرہ کیے ہوئے تھے مگر انہوں نے وہاں سے آنے میں تاخیر کی اور اس کی تعمیل نہیں کی اس لیے وہ دمشق واپس آ گیا۔ اس نے ان کی طرف امیر اسامہ کو بھیجا کہ وہ انہیں (وہاں جانے پر) آمادہ کرے مگر انہوں نے اس کی قدر و قیمت کا خیال نہ کر کے اسے گالیاں دیں اور برا بھلا کہا۔ اسے شیخ عزالدین ابن المقدم نے اپنے پاس پناہ دی اور وہ دمشق لوٹ آیا۔

فتح دمشق کی کوشش: ادھر جب افضل اور الظاہر دمشق پہنچے تو الملک الظاہر نے ذی الحجہ کی ۱۴ تاریخ سے دمشق کا محاصرہ کر لیا آخر کار اس کے حاکم امیر اسد الدین محمد نے تین ہزار سواروں کو ان سے صلح کی ۱۰ تاریخ کو اس کے مقابلے میں ۹ رمضان کو حمص چلا گیا اس کے بعد اس کا بھائی افضل حماۃ چلا گیا وہاں سے وہ ملک عادل کے پاس دمشق پہنچا وہاں اسے سلطان اسد الدین شیرکوہ سے ملاقات ہوئی جو اس کے ساتھ تھے۔ یہاں یہ تقرر ہوا تھا کہ جب دمشق فتح ہو جائے تو اس پر افضل کا قبضہ ہوگا اور جب وہ مصر فتح کر لیں گے تو وہ وہاں چلا جائے گا اور دمشق الظاہر کے ہاتھ رہے گا۔ افضل نے قلعہ صرخد اپنے والد کے موالی (آزاد کردہ غلام) زین الدین قراجا کو دے دیا تھا ان دونوں نے وہاں آ کر اس کا محاصرہ کیا تھا اور انہوں نے شیرکوہ کو بھی محاصرہ کے دوران یہ پیغام پہنچا دیا تھا۔

افضل اور الظاہر کا اختلاف: جب ملک عادل مصر سے شام کی طرف روانہ ہوا تو وہ نابلس پہنچا۔ وہاں سے اس نے ایک لشکر دمشق کی طرف روانہ کیا وہ ان فوجوں کے پہنچنے سے پہلے وہاں پہنچ گئے تھے جب وہ وہاں پہنچے تو انہوں نے (ذوالقعدہ کی چودھویں تاریخ سے وہ دو دن تک جنگ کی اور وہ دمشق فتح کرنے ہی والے تھے کہ (دونوں بھائیوں میں جھگڑا شروع ہو گیا) الظاہر نے افضل کو پیغام بھیجا کہ دمشق اس کے ماتحت رہے گا۔ افضل نے یہ عذر پیش کیا کہ اس کے اہل و عیال کا کوئی ٹھکانہ نہیں ہے اس لیے وہ دمشق میں اس وقت تک پناہ لیں گے جب تک کہ وہ مصر فتح کر لے۔ الظاہر نے اپنے مطالبے پر اصرار کیا۔ اس وقت موالی صلاح الدین افضل کے طرفداروں پر مشتمل تھے اس لیے اس نے انہیں اختیار دیا کہ اگر وہ رہنا چاہیں تو رہیں ورنہ وہ واپس جا سکتے ہیں۔

شامی علاقوں کی تقسیم: اتنے میں فخر الدین چہارکس اور قراجا بھی (فوج لے کر) دمشق پہنچ گئے اور (فریق مخالف کی) طاقت بڑھ گئی اور وہ دمشق فتح نہ کر سکے۔ لہٰذا وہ مجبور ہو گئے کہ ملک عادل سے ان شرائط پر صلح کی تجویز کریں کہ الظاہر کے پاس منبج، افامیہ، کفر طاب اور المعرہ کے بعض دیہات رہیں گے اور افضل کے ماتحت سمیساط، سروج، راس عین اور حملین کے علاقے ہوں گے جب تمام فریقوں کے درمیان یہ معاہدہ مکمل ہو گیا تو وہ ماہ محرم ۵۹۸ھ میں دمشق سے چلے گئے۔

الظاہر حلب واپس چلا گیا اور افضل حمص آ گیا جہاں وہ اپنے اہل و عیال کے ساتھ رہنے لگا۔ جب ملک عادل دمشق پہنچا تو افضل نے جا کر دمشق سے باہر اس سے ملاقات کی۔ پھر وہ اپنے علاقے کی طرف گیا اور اس پر قبضہ کر لیا۔

عادل کے خلاف متحدہ محاذ: جب الظاہر اور افضل منبج سے دمشق کی طرف روانہ ہوئے تھے تو ان دونوں نے حاکم موصل نور الدین کو یہ پیغام بھیجا تھا کہ وہ ملک عادل کے الجزیرہ میں اس کے مقبوضہ علاقوں پر حملہ کر دے۔ جب ملک عادل نے مصر فتح کر لیا تھا تو اس وقت سے مذکورہ بالا تینوں حکام نے حاکم ماردین کے ساتھ مل کر عادل کے برخلاف معاہدہ کر لیا تھا کیونکہ انہیں اندیشہ تھا کہ عادل کہیں ان کی عملداری پر حملہ نہ کر دے۔

الجزیرہ کی طرف اقدام: لہٰذا نور الدین نے ماہ شعبان میں اپنی فوج کے ساتھ موصل سے کوچ کیا اس کے ساتھ اس کا چچا زاد قطب الدین حاکم سنجار بھی شریک تھا اور ماردین کا لشکر بھی اس کے ساتھ تھا۔ وہ راس عین پہنچ گئے اس وقت حران میں الفائز ابن عادل اس لشکر کی قیادت کر رہا تھا اور الجزیرہ میں اپنی عملداری کی حفاظت کر رہا تھا اس نے نور الدین (حاکم موصل) کو صلح کا پیغام بھیجا اس وقت یہ خبر موصول ہو گئی کہ ملک عادل نے الظاہر اور افضل کے ساتھ صلح کر لی ہے اس لیے نور الدین نے بھی صلح کی تجویز منظور کر لی اور اس کے لیے فریقین نے حلف اٹھایا۔ اس نے اپنی طرف سے ارسلان کو عادل کے پاس بھیجا اور اس سے بھی حلف اٹھوایا۔ اس کے بعد یہاں کی حالت درست ہو گئی۔

ماردین کا محاصرہ: اس واقعہ کے بعد ملک عادل نے اپنے فرزند اشرف موسیٰ کو فوج دے کر ماردین کے محاصرے کے لیے بھیجا چنانچہ وہ وہاں روانہ ہوا اور اس کے ساتھ موصل اور سنجار کی فوجیں بھی تھیں وہ سب ماردین کے پیچھے حریم میں

اور ماردین کے قصبہ دنیسر کی آبادی نے اشرف کی فوجوں سے خوراک کی رسد بند کرنے کے لیے وہاں پہنچی تو اشرف کے ایک فوجی دستے نے اس کا مقابلہ کر کے اسے شکست دی مگر ترکمان قوم نے فتنہ و فساد برپا کر کے اس علاقہ کا راستہ بند کر دیا تھا لہٰذا اشرف کو بہت مشکلات پیش آگئیں لہٰذا الظاہر غازی نے فریقین میں صلح کرانے کی کوشش کی اور یہ طے ہوا۔

صلح کا معاہدہ: "حاکم ماردین عادل کو ڈیڑھ لاکھ دینار پیش کرے گا جس کا ہر دینار گیارہ قیراط کے وزن کا ہوگا اور امیری سکہ کے مطابق ہوگا۔ اس کے علاوہ وہ اپنے ملک میں اس کے نام کا خطبہ پڑھوائے گا اور اس کے سکے پر اس کا نام ہوگا اور جب وہ فوجی امداد طلب کرے تو وہ اپنی فوج کا ایک حصہ اس کی مدد کے لیے بھیجے گا۔"

ملک عادل نے یہ معاہدہ منظور کر لیا اور فریقین میں صلح ہو گئی اس کے بعد اشرف ماردین کے علاقہ سے چلا گیا۔

افضل کے علاقے: یہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ الظاہر اور افضل نے ملک عادل سے ۵۹۷ھ میں صلح کر لی تھی اور افضل کو سمیساط، سروج، راس عین اور حملین کے علاقے مل گئے تھے اس کے قبضہ میں قلعہ نجم بھی تھا جسے الظاہر نے محاصرہ کے موقع پر صلح سے پہلے فتح کر لیا تھا۔

قلعہ نجم کا جھگڑا: ملک عادل نے ۵۹۹ھ میں افضل کے قبضہ سے یہ علاقے واپس لے لیے تھے اور صرف سمیساط اور قلعہ نجم کے علاقے باقی رکھے تھے جس کے بعد ملک الظاہر نے افضل سے قلعہ نجم کا مطالبہ کیا اور اس کے بدلے میں اس نے وعدہ کیا کہ وہ ملک عادل سے سفارش کرے گا کہ وہ اسے وہ علاقے واپس کر دے جو اس نے لے لیے تھے افضل نے اس کا مطالبہ نہیں مانا تو الظاہر نے اسے دھمکی دی۔ تاہم ان دونوں کے درمیان سفیروں کے آنے جانے ہوتے رہے اور آخر کار افضل نے اسی سال ماہ شعبان میں قلعہ نجم الظاہر کے حوالے کر دیا۔

افضل کی بغاوت: اس کے بعد افضل نے اپنی والدہ کو ملک عادل کے پاس بھیجا تاکہ وہ اس سے سفارش کرے کہ وہ سروج اور راس عین کے علاقے اسے واپس کر دے مگر اس نے اس کی والدہ کی سفارش بھی منظور نہیں کی۔ لہٰذا افضل نے بلاد روم کے حاکم رکن الدین سلیمان بن قلیج ارسلان کو لکھا کہ وہ اس کی اطاعت قبول کرتا ہے اور وہ اس کا خطبہ بھی (اپنی مساجد میں) پڑھوائے گا۔ اس پر اس نے افضل کو خلعت حکومت بھیجا اور افضل نے سمیساط میں ۶۰۰ھ میں اس کے نام کا خطبہ پڑھوانا شروع کر دیا اور اپنی عملداری میں اس کا نائب حاکم بن گیا۔

محمود بن العزیز کا اخراج: ملک عادل کو ۵۹۹ھ میں محمود بن العزیز (سابق حاکم مصر) سے خطرہ پیدا ہوا کیونکہ جب اس نے ۵۹۸ھ میں مصر میں اس کے نام کا خطبہ بند کرایا تو اسے اس کے باپ کے طرفداروں سے خطرہ پیدا ہوا اس لیے اس نے اسے مصر سے نکال کر دمشق بھجوا دیا۔ پھر ۵۹۹ھ میں لشکر کے ساتھ اسے رہا بھجوا دیا۔ اس کے ساتھ اس کی والدہ بہنیں اور تمام اہل و عیال بھی وہاں منتقل ہو گئے۔

حاکم موصل کا محاصرہ: حاکم موصل نور الدین ارسلان شاہ اور اس کے چچا زاد بھائی قطب الدین حاکم سنجار کے

[illegible] تو ملک عادل نے قطب الدین کو اپنے ساتھ ملا لیا اور اس نے اپنی مملکت میں اس کے نام کا خطبہ پڑھوانا شروع کیا۔ [illegible] نور الدین (حاکم موصل) بہت [illegible] ہوا اور اس نے [illegible] کے ماہ شعبان میں [illegible] کا محاصرہ کر لیا۔ قطب الدین نے ملک عادل کے [illegible] الدین حاکم [illegible] اور [illegible] کے [illegible] (قطب الدین [illegible]) [illegible] رخصت ہو گیا [illegible]۔

[illegible] [illegible] سب [illegible]۔

اس وقت نور الدین [illegible] مصر [illegible] فتح کرنے کے [illegible]

[illegible]۔

حاکم موصل کی شکست: اس نے [illegible] جنگ کرنے کے لیے تیار [illegible] گھمسان کی جنگ ہوئی آخر کار [illegible] کو شکست ہوئی اور وہ موصل بھاگ گیا۔

معاہدۂ صلح [illegible] وہاں کے [illegible] قطب الدین کو واپس [illegible] معاہدہ [illegible] ہوا [illegible] واپس چلا گیا۔

نئی صلیبی جنگیں جب فرنگیوں نے [illegible] قبضے [illegible] مسلمانوں کے قبضے [illegible] جنگ [illegible]۔

[illegible] سے مصالحت اس وقت [illegible] طرف [illegible] ہو گیا [illegible] واپس [illegible]۔

حاکم حماۃ کی شکست اس کے بعد فرنگیوں نے حماۃ [illegible] حماۃ کے حاکم [illegible]

[illegible] [illegible]۔

[illegible] کے حملے

[illegible] پہلے تذکرہ ہو چکا ہے۔ [illegible] [illegible]

[illegible] کی شکست : [illegible] [illegible]

[illegible]

[illegible] کا محاصرہ [illegible] نجم الدین [illegible] [illegible]

سلیمان کا قتل [illegible] [illegible]

فتح خلاط: اہل خلاط نے بعد ازاں نجم الدین کو حکومت کی پیش کش کی۔ چنانچہ وہ خلاط اور اس کے تمام علاقے کا حاکم ہو گیا اور آس پاس کے حکام اور اکراد کا حاکم بھی اس سے خوف کھانے لگے انہوں نے پے در پے اس کے اپنے علاقے پر چھاپے مارنے شروع کیے مگر خلاط (کے ہاتھ سے نکل جانے کے اندیشے سے) وہ ان کے مقابلے کے لیے وہاں نہیں نکلا۔ خلاط کی فوجوں کا کچھ حصہ اس سے الگ ہو گیا۔ یہ نکل گیا اور انہوں نے قلعہ وان پر قبضہ کر لیا جو وہاں کا سب سے بڑا اور سب سے زیادہ مستحکم قلعہ تھا۔ وہاں پہنچ کر انہوں نے نجم الدین کے خلاف علم بغاوت بلند کر دیا اور ایک بہت بڑی جماعت ان کے ساتھ شامل ہو گئی انہوں نے شہر ارجیش کو بھی فتح کر لیا۔

اہل خلاط کی بغاوت: نجم الدین نے خلاط اور اس کے علاقے کی حفاظت کے لیے فوجی کمک طلب کی اور اس کا بھائی اشرف اپنے حران اور رہا کے علاقوں کی طرف واپس چلا گیا اس کے بعد یہ واقعہ رونما ہوا کہ جب نجم الدین دیار بکر کی طرف روانہ ہوا کہ وہ وہاں کے حالات درست کرے تو اہل خلاط نے (اس کی غیر حاضری میں) اس کی فوجوں پر حملہ کر کے انہیں نکال دیا اور اس کے ساتھیوں کو قلعے میں محصور کر دیا۔ پھر وہ بنو شاہرین کے حق میں نعرے لگانے لگے۔

بغاوت کی سرکوبی: جب نجم الدین واپس آیا تو اس کے پاس الجزیرہ کی فوجیں بھی پہنچ چکی تھیں جن سے اسے بہت تقویت پہنچی اور اس نے خلاط کا محاصرہ کر لیا اس کے بعد اہل خلاط میں باہمی اختلاف پیدا ہو گیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس نے انہیں مغلوب کر کے ان کا صفایا کیا اور ان کے بہت سے ان سرداروں اور افسروں کو گرفتار کر لیا جو وہاں سے بھاگ رہے تھے اس واقعہ کے بعد اہل خلاط ایوبی سلطنت کے آخری زمانے تک اس کے مطیع اور وفادار رہے۔

شام پر فرنگیوں کی یلغار: ۶۰۰ھ میں شام کے فرنگیوں نے بہت سے چھاپے مارنے شروع کر دیے تھے۔ فرنگیوں کی نئی فوج نے آ کر قسطنطنیہ کو فتح کر لیا تھا اور ان کی سلطنت وہاں بہت مستحکم ہو گئی تھی اس لیے طرابلس اور حصن الاکراد کے فرنگیوں نے حمص اور اس کے علاقوں میں لوٹ مار شروع کر دی تھی اور حمص کا حاکم شیرکوہ بن محمد بن شیرکوہ ان علاقوں کی حفاظت کرنے سے عاجز آ گیا تھا اس نے ان کے مقابلے کے لیے فوجی کمک طلب کی چنانچہ ملک ظاہر نے اس کے پاس فوجیں بھیجیں جو اس کے علاقوں کی حفاظت کرنے کے لیے اس کے پاس رہنے لگیں۔

بحری بیڑہ پر حملہ: اسی زمانے میں اہل قبرص نے سمندر میں مصر کے بحری بیڑہ پر حملہ کر کے اس کے چند حصوں پر قبضہ کر لیا اور جو لوگ وہاں تھے انہیں گرفتار کر لیا لہٰذا ملک عادل نے حاکم عکا کو ایک احتجاجی مراسلہ بھیجا کہ یہ صلح اور جنگ بندی کے معاہدہ کی خلاف ورزی ہے اس نے یہ معذرت پیش کی کہ اہل قبرص ان فرنگیوں کے ماتحت ہیں جن کا قسطنطنیہ پر قبضہ ہے لہٰذا وہ اس کے دائرہ حکومت سے باہر ہیں۔

ملک عادل کی پیش قدمی: (یہ جواب سن کر) ملک عادل اپنی فوجیں لے کر عکا کی طرف گیا یہاں کے حاکم نے مسلمان قیدیوں کو چھوڑ کر اس سے صلح کر لی پھر وہ حمص کی طرف روانہ ہوا اس نے بحیرۂ قدس کے قریب قلعہ القلیعتین پر حملہ کر

کے اسے فتح کر لیا اس نے اس کے حاکم کو چھوڑ دیا اور مال غنیمت حاصل کر کے اسے تباہ و برباد کر دیا۔

طرابلس الشام کی تباہی: پھر اس نے طرابلس کے علاقہ کی طرف پیش قدمی کی اور بارہ دن تک اس کے علاقوں کو تباہ و برباد کرتا رہا اس کے بعد وہ بحیرہ قدس واپس آ گیا فرنگیوں نے اس کے ساتھ مصالحت کرنے کی کوشش کی مگر اس نے یہ تجویز نامنظور کر دی۔ پھر موسم سرما آ گیا تو ملک عادل نے الجزیرہ کی فوجوں کو اپنے شہروں کی طرف واپس جانے کی اجازت دے دی اور حاکم حمص کی مدد کے لیے ایک بڑا لشکر چھوڑ کر وہ خود دمشق واپس چلا گیا اور وہاں اس نے موسم سرما گزارا۔

اہل خلاط کی سرکوبی: جب اوحد نجم الدین بن عادل نے خلاط کو فتح کر لیا تو کرج قوم نے وہاں کے علاقوں پر غارت گری شروع کر دی اور انہیں تباہ کرنے لگے۔ پھر ۶۰۶ھ میں انہوں نے ارجیش کی طرف پیش قدمی کی اور اس کا محاصرہ کرنے کے بعد زبردستی اس شہر کو فتح کر لیا اور اسے تباہ و برباد کر دیا۔ نجم الدین نے ان کا مقابلہ کرنے سے گریز کیا۔ (کیونکہ اہل خلاط کی بغاوت کا خدشہ تھا چنانچہ ایسا ہی ہوا) جب وہ خلاط سے روانہ ہوا تو اہل خلاط نے بغاوت کر دی پھر وہ واقعات رونما ہوئے جن کا ہم تذکرہ کر چکے ہیں۔

۶۰۷ھ میں کرج قوم پھر خلاط آئی اور انہوں نے اس کا محاصرہ کر لیا مگر اس وقت اوحد نجم الدین نے ان سے جنگ کر کے انہیں شکست دے دی اور ان کے بادشاہ کو گرفتار کر لیا۔ بعد میں اس بادشاہ کو اس شرط پر چھوڑا گیا کہ وہ ایک لاکھ دینار زرِ فدیہ ادا کرے اور پانچ ہزار قیدی چھوڑ دے جائیں نیز مسلمانوں کے ساتھ جنگ بندی کا معاہدہ کیا جائے اور وہ اپنی بیٹی کا نکاح اوحد کے ساتھ کر دے چنانچہ ان شرائط کے ساتھ یہ معاہدہ تکمیل پذیر ہوا۔

سنجار کی خانہ جنگیاں

یہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ قطب الدین زنگی حاکم سنجار و نصیبین اور اس کے چچازاد بھائی نور الدین حاکم موصل کے درمیان سخت عداوت و نفرت تھی۔ اسی دوران میں ۶۰۶ھ میں حاکم موصل نور الدین نے اپنی لڑکی کا نکاح ملک عادل کے فرزند سے کر دیا تھا اور اس رشتہ کی بدولت ان دونوں خاندانوں کے تعلقات مستحکم ہو گئے تھے لہٰذا اس کے وزراء اور ارکانِ سلطنت نے اسے ورغلایا کہ وہ جزیرہ ابن عمر اور اس کی عملداری کو حاصل کرنے کے لیے ملک عادل کی امداد حاصل کرے۔ یہ علاقہ اس کے چچازاد بھائی سنجر شاہ ابن غازی کے ماتحت تھا۔ اس کو فتح کرنے کے بعد جزیرہ کا تمام علاقہ موصل میں شامل ہو جائے گا۔ علاوہ ازیں ملک عادل قطب الدین زنگی کے علاقہ سنجار کو فتح کرے گا تو وہ بھی آخر کار اس کے پاس رہے گی۔

ملک عادل کی امداد: ملک عادل نے اس کی تجویز منظور کر لی کیونکہ وہ اسے موصل پر قبضہ کرنے کا ذریعہ سمجھتا تھا مگر اس نے نور الدین کو یہ توقع دلائی کہ جب قطب الدین کے علاقے پر قبضہ کرے گا تو یہ علاقہ اس کے فرزند کے ماتحت رہے گا جو اس کا داماد ہے۔

فتح خابور: ۵۹۶ھ میں ملک عادل نے اپنی فوجوں کے ساتھ کوچ کیا اور خابور پہنچ کر اسے فتح کر لیا۔ اس موقع پر نور الدین کو اپنی غلطی کا احساس ہوا کہ ملک عادل کو کوئی نہیں روک سکتا ہے۔ اسے اپنی اس تجویز پر پشیمانی ہوئی اور وہ واپس آ کر اپنے شہر کے محاصرہ و مقابلہ کرنے کی تیاری کرنے لگا مگر اس کے وزراء و امراء فوج نے یہ اندیشہ ظاہر کیا کہ اگر اس نے عادل کے خلاف بغاوت کی تو وہ سب سے پہلے اسی پر حملہ کرے گا۔

سنجار کی مدافعت: ملک عادل نے خابور سے روانہ ہو کر نصیبین پر قصد کیا اور اسے بھی فتح کر لیا۔ اب قطب الدین کے والد کا آزاد کردہ غلام امیر احمد بن برنقش تھا۔ اس نے شہر سنجار کی حفاظت اور مدافعت کی تیاریاں شروع کر دیں۔ ادھر نور الدین نے اپنے فرزند شاہ کی زیر قیادت امدادی لشکر ملک عادل کے لیے بھیجنے کی تیاریاں شروع کیں۔

سفارش نامنظور: ۵۹۶ھ میں قطب الدین نے اپنے فرزند مظفر الدین کو سفارش کرانے کے لیے ملک عادل کے پاس بھیجا کیونکہ اس کے ملک عادل کے ساتھ دوستانہ تعلقات تھے اور اس کا وہاں کافی اثر و رسوخ تھا۔ چنانچہ وہ اپنے باپ کی سفارش کے لیے اس کے پاس گیا مگر ملک عادل نے اس کی سفارش بھی قبول نہیں کی۔

ملک عادل کے خلاف اتحاد: پھر قطب الدین نے حاکم موصل نور الدین سے خط و کتابت کی کہ وہ ملک عادل کا مقابلہ کرنے کے لیے اس کے ساتھ متحد ہو جائے۔ نور الدین نے اس کی یہ تجویز مان لی۔

وہ اپنا لشکر لے کر موصل گیا اور شہر سے باہر آیا۔ نور الدین سے ملاقات کی۔ اس نے حلب کے حاکم کو بھی لکھا اور اعانت کی تحریک دی۔ حاکم جزیرہ سے بھی مدد لی۔ مگر ان سب نے خیال کیا کہ ملک عادل کے سامنے صلح کی تجویز پیش کی جائے اور حاکم جزیرہ کو برقرار رکھنے کی سفارش کی جائے اور وہ متحد ہو کر ان کے علاقے بخش دیے جائیں گے۔

مصالحت کی شرائط: انہوں نے خلیفہ الناصر عباسی کے پاس بھی پیغام بھیجا کہ وہ ملک عادل کو (جنگ بندی کا) حکم دے۔ چنانچہ اس نے اپنے محل کے استاد ابو نصر ہبۃ اللہ بن المبارک اور اپنے خاص مولیٰ (آزاد کردہ غلام) امیر قیران کو اسی مقصد کے لیے بھیجا۔ ملک عادل نے بظاہر مصالحت کی تجویز کو منظور کر لیا مگر وہ مقابلہ پر تیار رہا۔ اور صلح کی شرائط کے بارے میں ٹال مٹول کرتا رہا۔ پھر اس نے صرف نصیبین کے علاقے سے جنگ بندی کرنے پر صلح کی اور یہ فیصلہ کیا کہ جن علاقوں پر اس نے قبضہ کیا ہے وہ اسی کے قبضہ میں رہیں گے۔ چنانچہ اس پر حلف اٹھانے کے بعد ہر ایک اپنے اپنے شہر کو لوٹ گیا۔

قلعوں کی تباہی: ۶۰۸ھ میں معظم عیسیٰ نے اپنے والد ملک عادل کے حکم سے امیر اسامہ کو گرفتار کر لیا اور اس سے کوکب اور عجلون کے قلعے جو اس کی عملداری میں تھے چھین لیے۔ اس نے ان دونوں قلعوں کو اور کوکب کے قریب قلعہ کو تباہ و برباد کر دیا اور ان کے بجائے جبل الطور پر عکا کے قریب ایک قلعہ تعمیر کیا اور اسے فوج اور خوراک کے ذخیرہ سے بھر دیا۔

ملک ظاہر کی وفات: حاکم حلب ملک ظاہر غازی بن صلاح الدین جو منبج اور دیگر شامی شہروں کا حاکم بھی تھا ماہ جمادی الآخرہ ۶۱۳ھ میں فوت ہو گیا۔ وہ بڑا منتظم تھا۔ وہ قاصدوں کے ساتھ اچھا سلوک کرتا تھا مگر دشمن سے سخت انتقام لیتا تھا اور مال و دولت بہت جمع کیا کرتا تھا۔ اس نے اپنے چھوٹے فرزند محمد بن ظاہر کو جو صرف تین سال کا تھا اپنا ولی عہد بنالیا۔ اس نے بڑے فرزند کو اس لیے نظر انداز کیا کہ اس کی والدہ اس کے چچا ملک عادل کی لڑکی تھی۔

العزیز کی جانشینی: ملک ظاہر نے (اپنے اس کمسن جانشین) کا لقب العزیز غیاث الدین مقرر کیا تھا اور اس کا نائب اور نگران خادم طغرل کو مقرر کیا تھا اور اس کا لقب شہاب الدین رکھا۔ شہاب الدین طغرل بڑا نیک خصلت اور شریف انسان تھا۔ اس نے اس لڑکے کی اچھی طرح نگرانی کی اور رعایا کے ساتھ عدل و انصاف سے کام لیا اور علاقہ کا نظم و نسق نہایت درستی اور عمدگی سے قائم رکھا۔

یمن کے حالات

سلیمان کے مظالم: جب ۶۰۰ھ میں سلیمان بن المظفر یمن کا حاکم مقرر ہوا تو اس نے اپنی بیوی ام الناصر کے ساتھ جس نے اسے وہاں کا حاکم بنوایا تھا بہت بدسلوکی کی۔ اس نے اس سے روگردانی کر کے اسے بہت نقصان پہنچایا اور پھر خود مختار اور مطلق العنان حاکم بن گیا اور رعایا پر خوب ظلم و ستم کیا۔ تیرہ سال تک وہ اسی طرح حکومت کرتا رہا۔ پھر وہ ملک عادل کا مخالف ہو گیا اور اس کے ساتھ بھی اس کے تعلقات خراب ہو گئے۔ وہ بعض وقت اس طرح خط لکھا کرتا تھا (یہ قرآن کریم کی آیت ہے):

اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (یعنی یہ سلیمان کی طرف سے (خط) ہے اور یہ اللہ کے نام سے شروع ہوتا ہے جو بڑا مہربان اور رحم کرنے والا ہے)

عادل کے لشکر کا حملہ: (اس کا سخت ناروا رویہ اور بدسلوکی دیکھ کر) ملک عادل نے اپنے فرزند کامل کو لکھا کہ وہ اپنی طرف سے کسی سپہ سالار کو مقرر کر کے یمن کی طرف فوجیں بھیجے۔ چنانچہ اس نے اپنے فرزند مسعود یوسف کے زیر قیادت جس کا ترکی نام اقسیس تھا ۶۱۲ھ میں یمن کی طرف فوجیں بھیجیں۔

مسعود نے جاتے ہی یمن پر قبضہ کر لیا اور (حاکم یمن) سلیمان شاہ کو گرفتار کر کے اسے نظربندی کی حیثیت سے مصر بھیج دیا اور وہاں وہ مقیم رہا۔ یہاں تک کہ فرنگیوں کے ساتھ دمیاط کے جہاد میں وہ ۶۴۷ھ میں شہید ہو گیا۔

مسعود بن کامل کی حکومت: مسعود بن کامل عرصہ دراز تک یمن میں حکومت کرتا رہا۔ اس نے ۶۱۹ھ میں حج کیا۔ اس نے اپنے والد کے جھنڈوں کو عباسی خلیفہ الناصر کے جھنڈوں سے مقدم رکھا۔ خلیفہ الناصر نے اس کی شکایت اس کے والد سے تحریری طور پر کی تو اس کے والد الکامل نے اسے نہایت ملامت آمیز خط لکھا اور اسے آگاہ کیا کہ اس نے دین و دنیا دونوں کو پس پشت ڈال دیا ہے۔ مسعود نے اس پر سخت معذرت پیش کی۔ اس کے بعد اس کے والد اس سے راضی ہو گئے۔

فتح قلعہ معظم: مسعود بن [illegible] نے ۵۸۹ھ میں [illegible] قبضہ کر کے مظفر کی حکومت چھین لی۔ [illegible] مدت تک [illegible] نے [illegible] کر رکھے تھے۔ اس نے [illegible] دیا اور [illegible] واپس آ گیا اور اسی سال فوت ہو گیا۔

اس کے بعد [illegible] حکومت پر مسلط ہو گیا اس نے اس کے فرزند [illegible] کو حاکم مقرر کیا [illegible] کے فوت ہو جانے کے بعد [illegible] حالات بیان کریں گے۔

دمیاط کی زبردست صلیبی جنگ

[illegible] فرنگی [illegible] اس کی حفاظت کرتے تھے جب [illegible] شام کے فرنگیوں نے [illegible] حالات [illegible] فرنگیوں [illegible] طرف متوجہ [illegible] فرنگی بادشاہ [illegible] دونوں طرف سے [illegible] ہو گئی۔

[illegible] فرنگیوں نے [illegible] اس لیے [illegible] فرنگیوں نے [illegible] اس لیے [illegible] ہو گئی۔

فرنگیوں کی غارت گری: فرنگیوں نے [illegible] مقام [illegible] اور [illegible] مسلمانوں [illegible] کی طرف روانہ ہوئے [illegible] صلیبی [illegible] ایک پہاڑ پر [illegible] قلعہ [illegible] فرنگی بادشاہ [illegible] الطور [illegible]

انھوں نے اس کے بعد دوبارہ ... پر قبضہ کر لیا۔

دمیاط کی جنگ کا آغاز: اس کے بعد صلیبی قوتیں عکا سے بحری راستے سے دمیاط (مصر) کی طرف روانہ ہوئیں۔ انھوں نے (اسی سال کے) ماہ صفر میں دمیاط کے ساحل جیزہ پر لنگر ڈال دیا۔ ان کے اور دمیاط کے درمیان دریائے نیل رواں تھا۔ دریائے نیل پر ایک مستحکم برج بنا ہوا تھا۔ جہاں سے دمیاط کی فصیل کی طرف دو بہت مضبوط زنجیریں لٹکی ہوئی تھیں جو کھاری پانی کے سمندری کشتیوں اور جہازوں کو دریائے نیل کے راستے شہر میں داخل ہونے سے روکتی تھیں۔ لہذا جب ان کی فوجیں دریا کے ساحل پر اتر گئیں تو انھوں نے اپنے چاروں طرف خندق کھودی اور اپنے اور خندق کے درمیان ایک فصیل قائم کر لی۔ پھر انھوں نے دمیاط کا محاصرہ کرنا شروع کیا اور کثرت کے ساتھ محاصرے کے آلات استعمال کیے۔

گھمسان کی جنگ: ملک عادل نے اپنے فرزند ملک کامل کو جو مصر میں تھا یہ پیغام بھیجا کہ وہ فوجیں لے کر روانہ ہو جائے اور ان کے سامنے مقابلے کے لیے ٹھہرا رہے۔ چنانچہ اس نے تیاری کی اور مصر سے مسلمانوں کی فوجیں لے کر دمیاط کے قریب عادلیہ کے مقام پر جا کر قیام کیا۔ فرنگی فوجیں دریائے نیل کے اس مستحکم برج پر قبضہ کرنے کے لیے چار ماہ تک گھمسان کی جنگ کرتی رہیں آخرکار انھوں نے اس برج پر قبضہ کر لیا اور ان کی فوجوں کے لیے دریا سے شہر میں داخل ہونے کا راستہ کھل گیا جو دمیاط تک جاتا ہے۔

دریائی راستے کی حفاظت: (یہ حالات دیکھ کر) ملک کامل نے لوہے کی زنجیروں کے بجائے ایک بہت بڑا پل تعمیر کرا دیا تاکہ فرنگی دریائے نیل کے اندر داخل ہونے سے رک جائیں (فرنگیوں نے اس رکاوٹ کو دور کرنے کے لیے) سخت جنگ کی یہاں تک کہ انھوں نے اس رکاوٹ کو بھی دور کر دیا۔ لہذا کامل نے حکم دیا کہ کشتیوں کو پتھروں سے بھر کر دریا میں ڈبو دیا جائے تاکہ ان کی کشتیاں دریائے نیل کے اندر نہ جا سکیں۔ یہ صورت حال دیکھ کر فرنگی فوجوں نے ازرق نامی راستہ اختیار کیا۔ جو پہلے زمانے میں دریائے نیل کا ایک حصہ تھا۔ انھوں نے اسے کھود کر گہرا کیا اور اس میں سمندر تک پانی جاری کر دیا۔ پھر وہ اپنے جہاز بورہ کے مقام تک لے آئے جو جیزہ کے علاقے پر تھا اور یہ مقام بالکل مسلمانوں کے لشکر کے سامنے تھا۔ اس طرح وہ مسلمانوں سے جنگ کر سکتے تھے۔ تاہم دمیاط کا شہر ان کے درمیان حائل تھا۔ لہذا انھوں نے اپنے جہازوں میں رہ کر جنگ کی مگر انھیں کوئی کامیابی حاصل نہیں ہوئی۔ کیونکہ شہر کی رسد اور فوجی مدد مسلمانوں کی طرف سے پہنچ رہی تھی۔ اس کے علاوہ دریائے نیل فرنگیوں کے درمیان حائل تھا اس لیے مسلمانوں کو ان کی طرف سے کوئی تکلیف نہیں پہنچ رہی تھی۔

اسلامی فوجوں میں اختلاف: اسی عرصے میں سلطان ملک عادل کی وفات کی اطلاع ملی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ فوجوں میں اختلاف پیدا ہو گیا۔ چنانچہ مسلمان فوجوں کے ساتھ امیر عماد الدین احمد بن سیف الدین علی بن احمد المشطوب الہکاری بھی تھا۔ وہ چاہتا تھا کہ ملک کامل کی جگہ اس کے چھوٹے بھائی فائز کو بادشاہ بنایا جائے۔ جب کامل کو اس کی اطلاع ہوئی تو وہ راتوں رات اشمون طناح کے مقام پر پہنچ گیا۔ مسلمانوں کو دوسرے دن اس کی اطلاع ملی تو وہ بھی جنگ سے بھاگ کر کامل کے پاس پہنچ گئے اور دمیاط کے

---

[1] الکامل (ابن الاثیر) (جلد ۱۲)

علاقے کو خالی چھوڑ آئے تھے جس پر فرنگیوں نے قبضہ کر لیا اور وہ دریائے نیل کو عبور کر کے دمیاط کے قریب ایک خشکی کے علاقے پر پہنچ گئے اور وہاں سے مصری علاقے کی طرف پیش قدمی کرنے لگے۔ اس کے بعد دریا میں طغیانی کی وجہ سے راستے خطرناک ہو گئے اور دمیاط سے خوراک کی رسد بند ہو گئی۔ فرنگیوں نے بھی جنگ میں شدت اختیار کی۔

دمیاط پر فرنگیوں کا تسلط دمیاط میں مدافعت کی قوت بہت کم تھی اس لیے مسلمان وہاں سے اچانک بھاگ گئے تھے۔ آخر کار جب مسلمان محاصرہ سے بہت تنگ آ گئے اور خوراک کی رسد بند ہو گئی تو انہوں نے فرنگیوں کے سامنے ہتھیار ڈال دیے اور انہوں نے اسے ماہ شعبان کے آخر میں ۶۱۶ھ میں فتح کر لیا پھر انہوں نے گرد و نواح میں اپنے فوجی دستے بھیج کر اسے ویران کر دیا۔ اس کے بعد وہ دمیاط کی تعمیر اور قلعہ بندی میں مشغول ہو گئے۔

منصورہ کی تعمیر ملک کامل نے ملک کی حفاظت کے لیے ان کے قریب اپنا مرکز قائم کیا۔ اس نے دمیاط کی سمت سمندر کے جانے پر منصورہ تعمیر کرایا۔

ملک عادل کی وفات ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ ۶۱۴ھ میں سمندر پار سے فرنگی سپاہی رضا کار شام کے ساحل پر اترے تھے اور ملک عادل سے عکا اور بیسان کے مقام پر ان کی جنگیں ہوئی تھیں پھر وہاں سے آ کر وہ دمشق کے قریب مرج الصفر میں مقیم ہوا۔ جب فرنگی فوجیں دمیاط چلی گئیں تو وہ عالقین کے مقام کی طرف منتقل ہوا اور وہاں رہنے لگا۔ پھر وہ بیمار ہوا اور ۷ جمادی الاخری ۶۱۵ھ میں فوت ہو گیا۔ اس وقت اس کی عمر پچھتر سال تھی اور اس نے تئیس سال حکومت کی۔

دمشق میں تدفین اس کا فرزند معظم عیسیٰ اس وقت نابلس میں تھا اس نے آ کر اسے دمشق میں دفن کیا اور اس کی سلطنت اور تمام مال و متاع اور جائیداد پر قبضہ کر لیا کہا جاتا ہے کہ اس کے پاس [illegible] لاکھ دینار تھے۔

فرزندوں میں سلطنت کی تقسیم: ملک عادل بہت حلیم الطبع سنجیدہ صائب الرائے تیز مزاج بہادر اور سیاست دان بہت اچھا تھا۔ اس نے اپنی زندگی میں اپنی تمام سلطنت اپنے فرزندوں میں تقسیم کر دی تھی چنانچہ مصر کا حاکم کامل تھا۔ دمشق بیت المقدس طبریہ اور الکرک کے علاقہ کا حاکم معظم عیسیٰ تھا۔ خلاط کا علاقہ اور رہا نصیبین اور میافارقین کو چھوڑ کر باقی جزیرہ کے تمام علاقہ کا حاکم اشرف موسیٰ تھا۔ رہا اور میافارقین کا حاکم شہاب الدین غازی تھا۔ قلعہ جعبر کی حکومت حافظ ارسلان شاہ کو دی گئی تھی۔

مصر کی بغاوت کی سرکوبی لہٰذا جب ملک عادل فوت ہوا تو ہر فرزند اپنے علاقے کا خودمختار بادشاہ بن گیا۔ جب ملک کامل کو اس کے فوت ہونے کی خبر ملی تو وہ اس وقت دمیاط میں فرنگی لشکر کا مقابلہ کر رہا تھا۔ اس خبر سے اس کی فوجوں میں بے چینی پیدا ہوئی اور جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں المشطوب (اس کے سپہ سالار) نے اس کے بھائی فائز کو بادشاہ بنانے کی کوشش کی۔ جب معظم عیسیٰ کو اس بغاوت کی خبر ہوئی تو وہ فوج لے کر تیز رفتاری کے ساتھ دمشق سے مصر پہنچ گیا اور اس نے مشطوب کو وہاں سے نکال کر شام بھیج دیا جہاں سے وہ حران کے علاقے میں ان دونوں کے بھائی اشرف کے پاس پہنچ گیا اور اس کے مددگاروں میں شامل ہو گیا۔

باب : نہم

ملک کامل کا عہد حکومت

(مغلوب ہو جانے کے بعد) کامل مصر پر اچھی طرح حکومت کرنے لگا اور معظم مصر سے لوٹ کر اسی سال کے ماہ ذوالحجہ میں بیت المقدس آیا۔ اس نے (صلیبی) فرنگیوں کے خوف سے اس کی فصیلوں کو منہدم کر دیا اور دمیاط پر (صلیبی) فرنگیوں نے قبضہ کر رکھا تھا اور کامل ان کے بالمقابل اپنا کیمپ لگائے ہوئے تھا۔

تقی الدین کا مقبوضہ علاقہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ سلطان صلاح الدین نے اپنے بھتیجے تقی الدین عمر بن شاہنشاہ کو حماۃ کا شہر اور اس کا علاقہ دے رکھا تھا۔ پھر اس نے اسے عوض میں الجزیرہ بھی جہاں اس نے حران، رہا، سروج، میافارقین اور اس سے ملحقہ الجزیرہ کے علاقے فتح کر لیے تھے۔ سلطان صلاح الدین نے یہ سب (مفتوحہ) علاقے اس کے ماتحت کر دیا تھا۔ پھر وہ ارمینیہ کی طرف پیش قدمی کرنے لگا۔ وہاں اس نے خلاط کے حاکم بکتمر سے جنگ کی اور اس کا محاصرہ کر لیا۔ پھر وہ ملاذکرد کا محاصرہ کرنے لگے۔ وہاں وہ اسی سال وہیں فوت ہو گیا۔

منصور کی جانشینی اس کے بعد اس کا فرزند ناصر الدین محمد اس کا جانشین ہوا جس کا لقب منصور تھا۔ سلطان صلاح الدین نے اس سے الجزیرہ کے شہر چھین لئے اور ان کی حکومت اپنے بھائی عادل کو سونپ دی۔ البتہ حماۃ اور اس کے علاقے کی حکومت پر اسے برقرار رہنے دیا۔ چنانچہ وہ ان علاقوں پر حکومت کرتا رہا یہاں تک کہ وہ اپنے چچا صلاح الدین اور ملک عادل کی وفات کے بعد ۶۱۷ھ میں فوت ہوا۔ اس کی حکومت کی مدت تیس سال تھی۔ اس کا فرزند مظفر ولی عہد تھا مگر جس وقت وہ مصر میں کامل کے پاس تھا اور اس کا دوسرا فرزند قلیج ارسلان اپنے ماموں معظم عیسیٰ کے پاس نظر بند تھا۔

حماۃ کا نیا حاکم جب اراکین سلطنت نے قلیج ارسلان کو بلوایا تو معظم عیسیٰ نے اس سے اس کا زر فدیہ طلب کیا۔ جب وہ ادا کر دیا گیا تو اس نے اسے رہا کر دیا۔ چنانچہ وہاں پہنچ کر وہ حماۃ کا حاکم ہو گیا اور اس کا لقب ناصر مقرر ہوا۔ جب مظفر کو یہ اطلاع ملی تو وہ مصر سے آیا تو ناصر نے اس کا مقابلہ کیا اور اس کی حکومت تسلیم نہ کی۔ لہٰذا وہ معظم کے پاس دمشق چلا گیا۔ (وہاں رہ کر) وہ ان سے خط و کتابت کرتا رہا اور اہل حماۃ کو اپنی جانب راغب کرتا رہا۔ مگر انہوں نے اس کی کوئی بات نہیں مانی۔ اس لیے وہ دوبارہ مصر چلا گیا۔

چغل خوروں کی شرارت ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ حاکم حلب ملک ظاہر غازی بن صلاح الدین ۶۱۳ھ میں فوت ہو گیا تھا اور اس کا چھوٹا فرزند محمد العزیز غیاث الدین اپنے والد کا جانشین ہوا۔ اس کے موالی اور خادم شہاب الدین طغرل کی زیر

نگرانی حاکم مقرر ہوا۔ تہذیب الدین بہت نیک سیرت اور انصاف پسند تھا۔ وہ رعایا کے مال کی حفاظت کرتا تھا اور کسی دوسرے کی چغل خوری سننا پسند نہیں کرتا تھا۔ حلب میں اس وقت دو بدقماش افراد ایسے تھے جو ملک ظاہر کے پاس جا کر لوگوں کی چغل خوری کرتے تھے اور ان لوگوں کے خلاف بھڑکاتے تھے۔ ان کی ان چغل خوریوں سے لوگوں کو نقصان پہنچ رہا تھا۔ اس لیے جب شہاب الدین نے ان شریر لوگوں کو اپنے دربار سے دور کیا تو ان میں یہ دونوں افراد بھی شامل تھے۔ اس نے انہیں ان کی چغل خوری کی وجہ سے نکال دیا تھا۔ اس بات سے دونوں کی کوئی قدر و قیمت باقی نہیں رہی اور عوام بھی انہیں ناپسند کرنے لگے تھے۔ اس لیے یہ دونوں بلاد روم بھاگ گئے۔

حلب پر حملے کی تجویز ان دونوں نے بلاد روم کے حاکم کیکاؤس کو بھڑکایا کہ وہ حلب اور اس سے متعلقہ علاقوں کو فتح کر لے۔ کیکاؤس کی رائے یہ تھی کہ حلب اس وقت تک فتح نہیں ہو سکتا ہے جب تک خاندان ایوب کا کوئی فرد ان کے ساتھ شامل نہ ہو کیونکہ اس کے اثر سے وہاں کا علاقہ مطیع اور فرمانبردار بن جائے گا۔

کیکاؤس اور افضل کا اتحاد اس وقت سلطان صلاح الدین کا ایک فرزند افضل سمیساط میں تھا۔ وہ اپنے بھائی ملک ظاہر اور اپنے چچا ملک عادل سے ناراض ہو کر کیکاؤس کا مطیع و فرمانبردار ہو گیا تھا کیونکہ ان دونوں نے اس کے علاقے سے کچھ حصے کو چھین لیا تھا۔ لہٰذا کیکاؤس نے اپنا مقصد حاصل کرنے کے لیے اس کو بلوایا اور اسے اس بات پر آمادہ کیا کہ وہ حلب پر حملہ کرنے کے لیے لشکر لے کر اس کے ساتھ روانہ ہو جائے۔ اس صورت میں حلب کا جو علاقہ فتح ہوگا اس کی حکومت افضل کے ماتحت ہوگی اور وہاں خطبہ کیکاؤس کے نام پڑھا جائے گا۔ پھر وہ اشرف کے علاقے الجزیرہ میں ان دونوں پر حملہ کریں گے اور ان کی حکومت کا معاملہ بھی اسی طرح ہوگا۔ چنانچہ ان شرائط کے مطابق انہوں نے حلف اٹھایا اور فوجیں اکٹھی کر کے وہ دونوں ۶۱۵ھ میں روانہ ہوئے اور انہوں نے قلعہ رعبان کو فتح کر لیا جو افضل کے ماتحت آ گیا تھا۔ پھر انہوں نے قلعہ تل باشر کو بنی بدر الدین ایلدرم الیاروقی حاکم قلعہ سے چھین لیا۔ اس سے پیشتر انہوں نے اسی قلعے کا سخت محاصرہ کیا تھا۔ یہ قلعہ کیکاؤس نے اپنے قبضہ میں رکھا۔ اس بات سے افضل اور اس کی فوج میں بے چینی پیدا ہوئی اور انہوں نے یہ خیال کیا کہ وہ حلب کی فتح کے موقع پر بھی ایسا ہی کرے گا۔

ملک اشرف کو اطلاع اس عرصے میں حاکم حلب عزیز بن ظاہر کا نگران شہاب الدین حلب کے قلعہ میں مقیم رہا اور وہاں سے ایک لمحے کے لیے بھی نہیں نکلا کیونکہ اسے اس قلعے کے ہاتھ سے نکل جانے کا اندیشہ تھا۔ جب ملک اشرف حاکم الجزیرہ وخلاط کے پاس بھی یہ خبر اس طرح پہنچی کہ اہل حلب کسی دوسرے کی اطاعت کریں گے اور وہاں اسی کے نام کا خطبہ اور سکہ بھی ہوگا اور وہ حلب کا جو علاقہ بھی فتح کرے گا اس پر قبضہ کرے گا۔

اشرف کی پیش قدمی یہ خبر سن کر ملک اشرف نے فوجیں اکٹھی کیں اور ۶۱۵ھ میں ان کے مقابلے کے لیے روانہ ہوا۔ اس کے ساتھ عرب بھی تھے۔ طے اور دیگر قبائل کی فوجیں بھی تھیں ان کا امیر مانع بن حدیثہ ان کے ساتھ تھا۔ ان میں سے ملک اشرف نے حلب کے باہر بناخ کے علاقے کا قصد کیا۔

گرجیوں کو شکست: گرجیوں اور قفچاق کی قوموں نے بھی ادھر سے گنجہ کی طرف پیش قدمی کی۔ ملک اشرف جس نے ان کے مقابلے کے لیے فوج لے کر روانہ ہوا مگر یہ ان دشوار راستوں پر جو جبال کی گھاٹیاں تھیں۔ انہوں نے گرجیوں کے دشوار راستوں سے مقابلہ کر کے انہیں شکست دی۔ جب یہ شکست خوردہ فوجیں گرجستان کی طرف لوٹیں تو اپنے ملک کی طرف بھاگ گیا۔

مفتوحہ علاقوں کی تسخیر: اس کے بعد ملک اشرف نے آگے بڑھ کر تمام شہر پر قبضہ کر لیا اور وہاں گرجیوں کی جو جاگیریں تھیں انہیں آزاد کر دیا پھر اس نے آگے بڑھ کر ... گرجیوں کے پاس پہنچا تو اس نے انہیں ایک گھر میں اکٹھا کر کے آگ لگا دی جس سے وہ سب ہلاک ہو گئے۔ ملک اشرف نے جب گرجی قلعوں پر قبضہ کیا تو وہ شہاب الدین کے حوالے کر دیے جو حاکم خلاط کا نگران تھا۔ اس نے گرجیوں کا ان کے ملک تک تعاقب کرنے کا ارادہ کیا تھا مگر اسی اثنا میں اسے اپنے والد (ملک عادل) کی وفات کی خبر ملی اس لیے واپس آ گیا۔

موصل میں خانہ جنگیاں

ہم نے خاندان زنگی کے حالات میں تحریر کیا تھا کہ عز الدین مسعود بن مودود نے وفات پائی تھا اور اس کا جانشین اس کا فرزند نور الدین ارسلان شاہ ہوا جس کی کم سنی کی وجہ سے اس کے والد کے ممنون (آزاد کردہ غلام) بدر الدین لؤلؤ کو اس کا مربی بھی اور وہی اس کی سلطنت کا منتظم بھی مقرر ہوا۔

عماد الدین زنگی کی بغاوت: اس کے بھائی عماد الدین زنگی کے ماتحت عقر اور شوش کے قلعے تھے۔ جو موصل کی عملداری میں شامل تھے مگر اسے والد کی وصیت کے مطابق اسے دے دیے گئے تھے۔ جب اس کا بھائی عز الدین فوت ہو گیا تو وہ خود حکومت کا طالب ہوا اور اس نے عمادیہ پر قبضہ کر لیا۔ مظفر الدین کوکبری نے اس کی حمایت کی۔ (تفصیل حالات دیکھیے) تو بدر الدین لؤلؤ نے ملک اشرف حاکم الجزیرہ سے اس وقت اپنی اطاعت کا اظہار کر کے مدد چاہی۔ جب وہ ملک اشرف کے حامی گرجیوں کی فوجوں سے جنگ کرنے کی وجہ سے مقابلہ کر رہا تھا ملک اشرف نے اس کی اطاعت قبول کر لی اور وعدہ کیا کہ وہ اس کے دشمنوں کے خلاف اس کی امداد کرے گا۔

مصالحت کی کوشش: اس نے مظفر الدین کوکبری اور عماد الدین کے خلاف مدد کی درخواست کی۔ اس نے اسے حکم دیا کہ وہ موصل کے ان علاقوں کو جو اس نے قبضہ کیے ہیں چھوڑ دے اور اس سے وہ علاقے واپس لے کر ان کے اصل حاکموں کے حوالے کرے گا۔ ملک اشرف نے اسے پیغام بھیجا کہ وہ آپس کی خانہ جنگی چھوڑ کر فرنگیوں کے خلاف جہاد کرنے میں حصہ لے۔ مظفر الدین نے اس کی بات قبول نہیں کیا اور دوسری طرف حاکم اور کیفا و آمد کے حاکم نے بھی اس کی حمایت کی۔

فریقین میں جنگ: اب نور الدین لؤلؤ نے اپنی فوجیں عماد الدین کے مقابلے کے لیے بھیجیں۔ انہوں نے ... سے شکست

دے دی اور وہ بھاگ کر مظفر کے پاس اربل پہنچ گیا۔ اس کے بعد خلیفہ ناصر اور ملک اشرف کے سفیر آئے انہوں نے فریقین میں صلح کرا دی اور دونوں نے (مصالحت کے لیے) حلف اٹھایا۔

اشرف کی پیش قدمی: کچھ عرصے کے بعد عماد الدین زنگی نے حملہ کر کے قلعہ کواشی کو فتح کر لیا۔ اس وقت لولو نے ملک اشرف کو جبکہ وہ حلب میں تھا' پیغام بھیجا اور اس سے فوجی امداد طلب کی لہٰذا وہ دریائے فرات کو عبور کر کے حران پہنچا۔

مخالفانہ اتحاد: اس عرصے میں مظفر الدین نے گرد و نواح کے حکام کو اس بات پر آمادہ کیا کہ وہ کیکاؤس کی اطاعت قبول کر لیں اور (مساجد میں) اس کے نام کا خطبہ پڑھوائیں' وہ ملک اشرف کا سخت دشمن تھا اور تسلط حاصل کرنے کے سلسلے میں اس کا مخالف تھا' جیسا کہ ہم آگے چل کر بیان کریں گے۔ اس نے ان امراء' حکام کو بھی ورغلایا جو اشرف کے لشکر میں شریک تھے۔ اس نے انہیں اپنے ساتھ شامل کرنے کی کوشش کی چنانچہ ان میں سے احمد بن علی المشطوب' حاکم قلعہ اور عز الدین محمد بن نور الدین الحمیدی ان کے ورغلانے میں آ گئے اور وہ (اپنی فوج کے ساتھ) اشرف سے الگ ہو کر دنیسر پہنچ گئے جو ماردین کے ماتحت تھا۔ یہاں پہنچ کر وہ اس فوج کے ساتھ شریک ہو گئے جو اشرف کو (دریا) عبور کر کے موصل جانے سے روکنا چاہتی تھی۔

مخالفانہ اتحاد کا خاتمہ: ادھر اشرف نے بھی (سیاسی چال کے طور پر) کیلاؤ' آمد کے حاکم کو اپنے ساتھ ملانے کی کوشش کی اور (اس مقصد کے حصول کے لئے) اس نے اسے حصن کا شہر اور جبل جودی کا علاقہ دے دیا اور یہ بھی وعدہ کیا کہ جب وہ دارا فتح کر لے گا تو یہ علاقہ بھی اسے دے دے گا (لہٰذا اس سمجھوتے کے بعد) آمد کا حاکم اس کے ساتھ شامل ہو گیا اور وہ دوسرے حکام سے جو اس کے ساتھی تھے الگ ہو گئے۔ بلکہ اس کی پیروی میں بعض دوسرے حکام بھی اشرف کے مطیع اور فرمانبردار ہو گئے اس طرح ان (چھوٹی سلطنتوں) کا اتحاد ختم ہو گیا اور ہر بادشاہ اپنی مملکت کی طرف روانہ ہو گیا۔

ابن المشطوب کی شکست: (ناچار ہو کر) ابن المشطوب بھی (اپنی فوج لے کر) اربل کی طرف روانہ ہوا۔ جب وہ نصیبین کے پاس سے گزرا تو وہاں کی فوجوں نے اس سے جنگ کی اور اسے شکست ہوئی۔ اس کے بعد اس کی فوج منتشر ہو گئی اور وہ شکست کھا کر بھاگ گیا۔ جب وہ سنجار کے پاس سے گزرا جہاں کا حاکم فروخ شاہ عمر بن زنگی تھا تو اس نے اس کے خلاف فوج بھیجی جو اسے گرفتار کر کے لے آئی۔ چونکہ وہ اشرف کا مطیع اور فرمانبردار تھا' اس لیے اس نے اسے مقید کر دیا۔ پھر اس نے معافی مانگی تو چھوڑ دیا۔ اس کے بعد وہ قزاقوں کی ایک جماعت لے کر بقعاء کے مقام کی طرف گیا جو موصل کے علاقے میں تھا۔ وہاں اس نے لوٹ مار کی اور پھر سنجار واپس آ گیا۔

تل اعفر کا محاصرہ: ابن المشطوب دوبارہ موصل کے علاقے پر غارت گری کرنے کے لیے روانہ ہوا تو لولو (موصل کے حکمران حاکم) نے سنجار کے علاقے میں تل اعفر کے مقام کے قریب اپنی فوج کو گھات میں بٹھا دیا۔ جب وہ وہاں سے گزرا تو اس کی فوج نے اس کے ساتھ جنگ کی تو وہ شکست کھا کر قلعہ تل اعفر میں پہنچ گیا (اور محصور ہو گیا)

[illegible] کی وفات [illegible] ایک بیٹے [illegible] اشرف کے پاس [illegible] میں فوت ہو گیا۔

[illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] اشرف [illegible]

مصالحت کی تجویز [illegible] اشرف [illegible] ایک مدت [illegible]

قاصدوں کی واپسی [illegible] اشرف کے ساتھ [illegible]

[illegible] اشرف [illegible]

دمیاط کی دوسری جنگ

جب (صلیبی) فرنگیوں نے دمیاط (مصر) کو فتح کر لیا تو وہیں پر قلعہ بندی شروع کر دی۔ ملک کامل [illegible] اور اس نے مصر میں [illegible] (ان کے بالمقابل) منصورہ تعمیر کیا اور [illegible] رہنے لگا۔

جب منصورہ نے فرنگیوں [illegible] فتح [illegible] دمیاط پر قابض ہو گئے [illegible] (صلیبی فرنگیوں) [illegible] اپنے مقام پر [illegible]

مصر کی امداد: جب سال ۶۱۸ھ میں [illegible] مصریوں کی خبریں [illegible] پہنچ گئیں [illegible] اور وہاں تک پہنچ گئے [illegible] مصر و شام کے مسلمان بادشاہ ہر طرف سے خوفزدہ ہو گئے تھے۔ ملک کامل نے اپنے [illegible] معظم [illegible] اشرف [illegible] امداد [illegible] معظم اشرف کی طرف [illegible] (مصر) پہنچنے کے لیے [illegible]

فرنگیوں کی پیش قدمی: اب (صلیبی) فرنگی اپنی فوجیں لے کر دمیاط سے مصر کی طرف بڑھے [illegible] ملک کامل (شاہ مصر) نے [illegible] کے لیے [illegible] معظم [illegible] فوجیں لے [illegible] کے ساتھ [illegible]

مصری فوجوں سے مقابلہ: جب یہ سب فوجیں وہاں پہنچیں تو انہوں نے ملک کامل اور اپنی فوجوں کے ساتھ [illegible] اس وقت [illegible] دمیاط [illegible] بنائے ہوئے [illegible] جب سلطانوں [illegible] فرنگیوں سے [illegible] وہاں سے [illegible] باقی رہ گئے۔

فرنگی کشتیوں کی تباہی: [illegible] معظم [illegible] اشرف [illegible] کشتیاں [illegible] سلطانوں [illegible] فرنگیوں کی کشتیوں [illegible] کامیاب ہو گئیں [illegible]

صلح کی پیش کش: [illegible] دمیاط [illegible] فرنگیوں [illegible] پیش کش کی [illegible] مسلمانوں [illegible] بیت المقدس [illegible]

دیے جائیں گے جنہیں سلطان صلاح الدین نے فتح کیا تھا۔ البتہ قلعہ الکرک مسلمانوں کے پاس رہے گا (اس فیاضانہ پیشکش کے باوجود) فرنگی حد سے آگے بڑھ گئے وہ الکرک اور شوبک بھی واپس لینا چاہتے تھے۔ اس کے علاوہ انہوں نے تین لاکھ دینار کا مطالبہ بھی پیش کیا تاکہ بیت المقدس کی ان فصیلوں کی تعمیر بھی کی جائے جنہیں معظم اور کامل نے تباہ و برباد کر دیا تھا۔

دوبارہ جنگ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سلطان دوبارہ جنگ کرنے پر مجبور ہوئے۔ اب فرنگیوں کی خوراک کی رسد ختم ہو گئی تھی کیونکہ وہ دمیاط سے خوراک کی رسد لے کر نکل چکے تھے۔ کیونکہ ان کا گمان یہ تھا کہ وہ بہت جلد یہاں علاقوں پر غالب آ جائیں گے۔ اس طرح ان کا تمام علاقہ ان کے قبضے میں آ جائے گا مگر نتیجہ ان کی توقع کے برخلاف نکلا۔

سیلاب سے تباہی: پھر مسلمانوں نے دریائے نیل کے پانی کا رخ اس کنارے کی طرف (بند توڑ کر) موڑ دیا جس طرف فرنگیوں کا محاذ تھا لہٰذا وہ سیلاب میں گھر گئے اور ان (کے گزرنے) کے لیے صرف ایک نہایت تنگ راستہ باقی رہ گیا تھا۔ کامل نے پھر دشمنوں پر پل باندھ دیئے چنانچہ اس کی فوجوں نے وہاں سے گزر کر اس تنگ گزرگاہ پر قبضہ کر لیا۔ اس لیے فرنگیوں کے لیے دمیاط پہنچنے کا کوئی راستہ باقی نہیں رہا تھا۔

فرنگیوں کی نازک حالت- اس اثناء میں فرنگیوں کا ایک جہاز وہاں پہنچا جس میں خوراک کا سامان، ہتھیار اور آتش گیر آلات بھرے ہوئے تھے۔ لہٰذا مسلمانوں کی کشتیوں نے وہاں پہنچ کر ان کا سارا سامان لوٹ لیا۔ اس کے بعد فرنگیوں کی اپنے جنگی محاذ میں حالت نازک ہو گئی کیونکہ ایسے حالات میں مسلمانوں کی فوجوں نے ان کا محاصرہ کر لیا تھا۔ وہ ان سے جنگ کر رہے تھے اور ہر سمت سے ان پر حملے کر رہے تھے۔ لہٰذا انہوں نے اپنے خیمے اور منجنیقیں جلا دیں۔ پھر انہوں نے اپنی جان پر کھیل کر لوٹنے کا ارادہ کیا تو انہیں معلوم ہوا کہ ان کا راستہ بند ہے۔

فتح دمیاط: اب انہوں نے کامل اور اشرف کو یہ سمجھا کر دمیاط حوالے کرنے کا ارادہ کیا۔ ابھی وہ اس بارے میں سوچ ہی رہے تھے کہ حاکم دمشق دمیاط کے سمت سے وہاں پہنچ گیا (یہ حالت دیکھ کر) ان کے حوصلے پست ہو گئے اور انہوں نے ۶۱۸ھ کے درمیانی زمانے میں دمیاط کے شہر کو مسلمانوں کے حوالے کر دیا اور اپنے شہزادے، حکام اور بادشاہ یرغمال کے طور پر بھیجے۔ انہوں نے اپنے پادری اور راہبوں کو دمیاط بھیجا تاکہ وہ اس شہر کو مسلمانوں کے حوالے کر دیں۔ مسلمانوں کے لیے یہ بڑا یادگار دن تھا۔

فتح دمیاط کی اہمیت- جب فرنگیوں نے دمیاط مسلمانوں کے حوالے کر دیا تو اس کے بعد سمندر پار سے انہیں فوجی امداد پہنچی مگر اب یہ امداد ان کے لیے بیکار تھی۔ کیونکہ شہر دمیاط میں مسلمان داخل ہو چکے تھے اور چونکہ فرنگیوں نے اس کی مستحکم قلعہ بندی کی تھی لہٰذا یہ مسلمانوں کے لیے سب سے مستحکم اور مضبوط قلعہ ثابت ہوا۔

فرزندان عادل کی خانہ جنگیاں

یہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ اوحد نجم الدین بن عادل میافارقین کا حاکم تھا اور ۶۰۴ھ میں وہ خلاط اور ارمینیہ کا حاکم بھی بن گیا تھا۔ جب وہ ۶۰۹ھ میں فوت ہو گیا تو ملک عادل نے اس کے علاقے اس کے بھائی اشرف کو دے دیئے تھے۔

ظاہر غازی کی حکومت: پھر ملک عادل نے اپنے فرزند ظاہر غازی کو ۶۱۲ھ میں سروج اور رہا اور ان سے متعلق علاقے دیئے۔ جب عادل فوت ہو گیا اور اس کا فرزند اشرف مشرقی علاقوں کا خود مختار حاکم بنا تو اس نے اپنے بھائی غازی کو ان علاقوں کے علاوہ جو ان کے والد نے اسے دیئے تھے خلاط اور میافارقین کا علاقہ بھی دیا۔ یعنی سروج اور رہا کا علاقہ بھی اس کے زیر اقتدار ہو گیا۔ اس نے اسے اپنا ولی عہد بھی بنایا کیونکہ اس کی کوئی اولاد نہ تھی۔

اشرف نے اسے اس عہدے پر قائم رکھا مگر فرزندان عادل کے درمیان فتنہ و فساد برپا ہوا تو ظاہر غازی نے اشرف کے خلاف بغاوت کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اشرف نے اس کے آخر علاقے اس سے چھین لئے جیسا کہ آگے چل کر بیان کیا جائے گا۔

باہمی اختلافات: جب ملک عادل فوت ہو گیا تھا تو اس کے فرزند کامل، اشرف اور معظم ان علاقوں کے حاکم تھے جن پر ان کے والد نے انہیں مقرر کیا تھا۔ تاہم اشرف اور معظم (اہم معاملات میں) کامل کی طرف رجوع کرتے تھے اور اس کے مطیع اور فرمانبردار تھے۔ اس کے بعد معظم عیسیٰ نے حاکم حماۃ ناصر بن منصور کو مغلوب کر لیا تھا۔ وہ ۶۱۹ھ میں حماۃ کی طرف فوج لے کر گیا اور اس کا محاصرہ کر لیا۔ مگر جب اسے اس میں کامیابی نہیں ہوئی تو وہ اس کے دوسرے علاقوں یعنی سلمیہ اور معرہ کی طرف روانہ ہوا اور ان پر قبضہ کر لیا۔

معظم کی عداوت: اس کی یہ حرکت کامل کو ناگوار معلوم ہوئی۔ اس نے معظم کو سرزنش اور شہر خالی کرنے کا حکم دیا۔ معظم نے اس وقت حکم کی تعمیل کی (اور شہر خالی کر دیا) مگر اس کے دل میں اس بات کا کینہ رہا۔ کامل نے سلمیہ کا شہر حاکم حماۃ کے بھائی مظفر بن منصور کو دے دیا۔

بھائیوں کے خلاف سازش: معظم اپنے اصلی روپ میں اس وقت سامنے آیا جب اس نے اپنے دونوں بھائیوں کے خلاف سازش کی اور مشرق کے بادشاہوں کو خصوصاً خطوط لکھے کہ وہ ان دونوں کے خلاف اس کی مدد کریں۔ اس زمانے میں جلال الدین منکبرنی بن علاؤ الدین خوارزم شاہ ہندوستان سے واپس آگیا تھا۔ تاتاریوں نے خوارزم، خراسان، غزنہ اور عراق عجم پر قبضہ کر لیا تھا۔ اس لیے وہ ہندوستان چلا گیا تھا۔

جب جلال الدین ۶۲۱ھ میں ہندوستان سے واپس آیا تو وہ فارس، غزنی، عراق عجم اور آذربیجان پر قابض ہو گیا اور تبریز میں مقیم ہو گیا تھا۔ یہاں وہ ایوبی خاندان کی سلطنت کا پڑوسی بن گیا تھا۔ معظم نے خط و کتابت کر کے اس سے

معاہدت کر لی تھی اور اپنے دونوں بھائیوں کے خلاف اس سے فوجی امداد طلب کی۔ جلال الدین نے اس کا مطالبہ منظور کر لیا تھا۔

ظاہر غازی کی بغاوت: معظم نے (دوسری حرکت یہ کی کہ) اس نے ظاہر غازی کو جو اشرف کا بھائی تھا اور خلاط میں اس کی طرف سے حاکم تھا مخالفت پر آمادہ کیا۔ اس نے اربل کے حاکم مظفر کوکبری کو بھی اپنے ساتھ ملا لیا۔ چنانچہ ظاہر غازی نے خلاط اور دیار بکر میں اشرف کے خلاف بغاوت کا اعلان کر دیا۔ اس لیے اشرف ۶۲۱ھ میں اس کے خلاف فوج لے کر روانہ ہوا اور خلاط میں اسے شکست دے کر اس پر قبضہ کر لیا اور وہاں کا حاکم حسام الدین ابو علی کو مقرر کیا جو موصل کا رہنے والا تھا اور اشرف کی ملازمت میں رہ کر ترقی کرتا رہا۔ یہاں تک کہ اشرف نے اسے خلاط کا حاکم مقرر کیا۔ (بعد میں) اشرف نے اپنے بھائی ظاہر غازی کو معاف کر دیا اور اسے میافارقین کی حکومت پر برقرار رکھا۔

محاصرۂ حمص: پھر ملک معظم بذات خود دمشق سے فوج لے کر حمص پر حملہ کرنے کے لیے روانہ ہوا۔ اس کا حاکم شیرکوہ بن محمد کامل کا فرمانبردار تھا۔ معظم نے حمص کا محاصرہ کیا مگر (اسے فتح کرنے میں) کامیاب نہیں ہو سکا۔ اس لیے وہ دمشق واپس چلا گیا۔

صلح کی کوشش: پھر اشرف خود معظم کے پاس گیا تاکہ اس سے صلح کر لے۔ اس نے اسے اپنے پاس روکے رکھا تاکہ وہ کامل کی اطاعت سے منحرف ہو جائے پھر وہ اپنے شہر چلا گیا اور مخالفت برقرار رہی۔

جلال الدین سے جنگ: جلال الدین بن خوارزم شاہ حاکم آذربائیجان نے ۶۲۳ھ میں خلاط پر فوج کشی کی اور بار بار اس کا محاصرہ کیا۔ جب وہ وہاں سے چلا گیا تو خلاط کے نائب حاکم حسام الدین نے جلال الدین کے شہروں پر حملہ کر کے اس کے کئی قلعے فتح کر لیے۔

معاہدت کی تکمیل: تاہم حالت نازک ہوتی گئی۔ کامل معظم کی مخالفانہ کارروائیوں سے بہت خوفزدہ تھا کیونکہ اس نے جلال الدین اور خوارزمی فوجوں سے ساز باز کر رکھی تھی۔ لہٰذا وہ فرنگیوں سے فوجی امداد کا طالب ہوا۔ اس نے فرنگیوں کے شہنشاہ کو بھی جو صقلیہ کا بادشاہ تھا خط لکھا کہ وہ اس کی امداد کے لیے عکا آئے (اس کے بدلے میں) وہ بیت المقدس کا علاقہ اسے دے گا۔

معظم کو جب اس بات کی اطلاع ہوئی تو وہ بھی اس کے انجام سے خوفزدہ ہوا۔ لہٰذا وہ مخالفت سے باز آ گیا اور اسے معاہدت کا خط لکھا۔

ناصر بن معظم کا عہد حکومت: دمشق کا حاکم معظم بن عادل ۶۲۴ھ میں فوت ہو گیا۔ اور اس کے بجائے اس کا فرزند داؤد حاکم دمشق ہوا۔ اس نے اپنا لقب ناصر رکھا۔ اس کی سلطنت کا انتظام اس کے والد کے غلام عزالدین ایبک اتابک کے سپرد ہوا۔ ناصر ابتدا میں معظم کے طریقے پر چلا۔ چنانچہ اس نے کامل کی اطاعت قبول کی اور خطبہ بھی اسی کے نام کا برقرار رکھا۔ مگر

۶۲۵ھ میں جب کامل نے اس سے مطالبہ کیا کہ وہ قلعہ شوبک ان کے حوالے کر دے تو اس نے انکار کیا اور بگڑ گیا تھا کامل فوج لے کر اس کی سرکوبی کے لیے روانہ ہوا۔ جب وہ غزہ پہنچا تو اس نے بیت المقدس اور نابلس اس کے قبضہ سے چھین لیا اور اپنی طرف سے ان کا حاکم مقرر کیا۔

دمشق کا محاصرہ: ناصر نے اپنے چچا اشرف سے امداد طلب کی تو وہ اس کے پاس دمشق آیا اور وہاں سے نابلس گیا پھر وہاں سے کامل کے پاس پہنچا تاکہ ناصر کی اس کے ساتھ صلح کرا دے۔ کامل نے اسے ہدایت کی کہ وہ دمشق ناصر سے چھین کر خود قبضہ کر لے۔ کامل نے اسے دمشق کی حکومت عطا کر دی تھی مگر ناصر نے یہ تجویز قبول نہ کی اور دمشق واپس آ گیا۔ لہٰذا اشرف نے اس کا محاصرہ کر لیا۔

بیت المقدس پر فرنگیوں کا تسلط: اب کامل نے فرنگیوں کے بادشاہ سے صلح کر لی تاکہ وہ دمشق کی مہم کی طرف متوجہ ہو جائے۔ اس نے بیت المقدس کی فصیل منہدم کر کے اسے اسی حالت میں فرنگیوں کے سپرد کر دیا اور انہوں نے اسی حالت میں اس پر قبضہ کر لیا۔ پھر کامل نے ۶۲۶ھ میں دمشق کی طرف فوج کشی کی اور اشرف کے ساتھ مل کر دمشق کا محاصرہ کیا۔ ناصر جب محاصرہ سے تنگ آ گیا تو اس نے ان دونوں سے صلح کی اور دمشق سے دستبردار ہونے کا اظہار کیا۔ بشرطیکہ اسے الکرک، الشوبک، بیت المقدس، نابلس کے علاوہ غور اور بلقاء کو تسلیم کیا جائے۔

اشرف کا دمشق پر قبضہ: کامل اور اشرف نے یہ علاقے اس کے سپرد کر دیئے اور ناصر وہاں چلا گیا اور دمشق پر اشرف کی حکومت قائم ہو گئی اور کامل اس کے علاقے حران اور رہا سے دست بردار ہو گیا۔

مسعود بن کامل کی وفات: اسی زمانہ میں کامل کو اپنے فرزند مسعود حاکم یمن کی وفات کی خبر ملی۔ اس کا حال پہلے بیان کیا جا چکا ہے۔

فتح حماۃ: کامل نے فتح دمشق کے بعد مظفر محمود بن منصور کے لئے امداد اس نے عہد کی تھی ناصر کے خلاف فراہم کی کیونکہ حماۃ کے کچھ باشندوں نے مظفر محمود کو شہر حماۃ پر قبضہ کرنے کی دعوت دی تھی۔ لہٰذا کامل نے اس کے لئے فوج بھیج دی۔ چنانچہ مظفر محمود ان فوجوں کو لے کر وہاں گیا اور حماۃ کا محاصرہ کر لیا۔ اس نے شہر کے مخبروں کو خفیہ پیغام بھجوایا۔ چنانچہ انہوں نے معاہدہ کیا کہ (اگر) وہ رات کے وقت فصیل کے قریب پہنچ جائے (تو وہ اس کی مدد کریں گے) چنانچہ وہ رات کے وقت وہاں پہنچا (اور ان کی مدد سے) وہ فصیل پر چڑھ گیا اور (فوج کی مدد سے) شہر پر قبضہ کر لیا۔

قلعہ قوریں کا تبادلہ: کامل نے اسے حکم دیا کہ وہ ناصر (سابق حاکم) کو بارین کا قلعہ دے دے چنانچہ اس نے بارین کا قلعہ اسے دے دیا۔ کامل نے اس سے علیحدہ علاقہ لے کر اسے حاکم حمص شیرکوہ بن محمد بن شیرکوہ کے حوالے کر دیا۔ اس کے بعد مظفر محمود حماۃ کا مستقل حاکم بن گیا۔ اب اس نے اپنی سلطنت کا انتظام حسام الدین علی بن ابو علی الہدبانی کے سپرد کر دیا اور یہ فرائض انجام دیتا رہا۔ پھر اس سے مخالف ہوا تو وہ نجم الدین ایوب کے پاس چلا گیا۔

ناصر کا انجام [illegible]

بعلبک کی حکومت [illegible]

جلال الدین خوارزم شاہ کی جنگیں

[illegible]

[illegible]

خوارزم سے ملاقات [illegible]

حسام الدین کا قتل [illegible]

خلاط پر حملہ اور فتح: اس کے بعد ماہ شوال ۶۲۶ھ میں جلال الدین نے خلاط پر فوج کشی کی اور خلاط کا محاصرہ کر کے ان پر مجانیق نصب کرا دیں۔ [illegible] وہاں سے [illegible] کی رسد بند کی گئی تو لوگ [illegible] مرنے لگے آخر ماہ جمادی الاول ۶۲۷ھ میں خلاط کو بزور شمشیر فتح کر لیا۔ عز الدین ایبک [illegible] قلعہ میں محصور ہو گئے اور [illegible] قتل کرتے رہے۔ جلال الدین نے خلاط کے [illegible] کے وقت اس سے پہلے بھی [illegible] تھے۔ اس کے بعد اس نے قلعہ بھی فتح کر لیا۔ خلاط کا حاکم عز الدین ایبک گرفتار ہو گیا۔ جلال الدین نے [illegible] قتل کیا۔

[illegible] کی روانگی: جب جلال الدین خوارزم شاہ خلاط پر قابض ہو گیا تو اشرف دمشق سے اپنے بھائی کامل کے پاس [illegible] چنانچہ [illegible] اپنے [illegible] کو [illegible] کر دیا۔ [illegible] تمام [illegible] کے [illegible] تھے۔

فتح آمد: [illegible] کے [illegible] سے نکل گیا۔ [illegible] علاء الدین [illegible] جب آمد فتح کیا تو [illegible] چنانچہ [illegible] کامل [illegible] واپس [illegible] پہنچ گیا۔

[illegible] نجم الدین ایوب کا تقرر: اس کے بعد [illegible] مشرقی شہروں پر قابض ہو گیا [illegible] حکومت سے [illegible] تھے۔ چنانچہ قبضہ کرنے کے بعد اس نے اپنے [illegible] نجم الدین ایوب کو وہاں کا حاکم مقرر کر دیا۔

علاء الدین کے لئے کمک: جب جلال الدین نے خلاط فتح کیا تو [illegible] علاء الدین کیقباد کو بہت افسوس ہوا [illegible] کامل اور اشرف [illegible] پیغام بھیجا [illegible] کے مقام پر [illegible] پھر وہاں سے خلاط کی طرف روانہ ہوا۔

جلال الدین کی شکست: جلال الدین بھی ان دونوں کی فوجوں کا مقابلہ کرنے کے لئے روانہ ہوا [illegible] سب سے پہلے [illegible] جلال الدین [illegible]

[illegible]

فریقین میں مصالحت [illegible]

[illegible]

فتح شریش [illegible]

محمد بن الاحمر کی وفات [illegible]

[illegible] کی فتوحات [illegible]

ارزن کے قریب گیا تو اس نے اپنے خاندان سے ایک فرد (حاکم حماۃ مظفر) کی قیادت میں ہراول دستوں کو بھیجا اور ان کا کیقباد کی فوجوں سے مقابلہ ہوا۔ کیقباد نے انہیں شکست دی اور انکو خرت برت میں محصور کر دیا۔ پھر مظفر حاکم حماۃ نے کیقباد کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے اور پناہ طلب کی۔ کیقباد نے انہیں جانے دیا اور خرت برت کے قلعہ پر قبضہ کر لیا۔ یہ پہلے خاندان ارتق کے قبضے میں تھا۔

جب کامل بن العادل نے ۶۳۱ھ میں مصر کی طرف لوٹا تو کیقباد نے اس کا تعاقب کیا پھر وہ حران اور رہا کی طرف روانہ ہوا اور ان شہروں کو کامل کے نائب حکام سے چھین لئے اور وہاں اپنی طرف سے حکام مقرر کیے۔ کامل مصر ۶۳۲ھ میں پہنچا۔

ملک کامل کے خلاف محاذ: ۶۳۴ھ میں اشرف کسی وجہ سے اپنے بھائی کامل سے ناراض ہو گیا اور اس کی مخالفت کھلم کھلا کی۔ اسے کامل نے رقہ کی طلب کی اور وہ اس پر حملہ کرنے کے لئے آمادہ ہو گیا تھا۔ تاہم ان دونوں کے تمام رشتہ دار حکام شام نے اس کی حمایت کی البتہ ناصر بن معظم حاکم کرک کامل کا مطیع و فرمانبردار رہا۔ بلکہ وہ مصر بھی اس کے پاس گیا اور کامل نے اس کا نہایت اعزاز و اکرام کے ساتھ استقبال کیا۔

اشرف کی وفات: اشرف ان واقعات کے دوران ۶۳۵ھ میں فوت ہو گیا۔ اس نے اپنے بھائی صالح اسماعیل حاکم بصریٰ کو حکومت دمشق کا ولی عہد مقرر کیا تھا لہٰذا وہ وہاں پہنچا اور دمشق کا بادشاہ بن گیا۔ شام کے دیگر حکام نے اس کے ساتھ بھی کامل کے خلاف محاذ قائم رکھا جیسے کہ اشرف کے زمانے میں انہوں نے محاذ قائم کیا تھا۔ البتہ حاکم حماۃ الملک المظفر اس سے نکل گیا تھا اور وہ کامل کا طرفدار بن گیا تھا۔

کامل کا دمشق پر قبضہ: اس کے بعد کامل (فوج لے کر) دمشق کی طرف روانہ ہو گیا اور اس نے دمشق کا محاصرہ کیا۔ یہاں تک کہ مصالحت کے بعد صالح اسماعیل نے دمشق کامل کے حوالے کر دیا۔ کامل نے اس کے بجائے اسے بعلبک کا علاقہ دے دیا۔ اور خود اشرف کی باقی تمام مملکت پر مسلط ہو گیا۔ اس کے بعد تو ان دونوں کے تمام حکام اس کے مطیع و فرمانبردار ہو گئے۔

کامل بن عادل کی وفات: اشرف کی وفات کے دو مہینے کے بعد کامل بن عادل مالک دمشق و مصر والجزیرہ ۶۳۵ھ میں بمقام دمشق فوت ہو گیا۔ اس کے بعد ہر حاکم اپنے اپنے علاقے پر قابض ہو گیا۔ مظفر حماۃ چلا گیا اور ناصر کرک آ گیا۔

مصر و شام کی آزاد سلطنت

مصر میں اس کے فرزند عادل ابوبکر کے ہاتھ پر حکومت کی بیعت کی گئی اور مصر کی فوج نے دمشق میں اس کے چچا مودود بن عادل کے فرزند جواد یونس کو دمشق میں اس کا نائب حاکم مقرر کیا۔ اسی اثناء میں ناصر داؤد فوج لے کر دمشق کی حکومت پر قبضہ کرنے کے لئے آئے جواد یونس نے اس کا مقابلہ کر کے اس کو شکست دے دی۔ اس کے بعد وہ دمشق کا

خود مختار بادشاہ بن گیا اور اس نے (مصر کے بادشاہ) عادل بن کامل کی امارت ختم کر دی۔

ملک صالح کی حکومت دمشق: اس کے بعد صالح ایوب نے اس کے ساتھ یہ طے کر کے بات چیت کی کہ وہ اسے دمشق کی حکومت دے دے اور اس کے بدلے میں صالح اسے مشرقی علاقوں (آمد وغیرہ) کی حکومت حوالے کر دے گا جو اس کے والد نے اسے دی تھی (چنانچہ اس تبادلہ پر ان دونوں کا سمجھوتہ ہو گیا) اور صالح ۶۳۶ھ میں دمشق کا حاکم بن گیا۔ اس کے بعد جواد نے جا کر اس کے مشرقی شہروں کی حکومت سنبھال لی اور ان مشرقی علاقوں پر حکومت کرتا رہا یہاں تک کہ حاکم موصل لؤلؤ نے اس کے علاقوں پر حملہ کر کے انہیں فتح کر لیا۔ البتہ صالح بدستور دمشق کا حاکم رہا۔

یونس جواد کا قتل: جب یونس جواد سے لؤلؤ نے اس کے علاقے چھین لئے تو وہ جنگل بیابانوں میں سے گزرتا ہوا غزہ پہنچا تو صالح نے اسے وہاں داخل ہونے سے روکا تو وہ فرنگیوں کے شہر عکہ میں داخل ہو گیا (فرنگیوں نے اسے پکڑ لیا اور) حاکم دمشق صالح اسماعیل نے ان کے ہاتھوں سے خرید کر قتل کرا دیا۔

جلال الدین خوارزم شاہ کا قتل: (اس سے پہلے) تاتاریوں نے آذربائیجان پر حملہ کیا تو انہوں نے جلال الدین خوارزم شاہ کو شکست دے دی اور ۶۲۸ھ میں قتل کر دیا تھا۔ اس کے قتل کے بعد اس کی فوج اور اس کے افسر ادھر ادھر منتشر ہو گئے اور مختلف مقامات کی طرف چلے گئے۔ ان کی اکثریت بلاد روم منتقل ہو گئی تھی اور اس کے بادشاہ علاؤ الدین کیقباد نے اپنے علاقے میں انہیں آباد کر دیا تھا۔

خوارزمی فوج کا خروج: جب کیقباد فوت ہو گیا اور اس کا فرزند کیخسرو بادشاہ بنا تو وہ ان (خوارزمی فوج) سے بدگمان ہو گیا۔ اس نے ان کے سپہ سالار کو گرفتار کر لیا اور باقی وہاں سے بھاگ گئے اور مختلف علاقوں میں فتنہ و فساد برپا کرنے لگے۔

(یہ حالت دیکھ کر) صالح ایوب حاکم سنجار نے اپنے والد کامل (بادشاہ مصر) سے اس بات کی اجازت طلب کی کہ وہ ان (خوارزمی فوج) کو اپنے پاس ملازم رکھ لے تاکہ ملک ان کے نقصانات (فتنہ و فساد) سے محفوظ رہے (چنانچہ اس نے اجازت دے دی) اور یہ لوگ مشرقی شہروں میں اس کے پاس چلے آئے۔ اس نے ان کی تنخواہیں مقرر کیں۔

جب کامل ۶۳۵ھ میں فوت ہو گیا تو انہوں نے صالح ایوب کی زندگی کو خطرہ میں دیکھا اور پھر وہ شہر پر قبضہ کرنے کا ارادہ کرنے لگے۔ (یہ حالت دیکھ کر) لؤلؤ (حاکم موصل) نے سنجار کی طرف فوج کشی کی اور صالح کا محاصرہ کر لیا۔ لہٰذا صالح نے خوارزمی فوج کو پیار و محبت سے قابو میں کیا اور انہیں حران اور رہا کا علاقہ دے دیا۔ پھر جب یہ فوج بھی اس کی تائید کرنے لگی تو لؤلؤ (حاکم موصل) کا مقابلہ کیا اور اسے شکست دے کر اس کے خیموں کو لوٹ لیا۔

۱؎ یہ واقعات اس زمانے کے ہیں جب صالح ایوب سنجار اور مشرقی شہروں کا حاکم تھا۔ اگرچہ مؤرخ ابن خلدون نے ان کا تذکرہ اس سے پہلے دمشق کا حاکم بننے کے بعد کیا ہے۔ یہ ۶۳۰ھ کے بعد کے واقعات ہیں ان کے بعد صالح ایوب ۶۳۶ھ میں دمشق کا حاکم ہو گیا تھا۔ اسی وجہ سے یہ ترتیب مناسب ہے۔ (مترجم)

صالح ایوب کی روانگی: جب عادل ثانی اپنے والد (کامل) کے بعد مصر میں حکمران ہوا تو یہاں کے ارکان سلطنت نے اسے چند دن تک ... جب انہیں یہ خبر ملی کہ صالح ایوب دمشق کا حاکم ہو گیا ہے تو ارکان سلطنت نے اسے مصر کا بادشاہ بنانے کے لئے بلایا (تو اس نے یہ بات منظور کر لی) اس نے اپنے چچا صالح اسماعیل کو بعلبک سے بلوایا تاکہ وہ بھی اس کے ساتھ روانہ ہو مگر اس نے آنے سے معذرت پیش کی۔ اس نے صالح ایوب خود ہی (فوج لے کر) روانہ ہوا۔ اس نے (دمشق پر) اپنا جانشین اپنے فرزند مغیث عمر کو بنایا۔

صالح اسماعیل کا دمشق پر قبضہ: جب صالح ایوب دمشق سے روانہ ہو گیا تو اس کے بعد اسماعیل اس کی غیر موجودگی میں (فوج لے کر) دمشق پہنچا اس کے ساتھ حاکم حمص شیرکوہ بھی تھا۔ پھر ان دونوں نے دمشق پر قبضہ کر لیا اور اس کے فرزند مغیث عمر کو گرفتار کر لیا۔ جب صالح ایوب نابلس پہنچا تو اسے یہ اطلاع ملی (پھر) اس کی فوجیں اسے چھوڑ کر بھاگ گئیں۔ جب وہ نابلس میں داخل ہوا تو ناصر داؤد نے کرک سے آ کر اسے گرفتار کر کے قید کر لیا۔

دوبارہ فتح بیت المقدس: اس کے بھائی عادل (حاکم مصر) نے پیغام بھیجا (کہ اسے اس کے پاس بھیج دیا جائے) مگر ناصر داؤد نے اسے اس کے حوالے کرنے سے انکار کر دیا۔ اس کے بعد ناصر داؤد (فوج لے کر) بیت المقدس پہنچا اور اس نے اسے فرنگیوں کے قبضے سے چھین لیا۔ اس کے بعد اس نے قلعہ کو تباہ و برباد کر دیا۔

حاکم حمص کی وفات: (شیرکوہ اسد الدین کا پوتا) مجاہد اسد الدین شیرکوہ بن محمد بن شیرکوہ حاکم حمص ۶۳۷ھ میں فوت ہو گیا وہ ۵۸۱ھ میں حمص کا حاکم ہوا تھا۔ اس کے بعد اس کا فرزند ابراہیم حاکم ہوا جو منصور کے لقب سے مشہور ہوا۔

مصر کے خلاف مہم: جب ناصر داؤد بیت المقدس کی فتح سے فارغ ہو کر واپس آیا تو اس نے صالح نجم الدین ایوب کو قید سے رہا کر دیا۔ عادل کے بعض امراء اس کے پاس پہنچ گئے۔ اس وقت مصر میں عادل کے خلاف جب ارکان سلطنت کا اضطراب بڑھتا گیا تو انہوں نے صالح سے خط و کتابت کی اور اسے بادشاہ بنانے کے لئے بلایا۔ وہ ناصر داؤد کے ساتھ (فوج لے کر) روانہ ہوا۔ جب وہ غزہ کے مقام پر پہنچا تو عادل (حاکم مصر) (فوج لے کر) بلبیس کی طرف روانہ ہوا۔ اس نے اپنے چچا صالح اسماعیل کو دمشق پیغام بھجوایا کہ وہ اس کے بھائی صالح کے خلاف اس کی مدد کرے۔ چنانچہ وہ دمشق سے (فوج لے کر) غزہ کے مقام پر پہنچا۔

عادل ثانی کی گرفتاری: اس زمانے میں عادل کے امراء نے اس کے خیمے میں اس پر حملہ کر دیا اس گروہ کی قیادت ایبک الاسمر کر رہا تھا۔ انہوں نے عادل کو گرفتار کر لیا اور صالح ایوب کو جلد آنے کا پیغام بھیجا۔ چنانچہ وہ ناصر داؤد کے ساتھ وہاں پہنچا اور ۶۳۷ھ میں قلعہ مصر میں داخل ہو کر سلطنت کا انتظام سنبھال لیا۔ اس کے بعد ناصر داؤد اس سے کچھ تنگ آ کر (واپس اپنے علاقے) کرک چلا گیا۔

ملک صالح ایوب کا عہدِ حکومت

ملک صالح ایوب [illegible] ہوئے تو انہوں نے ان کے [illegible] پر حملہ کیا تھا۔ [illegible] نے انہیں [illegible] کر لیا [illegible] ان میں ایک [illegible] تھی [illegible] ۱۲۴۸ء میں [illegible] ان کے بعد [illegible] ([illegible]) [illegible] ۱۲۴۹ء میں فوت ہوئے۔

صالح ایوب نے [illegible] کے قریب [illegible] ایک [illegible] انہوں نے [illegible] ہوا۔

خوارزمیوں کا قتل و غارت [illegible] خوارزمی فوجوں [illegible] انہوں نے [illegible] کے سبب [illegible] طلب [illegible] ملک صالح [illegible] کے لئے [illegible] انہوں نے [illegible] صالح [illegible] قتل [illegible] چلے گئے۔

خوارزمی فوجوں کو شکست [illegible] کر دیا

کیفا کی حکومت [illegible] گئے تھے۔

دوبارہ جنگ [illegible] ۱۲۴۹ء میں [illegible] کے لئے [illegible] گیا۔

حلب کے حکام: ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ ملک ظاہر غازی اپنے والد کی وفات کے بعد حلب کا حاکم ہو گیا تھا، جو ۶۱۳ھ میں فوت ہو گیا۔ اس وقت اہل حلب کے ارکان سلطنت نے اس کے فرزند ناصر یوسف کو اس کی دادی ضیفہ خاتون کی نیابت میں اس کی زیر نگرانی حاکم مقرر کیا۔ اسی خاتون کی نگرانی میں وزارت اقبال خاتونی اور عزیز الدین بن [illegible] کی سلطنت کے منتظمین مقرر ہوئے اور فوج و رعایا کی خوشی کا مقابلہ کرتے رہے، فوجیں بھی ترقی کرتی رہیں اور شہروں کو فتح کرتی رہیں یہاں تک ۶۴۰ھ میں وہ فوت ہو گئی۔ اس کے بعد ناصر یوسف خود مختار حاکم بن گیا جو صرف انتظام سلطنت میں اقبال خاتونی سے مشورہ لیا کرتا تھا۔

صلیبیوں کی امداد پر مصر کا احتجاج: سلطان اسماعیل بن عادل نے جب صالح ایوب مصر سے روانہ ہوا تو دمشق پر ۶۳۷ھ میں قبضہ کر لیا تھا اس کے بعد صالح ایوب کو کرک میں قید کر دیا گیا تھا، پھر ۶۳۷ھ میں مصر کا بادشاہ ہو گیا تھا مگر سلطان اسماعیل اور صالح ایوب کے درمیان خوف و خطر برقرار رہا۔ اسی اثنا میں یہ نتیجہ ہوا کہ حاکم دمشق صالح اسماعیل نے حاکم مصر صالح ایوب کے خلاف فرنگیوں سے مدد طلب کی اور اس کے بدلے میں ان کو صفد، شقیف اور بعض دوسرے قلعے دے دیے۔ [illegible] فرنگیوں کو پہنچا دیے، [illegible] اس پر علماء نے اس کی [illegible] بند کر دی۔ چنانچہ (اس کے خلاف سب سے احتجاج بلند کرنے والے مشہور عالم) عز الدین بن عبد السلام شافعی دمشق سے چلے گئے اور مصر پہنچے جہاں صالح ایوب نے انہیں مصر کا قاضی مقرر کیا۔ ان کے بعد (مشہور نحوی اور بہت سی کتابوں کے مصنف) جمال الدین ابن الحاجب المالکی بھی دمشق سے الکرک چلے گئے اور وہاں سے اسکندریہ پہنچے جہاں وفات پا گئے۔

صالح ایوب کے خلاف محاذ: جب دمشق اور شام کے حکام صالح ایوب کے خلاف متحد ہو گئے، ان اتحادیوں میں حاکم دمشق صالح اسماعیل، حاکم حلب ناصر یوسف اور حاکم حمص منصور ابراہیم شیرکوہ، حاکم کرک ناصر داؤد شریک تھے۔ حاکم حماۃ مظفر ان کے خلاف تھا۔ یہ لوگ نجم الدین ایوب کو دبانا چاہتے تھے۔ [illegible] نے مصالحت کرنی چاہی، اس لئے یہ شرط رکھی کہ حاکم دمشق نجم الدین ایوب کے فرزند مغیث الدین عمر کو رہا کرے جسے دمشق میں نظر بند کیا گیا ہے۔

مصر و شام میں جنگ: حاکم دمشق نے یہ شرط منظور نہیں کی، اس لئے دونوں کے تعلقات پھر خراب ہو گئے۔ [illegible] حاکم الکرک نے اسماعیل صالح حاکم دمشق کے ساتھ مل کر جنگ کی۔ انہوں نے فرنگیوں سے بھی فوجی امداد طلب کی اور اس کے بدلے میں اسماعیل صالح نے ان کو بیت المقدس دے دیا۔ اس نے فوراً فوجوں سے بھی امداد طلب کی [illegible] اور یہ سب غزہ میں اکٹھے ہو گئے۔

مصری فوج کی فتح: نجم الدین ایوب نے پہلے [illegible] غلام مصریوں کے ساتھ خوارزمیوں کو بلا لیا تھا، وہ بھی ان کے ساتھ شامل تھے [illegible]۔ وہ خوارزمیوں کے ساتھ آگے بڑھتی رہیں۔ مصری فوجیں [illegible] غزہ کے ساتھ [illegible] فرنگیوں کا مقابلہ کیا۔ آخر میں فتح مصری فوجوں اور خوارزمیوں کو حاصل ہوئی۔

انہوں نے (دشمن کی) فوجوں کا دمشق تک تعاقب کیا اور وہاں پہنچ کر صالح اسماعیل کا محاصرہ کر لیا۔ جب وہ محاصرہ سے تنگ آ گیا تو اس نے صلح کی درخواست پیش کی اور وہ اس بات پر تیار ہو گیا کہ وہ بعلبک، بصریٰ اور ان کے دیہاتی علاقوں کے بدلے میں دمشق ان کے حوالے کر دے گا۔

صالح اسماعیل کا اخراج: صالح ایوب نے یہ تجویز منظور کر لی چنانچہ اسماعیل ۶۴۳ھ میں دمشق سے نکل کر بعلبک چلا گیا۔ صالح ایوب نے پہلی صلح ہی میں یہ شرط رکھی تھی کہ اسماعیل حسام الدین علی بن ابو علی الہدبانی کو جو دمشق میں اس کے پاس مقید ہے رہا کر دے گا۔ لہٰذا اسے چھوڑ دیا گیا اور صالح ایوب نے اسے دمشق کا نائب حاکم مقرر کیا اور وہ دمشق پر حکومت کرنے لگا۔ ابراہیم المنصور حمص چلا گیا۔ خوارزمیوں نے اس سے حلب کا علاقہ چھین کر خود قبضہ کر لیا تھا۔

خوارزمیوں کا قلع قمع: خوارزمی فوج کے امراء (حاکم دمشق) علی الہدبانی سے جاگیروں اور علاقوں کے تقرر کے بارے میں بہت جھگڑتے اور اختلاف کرتے رہتے وہ اس سے ناراض ہو گئے لہٰذا صالح اسماعیل نے انہیں دمشق پر حملہ کرنے کے لئے اپنے ساتھ ملا لیا۔ اس (حملہ میں) اس کے ساتھ حاکم الکرک ناصر داؤد بھی شریک تھا۔ علی ہدبانی نے ان کا خوب مقابلہ کیا۔ اس کے علاوہ نجم الدین ایوب نے (حاکم حلب) یوسف ناصر کو خوارزمیوں کے استیصال کے لئے امداد کے لئے لکھا چنانچہ وہ اپنی فوجوں کو لے کر روانہ ہوا۔ اس کے ساتھ حاکم حمص ابراہیم بن شیرکوہ بھی (اپنی فوجوں کے ساتھ) شریک ہوا۔ چنانچہ انہوں نے دمشق کے قریب ۶۴۴ھ میں خوارزمیوں کو شکست دی اور ان کے سردار حسام الدین برکت خان کو قتل کر دیا۔ جو باقی رہ گئے تھے وہ اپنے دوسرے سردار کشلو خان کے ساتھ بھاگ گئے اور تاتاریوں کے پاس پہنچ کر ان کے لشکر میں شامل ہو گئے۔ چنانچہ شام کے علاقوں سے ان کا نام و نشان مٹ گیا۔

ان خوارزمیوں کے ساتھ اسماعیل صالح (سابق حاکم دمشق) بھی تھا۔ اس نے حاکم حلب ناصر یوسف سے پناہ طلب کی چنانچہ اس نے اسے نجم الدین ایوب (کی سزا) سے بچا لیا مگر حسام الدین الہدبانی نے لشکر کشی کر کے بھگا دے کر (اس کے علاقے) بعلبک پر قبضہ کر لیا اور اسماعیل صالح کی اولاد و عیال اور اس کے وزیر ناصر الدین بن یغمور کو نجم الدین ایوب کے پاس بھیج دیا جس نے ان سب کو مصر میں مقید رکھا۔ پھر حاکم حلب ناصر یوسف کی فوجیں الجزیرہ کی طرف روانہ ہوئیں۔ انہوں نے حاکم موصل لولو سے جنگ کی اور اسے شکست دی۔ ناصر نے نصیبین، دارا اور قرقیسیا کو فتح کر لیا۔ اس کے بعد اس کی فوجیں حلب واپس چلی گئیں۔

عسقلان اور طبریہ کی فتح: صالح ایوب (حاکم مصر) نے حسام الدین الہدبانی (حاکم دمشق) کو بلا بھیجا اور اس کے بجائے جمال الدین بن مطروح کو (دمشق کا) حاکم مقرر کیا۔

پھر وہ ۶۴۵ھ میں خود دمشق روانہ ہوا اور مصر کی حکومت حسام الدین ہدبانی کے سپرد کی۔ جب وہ دمشق پہنچا تو اس نے فخر الدین بن الشیخ کی قیادت میں فوجیں عسقلان اور طبریہ بھیجیں اور کافی عرصہ تک ان دونوں شہروں کا محاصرہ کر کے اس نے انہیں فرنگیوں کے قبضے سے چھڑا لیا۔

[illegible] سے ملاقات جب صلاح الدین ایوب دمشق میں تھا تو اس کے پاس [illegible]

[illegible]

[illegible] [illegible]

صلاح الدین ایوب کا مقابلہ [illegible]

صلیبی جنگ میں فرانس کی شرکت

[illegible]

[illegible] فرانس کا حملہ [illegible]

[illegible] کا حملہ [illegible]

الکرک کا محاصرہ صلاح الدین ایوب [illegible] جب صلاح الدین ایوب دمشق [illegible]

اپنے سب سے [illegible] یوسف بن [illegible] الناصر کے [illegible] کے لئے [illegible] اس سے پہلے اس نے بھائی عادل نے [illegible] کر رکھا تھا۔ ملک ایوب نے اسے [illegible] حفاظت [illegible] دیا تھا۔

اسی [illegible] فوجیں [illegible] فرنگ [illegible] کے مقابلہ کے لئے [illegible] چنانچہ [illegible] میں [illegible] کر لیا اور وہاں سے [illegible] کے [illegible] کر دی تھی۔

فتح کرک: [illegible] نے اپنا [illegible] ناصر داؤد [illegible] کرک [illegible] صاحب [illegible] کے پاس [illegible] اپنے سب سے چھوٹے [illegible] کا [illegible] بھائی [illegible] ان [illegible] کر لیا اور [illegible] ملک صالح ایوب [illegible] کے مقابلہ [illegible] بھائی [illegible] کر [illegible] دونوں [illegible] کر دیا گیا۔

ایوبی سلطنت کا زوال

ملک صالح کی وفات: جب ملک صالح نجم الدین ایوب [illegible] فرنگیوں کے مقابلہ [illegible] تو [illegible] میں [illegible] سلطنت [illegible] فرنگیوں نے [illegible] کی موت [illegible] موقع پر [illegible] سلطنت [illegible] کے [illegible] (مصر [illegible]) [illegible] مقابلہ [illegible] اس [illegible] ملک [illegible] تو ران شاہ [illegible] کی [illegible] حکومت [illegible] ملک صالح [illegible] کی وفات کی خبر [illegible] گئی اور فرنگیوں کو بھی اس کی اطلاع ہو گئی۔

فرنگیوں کو شکست: [illegible] فرنگی مسلمانوں کے ساتھ [illegible] کے [illegible] مسلمانوں کے [illegible] اور مسلمانوں [illegible] شکست ہوئی [illegible] جنگ میں [illegible] شہید [illegible] تعالیٰ نے مسلمانوں کو [illegible] موقع دیا [illegible] فرنگیوں کو شکست ہوئی۔

توران شاہ کی حکومت: اس [illegible] توران شاہ کی [illegible] حکومت [illegible] مسلمانوں نے اس کے [illegible] اس نے [illegible] فرنگیوں نے [illegible] غالب [illegible] فرنگیوں کے [illegible] سے [illegible]

لشکر فرنگیوں کی بھی ان کے فوجی دستے ان کے تعاقب میں مختلف مقامات پر حملے کرتے رہے اور جب وہ واپس جانے لگے تو مسلمانوں نے ان کا تعاقب کیا جس سے گھبرا کر انہوں نے اپنی شکست تسلیم کر لی۔

شہنشاہ فرانس کی گرفتاری۔ فرنگیوں کا شہنشاہ لوئس جو ریدافرنس کے نام سے مشہور تھا گرفتار ہو گیا اور اس کی فوج کے کئی ہزار سپاہی مارے گئے۔ شہنشاہ فرانس کو ایک ایسے گھر میں مقید کیا گیا جو فخر الدین بن لقمان کے گھر کے نام سے مشہور تھا اور اس کی رہائی کے لئے ایک [illegible] کی [illegible] تھا۔ اس کے بعد معظم توران شاہ مسلمانوں کے لشکر کے ساتھ صحیح سالم واپس آ گیا۔

توران شاہ کے موالی معظم توران شاہ غلط کیا تھا سے مراد (غلاموں) کی ایک سازشی جماعت ساتھ لایا تھا جو اس کے والد کے موالی پر غالب آ گئے تھے۔ انہوں نے ان موالی کو بالکل نظر انداز کر کے ان کا رتبہ گھٹا دیا تھا۔

بحری موالی کا ظہور (اس کے والد) صالح ایوب کی ایک جماعت تھی جو بحریہ کہلاتی تھی اس نے انہیں اس نام پر آباد کیا تھا جو دریا کے قریب (جزیرہ روضہ) میں باقی تھا اس نے تعمیر کرایا تھا۔ یہ جماعت اس قلعہ میں رہتی تھی اور ان کا سردار [illegible] تھا۔ یہ وہ شخص تھا جسے صالح ایوب نے فرانس کے بادشاہ کے مقابلے کے لئے بھیجا تھا جس نے اس کے پہنچنے سے پہلے [illegible] پر حملہ کیا تھا۔ اس واقعہ کا پہلے ذکر آ چکا ہے۔

یہ لوگ پہلے [illegible] کے ساتھ [illegible] تھے مگر صالح نے انہیں اپنی طرف مائل کر کے اپنے ساتھ شامل کر لیا تھا اور انہوں نے [illegible] کے [illegible] دمشق کی فوجوں اور فرنگیوں پر حملہ کیا تھا اور ان سب کو شکست دی تھی۔ پھر انہوں نے دمشق کا محاصرہ کر کے صالح کی جانب سے اسے فتح کر لیا تھا۔

بحریہ کی شخصیت صالح [illegible] سے ناراض ہو گیا تھا تو اس نے ۶۴۳ھ میں اسے [illegible] دیا تھا [illegible] ان چند لوگوں پر مقرر کر دیا تھا اور پھر اسے رہا کر دیا تھا۔

خاص موالی کا عروج صالح کے خاص [illegible] توران شاہ کے موالی میں عز الدین ایبک [illegible] سے تھا۔ اس کا آقا ۶۴۷ھ میں فوت ہو گیا تو [illegible] ملک صالح نے [illegible] کے متعلق [illegible] اس کا وارث بنا دیا تھا۔

توران شاہ کے خلاف سازش۔ [illegible] ایک [illegible] کی [illegible] خاص موالی [illegible] تھے وہ اس بات سے ناراض تھے کہ معظم توران شاہ نے اپنے [illegible] ان پر مسلط کر دیے تھے اور وہ ان پر حکومت کرتے تھے۔ انہوں نے علم بغاوت بلند کیا اور معظم توران شاہ کو قتل کر دینے کا منصوبہ بنایا۔

معظم توران شاہ کا قتل معظم توران شاہ فرنگیوں کی شکست کے بعد منصورہ سے مصر واپس آ رہا تھا جب [illegible] کے قریب [illegible] پر سوار ہونے والا تھا کہ [illegible] انہوں نے اس پر حملہ کر دیا [illegible] تلوار سے [illegible]

کرنے کے لئے دوڑا تو وہ برج کی طرف بھاگا انہوں نے برج کو آگ لگا دی تو وہ سمندر کی طرف دوڑا مگر بحریوں نے اس پر تیر چلائے تو وہ سمندر کے پانی میں کود گیا اور تلوار اور پانی کی کشمکش میں وہ ہلاک ہو گیا۔ اس نے صرف دو مہینے مصر میں حکومت کی۔

شجرۃ الدر کی حکومت: ترکوں نے توران شاہ کو قتل کیا تھا انہوں نے اتفاق رائے سے ام خلیل شجرۃ الدر کو مصر کی ملکہ مقرر کیا۔ (وہ صالح ایوب کی بیوی اور اس کے فرزند خلیل کی والدہ تھی جو اس کی زندگی ہی میں فوت ہو گیا تھا۔ چنانچہ وہ ام خلیل کے نام سے مشہور تھی۔) (جب وہ مصر کی ملکہ بن گئی تو) اس کے نام کا خطبہ منبروں پر جاری ہونے لگا اور اس کا نام سکوں پر بھی لکھا ہوا تھا اور سرکاری فرمانوں پر بھی اس کے نام کی علامت شامل ہو گئی۔ چنانچہ ام خلیل کا نشان ان پر مندرج ہونے لگا۔ فوج کا سپہ سالار عز الدین جاشنگیر ایبک ترکمانی کو بنایا گیا۔

دمیاط کی عظیم فتح: جب سلطنت کے کام درست ہو گئے تو (شہنشاہ فرانس) فرنسیس نے مطالبہ کیا کہ دمیاط کا شہر اس سے حاصل کر کے اسے (قید سے) چھوڑ دیا جائے۔ چنانچہ مسلمانوں نے اس پر ۶۴۸ھ میں قبضہ کر لیا اور فرنسیس (رہا ہو کر) بحری راستے سے عکا روانہ ہو گیا۔ یہ عظیم فتح تھی (جو مسلمانوں نے فرنگیوں پر حاصل کی) چنانچہ شعراء نے اس (عظیم فتح) کے سلسلے میں منظوم مقالے لکھے ہوئے ان میں سے جمال الدین یحییٰ بن مطروح (ادیب) اور صاحب کمال شخص کے یہ اشعار اب تک زبان زد خواص و عوام ہیں۔

فتح کی مشہور نظم کا ترجمہ (۱) جب تم فرنسیس (شاہ فرانس) سے ملو تو تم اسے فصیح البیان قوی کا (سچا) پیغام پہنچا دو (۲) اللہ تمہیں اچھا بدلہ دے کہ (تمہاری وجہ سے) یسوع مسیح کی پرستش کرنے والے اس قدر افراد مارے گئے (۳) تم مصر کا ملک حاصل کرنے کے ارادے سے آئے تھے اور تم سمجھتے تھے کہ طبل کی گونج محض ہوا کی آواز ہے (۴) تمہاری بد نصیبی تمہیں ایسے اندھیرے میں لے آئی جہاں تمہیں دوربین کی آنکھ بھی تنگ نظر آئی (۵) تم نے اپنی غلط تدبیر کی وجہ سے اپنی قوم کے ساتھیوں کو قبروں کی نذر کر دیا (۶) اور (تعداد میں) پچاس ہزار تھے مگر سب یا تو مارے گئے یا زخمی ہو گئے اور قیدی بنا لئے گئے (۷) خدا تمہیں ایسی باتوں کی توفیق دیا کرے تاکہ ہم تمہارے شر سے (یا حضرت عیسیٰ ان لوگوں سے) نجات حاصل کر لیں (۸) ان فرنگیوں سے کہہ دو کہ اگر وہ دوبارہ یہاں (مصر میں) آئے تو وہ پوشیدہ ارادہ رکھتے ہوں۔ وہ انتقام لینے کے لئے آئیں یا کسی اور مقصد سے آ رہے ہیں (۹) تو ابن لقمان کا گھر (جہاں فرنسیس مقید تھا) اپنی جگہ باقی ہے اور بیڑیاں بھی باقی ہیں اور (فرنسیس شاہ فرانس کی نگرانی کرنے والا) خصی غلام صبیح بھی موجود ہے۔

(آخری شعر میں) طواشی کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ اہل مشرق کی زبان میں یہ خصی (خواجہ سرا) کو کہتے ہیں اور اسے خادم کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے۔

عز الدین ترکمانی کی سربراہی: جب معظم توران شاہ قتل کیا گیا تو امراء نے اس کے جد صالح ایوب کی بیوی شجرۃ الدر کو مصر کی

نظر آیا تو شام میں خاندان ایوبی کے امراء کو یہ بات سخت ناگوار گذری۔ اسی زمانے میں الکرک و شوبک کا ناظم بدر الدین الصوابی تھا۔ اسے صالح ایوب نے حاکم مقرر کیا تھا اور اس کے پاس اپنے بھتیجے فتح الدین عمر بن عادل کو اسیر کر رکھا تھا۔ لہذا اقتدار یا لا صورت حال کو دیکھتے ہوئے کہ اس نے اسے قید خانے سے باہر کر دیا اور اس کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔

ناصر کی حکومت دمشق: اسی زمانے میں جمال الدین بن یغمور دمشق کا حاکم تھا۔ ناصر نے وہاں سے شامی فوج کے ہمراہ یہ توقف کرنے جانا جب ناصر کو خبر ملی تو دمشق پر قبضہ کرنے کا فیصلہ کیا چنانچہ اس فیصلہ کے مطابق ناصر الدین دمشق آیا اور وہاں کا بادشاہ ہو گیا۔ اس نے آتے ہی صالح ایوب کے ہوا خواہوں کی ایک جماعت کو مقید کر دیا۔

مصر میں موسیٰ اشرف کا تقرر: جب یہ خبر مصر پہنچی تو وہاں کے ترکوں نے شجرۃ الدر کو معزول کر دیا اور موسیٰ اشرف بن مسعود بن الکامل کو بادشاہ مقرر کیا۔ یہ اس شخص کا پوتا تھا جس کا بھائی یوسف اقسیس اپنے والد مسعود کے بعد یمن کا حاکم مقرر ہوا تھا۔ اہل مصر نے موسیٰ اشرف کے ہاتھ پر بیعت کی اور اسے سلطنت کے تخت شاہی پر بٹھایا اور ایبک ترکمانی جاشنگیر کو اتابک (نائب) مقرر کیا۔

غزہ میں بغاوت: غزہ میں ترکوں نے بغاوت کر دی اور انہوں نے حاکم الکرک مغیث کی اطاعت کا اعلان کر دیا۔ اس پر مصر کے ترکوں نے خلیفہ مستعصم کی اطاعت کا اعلان کیا اور انہوں نے ازسرنو اشرف موسیٰ کے اتابک کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔

شامی فوج کا فرار: یہ حالات دیکھ کر ناصر یوسف (حاکم دمشق) دمشق سے اپنی فوجیں لے کر مصر کی طرف روانہ ہوا۔ امرائے مصر نے شامی فوج کے مقابلے کے لئے اپنی فوجیں بھیجیں جو سرداران ترکی کی جماعت کی قیادت میں جن کا لقب شمس الدین تھا روانہ کیں۔ شامی فوجیں اس کا مقابلہ نہ کر سکیں اور بھاگ گئیں۔

ایوبی حکام کا اجتماع: ناصر یوسف حاکم دمشق کے پاس جب مصر والوں کی اطاعت پہنچی تو اس نے اسے ٹھکرا دیا اور اس کے جواب میں خاندان ایوب کے حکام کو دمشق طلب کیا چنانچہ مندرجہ ذیل حکام اس کے پاس دمشق پہنچے (۱) موسیٰ اشرف حاکم حمص (۲) صالح اسماعیل (۳) معظم توران شاہ بن صلاح الدین (۴) نصر الدین بن صلاح الدین (۵) امجد حسن بن الناصر (۶) ظاہر بن داؤد بن الناصر (۷) اور ان کے علاوہ (۸) تقی الدین عباس بن العادل۔

مصر و شام کی جنگ: جب حکام دمشق میں اکٹھے ہو گئے تو ناصر یوسف (حاکم دمشق) اپنی لشکر فوج کو اپنے ساتھ لے کر مصر کی قیادت میں روانہ کیا۔ اس کے مقابلے کے لئے ایبک ترکمانی مصری فوجوں کو لے کر نکلا اس نے صالح اسماعیل کے فرزندوں کو جو قید تھے رہا کر دیا۔ انہیں ناصر یوسف نے حلب سے گرفتار کیا تھا انہیں ساتھ لے گیا تھا

کر) لوگ اس کے والد کو ملزم قرار دیں اور اس کے بارے میں بدگمان ہو جائیں۔

شکست و فتح فریقین کا مقابلہ عباسیہ کے مقام پر ہوا اس میں مصری فوجوں کو شکست ہوئی۔ شام کی فوجیں ان کے تعاقب میں روانہ ہوئیں تو ایبک نے ثابت قدمی کا اظہار کیا۔ اس وقت ناصر کی فوجوں کے بھگوڑے بھاگ کر اس کے ساتھ شامل ہو گئے۔ پھر ایبک نے ناصر کی فوجوں پر زبردست حملہ کیا (جس سے پانسہ پلٹ گیا) اور ناصر کی فوجیں منتشر ہو گئیں اور انہوں نے شکست کھائی۔

ایوبی حکام کی گرفتاری: (شام کے سپہ سالار لؤلؤ کو گرفتار کر کے ایبک کے پاس لایا گیا تو اس نے اسے قتل کر دیا۔ اسماعیل صالح، موسیٰ اشرف، توران شاہ معظم اور اس کے بھائی گرفتار کر لئے گئے۔ مصری وہ فوج جو شکست کھا کر بھاگ گئی تھی شام واپس آ گئی۔ ان کا تعاقب کرنے والی شامی فوج کو جب ناصر کی شکست کی خبر ملی تو وہ بھی لوٹ گئی۔ اس کے بعد ایبک مصر واپس آ گیا اور اس نے بنو ایوب کے افراد کو قلعہ میں مقید کیا۔

صالح اسماعیل کا قتل: پھر صالح اسماعیل کے وزیر جوہر کو قتل کر دیا گیا جو اس کے فرزندوں کے ساتھ قلعہ میں مقید تھا۔ صالح اسماعیل کو بھی اس کے قید خانہ میں قتل کر دیا گیا تھا (شکست کھانے کے بعد) ناصر (حاکم دمشق) نے دوبارہ دمشق سے فوجیں اکٹھی کر کے غزہ کی طرف کوچ کیا۔ وہاں اس کا مقابلہ مصری سپہ سالار فارس الدین اقطائی سے ہوا۔ اس نے اسے شکست دے کر غزہ پر قبضہ کر لیا۔ پھر ناصر اور امرائے مصر کے درمیان قاصدوں کا تبادلہ ہوا اور فریقین نے ۶۵۱ھ میں مصالحت کر لی۔ دریائے اردن ان دونوں ملکوں کے درمیان سرحد مقرر ہوئی۔

اس کے بعد ایبک نے حسام الدین ہذبانی کو رہا کر دیا تو وہ دمشق پہنچا اور ناصر کی ملازمت اختیار کر لی۔ خلیفہ مستعصم کی حاکم الکرک ناصر داؤد کے بارے میں سفارش ناصر کے پاس پہنچی کیونکہ اس نے اسے قید کیا ہوا تھا چنانچہ ناصر نے اسے رہا کر دیا (رہائی کے بعد) ناصر داؤد اپنے دونوں فرزندوں امجد اور ظاہر کے ساتھ بغداد پہنچا تو خلیفہ نے اسے داخل ہونے سے روک دیا۔ اس نے اپنی امانت طلب کی تو وہ بھی نہیں دی گئی لہٰذا وہ بیرونی علاقہ میں مقیم رہا۔ پھر خلیفہ مستعصم کی سفارش پر وہ دمشق لوٹا اور وہاں وہ ناصر کے پاس رہنے لگا۔

اقطائی کا قتل: ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ مصر کے ترکمانی حکام نے اشرف موسیٰ بن یوسف اقسیس بن الکامل کے ہاتھ پر بیعت کر لی تھی۔ انہوں نے اس کے نام کا خطبہ بھی (مساجد میں) پڑھوایا اور اسے تخت شاہی پر بٹھایا جبکہ سلطنت کا انتظام ایبک کے سپرد تھا۔ ایبک خودمختار اور مطلق العنان بننا چاہتا تھا مگر بحری جماعت کا سردار اقطائی جامدار اس بارے میں اس کی مخالفت کرتا تھا اور رشک و حسد میں اس کے اختیارات کم کرانے کی کوشش کرتا تھا۔ اس نے اپنے تین غلاموں کو (اس کے قتل کرنے پر) مقرر کیا۔ چنانچہ انہوں نے شاہی محل کی کسی گلی میں اس پر اچانک اور پوشیدہ حملہ کر کے اسے ۶۵۲ھ میں قتل کر دیا۔ چونکہ بحری جماعت اس کے دم سے قائم تھی۔ اس لئے وہ منتشر ہو کر ناصر کے پاس دمشق بھاگ گئی۔

ایبک کی بادشاہت ـــ [illegible]

[illegible]

ایبک کا قتل [illegible]

بحری مملوکوں کا دمشق سے اخراج [illegible]

مغیث و بحری مملوکوں کی شکست [illegible]

ناصر داؤد کا سوال۔ [illegible] بن المعظم [illegible] دمشق سے حج کے لئے گیا [illegible] خلیفہ مستعصم [illegible] خلیفہ مستعصم نے [illegible]

ناصر داؤد کی وفات۔ [illegible] خلیفہ مستعصم [illegible] دمشق [illegible]

کرک [illegible] کی فتح [illegible] ناصر نے دمشق [illegible]

دوبارہ قبضہ [illegible]

[illegible] کی گرفتاری [illegible]

علی بن ایبک کی معزولی [illegible] ایبک کے بعد [illegible] قطز [illegible]

والد کے موالی کو گرفتار کر لیا اور خود دمشق پر جا بیٹھا اور اپنے نام کا خطبہ پڑھوایا۔ اس نے ان امراء کو بھی گرفتار کر لیا جن کے مقابلے کا اسے اندیشہ تھا۔

کمال الدین بن العدیم نے حاکم دمشق کو جس نے اسے بھیجا تھا امرائے مصر کی رضامندی اور امداد کے وعدہ کا یقین دلایا۔

* * *

تاتاریوں کی فتوحات

اسی زمانے میں تاتاریوں اور ان کے بادشاہ ہلاکو خان نے بغداد پر حملہ کیا اور [illegible] بغداد پر قابض ہو گیا۔ اور تاتاریوں نے خلیفہ مستعصم کو قتل کر دیا اور وہاں کے مسلمانوں کا [illegible] قتل عام ہوا۔ یہ حادثہ [illegible] قیامت کی نشانی تھی۔ اس کا حال ہم نے خلفائے عباسیہ کے حالات میں بیان کر دیا ہے اور آگے کے [illegible] تاتاریوں کے حالات [illegible] بیان کریں گے۔

جب ناصر حاکم دمشق کو ان واقعات کا علم ہوا تو اس نے ہلاکو خان سے اچھے تعلقات جلد قائم کرنے کی کوشش کی۔ اس نے اپنے فرزند العزیز محمد کو سلطان ہلاکو خان کے پاس تحائف دے کر بھیجا مگر اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوا۔

فتح میافارقین: پھر ہلاکو خان نے اپنی فوجیں میافارقین کی طرف بھیجیں۔ وہاں کا حاکم الکامل محمد بن مظفر تھا۔ انہوں نے اس شہر کا [illegible] یہاں تک محاصرہ کیا۔ اس کے بعد انہوں نے [illegible] میں بزور شمشیر اس شہر کو فتح کر کے اس کے حاکم کو قتل کر دیا۔

فتح اربل: ہلاکو خان نے اربل کی طرف بھی اپنی فوجیں بھیجیں۔ انہوں نے چھ مہینے اس شہر کا محاصرہ کر کے اسے فتح کر لیا۔

حکام روم کی اطاعت: جب ہلاکو خان نے بغداد کو فتح کر لیا تھا تو اس کے فوراً بعد [illegible] کے فرزند جو بلاد الروم کے بادشاہ تھے ہلاکو خان کے پاس پہنچے۔ انہوں نے اپنی اطاعت کا اظہار کیا اور اپنے ملک واپس چلے گئے۔

ہلاکو کی وفات: جب ہلاکو خان آذربائیجان گیا تو [illegible] کا وفد [illegible] اس کے پاس پہنچا۔ [illegible] ہلاکو خان کے [illegible] کا اعلان کیا [illegible] وفات ہو گئی۔ اور اس کے بجائے [illegible] اس کا فرزند [illegible] ہوا۔ [illegible] کا حاکم اس کا دوسرا فرزند [illegible] ہوا۔

ناصر سے دوستانہ تعلقات: بعد ازاں ناصر نے اپنے فرزند کو تحائف دے کر دوستانہ تعلقات قائم کرنے کے لئے ہلاکو خان کے پاس بھیجا اور اپنے نہ آنے کی یہ معذرت کی کہ ساحل شام پر اسے فرنگیوں سے خطرہ ہے۔ ہلاکو خان نے اس کے فرزند کا استقبال کیا اور اس کی معذرت قبول کر لی اور اسے مصالحت اور دوستانہ ماحول میں اس کے وطن لوٹا دیا۔

اہل حلب سے جنگ: بعد ازاں ہلاکو حران کی طرف روانہ ہوا۔ اس نے اپنے فرزند کو فوج دے کر حلب بھیجا جہاں معظم توران شاہ بن صلاح الدین ناصر یوسف کی طرف سے وہاں کا نائب حاکم تھا وہ فوج لے کر ان سے جنگ کرنے کے لئے نکلا۔ تاتاری فوجیں ایک کمین گاہ میں چھپ گئیں اور جب مسلمانوں کی فوجیں آگے بڑھیں تو انہوں نے پلٹ کر ان پر زبردست حملہ کیا اور انہیں بہت نقصان پہنچایا۔

وہاں سے وہ قلعہ اعزاز کی طرف روانہ ہو گئیں اور اسے مصالحت کے ساتھ فتح کر لیا۔

ناصر کی مشکلات: ناصر یوسف (حاکم دمشق) کو یہ خبر اس وقت ملی جب وہ دمشق کے قریب برزہ میں ایک بغاوت کے خلاف صف آرا تھا۔ حاکم حماۃ ناصر بن منصور بھی اس وقت آیا ہوا تھا اور وہ بھی ناصر کے ساتھ نتیجے کا منتظر تھا۔

موالی کی غداری: پھر اسے یہ اطلاع ملی کہ اس کے موالی کی ایک جماعت بغاوت کرنا چاہتی ہے لہٰذا وہ دمشق واپس آ گیا تو وہ موالی غزہ بھاگ گئے تھے۔ پھر اسے ان کی بدنیتی کا علم ہوا اور یہ پتہ چلا کہ وہ اس کے بھائی کو اس کے تخت پر بٹھانا چاہتے ہیں لہٰذا وہ ان سے سخت ناراض ہوا۔ اتنے میں ظاہر بھی ان کے پاس (غزہ) پہنچ گیا چنانچہ انہوں نے اسے بادشاہ مقرر کر کے کھلم کھلا ناصر کے خلاف بغاوت کا اعلان کر دیا۔

بحریہ کا مصر میں استقبال: اس کے ساتھ بحریہ کا بندقداری بھی تھا مگر اسے ان کے ناکام ہونے کا احساس ہو گیا تھا لہٰذا اس نے مصر کے حاکم المظفر قطز سے خط و کتابت کر کے پناہ حاصل کی اور اس نے اسے پناہ دے دی تو وہ مصر پہنچ گیا۔ وہاں اس کا نہایت اعزاز و اکرام کے ساتھ استقبال کیا گیا اور سلطان قطز نے قلیوب کا تمام علاقہ اسے جاگیر میں دے دیا۔

فتح حلب: ہلاکو خان نے دریائے فرات کو عبور کر کے وہاں ایک علاقے کو فتح کر لیا۔ وہاں ناصر کا بھائی اسماعیل مقید تھا اس نے اسے رہا کر کے اس کی عملداری یعنی صبیبہ اور بانیاس کی طرف بھیج دیا اور اسے ان دونوں مقامات کا حاکم مقرر کیا۔

پھر حاکم اردن نائب حاکم حلب توران شاہ کے پاس آیا اور اسے ہلاکو خان کی اطاعت کی دعوت دی مگر اس نے انکار کیا تو اس نے اس پر فوج کشی کر کے بزور شمشیر حلب کو فتح کر لیا اور وہاں کے لوگوں کو پناہ دی۔ توران شاہ اور اس کی محافظ فوجیں قلعہ میں محصور ہو گئیں۔

اہل حماۃ کی اطاعت اہل حماۃ نے ہلاکو خان کو پیغام بھیجا کہ وہ اس کے مطیع و فرمانبردار ہیں لہٰذا وہ اپنی طرف سے کوئی حاکم مقرر کر کے بھیجے چنانچہ ہلاکو خان نے ایک عجمی سردار کو ان کا حاکم مقرر کر کے بھیجا جس کا نام خسرو شاہ تھا اور وہ یوں بھی اس کا سلسلہ نسب حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ تک پہنچتا تھا۔

ناصر کا فرار ناصر کو جب یہ اطلاع ملی کہ ہلاکو خان نے حلب فتح کر لیا ہے تو وہ دمشق سے بھی بھاگ گیا اور وہاں اپنا نائب چھوڑ گیا۔ وہ غزہ پہنچا جہاں اس کے ساتھ موسیٰ اور اس کا بھائی موجود تھا۔

فتح دمشق اب تاتاری دمشق پہنچے اور وہاں جو فوج تھی ان سب کو ڈرایا اور شہر کو فتح کر لیا۔ ناصر غزہ سے مصر کی طرف متوجہ ہوا۔ وہاں سے اس نے اپنے دشمن (حاکم مصر) سلطان قطز کی طرف پیغام بھیجا کہ وہ اس سے اپنے دشمن کے مقابلے میں امداد حاصل کرے اور سب متحد ہو کر دشمن کا مقابلہ کریں۔

ناصر کا اہل مصر سے بدگمانی ناصر اور اس کی فوج بھی آگے بڑھی مگر (بعض حالات کی وجہ سے) اہل مصر سے بدگمان ہو گیا اس لئے وہ اس کا بھائی ظاہر اور صالح بن اشرف موسیٰ بن شیرکوہ جنگل اور بیابان میں بھٹک گئے۔ مگر حاکم حماۃ منصور اور اس کی فوج ان سے الگ ہو کر مصر پہنچ گئیں۔ سلطان قطز ان سے ملا اور اس نے ان کا خیر مقدم کیا اور دشمن سے بدلہ لیا۔

✿ ✿ ✿

شامی سلطنت کا خاتمہ

شام پر ہلاکو کا تسلط: ناصر کے چلے جانے کے بعد تاتاری دمشق اور شام کے تمام علاقوں پر غزہ تک قابض ہو گئے اور وہاں انہوں نے اپنے حکام مقرر کر دیئے۔ پھر حلب کا قلعہ بھی فتح ہو گیا۔ وہاں [illegible] ایک جماعت قلعہ بند تھی جن میں معظم توران شاہ بھی شامل تھا۔ ہلاکو نے انہیں سلطان [illegible] کے حوالے کیا جو اس کے ہمراہ ہی سے تھے۔

اشرف موسیٰ کی بحالی: پھر ہلاکو نے حلب پر عماد الدین قزوینی کو حاکم مقرر کیا۔ جب [illegible] اشرف موسیٰ بن منصور [illegible] ہلاکو کے پاس آیا [illegible] حمص کی حکومت [illegible] ہلاکو نے اسے [illegible] مقرر کر دیا اور شام کے تمام علاقے کے انتظام میں اس سے مشورہ کیا جاتا تھا۔

فصیلوں کو گرا دینے کا حکم: ہلاکو نے قلعہ حلب کو فتح کر لینے کے بعد [illegible] اور اس نے [illegible] فصیلیں اور تمام [illegible] گرا دینے [illegible] کی فصیلوں کو گرا دینے [illegible] حکم دیا [illegible] دمشق کے قلعہ کا محاصرہ کیا گیا [illegible] فتح کر لیا۔ اس کے بعد انہوں نے [illegible] فتح کر کے اس کا قلعہ [illegible] اس کے بعد انہوں نے [illegible] فتح کر لیا۔ [illegible] عبد العزیز [illegible] انہوں نے [illegible] ہلاکو کے [illegible] قاضی مقرر کیا۔

ہلاکو کی مراجعت عراق: اس کے بعد ہلاکو نے عراق کی طرف واپس جانے کا قصد کیا [illegible] اس وقت ہلاکو نے شام کے تمام علاقے [illegible] کے سپرد [illegible] حلب کے حاکم عماد الدین قزوینی کو [illegible] مقرر کیا۔

ناصر کی گرفتاری: [illegible] جب ہلاکو [illegible] جنگ [illegible] ناصر [illegible] کے پاس [illegible] ہلاکو کے [illegible] اور [illegible] نے اس کو [illegible] تک ہلاکو کے [illegible] کے مطابق [illegible] ہجری میں [illegible]

ہلاکو سے ملاقات [illegible] جب [illegible] ہلاکو کے پاس [illegible] کیا گیا۔ [illegible] ناصر [illegible] ہلاکو [illegible] ان کے [illegible] قتل [illegible]

[illegible]

کلیسہ مریم کی تباہی [illegible]

اس کی تاریخی اہمیت [illegible]

کلیسہ کی واپسی [illegible]

تاجداروں کو شکست [illegible]

[illegible]

ناصر اور اس کے بھائیوں کا قتل [illegible]

[illegible]

ایوبی سلطنت کا خاتمہ [illegible] (مملوک) کی سلطنت قائم ہوئی۔

[illegible]

* * *